6/17

انٹرمیڈیٹ کالج میگزین

علی گڑھ

جلد (۱) فروری سنہ ۱۹۲۹ء شمارہ (۲)

CONTENTS

			Page
House of Shansab	..	Prof. Mohd. Habib, B.A. (Oxon), Bar-at-Law	... 1
Female Education in India	...	Jamiluddin Ahmad	... 7
A Trip to Nainital	...	Ahmad Abbas	... 10
Remedy of Hindu Muslim Disunity	...	Shah Mohd. Amin (Manglori) Minto A. Class XI-E	... 11
Woman Under Islam	...	... ...	... 12
Poetry and Its Functions	...	Sh. Mohd. Umar XI-B	... 13
Here and There	...	... ...	... 14
Science and Invention	...	... ...	... 17
Wit and Humour	...	... ...	... 19
The Editor's Post Bag	...	... ...	... 20
Literary Notes	...	... ...	... 22

فہرست مضامین

انٹرمیڈیٹ کالج میگزین

35771

حصۂ اردو

مضمون	مضمون نگار	صفحہ
شذرات	اڈیٹر	۱ تا ۵
چاہ کن را چاہ درپیش	عتیقی	۱
غزل	جناب قطب عالم صاحب متعلم سیکنڈ ایر	۶
صبح صحرا کے تاثرات	جناب حمید کاظمی صاحب بی اے (علیگ)	۷
ترکی جذبۂ وطن	جناب مولانا ابرار حسن صاحب فاروقی بی اے (علیگ)	۸
خمسہ	جناب منظور حسین صاحب شور	۱۶
"	ادیب فاضل جناب محمود زماں خاں صاحب محمود رام پور اسٹیٹ	۱۷
الماس	جناب ایم اسلم صاحب	۲۱

نمبار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۶	"امتحان" - - - - - - - - -	جناب خواجہ احمد عباس صاحب - - - -	۳۵
۱	رواں کی رباعیات - - - - - - -	جناب عبدالشکور صاحب ایم اے - - -	۳۹
۱۱	نقد و نظر - - - - - - - - - -	" " " " " - - -	۵۱ و ۵۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انٹرمیڈیٹ کالج میگزین

جلد (۱) | بابت ماہ فروری ۱۹۲۹ء مطابق شعبان و رمضان ۱۳۴۷ھ | نمبر (۲)

شذرات

ہمارے میگزین کا گزشتہ نمبر جس آن بان کا ہونا چاہیئے تھا وہ کئی وجوہ سے نہ ہوسکا، دسمبر کے وسط میں یہ فیصلہ طے پایا کہ انٹرمیڈیٹ کالج کا میگزین مادر میگزین سے جدا کردیا جائے، جناب قریشی صاحب کا حکم تھا کہ جنوری میں اس کا پہلا نمبر نکل جائے، مگر تعطیلات کی وجہ سے طلبا اور اساتذہ کی ایک کثیر تعداد کچھ دنوں کے لئے علی گڑھ سے منتشر ہوگئی اور مضامین خاطر خواہ نہ ہوسکے، دستور عام ہے کہ رسالہ کا پہلا نمبر بڑی شان سے نکالا جاتا ہے، افسوس ہے کہ ہم اس سنتِ دیرینہ کی تقلید نہ کرسکے اور تقلید میں فرہاد کی تنگ ظرفی کا شائبہ آجاتا۔

الماس یہ کوشش ہوگی کہ اس رسالہ کا معیار بتدریج بلند ہوتا جائے اور ہمیں یقین ہے کہ اگر حالات

گرد و پیش نے ہماری مساعدت کی تو قریب مستقبل میں یہ رسالہ ہندوستان کے بہترین رسالوں میں شمار کیا جا
لگے گا، مگر اس کے معیار کو بلند کرنے سے زیادہ ضروری، اور اس کو ہندوستان کا ایک بلند پایہ رسالہ بنانے
زیادہ اہم بات یہ ہوگی کہ ہم اس کے ذریعہ سے طلبائے کالج میں ذوق سلیم اور وجدان صحیح پیدا کر دیں، او
اُن کے دلوں میں وہ جوش عمل لہریں مارنے لگے جس کی ہماری قوم اور ہمارے ملک کو اشد ضرورت ہے، میگ
کی حیثیت اس وقت ایک چھوٹے سے پودے ایک نوزائیدہ بچے کی سی ہے، اسے جس عنوان سے چاہے پرو
چڑھائے، اس کی فضا کو جن جن روایات سے چاہے معمور کیجئے، اس وقت یہ سب آپ کے اختیار میں ہے، ہمیں یقین
ہے کہ علم دوست ممبران اسٹاف اور طلبا اس اہم کام میں ہمارا ہاتھ بٹائیں گے، اور جہاں تک بن پڑے گا امید
عمل سے قدم اعانت نہ ہٹائیں گے یہ میگزین کسی خاص فرد، یا کسی خاص انجمن کی ملکیت نہیں، اس سے ہر شخص
کا تعلق یکساں ہے، ہر شخص اس کے رشتۂ محبت میں جکڑا ہوا ہے، ہماری آرزو ہے کہ آپ اس رشتہ کو اور زیادہ
مستحکم بنائے، اور اپنی مساعی جمیلہ سے اس رسالہ کو اُس بلندی تک پہونچا دیجئے، جہاں سے ذاتی مناقشات اور
چھوٹے چھوٹے کم مایہ جھگڑے بے حقیقت نظر آتے ہیں۔

یہ میگزین آپ سے اور کچھ نہیں چاہتا، اس میں اگر کشش ہوگی تو خود بخود آپ کا دل اپنی طرف کھینچ لے
مگر براہ کرم "میگزین نوازی" کے سلسلہ میں بخل، انکسار، نیازمندی، اور تساہل کو دخل نہ دیجئے، اس پودے کو
بنانے میں آپ جس قدر بھی مدد دے سکیں، بہ رضا و رغبت دیجئے، یہ سب کچھ ممکن ہے اگر آپ مغائرت ترک کر دیں
اور اس رسالہ کو اپنی ہی ملکیت تصور کریں، کسی زمانہ میں لڑکوں کا یہ دستور تھا کہ "علی گڑھ منتھلی" کے اوراق
اپنی اپنی انگیٹھیاں روشن کراتے تھے، خدا کا شکر ہے کہ میگزین کا وہ دور ختم ہو گیا، ہمیں یقین ہے کہ اس نئے د
حیات میں بھی میگزین ایک حد تک طلبا کی دلچسپیوں کا مرکز بنا رہے گا - ہماری خواہش ہے کہ دلکش افسانہ
اور تازہ تازہ غزلوں اور نظموں کے علاوہ ہر نمبر میں چند علمی مضامین بھی شائع ہوتے رہیں، جن سے طلبا میں
ذوق پیدا ہو سکے، افسانوں کی دلکشی سے ہمیں ذرا بھی انکار نہیں، مگر ہم یہ نہیں چاہتے کہ یہ میگزین محض تفریح و تفنن
آلہ سمجھا جائے، زندگی میں سے آپ سنجیدگی اور متانت نکال دیجئے، تو ہمیں یقین ہے کہ صفحہ وہر ایک سادہ ورق رہ جا

ارتقائی منازل پر یکلخت جست کرنے سے بدرجہا بہتر یہ ہے کہ ہم اُن مراحل کو رفتہ رفتہ طے کریں، مگر ہماری انتہا سے زیادہ دشکنی ہوگی، اگر اس تگ و دو میں طلبائے کالج نے ہمارا ساتھ چھوڑ دیا، یہ ممکن ہے کہ ہم اس رسالہ کو ماہ بہ ماہ بیرونی حضرات کی مضامین سے پر کرکے شائع کرتے رہیں، یہ بھی ممکن ہے کہ ہم ممبران اسٹاف کو گھیرتے رہیں، اور اُس کے ہی افکار عالیہ سے رسالہ کے صفحات کو مزین کریں، لیکن اس رسالہ میں سب سے زیادہ حصہ طلبا کے مضامین کا ہونا ہماری کامیابی کی دلیل ہوگا، طلبا کی سرد مہری کا قصہ ایک قصۂ پارینہ ہے، اس قصہ کو از سر نو چھیڑتے ہوئے ہمیں شرم آتی ہے، ہمیں جناب خواجہ غلام السیدین صاحب کی رائے سے بالکل اتفاق ہے کہ اس مرض قدیم کا علاج اگر ہو سکتا ہے تو صرف اسدی گروپس Study groups قائم کرنے سے، ہم نے جناب خواجہ صاحب سے درخواست کی ہے کہ وہ اس خیال کو ایک مکمل اسکیم کی صورت دیدیں، ہماری بہترین کوشش ہوگی کہ یہ اسکیم جلد سے جلد سرسبز ہو جائے، اور ہمیں یقین ہے کہ ممبران اسٹاف ہماری پوری مدد فرمائیں گے،

جسم سے جان کا جدا ہونا، تن سے روح کا علیحدہ ہونا، ایک نہایت تکلیف دہ اور روح فرسا منظر ہوتا ہے، ہم اسی قدر کرب اور روحانی بے چینی کے ساتھ اس کا اعلان کرتے ہیں کہ ہمارے محترم بزرگ جناب سید سجاد حیدر صاحب یلدرم ہم سے جدا ہو رہے ہیں، اور فی الحال اُس رسیلی سرزمین کی جانب گام زن ہونے والے ہیں جہاں حافظ اور خیام کے پرستاروں کی آرزوئیں رہا کرتی ہیں، یلدرم کی شرافت، عالی حوصلگی، اور بے نفسی روز روشن کی طرح ہویدا ہے۔ اُن کی شعلہ نوائی نے دراصل بزم اُردو میں اُجالا کر دیا ہے، اس سے کوئی انکار نہ کرے گا کہ یلدرم ادب لطیف کا بلا شرکت غیرے مالک ہے اور "خیالستان" اور "حکایات و احساسات" غیر فانی ہیں، یلدرم کو علی گڑھ سے سچا عشق ہے، اس کی تلافی فطرت نے خود کر دی، آیندہ چار ماہ وہ ایران کی سیر و سیاحت کریں گے! ——— ایران! جس نے کیسے کیسے باکمال شعرا پیدا کئے، اور جس کی زیارت کی آرزو ہر صاحب ذوق کے دل میں چٹکیاں لیتی رہتی ہے، اس عزم سفر پر ہم یلدرم کی خدمت میں بُود بانہ مبارکباد پیش کرتے ہیں، اور اُن کے رخصت ہونے کے موقعہ پر اپنے دلی رنج کا اظہار!

یونیورسٹی کی بلند ترین سیاست افسوس ہے کہ آئے دن پیچیدہ تر ہوتی جا رہی ہے، ہم نے دلی افسوس کے ساتھ یہ خبر سنی ہے کہ عالی جناب نواب سر محمد مزمل اللہ خاں صاحب او۔ بی۔ ای نے اپنے عہدہ سے استعفیٰ دیدیا ہے، اب دیکھنا یہ ہے کہ آیندہ چلکر کیا کیا واقعات رونما ہوتے ہیں، اور کون صاحب اس کشتی کے ناخدا بنتے ہیں ۹۔ فروری کو کورٹ کی اہم ترین میٹنگ ہے جو ہمیں اُمید ہے کہ سارے معاملات حسن وخوبی کے ساتھ طے کرکے برخاست ہوگی۔

۱۴۔ جنوری ۲۹ء کو انٹر میڈیٹ ہاکی کلب نے ایک پلٹن کی ٹیم سے میچ کھیلا اور دو گول سے فتحیاب رہا، مگر ہمیں افسوس ہے کہ ہمارے کھلاڑی اُس قدر بہتر نہ کھیل سکے جیسی کہ اُن سے توقع تھی، کھیل میں بھی اشتراک عمل اُسی قدر ضروری ہے جس قدر کہ کسی اور کام میں، اور اسی اشتراک عمل کا فقدان کھیل کو نہ دلچسپ بنا سکا، اور نہ زیادہ کامیاب اس اشتراک عمل کے پیدا کرنے کے لیے مشق کی اشد ضرورت ہے، مگر ہمیں اُمید ہے کہ آگے چلکر یہ نقص دور ہوجائیگا خدا کا شکر ہے کہ امسال ہاکی کلب کا کارنامہ نہایت شاندار رہا۔

ہسٹاریکل سوسائٹی کی وہ جماعت جو سانچی، الورا، اجنٹا گئی تھی مع الخیر واپس آگئی، ہمیں اس کی نہایت مسرت ہے کہ یہ سفر نہایت کامیاب ثابت ہوا، اور طلبا تاریخی مقامات اور مصوری کے وہ بیش بہا نمونے دیکھ آئے جن کو دیکھنے کی آرزو ہر شخص کے دل میں ہوگی، ہم اس سفر کی کامیابی پر جناب پوری صاحب کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتے ہیں، سنا گیا ہے کہ آیندہ تعطیل گرما میں جناب پوری صاحب "کشمیر" کی سیاحت کا انتظام فرمانے والے ہیں، اس سیاحت لطیف کا پلاؤ ہر سال پکتا ہے، مگر لذت یاب ہونے کی نوبت نہیں آتی، کچھ عجب نہیں کہ امسال جناب پوری صاحب کی حسن تدبیر کامیاب ہوجائے، ہم میں سے کون ایسا ہوگا جو وہاں جانے کا آرزومند نہ ہوگا۔ اس لحاظ سے پچیس تیس طلبا و ممبران اسٹاف کی پارٹی طیار کرلینا کچھ بھی مشکل نہیں۔

فروری کا مہینہ علی گڈھ میں گوناگوں مصروفیتوں کا مہینہ ہوتا ہے، اول اول تو نمائش، نمائش کے سلسلہ میں کباڑ پرانے، خرید فروخت، پھر دنگل، گھوڑ دوڑ، زاں بعد تھیٹر، وسینما، اس نشۂ عشرت کا خمار اُترنے نہیں پاتا کہ امتحان قریب آجاتا ہے، پھر وہی ہم ہیں اور وہی صیاد کا گھر، کتابوں کا ڈھیر، مطالعہ، رٹنا اس سے بھی کام نہ چلا تو گریۂ نیم شبی

...ئے سحری، ورد و وظائف، نماز روزہ، رات رات بھر ہوسٹلوں میں دیوالی کا منظر رہتا ہے۔ ہر طالب علم بجائے
...وظائف، پراگندہ دل، پشیمان، ایک حد تک ناامید، مگر ہمیشہ متفکر و پریشان، کشاں کشاں امتحان کے ہال میں پہونچے، ہفتہ
...شرہ میں امتحانات سے فارغ ہوئے، اور پھر

چل بسے اہلِ جنوں خالی بیاباں رہ گیا

یہ ہے ایک اجمالی خاکہ اُس زندگی کا جو طلبا ان ایام میں یہاں گذارتے ہیں، اس طوفانی بھاگ دوڑ اور شدید بدحواسی کی
...لی وجہ صرف ایک ہے، اور وہ یہ کہ ہم خدا جانے کن اسباب کی بنا پر باقاعدہ طریقہ سے پڑھنا کفر سمجھتے ہیں، باقاعدہ پڑھنے
...سے مطلب یہ ہے کہ روزانہ پابندیٔ وقت کے ساتھ نوشت و خواند کا سلسلہ قایم رہے۔ اس سے چاہے اور خرابیاں کیوں نہ پیدا
...دں مگر کم از کم اتنا ضرور ہوتا ہے کہ لڑکے بالعموم مرتب، پابند، صاف اور پر صحت زندگی گذارنے کے اہل نہیں رہتے، اور
...تہ رفتہ یہ عادت، اس قدر راسخ ہو جاتی ہے کہ آیندہ چلکر بھی اُن کی زندگیوں میں ترتیب، پابندی اور صفائی کے عناصر پیدا
...ہیں ہوتے، یہ ہماری زندگیوں کا ایک نہایت غیر خوشگوار اور غمگین رخ ہے، ہم اپنی پوری قوت سے اس کے خلاف
...مدائے احتجاج بلند کریں گے، اور اپنے برادران کالج کو راہ راست پر لانے کی کوشش کریں گے۔

سردست ہمیں بین الاقوامی سیاست سے کوئی بحث نہیں، مگر باور کیجئے کہ ہم نے دلی رنج و اندوہ کے ساتھ وہ
...ش ربا خبریں پڑھیں جو آجکل افغانستان سے آرہی ہیں، صدیوں کی دعاؤں کے بعد فضل ایزدی سے وہاں آزادی
...مع اولین روشن ہوئی تھی، غلامی کا طوق گردن سے نکالکر پھینکدیا گیا تھا، جہالت کے تاریک پردے چاک کردئے گئے
...اور تعصب و تنگ خیالی کے قلعے مسمار کردئے گئے تھے کہ یہ یک گردش چرخ نیلوفری وہاں کی کایا پلٹ ہوگئی اور غازی
...ن اللہ خاں کو تخت و تاج سے سبکدوش ہونا پڑا، اس زمانہ میں اسلامی دنیا کی نگاہیں اسی روشن ستارے کی جانب لگی
...ئی تھیں جس نے اپنے تدبر اور فرزانگی سے اقصائے عالم پر اپنا سکہ جمالیا تھا لیکن، افسوس!

خوش درخشید، ولے شعلہ مستعجل بود

...یں ذرا بھی شک نہیں کہ امیر موصوف نے اصلاحات کو عملی جامہ پہنانے میں غیر معمولی اور بے جا سرعت سے کام لیا،
...یہ سے اُن کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا، مگر ہمیں یقین ہے کہ افغانستان کی روشن خیال پارٹی خاموشی سے اپنا کام کرتی
...رفتہ رفتہ ملک تعلیمیافتہ اور مہذب ہو جائے گا۔ یہ سب کچھ سہی، لیکن امیر مذکور کی ناکامی نے ہزار ہا بندگان خدا کی

دل آزاری کا سامان مہیا کر دیا ہے، افغانستان کے کسی بادشاہ کو شاید کبھی یہ بین الاقوامی ہر دلعزیزی حاصل نہیں ہوتی تھی

فروری کے پہلے ہفتہ میں گذشتہ سال کے مانیٹر اور کپتان صاحبان نے اپنی اہم ذمہ داریوں سے سبکدوشی کی، اور اُن کی بجائے نئے تقررات ہوئے۔

۱۔ کرکٹ	محمد صدیق صاحب طوری
۲۔ فٹ بال	نصیر خاں صاحب
۳۔ ہاکی	سردار عبدالعزیز خاں صاحب
۴۔ ٹینس	(دیکھئے کون ہوتا ہے؟ قوم فیصلہ کی منتظر ہے)
۵۔ اسپورٹس	احمد اللہ صاحب
۶۔ والی بال	احمد اللہ صاحب
۷۔ باسکیٹ بال	غلام سرور صاحب

ہم ان اصحاب کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتے ہیں، اس توقع کے ساتھ کہ ان کا دور ہر حیثیت سے کامیاب ہوگا۔

امسال یونین کلب کے انتخاب چند وجوہات کی بنا پر نہایت دلچسپ اور سنسنی خیز ثابت ہوئے، جن کا تفصیلاً ہم آیندہ نمبر میں پیش کریں گے، انتخابات کے نتائج یہ ہیں۔

۱۔ ایس۔ اے رفیع صاحب	وائس پریسیڈنٹ
۲۔ رضا حسین زیدی صاحب	سکرٹری (بلا مقابلہ)
۳۔ زوار حسین صاحب	لائبریرین

میگزین ان اصحاب کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہے، اور اُمید کرتا ہے کہ ان کا دور حکومت ہر طرح کامیاب ہوگا۔

چاہ کن را چاہ درپیش

(۱)

نرسنگہ پور کوئی بڑا گاؤں نہ تھا۔ چند خس پوش مکان تھے۔ جن کی آبادی تین سو سے زیادہ نہ ہوگی۔ بلدیو کا شمار
ں کے آسودہ حال لوگوں میں تھا۔ سو سوا سو بیگھے کی موروثی کاشت تھی۔ مویشی پلے ہوئے تھے اور زمانہ موافق تھا۔
سے بڑی بات یہ تھی کہ بلدیو کا برتاؤ نہایت اچھا تھا۔ وہ سب کے ساتھ مروت و اخلاق سے پیش آتا تھا اور آڑے وقت
ہر ایک کی مدد کرتا تھا۔ زبانی جمع خرچ کے بدلے وہ عملی ہمدردی کا قائل تھا۔ گاؤں والے بھی ایسی ہی ہمدردی کو عزت کی
ے دیکھتے ہیں۔ یہی وجہ تھی کہ تمام نرسنگہ پور بلدیو کا دم بھرتا تھا۔ اکثر ایسا ہوا ہے کہ اُس نے اپنے آپ کو خطرے میں
ں کر مقدمات میں گاؤں کے پٹواری یا چوکیدار کی منشاء کے خلاف شہادت دی جس سے اُس کا مقصد محض کسی بے گناہ
چانا تھا۔ کسی کے یہاں آگ لگے اور بوڑھا بلدیو آگ بجھانے کے لئے سب سے آگے موجود۔ کوئی ملنے والا بیمار پڑے
بلدیو تیمارداری کے واسطے حاضر۔ پچھلی مرتبہ جب گاؤں میں کال پڑا اور غریب غربا بھوکوں مرنے لگے تو بیچارے
تکاروں کو اس کے سوا کوئی چارہ نہ رہا کہ مزدوری کی تلاش میں باہر نکلیں اور اُس کے ذریعے سے بال بچوں کا
پالیں۔ بڑے بڑے آبرودار اسامی جو ناک پر مکھی بیٹھنے کے روادار نہ تھے بیوی بچوں کو لے کر محنت مزدوری کے لئے
کھڑے ہوئے۔ یوں تو اُس وقت گاؤں کا ہر فرد گرفتار بلا تھا مگر بھاری سنگھ کی حالت سب سے زیادہ تباہ تھی۔ چند
پشتیر اُس کا زمانہ بنا ہوا تھا اور اُس کے یہاں چار ہل کی کھیتی ہوتی تھی۔ دروازے پر مویشی۔ گھر میں غلہ۔ غرض
ر بافراط موجود تھی مگر انقلابات روزگار و حوادث آسمانی سے اب اُس کی حیثیت ایک ادنیٰ کاشتکار سے زیادہ
تی۔ رہا سہا اس قحط سالی نے اور بھی بدحال کر دیا۔ اس وقت زمیندار کی طرف سے اُس پر ڈیڑھ سو روپئے کا
بہ تھا مگر غریب کے پاس ڈیڑھ روپیہ بھی مشکل سے ہوگا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہ کھیت سے بے دخل کر دیا گیا اور
کا تمام اثاث البیت قرقی میں آگیا۔ آخر بیچارہ بیوی اور چار برس کے بچے کو لے کر اپنے موروثی مکان کو

حسرت کے ساتھ ہمیشہ کے لئے چھوڑنے پر مجبور ہوا۔ یہ منظر بھی کس قدر دل خراش تھا جس کو دیکھکر ہر اپنے پرائے
نکل آئے۔ بھاری سر جھکائے بچے کا ہاتھ پکڑے چلا جا رہا تھا اور پیچھے پیچھے اُس کی بیوی رادھا تھی۔ اُس وقت
متنفس نہ تھا جو اُس کی مدد کرتا اور اتنی مقدرت بھی کس میں تھی۔ سب کے سب ایک ہی ناؤ میں سوار تھے۔ عین اُس
بلدیو اپنے گھر سے آتا دکھائی دیا۔ وہ تمام واقعہ سن چکا تھا۔ ایک طرف تو وہ خود قحط کے اثر سے پریشان تھا۔ دوسری طرف
بھاری اور بلدیو میں صفائی بھی نہ تھی۔ کیوں کہ کئی سال ہوئے ایک کھیت کے معاملے میں بھاری اُس سے سخت
کر چکا تھا۔ لیکن اس نازک موقع پر اُس کی غیرت نے گوارا نہ کیا کہ ایک پڑوسی کی تباہی کو بیٹھا دیکھا کرے۔ وہ اُ
ڈیڑھ سو کی رقم جو اُس نے لڑکی کے بیاہ کے لئے جمع کی تھی نکالی اور جاکر بھاری کی نذر کر دی۔ یہ کہنا بے سود
بھاری کو دیر تک اپنے آنکھوں پر یقین نہ آیا۔ وہ اور رادھا اس غیر متوقع فیاضی پر بے اختیار رو پڑے۔ یہ گریہ
تھا جب زبان اظہار جذبات سے قاصر رہتی ہے تو آنکھیں ترجمان دل بن جاتی ہیں۔

(۲)

اس واقعہ کو زمانہ گزر گیا۔ فصل کی حالت بھی اب پہلے سے بہتر تھی۔ گاؤں میں ہر طرف چہل پہل نظر آتی تھی کھ
میں اناج جمع تھا۔ بلدیو اور اُس کی بیوی تارا اپنے مکان کے اُسارے میں بیٹھے باہم باتیں کر رہے تھے۔ تارا
تھی کہ روپ متی اب سیانی ہو گئی ہے۔ اس لئے اُس کی سگائی میں جلدی کرنی چاہیئے۔ مگر بلدیو کو حذر تھا کہ لڑکی
دان کے لئے کافی رقم درکار ہے جس کا سر دست فراہم ہونا مشکل ہے۔ آخر دیر تک گفت و شنید کے بعد یہ بات
بلدیو اپنے مضبوط بیلوں کی جوڑی گنگا پار رام نگر کے تخاسہ میں لے جاکر بیچ آئے اور اُس رقم سے بیاہ کی ضرور
کرے۔ دوسرے دن علی الصباح بلدیو گھر سے روانہ ہو گیا۔ رام نگر ۱۶ - ۱۷ میل کے فاصلے پر تھا۔ ۲ بجے کے
بلدیو وہاں پہنچ گیا۔ گاؤں میں داخل ہونے سے پہلے کچھ کھانا جو گھر سے ساتھ لایا تھا ایک کنوئیں کے قریب
ڈگڈگا کر پانی پیا کھانے پینے سے فارغ ہو کر اُس نے تخاسہ کی راہ لی۔

(۳)

بلیان نے رات بڑا گاؤں تھا جس میں ہر منگل کو بازار لگتا تھا۔ قرب و جوار کے دیہات سے سیکڑوں
او طاہر نے اُس فروخت کرتے۔ جس وقت بلدیو تخاسہ میں پہنچا ہے ۳ بج چکے تھے۔ اُس نے چند آدمیوں

بابت بات چیت کی اور تھوڑی دیر کی حجت کے بعد دو سو قیمت قرار پائی۔ بلدیو نے جوڑی حوالے کی اور روپے گنوا لئے
شناخت کے لئے اُس کو اپنے گاؤں کا ایک برہمن مل گیا جو سلیم پور اپنے کسی قرابت دار کے یہاں جا رہا تھا۔ اب شام
قریب تھی اور بلدیو نقد لے کر شب میں اپنے گاؤں کو واپس جانا مخدوش سمجھتا تھا۔ وہ منتظر تھا کہ کوئی شناسا ملے تا کہ
رات بھر اُس کی چوپال میں قیام کرے اور سویرے تڑکے نرسنگھ پور کی طرف روانہ ہو جائے۔ اسی جستجو میں وہ بازار میں
اِدھر اُدھر چکر لگا رہا تھا اور ہر چیز پر ایک نگاہ غلط انداز ڈالتا پھر رہا تھا۔ حسن اتفاق کہو یا سوء اتفاق کہ عین اُسی وقت
اُس کے دو ملنے والے ٹھاکر کلیان سنگھ اور بھوپ سنگھ ایک سمت سے آتے نظر پڑے۔ بلدیو کی جان میں جان آئی۔ بڑھا
اور دونوں سے رام رام کی۔ وہ دونوں بہت تپاک سے پیش آئے اور مزاج پرسی کے بعد آنے کی وجہ دریافت کی۔
بلدیو نے بے کم و کاست تمام ماجرا کہہ سنایا۔

(۴)

روپے کا نام سن کر دونوں ٹھاکروں کے ذہن میں عجیب نفسیاتی ہیجان برپا ہو گیا۔ کلیان سنگھ اور بھوپ سنگھ کا
شمار موضع ہردیو گنج کے بااثر اور سربرآوردہ آدمیوں میں تھا۔ یہ موضع رام نگر سے صرف ۳ میل کے فاصلے پر تھا۔ گاؤں کے
لوگ اِن ٹھاکروں سے ڈرتے زیادہ تھے، محبت کم کرتے تھے۔ وجہ یہ تھی کہ ان دونوں کی زندگی کا بڑا حصہ مردم آزاری
اور ایذا رسانی میں بسر ہوا تھا۔ اُن کے لئے دوسرے کا مال مارنا یا عزت اُتارنا بائیں ہاتھ کا کھیل تھا۔ بلکہ اگر ضرورت مقتضی
ہوتی تو کسی کی جان لینے میں بھی باک نہ تھا۔ بشرطیکہ قانونی گرفت کا اندیشہ نہ ہو۔ گاؤں میں تو یہاں تک مشہور تھا کہ کلیان
اور بھوپ کئی بار قتل اور ڈاکے کے مرتکب ہوئے تھے اور ایک آدھ بار ماخوذ بھی ہوئے تھے۔ مگر اُن کی چالاکی
سمجھو یا پولیس کی کمزوری کہ قانون کے شکنجے میں پھنس کر صاف نکل آئے۔ اب دونوں سنِ کہولت کے قریب پہنچ
تھے اور "وقت پیری گرگ ظالم می شود پرہیزگار" کے مطابق اس براہ روی اور آزادی کی زندگی سے کنارہ
ہو چکے تھے۔ تاہم "عادت اور وہ بھی عمر بھر کی عادت" کیوں کر چھوٹتی۔ کچھ نہ کچھ سلا
ہم نے سنا ہے کہ وہ ایک حد تک ان افعال سے تائب ہو چکا تھا مگر کلیان اب بھی مو
تھا۔ کچھ اپنی موروثی حقیت تھی۔ کچھ ذاتی اثر حلقہ کے تھانہ دار جب آتے کلیان ہی کی
کی ذہنیت کا شخص اس موقع سے فائدہ نہ اٹھاتا۔ قطعاً ناممکن۔ وہ اہل معاملہ کو یقین د

سنگھ کی بات
بوں سے نہ چوکتا
ں ہوتے۔ کلیان
اتفاق طے کرا دے گا

"عقیقی"

اور اس طریقہ سے فریقین سے کافی رقم اینٹھ لیتا۔ بلکہ اکثر مواقع پر تھانہ دار صاحب بھی اُسی کے ذریعے سے اپنا "حق" ٹھیراتے۔ بھوپ سنگھ کچھ تو طبعی افسردگی اور کچھ غیر معمولی انحطاط قویٰ کی وجہ سے اپنی زندگی کی سابق سرگرمیوں سے دستکش ہو چکا تھا۔ وہ اُس ذہنیت کا آدمی تھا کہ بغیر خرخشہ اور محنت کے اگر شکار ہاتھ آجاتا تو چنداں تامل بھی نہ کرتا البتہ کسی منظم اسکیم میں حصہ لینے اور تکمیل تک پہنچانے کے قابل نہ تھا۔ اُس کی حیات کے بعض پہلو اس امر کی شہادت دیتے ہیں کہ اگرچہ نیکی کی روشنی اُس کے قلب سے بڑی حد تک زائل ہو چکی تھی۔ تاہم ایک خفیف سی جھلک باقی تھی اس کے علاوہ وہ بلدیو جیسے شریف النفس انسان کو جس کی جوہر شرافت کی تعریفیں وہ اپنے رشتہ دار بھاری سنگھ سے اکثر سُن چکا تھا، نقصان پہنچانا خلاف انسانیت تصور کرتا تھا۔

(۵)

آخر دونوں بلدیو کو اپنے گاؤں لے گئے اور رات کو چوپال میں ٹھیرایا۔ بلدیو اطمینان کے ساتھ رات کے کھانے سے فراغت پاکر وہیں دراز ہو گیا۔ دیر تک باتیں ہوتی رہیں۔ بالآخر بلدیو دن بھر کا تھکا ماندہ پڑ کر سو گیا۔ اب کلیان اور بھوپ میں سرگوشیاں ہونے لگیں۔ کلیان کی رائے تھی کہ روپیہ چرانے یا چھیننے کی صورت میں بلدیو کی طرف سے افشائے راز کا کھٹکا رہے گا اور اگر بلدیو کو وہیں ٹھکانے لگا دیا گیا تو پولس کو اُنھیں پر اشتباہ ہوگا۔ اس لئے مناسب ہے کہ راہ میں کسی آدمی کو متعین کر دیا جائے اور جس وقت اندھیرے مُنہ بلدیو سفر کی غرض سے روانہ ہو اُس کا کام تمام کر دیا جائے۔ مگر بھوپ سنگھ نے نہایت جرأت سے اس میں حصہ لینے سے انکار کر دیا اور صاف کہہ دیا کہ میں اب یہ کام چھوڑ چکا۔ مددگار نہ پاکر کلیان ذرا فکر مند ہوا۔ مگر فوراً ہی اُس کے ذہن رسا نے ایک نئی تدبیر سوچ لی۔ اُسے خیال آیا کہ گاؤں کا پاسی گجو دھر ایسی خدمات اجرت پر انجام دے سکتا ہے۔ فوراً اُس سے ملا اور کُل امور طے کر لئے اور سمجھا دیا کہ وہ نرسنگھ پور جانے والی سڑک کے کنارے ایک میل کے فاصلے پر صبح کے ۳ بجے انتظار کرے اور گزرنے والے کا کام تمام کر دے اور آخر میں اپنی کارگزاری کی خبر آکر سُنائے۔

(۶)

اِدھر کلیان نے رات بے چینی کے ساتھ آنکھوں میں کاٹی۔ اگرچہ گناہ کی زندگی نے اُس کے ضمیر کو بے حس کر دیا تھا مگر نتیجہ کے اہم ہونے نے اُس کو ایک محشر خیال بنا رکھا تھا۔ اندھیرے مُنہ اُس نے بلدیو کو اُٹھا دیا اور ہدایت کی کہ اپنی

منزل کھوٹی نہ کرے۔ بلدیو نے گٹھری سنبھالی اور اپنی راہ لی۔

اُدھر قاتل اپنے معینہ فرض کے انجام دہی کا بے تابی سے انتظار کر رہا تھا۔ ایک طرف اُس کا جرائم سرشت دماغ اپنے ناپاک محنت کے معاوضہ کی خوشی میں خیالی پلاؤ پکا رہا تھا۔ دوسری طرف اُس کی متجسس نگاہیں کسی آنے والے کی راہ دیکھ رہی تھیں۔ آخر اندھیرے میں آنے والی ایک دھندلی تصویر نے اُس کے انتظار کے لمحوں کا خاتمہ کر دیا اور وہ پھرتی کے ساتھ جھاڑی کے پیچھے سے برآمد ہوا۔ بدنصیب نو وارد کے سر پر اچانک شمشیر برق دم چمکی اور آناً فاناً سر کٹ کر زمین پر آ رہا۔

(۷)

نتیجہ کے انتظار کی گھڑیاں جوں جوں گزرتی جاتی تھیں کلیان کا اضطراب بڑھتا جاتا تھا۔ اُس کو اندیشہ تھا کہ قاتل کہیں بلدیو کو مار کر کل روپیہ ہضم نہ کر لے۔ پھر وصول ہونے کی کوئی صورت بھی نہ تھی۔ اُس نے دیر ہو جانے پر اپنے بیٹے کو خبر لانے کے لئے بھیجا اور جب اُس کی واپسی میں تاخیر ہوئی تو خود چل دیا۔ آسمان پر سپیدۂ سحر نمودار ہو رہا تھا اور اگرچہ راستہ میں کسی آنے جانے والے کا پتا نہ تھا۔ تاہم افشائے راز کا خوف دامن گیر تھا۔ اُس وقت کلیان کو ایک ایک قدم اُٹھانا دوبھر تھا۔ چند ہی قدم چلا ہوگا کہ گجودھر آتا ہوا نظر آیا اور کہنے لگا کہ میں نے اُس کو ٹھکانے تو لگا دیا مگر تعجب ہے کہ اُس کی کمر میں ایک پیسہ بھی نہ نکلا۔ یہ سننا تھا کہ کلیان کا ماتھا ٹھنکا۔ وہ گھبرا کر اُس مقام کی طرف لپکا جو اُس خطرناک تجویز کی تکمیل کے لئے معین کیا گیا تھا۔ دفعتہً اُس کی نظر مقتول کے سر پر پڑی۔ اُس کے منہ سے بے اختیار ایک چیخ نکل گئی اور بیہوش ہو کر زمین پر گر پڑا۔

یہ کلیان کے اکلوتے بیٹے منوہر کا سر تھا !!

(۸)

قصہ یہ ہوا کہ بھوپ سنگھ نے بلدیو سے کہہ رکھا تھا کہ دوسرے راستہ سے نرسنگھ پور جائے کیوں کہ متعارف راہ خطرناک تھی۔ چنانچہ اُس نے ایسا ہی کیا۔ اِدھر منوہر خبر لینے کو پہنچا اُدھر گجودھر نے رات کی تاریکی میں نہ پہچانا اور اُس کو بلدیو سمجھ کر تلوار کے گھاٹ اُتار دیا۔

"عتیقی"

غزل

(از قطب عالم صاحب متعلم سلنڈا ایر)

گرینگی ٹوٹ کر گیا بجلیاں پھر خرمنِ جاں پر
سنہری بدلیاں چھائی ہوئی ہیں پھر گلستاں پر

محبت کام اپنا کر گئی جو کچھ بھی کرنا تھا
زلیخا ہاتھ رکھے رہ گئی یوسف کے داماں پر

نہیں معلوم کیا بلبل کو فطرت ابر و باراں کی
نشیمن اور پھر کمزور اسی شاخِ گلستاں پر

سناؤں دردِ دل کیوں کر کسی کا دل نہ دکھ جائے
میں خود ہی رو لیا کرتا ہوں اپنے سوزِ پنہاں پر

صبح صحرا کے تاثرات

(از جناب حمید کاظمی بی اے علیگ)

شب ڈھلی فطرتِ مخمور نے لی انگڑائی
نیل گوں اپنی ردا مُنہ سے ذرا سرکائی

گوشۂ چشم سے کی کچھ نگرانی اُس نے
آخری کچھ سُنی تاروں کی کہانی اُس نے

چھا گیا سُکر کا انداز گھڑی بھر کے لئے
ڈھک کے مُنہ سانس وہ لینے لگی گہرے گہرے

آخرش ہنستی ہوئی خواب سے بیدار ہوئی
روح سے اس کی فضا دشت کی سرشار ہوئی

قم کہا اُس نے تو گھبرا کے اُٹھا ابن سبیل
کان میں گونج گئی بن کے وہ آواز رحیل

ترکی جذبۂ وطن

ترجمہ

الوطن فوق الحبّ

باب دوم

سامی کی پریشان حالی

(از جناب مولانا ابرار حسن صاحب فاروقی بی اے (علیگ)

جمعہ کا دن ہے۔ سامی شام کو مدرسہ جانے پر مجبور ہے اور گویا اگلی جمعرات تک وہاں قیدی رہے گا۔ اس خیال نے اُس کو پریشان کر رکھا تھا لیکن مدرسے کے قواعد کی پابندی ضروری تھی۔ تین بجے کپڑے بدل اور اپنی والدہ کے ہاتھ پر بوسہ دے کر رخصت ہوا۔ گھر سے مدرسہ جانے کے لئے نکلا۔ چوں کہ مدرسہ میں پہنچنے کا آخری وقت ۵ بجے تھا اس لئے اس نے چاہا کہ اس قلیل مدت میں قبل اس کے کہ ایک ہفتہ کی نظربندی ہو پھر جمال جہاں آرا کے دیدار سے آنکھیں ٹھنڈی کر لے یہ خیال آتے ہی بجائے اس کے کہ وہ اپنے "قید خانہ" کی طرف جاتا۔ سیدھا اپنی محبوبہ کے مکان کی جانب ہو لیا۔ یوروپین محلہ میں اُس کے مکان پر پہنچ گیا لیکن دیکھا تو گھر کا دروازہ بند اور گھر والے خاموش۔ مکان کے آگے پیچھے پھرا۔ اوپر کھڑکیوں کی طرف نظر دوڑائی لیکن نہ تو اپنی محبوبہ کو دیکھا اور نہ کسی اور گھر والے کو۔ یہاں تک کہ وقت گزر گیا۔ اور اُس نے کوچۂ یار میں اپنا دل چھوڑ کر مدرسہ کا رُخ کیا۔

ٹھیک حاضری کے وقت مدرسہ میں پہنچ گیا۔ اپنی حاضری بول اور مطالعہ کی کتابیں بغل میں دبا دار المطالعہ میں اپنے دوستوں سے الگ ایک کونے میں جا بیٹھا اور کتاب کھول کر پڑھنے لگا۔ سطریں پڑھ رہا تھا مگر مطلب خبط۔ ہر سطر محبوبہ کی زندہ تصویر تھی اُس کے الفاظ و زیر، زیر اُسی کے قد و قامت و چشم و ابرو کی نمایندگی کر رہے تھے۔ اب آنکھیں اُس نے بند کر لیں اور دن کے منظر اپنے خیال میں چکر دینے لگا اور بار بار سوچتا تھا کہ اُس دل رُبا نے کیسا غضب ڈھایا۔

مطالعہ کا مقررہ وقت گزر چکا لیکن اُس سے ایک سطر بھی نہ دیکھی گئی اور نہ کتاب کا ایک صفحہ لوٹ سکا۔ انھیں خیالات میں ڈوبا ہوا تھا کہ گھنٹے کی آواز سے چونکا اور اپنی جگہ سے اُٹھکر درجہ کی طرف چلا مگر چیونٹی کی چال۔ بہرحال اپنی جگہ پر جا کر بیٹھ گیا۔ پوری جماعت آگئی اور ماسٹر نے پڑھانا شروع کر دیا۔ نقشہ اور جغرافیہ کا گھنٹہ تھا۔ مقررہ سبق مدرس نے پڑھایا اور پوری طور پر سمجھایا۔ خط استوا اور افق کو خصوصیت سے زیادہ واضح کیا۔ علاقوں اور ملکوں کے حدود پر بھی روشنی ڈالی۔ غرض کہ اُس کا تمام لکچر اُس کی فن دانی پر دلیل تھا۔ اپنے اقوال اور دلیلوں کو پُرانی تاریخی واقعات سے منطبق کرتا جاتا تھا۔

یہ سب کچھ ہو رہا تھا اور سامی بھی موجود تھا لیکن وہ صرف اپنے جسم سے تھا اور روح غائب تھی۔ اسی وجہ سے وہ اس لکچر کا ایک حرف نہ سمجھ سکا۔ یہاں تک کہ گھنٹہ بج گیا اور لکچر ختم ہوگیا۔ رات کے کھانے کی گھنٹی بج گئی۔ تمام طلبا ڈائننگ ہال (کھانے کے کمرہ) میں چلے گئے وہ بھی ساتھ ساتھ گیا اور سب کے ساتھ کھانے پر بیٹھ گیا۔ اول تو کم کھایا اور جو کچھ کھایا بھی تو اُس کا مزہ نہ پایا۔ مُنھ میں لقمہ لیتا ہے مگر چبائے کون۔ ویسا کا ویسا ہی مُنھ میں رکھا ہے۔ سب کھا کر اُٹھ کھڑے ہوئے۔ آخر میں یہ بھی اُٹھا لیکن کھانا آدھے سے زیادہ چھوڑ دیا۔

بیداری تو اس طرح سے کٹی کہ عشق کی آگ نے اُس کو جلایا اور محبت کے غم نے گھلایا۔ اب سونے کا وقت آیا تو سوائے کروٹ بدلنے کے اور کوئی چارہ نہ تھا۔ غرض کہ ؎

دن کٹا فریاد میں اور رات زاری میں کٹی
عمر کٹنے کو کٹی پر کیا ہی خواری میں کٹی

یہ کیا ہوتا ہے کہ وہ ایک پردیسی عورت پر فدا ہے اور پھر نہ اُس کی قومیت معلوم اور نہ وطن۔ حتیٰ کہ اُس کے نام سے بھی ناآشنا ہے۔ اُدھر اُس محبوبہ کو اُس کی محبت اور عشق کی خبر تک نہیں۔ اُس کو اچانک چنگی خانہ پر دیکھ لیا تھا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اُس کے تیرِ مژگاں کا نشانہ بن گیا اور اُس پر یوش نے اپنے حسن کی کمند اس کے ارادہ پر ڈال کر اس کو اپنے حسن و جمال کا قیدی بنا لیا۔

عشق کی کٹھن منزل کو وہی شخص پہچان سکتا ہے جس نے اس سوزش کو بھگتا ہو اور اس دریائے بے پایاں میں غوطہ لگایا ہو جس کی موجیں کبھی تو اُمید کے کنارے پر لے جاتی ہیں اور کبھی ناامیدی کے گھاٹ اُتارتی ہیں۔ سامی کے لئے رات بھی اتنی لمبی ہوگئی کہ جاگتے جاگتے اُلٹتا گیا۔ عاشق کی رات اسی طرح سے لمبی ہو جاتی ہے۔ ادھر قواعد

مدرسے کے اعتبار سے وہ اُٹھکر پلنگ پر بیٹھ بھی نہیں سکتا تھا۔ جونہیں کہ صبح ہوئی اور طلبا کے نماز کے لئے گھنٹی بجی وہ بے انتہا خوش ہوا اپنے پلنگ سے جھپاک سے اس طرح اُٹھا جیسے کوئی قیدی نکل بھاگتا ہے اور سیدھا مدرسہ کی مسجد میں جاکر وضو کیا اور قبلہ رو بیٹھ کر نہایت عاجزی اور نیازمندی سے بارگاہ ایزدی میں دعا مانگنی شروع کی تاکہ محبوب کے وصال میں آسانی پیدا ہو اور اس راستہ میں جتنی رکاوٹیں ہیں وہ سب دُور ہو جائیں۔

دن ختم ہوا۔ اور وہ غم والم سے ہم آغوش جماعت میں ہم جماعتوں کے ساتھ جاتا بھی اور آتا بھی ہے۔ وقت پر کھیل میں بھی شرکت کرتا ہے۔ لیکن ایک بُت کی طرح سے کہ جس میں نقل وحرکت کی طاقت نہیں۔ کھڑا ہوتا ہے بیٹھتا ہے۔ آتا ہے جاتا ہے لیکن نہ تو سبق سمجھ میں آتا ہے اور نہ جغرافیہ وغیرہ کے لکچر۔ جو اُس کی موجودگی میں ہوتے ہیں اُس کے پلے پڑتے ہیں۔ گویا سامی قالباً مدرسہ میں تھا لیکن قلباً کوچۂ یار میں تھا۔

دوسری رات آئی اور گزشتہ رات کی طرح اُس کی وہی کیفیت۔ غرض کہ تمام ہفتہ اسی طرح سے غم والم میں گزرا۔ چوں کہ دوستوں سے الگ تھلگ رہنے لگا تھا اس لئے وہ لوگ بھی اس کے ظاہری حال سے آگاہ ہو چلے تھے اور اسی وجہ سے اُس سے اس کا سبب پوچھتے رہتے تھے جس کے جواب میں یہ آئیں بائیں عذر بیان کر دیا کرتا تھا۔ ہفتہ گزرا اور جمعرات کا دن پھر آیا اور اُس کی خوش قسمتی سے کسی اُستاد نے اُس کو امتحان کے لئے نہیں بلایا۔

اب وہ وقت آگیا کہ طلبا اپنے اپنے گھروں کو جانے لگے تاکہ اپنے اعزا واقربا سے ایک ہفتہ کے بعد ملیں۔ چنانچہ مدرسے سے ہشاش بشاش اپنے اپنے گھروں کا رُخ کیا لیکن ان میں صرف ایک سامی ایسا ہے جو وہاں سے چھوٹتے ہی سیدھا یورپین محلہ کی طرف ہو لیا تاکہ اپنی محبوبہ کے مکان پر پہنچے۔ چنانچہ وہاں پہنچ کر مکان کے سامنے سڑک کی پٹری پر کھڑا ہو گیا اور گیس کے ہنڈے کے کھمبے سے جو وہاں نصب تھا ٹیک لگالی اور دروازہ کی طرف ٹکٹکی باندھ کر دیکھنے لگا کہ شاید وہ نکلے۔ کبھی کبھی کھڑکیوں پر بھی نظر ڈالتا تھا کہ شاید شیشوں میں اُس کی جھلکی پالے۔ لیکن وہ گھنٹوں کی طویل اُمید بے کار ثابت ہوئی۔ وہ بُت بنا ہوا خاموش کھڑا ہے اور دل کو اُس کے دیدار کی اُمید دلا رہا ہے۔ یہاں تک کہ سورج غروب ہونے لگا اور اب اُس کے دیدار کی اُمید ٹوٹ گئی۔ اسی حالت میں ایک محلہ والے کو اُس کی طرف سے شبہ ہوا جس کو محسوس کر کے یہ اپنے کھڑے ہونے پر شرمندہ ہوا اور سیدھا وہاں سے اپنے گھر کا رخ کیا۔ تمام رات شوق ومحبت میں آنکھوں میں گزر گئی اور ایک منٹ کو بھی آرام نہ ملا۔ پچھلی

نیند کے خمار میں سرخ تھیں۔ آہیں دل کی دہکتی ہوئی آگ کا پتا دیتی تھیں۔

جونہیں کہ صبح ہوئی اُس نے ایک لمبا سانس لیا اور فوراً اپنے بستر سے اُٹھا اور کپڑے بدل کر پھر اُسی پریوش کے خیال میں ڈوب گیا جس کے حسن نے اُس کو تمام چیزوں سے مستغنی کر دیا تھا۔ ہر چند کہ وہ نفس کو ملامت کرتا تھا اور سمجھاتا تھا کہ یہ عشق اور بالخصوص ایک پردیسی سے آیندہ زندگی اور جوانی کو برباد کر دے گا۔ اُمیدوں کو خاک میں ملا دے گا۔ مگر یہ تدبیریں بے سود تھیں۔ یہ نصیحتیں عشق کی قوت کو ذرا جنبش نہیں دے سکتی تھیں۔ گھر سے پھر نکلا اور یوروپین محلہ کی طرف پیدل چلا اور جب اُس کے گھر کے سامنے پہنچ گیا تو گیس کے ہنڈے کے کھمبے کے پیچھے چھپ کر کھڑا ہو گیا اور دروازہ اور کھڑکیوں کی طرف دیکھنے لگا یہاں تک کہ دس بجنے والے ہوئے کہ دفعتاً دروازہ کھلا اور وہی مہ جبیں نکلی اور اُس کی ماں بھی اُس کے ساتھ ساتھ۔ یہ دیکھتے ہی خوشی سے ایسے ہوش و حواس جاتے رہے کہ اُن کے پیچھے پیچھے ہو لیا لیکن وہ دونوں اس سے بے خبر تھیں۔

دونوں قریب کے بازار میں جا کر ایک کپڑے والے کی دوکان میں چلی گئیں۔ سامی بھی اُن کے پیچھے پیچھے گیا۔ یہاں تک کہ اُنھوں نے اپنا کام کیا اور اُلٹے پیروں اپنے گھر واپس چلی آئیں۔ سامی پھر بھی اُن کے پیچھے پیچھے ہو اور اُسی کی طرف دیکھ رہا ہو۔ غرض کہ اُن کو گھر تک پہنچا دیا اور عشق کی بارگاہ سے جو کچھ اُس کو آج ملا تھا لئے ہوئے واپس گھر چلا آیا۔

تیسرا باب

سچا دوست

سامی پر یہ ہفتہ پہلے سے زیادہ سخت گزرا۔ اپنے جی کو یہ اُمید دلاتا تھا کہ وہ جمعہ کو اسے دیکھے گا اور اُس کے دیدار سے عشق کے دل سوز شعلہ کو بجھائے گا۔ ہفتے کے دنوں کو ہی نہیں بلکہ اُن کی گھڑیاں گنا کرتا تھا۔ چنانچہ جوں جوں جمعرات قریب آتی جاتی تھی اُس کو پڑھنے میں ایک خاص لطف پیدا ہوتا جاتا تھا۔ جمعرات کا دن آیا اور مدرسے سے نکل کر وہ سیدھا گھر گیا اور جی ہی جی میں خوش ہو رہا ہو کہ کل صبح وہ اپنی محبوبہ کے دیدار سے لطف اندوز ہوگا یہ خیال آتے ہی

وہ پھولے نہیں سمایا اور اُس زمانہ کی مشہور غزلیں باقی ماندہ وقت کاٹنے کی غرض سے گانے لگا تاکہ حسب مراد صبح ہو جا
جمعہ کی صبح ہوئی۔ سورج نے اپنی مسرت آمیز روشنی پھیلائی۔ یہ اپنے بستر سے اُٹھا۔ تھوڑی بہت چاء پی ملکر
لباس (Clothes) پہنا اور گھر سے نکل سیدھا محبوبہ کے مکان کی طرف لپکتا ہوا چلا۔ چنانچہ وہاں پہنچکر حسب
عادت گیس کے کھمبے کے پاس کھڑا ہوگیا اور کبھی کھڑکیوں پر نظر ڈالتا تھا تو کبھی دروازہ پر۔ ادھر شوق دیدار تھا
بڑھ رہا تھا۔

طویل انتظار کے باوجود مقصود کا کوسوں پتا نہیں اب تو دل قابو سے باہر ہونے لگا۔ چہرہ کا رنگ اُڑنے لگا۔ سا
شوق فنا ہوگیا۔ اُسی جگہ ٹہلنے لگا تاکہ جسم کو تکلیف دے کر خیال کو کچھ تو آرام دے۔ لیکن نگاہ دروازہ ہی کی طرف لڑی
تھی۔ اتنی دیر تک کھڑے رہنے کے بعد دل بیٹھ گیا۔ صبر کا پیالہ چھلک اُٹھا۔ ایک لمبا سانس لے کر اس زور سے آہ کی
آگ کے شعلے نکلنے لگے۔ پھر یہ کہکر اپنے جی کو سمجھایا۔

"لاؤ دیکھیں تو سہی کہ ہماری محبوبہ اب کیا کر رہی ہے آیا وہ گھر میں ہے یا باہر ہے۔ کاش میں آج دیدار
سے مشرف ہو جاؤں۔ افسوس میرے دل پر کیا گزر رہی ہے"

ظہر کے وقت تک وہ وہاں کھڑا رہا لیکن وہ نہ نکلی۔ اب اُس کی مصیبت اور پریشانی کا کیا پوچھنا۔ اسی عرصہ میں
راہگیروں نے اُس کے اتنی دیر تک کھڑے رہنے پر تعجب کرکے اُس کو گھیر لیا اور تماشا دیکھنے لگے۔ جب جمگھٹا زیادہ
تو وہ چونکا اور بے انتہا شرمندہ ہوا۔ چنانچہ وہ وہاں سے چلدیا اور سیدھا اپنے گھر آیا۔

تیسرا ہفتہ اس سے زیادہ سخت گزرا اور چوتھا پھر پانچواں اُس سے بھی زیادہ کیوں کہ دیدار محبوب کی ہوا بھی نہ
اب حالت غیر ہونے لگی۔ رنگ بدل گیا، جسم گھلنے لگا۔ نیند اور بھوک سب حرام ہوگئی۔ پڑھنا لکھنا غائب۔ غرض کہ اُس
حالت میں عبرت ناک تغیر ہوگیا۔

مدرسے کے ایک استاد افسر نے اُس کی حالت پر غور کیا۔ اُس نوجوان افسر کی عمر ۲۵ سال سے زیادہ نہیں تھی ا
سیکنڈ لفٹنٹ کے عہدہ پر فائز تھا۔ ہمت آفزی نام تھا اور سامی سے انتہائی محبت کرتا تھا محض اس لئے کہ سامی
باپ اُس کے آڑے وقت پر کام آیا تھا اسی وجہ سے وہ اُس کو اپنا چھوٹا بھائی سمجھتا تھا چنانچہ سامی کی یہ حالت دیکھکر
افسوس بھی ہوا اور تعجب بھی کیوں کہ وہ اُس سبب سے بالکلیہ بے خبر تھا جس نے اُس کو اس حالت پر پہنچا دیا تھا چنا

اُس نے اُس بھید کو معلوم کرنے کا پختہ ارادہ کر لیا تھا تاکہ اصل معاملہ کا پتا چل جائے۔

ایک روز وہ مطالعہ کے گھنٹے کی نگرانی کر رہا تھا کہ اُس نے سامی کو ایک کمرہ میں الگ بُلایا اور اپنے پاس بٹھا کر کہنے لگا۔

ہمت آفندی۔ میرے پیارے سامی! اس مہینے میں میں تمھیں انتہائی متغیر دیکھتا ہوں جس سے تمھاری تندرستی پر بھی اثر پڑا ہے اور تمھاری تعلیم و میل جول پر بھی۔ آخر تم کو کیا شکایت ہے اور اس عام تغیر کا کیا سبب ہے؟

سامی۔ جناب! مجھے خود بھی معلوم نہیں کہ وہ کیا بات ہے جس کی وجہ سے آپ مجھ سے اس قسم کا سوال کر رہے ہیں۔ میں تو جیسا تھا ویسا ہی ہوں۔

ہمت آفندی۔ تم اصلیت کو مجھ سے چھپانا چاہتے ہو۔ تم کو ٹھیک ٹھیک بتانا ہوگا۔

سامی اس پر خاموش ہو گیا اور کچھ جواب نہ دیا۔ ہمت آفندی نے پھر کہا۔

ہمت آفندی۔ سامی! کیا تم کو میری دوستی میں شک ہے۔ کیا تم کو یہ شبہ ہے کہ میں تمھارا ہمدرد نہیں ہوں؟

سامی۔ معاذ اللہ۔ جناب! ایسا تو میں گمان بھی نہیں کر سکتا ہوں۔

ہمت آفندی۔ تو پھر کیوں وہ بات چھپاتے ہو جس نے تم کو گھلا رکھا ہے۔

سامی۔ لیکن مجھے تو کچھ معلوم نہیں کہ مجھے کس چیز نے گھلا رکھا ہے۔ ممکن ہے کہ کوئی ایسا مرض لاحق ہو گیا ہو جس نے میری تندرستی پر اثر کیا ہو جس کی مجھے خبر نہیں ہے لیکن میرے چہرے پر اُس کے اثرات ظاہر ہو گئے ہوں اور اُن سے یہ گمان پیدا ہو گیا ہو۔

ہمت آفندی۔ سامی! ہرگز نہیں۔ صرف تمھارے چہرے ہی پر نہیں بلکہ تمھارے حرکات و سکنات میں تبدیلی ہے لہٰذا اپنا اندرونی بھید مجھے بتاؤ اور اس کا یقین کر لو کہ میں تمھارا سچا دوست ہوں اور تمھاری مصیبتوں کے ہلکا کرنے میں اپنی تمام کوشش صرف کر دوں گا۔ میرا خیال ہے کہ یہ عشق کی مصیبت ہے کیوں کیا ایسا نہیں ہے؟ بے خوف و خطر کہو۔ بے شک عشق اُن تمام مشکلوں سے زیادہ مشکل ہے جو انسان کی زندگی میں آڑے آتی ہیں۔ یہ وہ سخت مرض ہے جس سے شفا اُسی حالت میں ہوتی ہے

جب کہ محبوب مل جائے۔ تم یقین مانو کہ میں تم کو اس معاملہ میں بُرا نہیں کہوں گا۔ کیوں کہ میں خوب جانتا ہوں کہ یہ تم نے جان بوجھ کر نہیں کیا ہوگا۔ بلکہ آنکھ دیکھ لیتی ہے اور دل مرمٹتا ہے۔ چنانچہ محبت وہ آگ ہے جو بھوبھل میں چھپی ہوتی ہے اگر ہوا نہ چلی تو وہ بجھ جاتی ہے اور جو کہیں ہوا سے مڈبھیڑ ہو گئی تو بھوبھل اُڑ جاتی ہے اور آگ دہک اُٹھتی ہے اور اُس کے شعلے بھڑکنے لگتے ہیں۔ تم ان حالتوں میں سے کس حالت میں ہو؟

سامی ۔ میں دوسری حالت میں ہوں۔

ہمت آفندی ۔ اب تم نے اقرار کیا۔ یہ تو میں پہلے ہی جانتا تھا۔ اب یہ بتاؤ کہ تم نے دل کس کو دیا ہے۔

سامی ۔ اگر میں یہ بتا دوں گا تو آپ مجھ پر ملامت کریں گے۔

ہمت آفندی ۔ اس کا خیال بھی مت کرو۔ محبت کی حالت نرالی ہوتی ہے۔ کیا کسی بدنسل پر فریفتہ ہوئے ہو یا کسی غریب گھر میں دل دیا ہے۔

سامی ۔ اگر ایسا ہوتا تو اچھا ہوتا۔ بلکہ اُس سے بھی زیادہ ہے جیسا کہ آپ خیال کر رہے ہیں۔

ہمت آفندی ۔ کیا وہ کوئی بڑے گھرانے کی ہے یا کسی پاشا کی بیٹی ہے۔

سامی ۔ نہ یہ ہے اور نہ وہ بلکہ وہ پردیسی ہے۔

ہمت آفندی ۔ یہ بے شک بُرا ہے۔ مگر خیر بتاؤ تو سہی۔

سامی نے اُس کو پورا قصہ سُنا دیا کہ وہ کس طرح سے ساحل پر سیر کے لئے گیا تھا اور وہاں اُس ماہ وش کو دیکھ کر کس طرح اُس کے پیچھے پیچھے اُس کے گھر تک گیا۔ جہاں وہ اب اپنے والدین کے ساتھ رہتی ہے اور پھر ہر جمعہ کو اُس کے گھر کی طرف جانا اور سوائے ایک بار کے پھر کبھی اُس کا نہ دیکھنا وغیرہ وغیرہ یہ ساری کہانی اُس کو سُنا دی۔

ہمت آفندی تھوڑی دیر تک خاموشی سے اپنے دوست کے معاملہ میں سوچتا رہا اور پھر سر اُٹھا کر کہنے لگا۔

ہمت آفندی ۔ اگر تم اس راستہ پر چلے تو نقصان اُٹھاؤ گے۔

سامی ۔ میرے پیارے! خدا کے واسطے مجھے بتائیے کہ میں کیا کروں۔ مدرسے کے قواعد کی پابندی ضروری ہے ایسا راستہ بتائیے کہ ان مصائب سے نجات پاؤں۔

ہمت آفندی - بحیثیت طالب علم کے تم کس بات کے خواہش مند ہو۔

سامی - میں سوائے اس کے اور کچھ نہیں چاہتا ہوں کہ اُس کو دیکھ کر میں شوق کی بھڑک کو ٹھنڈا کروں۔

ہمت آفندی - اچھا۔ چوں کہ وہ عیسائی ہے اور عیسائی بالخصوص ہر اتوار کو سیر کے لئے باہر جاتے ہیں اور اُس روز تمھارا مدرسہ ہوتا ہے۔ لہذا اس صورت میں تمھارے لئے اُس کا دیکھنا ناممکن ہے۔ چوں کہ مجھے بھی اُس کے دیکھنے کا شوق پیدا ہو گیا ہے۔ اس لئے میں تم کو سنیچر سے تین روز کی چھٹی دلوا دوں گا اور تمھارے ساتھ چلوں گا تاکہ تم مجھے اُس کا مکان بتا دو۔ اُن کو دیکھنے کے بعد میں کوئی ایسی تدبیر سوچوں گا کہ جس سے تم کو راحت ہو اور اللہ تم کو اس گرداب سے چھڑائے۔ خواہ تمھارے دل سے اُس کی محبت کو دُور کرے یا ایسا ذریعہ پیدا کر دے کہ تم کو اُس تک پہنچا دے۔

سامی - آپ نے یہ وعدہ فرما کر میرے غمگین دل کی تسلی کی۔ میری زبان آپ کے برادرانہ شفقت کا شکریہ ادا کرنے سے عاجز ہے۔

ہمت آفندی - یہ میرا فرض ہے۔ کیوں کہ تمھارے والد کی مہربانیاں جو اُنھوں نے مجھ پر کیں میں کبھی فراموش نہیں کر سکتا ہوں۔ اس لئے شکریہ کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ اچھا اب اُٹھو اور پڑھنے میں جی لگاؤ۔ اور اپنے کسی اُستاد کو اس شکایت کا موقع نہ دو کہ تم پڑھنے میں غفلت کرتے ہو۔ یہ میرے ذمہ ہے کہ میں تمھارے مصائب اور غموں کو کم کر دوں گا۔

سامی - اے سچے دوست! میں آپ کا دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

پھر اُن دونوں نے مصافحہ کیا۔ سامی اپنے درجہ میں چلا گیا اور اپنے دوست کے وعدہ پر بہت ہی خوش ہو رہا تھا۔

خمار

بہ چشمِ نرگسِ مستانہ در بستاں خمار آمد — بیا ساقی بدہ بادہ کہ باز ابرِ بہار آمد
چرا گویم بہار آمد کہ دورانِ خمار آمد — بہ بیں مستانہ وار آمد صبا در لالہ زار آمد
بگرداں جامِ مے ساقی بہار آمد بہار آمد

بہ فصلِ گل بہارِ باغ و تاثیرِ ہوا خوشتر — بساغر بادہ خوشتر بر فلک ابرِ سیہ خوشتر
کنارِ جوئے خوشتر، سبزہ زارِ پُر فضا خوشتر — سرے بر زانوئے خوشتر، خیالِ آشنا خوشتر
تماشا ایں چنیں رنگیں کہ بر لب جانِ زار آمد

شکوہ من بصحرا بیں گلِ رنگیں ادائے من — چہ خوش باشد اگر روزے بیائی در قفائے من
بہ چشمِ آبلہ با شوکتِ شاہانہ پائے من — تماشا کن کہ باشد دیدنی اے دلربائے من
باستقبالِ من از بہرِ پائے بوس خار آمد

رباب ہستی برباد، مملوئے غمِ ہجراں — بہ شکلِ سنگِ خارا آتشے در سینہ ام پنہاں
چناں بدحال گردیدم بعشقِ شاہدِ ناداں — کہ از فرطِ غمِ ہجراں نباشد ربطِ جسم و جاں
"بیا زارِ محبت نقدِ ما کامل عیار آمد"

بہ شب از خوابِ شیریں یک بیک بیدار گردیدن — بچشمِ خوں فشاں در جستجوئے یار گردیدن
ز غم در ہجر کاہیدن نحیف و زار گردیدن — بگو جانم چنیں ہم تا بکے بیمار گردیدن
مسیحِ من مدد اکنوں کہ بر لب جانِ زار آمد

بہ ہجرِ یار از سوزِ نہاں خونِ جگر سوزد — گرفتہ خانۂ دل آتشے دیوار و در سوزد
بہ چشمِ منتظر ہر لحظہ یک تارِ نظر سوزد — سپند آسا بگریہ قطرہائے اشک تر سوزد
مرا اے شورؔ چوں افزود ایں آتش بخار آمد

منظور حسین شورؔ

وہ

مثل مشہور ہے "جتنے منہ اُتنی ہی باتیں" لیکن یہاں دیکھنا یہ ہے کہ باتوں کا وزن و مقدار مونہوں کے اسکیل پر منحصر ہے۔ یا کثرت تعداد پر تعدد انواع سخن کا مدار ہے۔ بہر حال کچھ ہی کیوں نہ ہو۔ میں 'وہ' کے متعلق تمام مختلف الوضع جماعتوں کے چھوٹے بڑے مونہوں کو چیلنج دیتا ہوں کہ وہ اپنی اور اپنی باتوں کی کثرت کے بل پر 'وہ' کو نہ صرف کسی ایک جامع و مانع تعریف کے دام میں پھانسیں، بلکہ حق شناسی کا اس طرح فیصلہ کریں کہ یہ لفظ ہمیشہ کے لئے اسی جماعت کا طغرائے امتیاز ثابت ہو۔

دیکھئے منادی کے ہوتے ہی سب سے پہلا قدم کسی اسکول کے قواعد داں ماسٹر کا ہے۔ بیچارہ نے آتے ہی اپنی زبردست تقریر سے حاضرین کو مرعوب سخن کرنا شروع کر دیا ہے۔ کبھی ضمیر واحد غائب پر زور دیتا ہے کہ کسی شخص کے نام کی جگہ جو لفظ حق قائم مقامی کو ادا کرتا ہے' وہ لفظ 'وہ' ہے۔ کبھی اسم اشارہ کی طرف اشارہ کر کے بتاتا ہے کہ

'وہ' ایک لفظ ہے، جو ریلوے سگنل کے دہتہ فرد ہشتہ یا بازار کے چوراہے پر پولیس کنسٹبل کے لٹکے ہوئے ہاتھ کی طرح اشارہ میں شرم سے کام نہ لے کر اپنے مقاصد کو اُٹھے ہوئے ہاتھ کی انگلی یا ابرو کی حرکت عروجی سے مدد لے کر صحیح راہنمائی کے فرائض بجا لاتا ہے۔ کبھی 'وہ' کو اسم موصول مان کر آئندہ جملہ کو جواب صلہ قرار دینے سے اس کے خیر منفک خطاب کا حاضرین پر اعلان کر رہا ہے۔ زور تقریر کا وہ عالم ہے کہ ہزاروں نعرہ ہائے آفریں بلند ہو رہے ہیں۔ آخر ایک صوفی صاحب سے نہ رکا گیا، آگے بڑھے۔ اور بآں ریش و فش مقرر پر ایسی تیز نظر ڈالی کہ اس کا تمام سرمایۂ علم ایک ادنےٰ توجہ کی نذر ہو گیا۔ فرمانے لگے 'وہ' ہُوَ کی ترکیب مقلوب کل کا نتیجہ ہے۔ 'وہ' ہُوَ میں اور ہُوَ 'وہ' میں ایسے بایکدگر پیوستہ ہیں کہ لاہوتی ہُو، ناسوتی 'وہ' میں مدغم ہو کر بطون میں ایک اور ظہور میں دوئی سے ہمکنار ہو گیا۔ تقریر کیا تھی کہ درمیان میں ہُو حق کی نعروں سے وہ محفل گونج اُٹھی۔

صرفی سے بھی نہ رہا گیا، ماسٹر کی تقریر نے نحو و صرف میں بولنے کی گنجائش ہی نہ چھوڑی آخر کب تک ضبط کرتا۔ فوراً ہی علم معانی کے لیکچر کو پکڑ لایا۔ لیکچر کی معقولیت و متانت، شہرت و شوکت کو دیکھ کر صوفی صاحب تو محو مراقبہ ہو گئے۔ اور لیکچر نے "الکنایۃ ابلغ من التصریح" کو موضوع بحث قرار دیکر 'وہ' کو اس کا مصداق صحیح ثابت کیا۔ جب اس مقام پر پہونچا کہ "'وہ' ایک ایسا جامع لفظ اور جادو کا منتر ہے کہ جہاں زبان تشریح مطالب سے اور ذہن و تعقل کسی مناسب لفظ کے پیش کرنے سے قاصر و معذور ہو جاتے ہیں۔ جہاں سامعین کسی عمدہ شعر یا منظر کا لفظی فوٹو دیکھنے، یا ایک نغمۂ کیف و تاثر کے سننے کو بے تاب ہوتے ہیں۔ وہاں صرف یہی دو حرفی لفظ الف لیلہ کے 'سمسم' کی طرح طلسم ابہام کے پرزے اُڑا کر طلاقتِ لسانی کی لاج رکھ لیتا ہے" تو تمام خطیب چونک پڑے اور سب نے اپنی اپنی نوٹ بکیں ہاتھوں میں لے کر فی الفور اس تشریح کو درج کر لیا۔ پھر تو شاعر صاحب نے بھی اسٹیج پر آنے میں سبقت کی اور چاروں طرف سے 'وہ' 'وہ' کی صدائیں بلند ہو گئیں۔ شاعر صاحب نے فوراً ساز شاعری کا تار چھیڑ کر پردۂ عشاق میں سب سے پہلا جو شعر الاپا وہ یہ تھا۔

'وہ' آئیں گھر میں ہمارے خدا کی قدرت ہے
کبھی ہم ان کو کبھی اپنے گھر کو دیکھتے ہیں

پھر کیا تھا، غالب بھی محبوب کی کج ادائیوں سے تنگ آکر چیخ اُٹھے۔

'وہ' اپنی خو نہ چھوڑیں گے ہم اپنی وضع کیوں چھوڑیں
سبک سر بن کے کیا پوچھیں کہ ہم سے سرگراں کیوں ہو

ذوق بھی آرزوئے دیدار میں مریضِ ذوق رہے۔ اس لئے کہ بیٹھے

اب وہ آئے جب نگہ کو ضعف سے
کم نہیں مژگاں کی صف دیوار سے

غرض تمام شعرا نے یک زباں ہو کر کہا کہ یہ لفظ ہماری شاعری کی جان، اور سخن کا روح رواں ہے۔ صرفی صوفی، اہل معانی، تو صرف لفظی دام میں گرفتار ہیں۔ اس کے صحیح استعمال سے عملی فائدہ سوائے ہمارے کسی کو نہیں پہونچا۔ ہم اسی ایک لفظ سے پژمردہ دلوں میں شگفتگی، دماغ میں تازگی تخیل میں وسعت پیدا

رکے قلب عاشق کے رگ و پے کو تاثرات کی بجلیوں سے معمور کر دیتے ہیں۔ عاشق کا لفظ کہنا تھا کہ صحرائے
ر کی جانب سے شوریدہ سران کوئے لیلیٰ کا گروہ لپکا۔ اور کہنے لگا کہ شاعر جھوٹے ہیں۔ ان کی غیر
تبری کے لئے کلام الٰہی کی نص بہت کافی ہے۔ یہ محض ہمارے ترجمان ہیں۔ ان کو 'وہ' کی لذات سے
ا سروکار۔ یہ انتظار کی روح فرسا تکالیف، شب فراق کے فلک دوز نالوں، زندگی کی بے شمار تلخ کامیوں
وکیا جانیں۔ انہی کا کلام ہے۔

'وہ' جو پہلو سے اٹھے درد کچھ ایسا اُٹھا
تھام کر دل کو کئی بار میں بیٹھا اُٹھا

لیکن ذرا ان سے دریافت کیجئے کہ پہلو سے کون اُٹھا جس نے درد پیدا کر دیا۔ یہ درد فراق سے
ونکر واقف ہوئے۔ چونکہ شعرا ہمارے دائمی وکیل ہیں اس لئے ان کا قول ہمارے جانب سے متصور
ا جائے۔ یہ ہم ہی ہیں کہ جہاں ہوں، جس حالت میں ہوں۔ "وہ گئے" کی آواز آئی اور ہم
اس پر بجلیاں گریں۔

ان تمام تقاریر سے صنفِ نازک بھی متاثر ہو رہی تھی۔ کچھ کہنا بھی چاہتی تھی مگر شرم کے ہاتھوں
ور تھی۔ آخر چودھویں صدی کی ایک شریف اور تعلیم یافتہ عورت نے ہمت کر کے ایسا معنی خیز لکچر دیا
سب کو نے جھانکنے لگے۔

اس کا دعوے تھا کہ 'وہ' صرف ہماری نسوانی اصطلاحات کا خاص اور مقررہ لفظ ہے۔ کیونکہ یہ لفظ
انے اپنے قابلِ تعظیم شوہر کے لئے صرفیوں سے ہمیشہ کے لئے خرید لیا ہے۔ جبکہ ہم متصرف کامل ہیں۔
ب آپ صاحبان ہماری تقریر میں شریک ہوں۔ تو 'وہ' اور "اُنھوں نے" سے ہمیشہ شوہر مراد لیں۔ دیکھئے!

'وہ' مرے خط کی چٹکیاں یاد دلائیں گے مجھے
چھیڑنے کو ہنسیں گے 'وہ' اور ہنسائیں گے مجھے

دل میں بسے ہوئے ہیں 'وہ' اس میں خیال اُنہی کا ہے
دل مرا ہے 'وہ' آئینہ جس میں جمال اُنہی کا ہے

غور فرمائیے کہ اس لفظ سے اصلی اور حقیقی فائدہ اُٹھانے کے تین گروہ مدعی ہیں۔ شعرا، عشاق اور صنفِ نازک، نحویوں نے تو سوائے لفظی بحث کے اس سے کوئی استفادہ ہی نہیں کیا۔ نہ یہ لفظ ان کے کام ہی کا ہے۔ رہے صوفی اور اہلِ معانی تو وہ بھی عشاق ہی کے زمرہ سے تعلق رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ شعراء کا دعوےٰ تو قطعاً غلط ہے۔ کیونکہ ان سے فائدہ اُٹھانے والے صرف عشاق ہیں۔ اور یہ کسی طرح ایک گراموفون سے زیادہ وقعت نہیں رکھتے۔ اب یہ لفظ ہمارے اور عشاق کے درمیان قابلِ بحث رہتا ہے۔ جس کا فیصلہ بآسانی ممکن ہے۔

ہم اپنے شوہر کو قابلِ تعظیم و محبوب سمجھ کر اس کا نام لینے سے ادباً و خجالتاً پرہیز کرتے ہیں اور ایسے مواقع پر ایک لفظ مبہم کا استعمال مناسب سمجھتے ہیں۔ تاکہ ہر نااہل ہمارے اشارات کو سمجھ نہ سکے۔ اگرچہ عشق ہمارے عشاق کے درمیان وجہِ مشترک ہے۔ مگر دوسرے خصوصیات کثیرہ ہمارے لئے باعثِ تفوق ہیں۔ بنا بریں لفظ 'وہ' کا استحقاقِ ملکیت محض ہماری ذات کو حاصل ہے۔ صنفِ نازک کے دلائل نے تو سب کو مبہوت کر دیا۔ زمانہ کا رنگ دیکھ کر شعراء وغیرہ تو دست بردار ہو گئے۔ عشاق نے مصالحت کر لی۔ پھر تو کثرتِ رائے سے بالاتفاق 'وہ' کا جسمِ زیب جامہ صنفِ نازک ہی کے قدِ رعنا پر چست و درست ثابت ہوا۔ اور سب اپنا اپنا منہ لے کر گھروں کو سدھار گئے۔

محمود زماں خاں محمود (رام پور اسٹیٹ)

(ادیب فاضل)

الماس

(جناب ایم اسلم صاحب)

گھٹا ٹوپ اندھیرا۔ طوفانِ برق و باد۔ اور پھر طلاطم خیز سمندر کی حشر آزمائیوں نے اہل جہاز کو زیست سے
س کر دیا تھا۔

جہاز کو طوفان سے بچانے کی جس قدر کوشش ممکن ہو سکتی تھی۔ ناخدا برابر کئے جا رہا تھا۔ عورتوں اور بچوں
خ پکار اور مردوں کا شور و غل اور اس پہ موج طوفاں خیز کی خوفناک یورش جری سے جری آدمی کے دل
بھی خوف و ہراس پیدا کر رہی تھی۔ سب سے زیادہ خطرہ یہ تھا کہ جہاز ایسے مقام پر پہنچ گیا تھا جہاں سے سمندر
ڈوبی ہوئی چٹانوں کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔

تختۂ جہاز پر تو ایک طوفان بے تمیزی برپا تھا۔ مسافروں کو جان کے لالے پڑے ہوئے تھے لیکن ایک
ے میں دو بچے اور دو مرد جن میں سے ایک جوان اور دوسرا بوڑھا تھا بیٹھے تھے بچے سہم کر سو گئے تھے۔

نوجوان بولا!

"آج تو لقمۂ نہنگ اجل ہونا یقینی نظر آتا ہے۔ لیکن افسوس تو اس معصوم جان پر ہے..... ہائے یہ مرحومہ کی
ی یادگار میرے پاس تھی... میری معصوم الماس...."

بختیار کی آواز رک گئی اور وہ آنسوؤں میں ڈبڈبائی ہوئی آنکھوں سے سوئی ہوئی بچی کی طرف دیکھنے لگا۔

بوڑھا بازبہادر بولا

"بختیار! تم نے تو تمام عمر بحری سفروں میں کاٹی ہے۔ اتنے بے حواس کیوں ہوئے جاتے ہو۔ اٹھو ہمت کرو"

بختیار:۔ "کیا کروں! اس وقت ہو ہی کیا سکتا ہے!"

زبہادر:۔ "آؤ بچوں کو بچانے کی کوشش کریں۔ دیکھو میرا جگر گوشہ نوبہار کیا آرام سے پڑا سوتا ہے۔

اگر ہم مرد ہو کر ان معصوم جانوں کو بچانے کی کوشش نہ کریں تو حیف ہے"

بختیار:۔" ان معصوم جانوں کا اللہ ہی نگراں ہے"

بازبہادر:۔" سچ کہتے ہو۔ لیکن کوشش کرنا بھی تو انسان کا فرض ہے۔ لو سنو

جہاز کی پچھلی جانب ایک بہت بڑی کشتی رسوں سے جکڑی رکھی ہے آؤ جس قدر ضروری سامان فراہم ہو سکے اس میں لاد دیں اور پھر کشتی پانی میں اُتار کر قسمت آزمائی کریں"۔

بختیار اور بازبہادر دروازہ بند کر کے باہر نکلے۔ اور رسوں اور سلاخوں کو پکڑتے ہوئے جہاز کے گودام میں جا پہنچے۔ یہاں سے اُنھوں نے خورد و نوش کا بہت سا سامان ادھر ادھر سے اکٹھا کر کے گٹھریوں میں باندھا اور بڑی مشکل سے کشتی میں جا کر رکھ دیا۔ پھر واپس آ کر اُنھوں نے اپنے اور بچوں کے تمام کپڑے صندوقوں سے نکال کر پیٹھ پر باندھ لئے۔ اور سوئے ہوئے بچوں کو گود میں اُٹھائے کشتی کی طرف چلے۔ تختۂ جہاز پر کہرام مچا ہوا تھا۔ کسی نامعلوم سوراخ سے پانی جہاز میں آ رہا تھا۔ مسافر ادھر اُدھر بھاگے پھرتے تھے۔ بچے دہشت زدہ ہو کر ماؤں سے لپٹ گئے تھے۔ ناخدا نے ملاحوں کو کشتیاں سمندر میں ڈالنے کا حکم دے دیا تھا۔

اس وقت پچھلا پہر تھا۔ آسمان پر گھٹا ٹوپ اندھیرا چھایا ہوا تھا۔ گاہے گاہے رعد کی کڑک اور بادل کی ہولناک گرج اس شدت سے سنائی دیتی تھی کہ قہر و غضب کے فرشتوں کا آسمان سے اُترنے کا گمان ہونے لگتا تھا۔

لوگوں کے شور و غل سے الماس اور نوبہار بھی جاگ پڑے۔ جس مقام پر کشتی بندھی تھی یہاں پہونچ کر بازبہادر اور بختیار نے بچوں کو ایک طرف بٹھا دیا اور پھر بڑی احتیاط سے رسّے کھول کر کشتی سمندر میں ڈالی جب کشتی پانی پر پہنچ چکی تو سب سے پہلے ایک رسے کے ذریعہ بازبہادر نیچے اترا اور پھر بختیار سے کہا کہ بچوں کو یکے بعد دیگرے رسّے سے باندھ کر نیچے لٹکا دے۔ یہ کام بہت مشکل تھا کیوں کہ بچے جب ان کی کمر میں رسّہ بندھنے لگا تو خوف زدہ ہو کر چیخنے چلانے لگے۔ بہرکیف بختیار نے پہلے نوبہار کو اور پھر الماس کو سینے سے لگا لگا کر نیچے لٹکا دیا۔

جب بچے کشتی میں اُتر چکے تو اب بختیار کی باری تھی۔ لیکن مشیر اس کے کہ وہ نیچے اُتر سکے ایک زور

دھماکا ہوا اور جہاز خطرناک طور پر ڈگمگانے لگا۔ ساتھ ہی مسافروں کے سمندر میں کودنے کا شور سنائی دینے لگا۔
بازبہادر نے عجلت کر کے ایک تیز چاقو سے کشتی کے رسّے جس سے وہ جہاز سے بندھی تھی کاٹ دیئے۔
کشتی جہاز سے علیحدہ ہوئی تھی کہ بختیار بھی سمندر میں کود ا لیکن اندھیرے میں بازبہادر اس کی کچھ دستگیری نہ کر سکا
اب بوڑھا نہایت بردباری کے ساتھ چپو سنبھال کر موجوں کا مقابلہ کرنے لگا۔

سپیدۂ سحر اودے اودے بادلوں میں سے دھیرے دھیرے نمودار ہو رہا تھا۔ طوفانِ برق و باد تھم چکا تھا،
اور موجِ بحر رات بھر کی حشر آزمائیوں کے بعد آسودۂ خواب تھی۔ بازبہادر کشتی کی سلامتی کے لئے برابر چپو چلا رہا تھا
اور بار بار بڑی حسرت بھری نگاہوں سے اِدھر اُدھر دیکھتا تھا۔ الماس اور نوبہار کیل میں لپٹے آغوشِ خواب میں پڑے
سوتے تھے۔

جب نیلے نیلے بادلوں پر سنہری لہر دوڑتی نظر آنے لگی تو اس وقت بازبہادر کو دور فاصلہ پر اونچے اونچے
پہاڑ دھندلے دھندلے سے نظر آنے لگے۔ خشکی کے نشانات دیکھ کر اس کی ہمت بڑھ گئی اور وہ بڑی ہوشیاری
سے اُسی سمت کشتی کھینے لگا۔

اب بچے بھی بیدار ہو چکے تھے اور حیران ہو ہو کر اِدھر اُدھر دیکھ رہے تھے۔

نوبہار بولا

"بابا جان ہم کب گھر پہنچیں گے؟"

اور الماس بسورنی صورت بنا کر بولی"

"میرے ابا جان کہاں گئے؟"

بازبہادر نے بچوں کو کھانے کے لئے کچھ مٹھائی نکال کر دی اور باتوں باتوں میں ان کو بہلانے لگا۔
ابھی سورج لیل و نہار پر نہ پہنچا تھا کہ کشتی ایک جزیرے کے قریب پہنچ گئی۔

نوبہار نے پوچھا

"بابا جان! کیا ہمارا گھر آ گیا؟"

اور الماس بولی

"میرے ابا بھی تو وہاں ہی ہوں گے"؟

"ہاں بیٹا گھبراؤ نہیں" بازبہادر نے کہا" وہ تو تمھارے لئے کھلونے اور مٹھائی لینے گئے ہیں"

"اور ہمارے لئے"؟ نوبہار نے اشتیاق سے پوچھا۔

"ہاں تمھارے لئے بھی"

کشتی اب چٹانوں کے سلسلہ میں داخل ہو چکی تھی اور یہاں امواج بحر کے خوفناک تھپیڑوں سے محفوظ تھی۔ جوں جوں آگے بڑھتے پانی کی گہرائی بھی کم ہوتی جاتی۔ سمندر دور فاصلہ پر سیماب کی طرح بے تاب و بے قرار نظر آتا تھا۔ چھوٹی چھوٹی مچھلیاں جو میٹھے پانی میں کثرت سے ہوتی ہیں کشتی کی دہانب قلیلیں کرتی پھرتی تھیں اور بچے بڑے شوق سے انھیں دیکھ رہے تھے۔ آخر کشتی پایاب پانی میں جا کر رک گئی۔ بازبہادر نے ایک آہنی زنجیر سے کشتی ایک بڑے پتھر کے ساتھ باندھ دی اور دونوں بچوں کو کندھوں پر اٹھا کر خشکی پر لے گیا۔

جزیرہ بہت سرسبز تھا۔ پتھریلے کنارے پر خودرو پھولوں کی بیلیں بکثرت پھیلی ہوئی تھیں۔ اور خوب صورت چمک دار پروں والی تیتریاں مستانہ وار پھولوں پر تصدق ہو رہی تھیں۔

خشکی پر اترتے ہی بچے تیتریوں کے پیچھے بھاگنے لگے اور بازبہادر کشتی میں سے سامان اٹھا اٹھا کر لانے لگا۔ جب سب سامان آچکا تو بازبہادر نے ایک بہت اونچے پیڑ پر چڑھ کر ادھر اُدھر نگاہ ڈالی۔ جزیرہ غیر آباد معلوم ہوتا تھا اور اسے نزد و دور پناہ کی کوئی جگہ نظر نہ آئی۔ ایک جانب اونچے اونچے پہاڑ تھے جو چوٹی سے دامن تک سبزے سے ڈھنپے ہوئے تھے۔ دن ڈھل چکا تھا اور رات سر پر آرہی تھی۔ بچے دوڑ دھوپ سے تھک کر ایک درخت کے نیچے آبیٹھے تھے۔ اور الماس پھر اپنے اباجان کے لئے ضد کرنے لگی تھی۔

بازبہادر نے بچوں کو مٹھائی اور پھل جو جزیرے میں بکثرت موجود تھے اِدھر اُدھر سے فراہم کر کے دیئے۔ اور طرح طرح سے ان کا دل بہلانے لگا۔ بچے جب ذرا اپنے دھیان میں لگے تو وہ ایک کلہاڑا لے کر ادھر ادھر سے سوکھی لکڑی کاٹ لایا اور ایک جگہ انبار لگا دیا۔ شام ہوتے ہی اُس نے ایندھن کو آگ لگا دی۔ اور بچوں کو کمبلوں میں لپیٹ کر ایک سایہ دار پیڑ کے نیچے سلا دیا۔

وہ بہت دیر تک صورت حالات پر غور کرتا رہا۔ اور آخر بچوں کے پاس ہی کمبل اوڑھ کر پڑ گیا اور خراٹے بھرنے لگا۔

صبح اُس نے سامان تو اسی پیڑ کے نیچے چھوڑا اور بچوں کو ساتھ لے کر سر چھپانے کا آسرا ڈھونڈھنے لگا آخر سلسلہ کوہستان کے دامن میں ساحل سے بہت دور فاصلہ پر اُسے سایہ دار درختوں کا ایک بہت گھنا جھنڈ مل گیا۔ شاخوں نے چاروں طرف سے گھیرا ڈال کر سقف کی صورت پیدا کر دی تھی۔ یہ جگہ باز بہادر کو بہت پسند آئی لیکن مشکل یہ تھی کہ وہ بچوں کو اب پھر اتنی دور ساتھ لے کر اس جگہ نہیں جا سکتا تھا جہاں اسباب رکھا تھا۔

جزیرہ گو غیر آباد تھا لیکن پھل اور شکار بکثرت موجود تھا اور اس تمام عرصہ میں اسے ایک بار بھی کسی درندے کی آواز سنائی نہ دی تھی۔ اس نے بیٹھے بیٹھے پھل درختوں سے اُتار کر بچوں کو کھانے کے لئے دیئے اور پانی کی بوتل سے جو ہر وقت وہ اپنے پاس رکھتا تھا انھیں میٹھا پانی پلایا۔

بچے جب کھیل میں مشغول ہوئے تو اس نے پھر سوکھے درختوں کو کاٹ کر ایندھن جمع کر دیا اور شام ہوتے ہی آگ روشن کر دی تاکہ ایک تو بچے سردی سے محفوظ رہیں دوسرے جنگلی درندے ڈر کر پاس نہ آئیں۔ آج رات اُنھوں نے درختوں کے جھنڈ کے نیچے کاٹی۔

نوبہار کی طرف سے تو باز بہادر کو بالکل اطمینان تھا لیکن غریب الماس نے اپنے ابا کے لئے رو رو کر آنکھیں سرخ کر لی تھیں۔ باز بہادر اسے گود میں اُٹھا کر ساتھ لئے پھرتا تھا اور ہر طرح اسے بہلانے کی کوشش کرتا تھا۔

اگلے روز اُس نے سب سے پہلا کام یہ کیا کہ بچوں کو کھلانے پلانے کے بعد اُس نے درختوں سے بہت سی بڑی شاخیں کاٹ کر جمع کر لیں اور جہاں رات کاٹی تھی اس جگہ کے گرداگرد ایک بہت مضبوط کٹہرہ کھڑا کر دیا اور پتلی پتلی شاخوں کو درختوں کی ان شاخوں پر جو اس جگہ کے اوپر سایہ کئے ہوئے تھیں ڈال کر بارش سے محفوظ رہنے کا آسرا بنا لیا۔

دو چار دن کی محنت کے بعد یہ جگہ ایک جھونپڑی سی معلوم ہوتی تھی جو ہر طرح سے محفوظ تھی۔ باز بہادر کو جب موقع ملتا تھوڑا تھوڑا اسباب بھی اُٹھا کر لے آتا۔ وہ اکثر الماس کو کندھے پر اُٹھا کر اور نوبہار کی انگلی پکڑ کر ادھر ادھر

انھیں لئے پھرتا اور رات کے وقت کبھی گیت گا گا کر اور کبھی لوریاں اور کہانیاں سُنا سُنا کر ان کو بہلا کر سُلا دیتا۔ جنگل کا پھل اور شکار ان کی عام خوراک تھی۔

پانچ سال کا طویل عرصہ اسی تمنا میں گزر گیا کہ شاید کسی جہاز کا ادھر سے گزر ہو۔ اور وہ پھر ایک بار وطن کی صورت دیکھیں لیکن ساحل سے بہت دور دامن کوہسار میں رہنے کے باعث انھیں کبھی کوئی جہاز نظر نہ آیا

الماس اب اپنے باپ کو بھول چکی تھی اور نوبہار کی طرح بازبہادر کو بابا جان کہہ کر پکارتی تھی اور بوڑھا بھی اپنی حقیقی بچی کی طرح اسے پیار کرتا تھا۔

بازبہادر نے مچھلیاں اور ہرن پکڑنے کے لئے مختلف قسم کے پھندے بنا لئے تھے۔ اسی شغل میں وہ تمام دن کاٹ دیتے تھے۔ سدابہار گلاب کی بیلیں اب ان کی جھونپڑی کو ہر طرف سے محیط کئے ہوئے تھیں۔ ایک چھوٹی سی پہاڑی ندی جو جھونپڑی کے پاس سے گزرتی تھی اس میں چھوٹی چھوٹی مچھلیاں بکثرت موجود تھیں الماس سارا سارا دن ان کے پکڑنے میں لگی رہتی تھی۔ پہاڑی بکری کے دو بچے بازبہادر کہیں سے پکڑ لایا تھا۔ یہ دونوں الماس اور نوبہار سے بہت ہل گئے تھے اور پالتو کتے کی طرح ان کے پیچھے پیچھے لگے پھرتے تھے۔

جھونپڑی کے پاس ہی جو پہاڑ تھے ان پہاڑوں کی ایک سربفلک چوٹی پر ایک بہت بڑا پتھر پڑا ہوا تھا اس پتھر کے وسط میں ایک چھوٹا سا گول سوراخ تھا۔ اتنا بڑا کہ انسان آسانی سے گزر سکے۔ چاند جب اپنا طولانی سفر طے کر کے جزیرہ کی جانب آتا تو پہاڑوں کے عقب سے نکل کر سب سے پہلے اسی سوراخ میں سے نظر آتا۔ الماس یہ نظارہ دیکھنے کے لئے پہروں جھونپڑی کے باہر پتھروں پر بیٹھی رہتی اور دل میں حیران ہوا کرتی کہ چاند کیوں ان کے پاس نہیں آکر رہتا اور کس لئے اتنے دن غائب ہو جاتا ہے۔

بازبہادر بہت تجربہ کار اور جہاں دیدہ آدمی تھا۔ وہ اس جلاوطنی کو خوب سمجھتا تھا۔ اس لئے وہ بچوں کی ضروری تعلیم کی طرف سے بھی غافل نہ تھا۔ افسانوں اور کہانیوں کی صورت میں وہ ان کو اکثر باتوں کی تعلیم دیا کرتا تھا اور زندگی کی مختلف حالتوں کا فلسفہ دل پذیر پیرایہ میں سمجھایا کرتا تھا۔ بوڑھے بازبہادر کو نیسری بجانے کا بہت شوق تھا۔ الماس اور نوبہار نے بھی بانس کی ایک شاخ میں سوراخ کر کے ایک نیسری بنالی تھی اور

دونوں نے باز بہادر سے بنسری بجانا بھی سیکھ لیا تھا جس قدر گیت باز بہادر کو یاد تھے وہ سب ان دونوں بچوں کو بھی یاد تھے جب وہ باہر جاتے تو اپنی بنسریاں بھی ساتھ لے جاتے اور طیور صحرا کی طرح جنگل کی خاموش فضا میں بنسری کے دل آویز نغموں سے حیات جاوداں کی ایک روح پھونک دیتے۔

زمانہ اسی طرح گزرتا گیا۔ باز بہادر اب بہت بوڑھا ہو چکا تھا اور الماس زندگی کی پندرہ منزلیں طے کر چکی تھی۔

ایک روز الماس اور نوبہار جب جنگل سے پھل اکٹھے کر کے جھونپڑی میں آئے تو باز بہادر کو موجود نہ پایا آج یہ پہلا موقعہ تھا کہ وہ جھونپڑی اکیلی چھوڑ کر کہیں چلا گیا تھا۔ سائے ڈھل گئے اور افق فلک پر سیاہی پھیلنے لگی لیکن بوڑھا باز بہادر ابھی تک واپس نہ لوٹا۔ طیور ادھر ادھر سے آ آ کر بڑے بڑے پیڑوں پر بسیرا کر چکے اور ندی کے کنارے لرزک شب تاب اچک اچک کر چمکنے لگے۔ لیکن باز بہادر کا ابھی کوئی پتہ نشان نہ تھا۔ الماس اور نوبہار نے مل کر آگ جلائی، گوشت بھونا اور پھر پکے پکے میوے پانی سے دھو کر صاف کر کے ایک کھال پر رکھ دیئے۔ بحری عقاب جس نے اپنا نشیمن ایک بہت اونچی چٹان پر بنایا ہوا تھا رات کے پہرہ دار کی طرح گھونسلے میں آ بیٹھا اور جزیرہ پر ایک خاموشی طاری ہو گئی۔ گاہے گاہے سمندر کے پھنکاروں کی آواز یا کسی پرندے کی کرخت چیخ اس خاموشی کو برہم کرتی تھی۔

آخر لیلائے شب نے اپنی زلف عنبریں کے جال میں جزیرے کو چھپا لیا اور الماس اور نوبہار باز بہادر کا انتظار کرتے کرتے سو گئے۔

جب چاند ستارے ماند پڑ گئے اور مشرق کے شاہ سوار کی آتشیں رتھ کی ہلکی ہلکی سرخی بادلوں پر پڑنے لگی تو بحری عقاب نے ایک خوف ناک چیخ مار کر ساکنان جزیرہ کو ہنگامہ آرا ہونے کا پیغام دیا اور پھر جوں جوں فضائے آسمان پر سرخی پھیلنے لگی۔ ڈال ڈال اور پات پات سے گلبانگ ترنم کا شور برپا ہونے لگا۔

الماس اور نوبہار جو ہرنوں کی کھالوں میں لپٹے پڑے سوتے تھے۔ آنکھیں ملتے ہوئے بیدار ہوئے۔ باز بہادر کے رات بھر غائب رہنے پر دونوں سخت حیران اور بے چین تھے۔ آخر کچھ کھا پی کر وہ اس کی تلاش میں نکلے۔ پہلے

تو وہ جنگل کی سمت دیکھ بھال کرنے لگے۔ گاہے گاہے وہ اونچے اونچے پیڑوں پر چڑھ کر چاروں طرف نظر دوڑاتے جب یہاں کچھ سراغ نہ ملا۔ تو پھر وہ کھاڑی کی طرف آئے کشتی ویسے ہی پتھر سے بندھی تھی لیکن ریت پر کوئی تازہ نشان موجود نہ تھا۔ پھر وہ پھلانگ پھلانگ کر اُن چٹانوں پر جو ساحل کی جانب دور تک چلی گئی تھیں تلاش کرنے لگے ابھی وہ کچھ دور ہی گئے تھے کہ اُنھوں نے ایک چٹان پر بازبہادر کو لمبے پڑے ہوئے دیکھا۔ دونوں کے چہروں پر مسرت کی ایک لہر دوڑ گئی اور وہ وہیں کھڑے ہو کر کچھ مشورہ کرنے لگے۔ نوبہار بولا۔

"ذرا دبے پاؤں چپکے سے بابا جان کے کان میں زور سے چیخ ماروں گا"

الماس بولی

"ذرا یہیں رُک جاؤ۔ مجھے پھولوں کا ایک ہار بنا لینے دو۔ جب بابا جان اُٹھیں گے تو میں ان کے گلے میں ڈال دوں گی"۔

دونوں نے بھاگ بھاگ کر ادھر اُدھر سے پھول فراہم کئے اور لمبے لمبے سبز گھاس کی ایک شاخ لے کر عجلت سے رنگا رنگ کے پھولوں کا ایک ہار تیار کر لیا۔

پھر دونوں دبے پاؤں اس چٹان کی طرف جہاں بازبہادر پڑا سوتا تھا چلے وہ اس کے بالکل قریب پہنچ گئے لیکن اسے خبر تک نہ ہوئی۔ نوبہار نے جھک کر اس کے کان میں زور سے چیخ ماری۔ لیکن وہ ٹس سے مس نہ ہوا اب دونوں حیران ہو کر اس کے پاس بیٹھ گئے اور آہستہ آہستہ ہلا ہلا کر اور بابا جان کہہ کہہ کر اسے خواب سے بیدار کرنے لگے۔

لیکن اسے یوں بے حس و حرکت اور خاموش پا کر وہ سہم سہم کر ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگے۔

"بابا جان بولتے کیوں نہیں"؟ الماس نے بھرائی ہوئی آواز سے پوچھا۔ "یہ اس طرح تو کبھی غافل نہ سوتے تھے"

"الماس بابا جان کو اس نیند سے جگانا ہمارے بس کی بات نہیں"

"وہ کیوں"؟ الماس نے حیران ہو کر پوچھا

"تمھیں یاد نہیں"۔ نوبہار نے کانپتی ہوئی آواز سے کہا" بابا جان کہا کرتے تھے کہ انسان ایک وقت ایسی میٹھی نیند سوتا ہے کہ پھر وہ کبھی بیدار نہیں ہوتا"

"ہاں ہاں ٹھیک ہے..... لیکن وہ کچھ اور بھی کہا کرتے تھے" الماس خوف سے کانپنے لگی۔

"الماس! تمھیں یاد بھی ہے وہ اس نیند کو کیا کہا کرتے تھے؟"

"نہیں نہیں مجھے تو یاد نہیں۔ بھلا کیا کہتے تھے۔ نوبہار تم ہی بتلا دو نا"

"موت"

موت کا نام نوبہار کے منہ سے نکلنا تھا کہ دونوں ایک نامعلوم خوف سے کانپنے لگے اور باز بہادر کے پاس سے ہٹ کر کچھ فاصلہ پر جا کھڑے ہوئے۔

دونوں کچھ دیر تو یوں ہی کھڑے رہے پھر نوبہار بولا:۔

"لو آؤ بابا جان کو پتھروں سے ڈھانپ دیں"

"کیوں اُٹھا کر گھر کیوں نہ لے چلیں" الماس نے حیران ہو کر پوچھا

"نہیں گھر لے جا کر کیا کریں گے۔ اب ان کا گھر یہی ہے۔

الماس اور نوبہار نے اِدھر اُدھر سے پتھر اٹھا کر باز بہادر کے چاروں طرف ایک دیوار چن دی اور پھر بہت سی گھاس اکٹھا کر کے اس کے اوپر ڈال دی اور پھر گھاس کے اوپر بھی پتھر رکھ دیئے۔ اس غیر مانوس کام سے فارغ ہو کر دونوں بے تحاشہ جھونپڑی کی طرف بھاگے۔ اور جب تک جھونپڑی میں نہ جا پہنچے ایک بار پیچھے مڑ کر نہ دیکھا۔ اس جگہ کا جہاں باز بہادر مرا تھا اونھوں نے موت کی چٹان نام رکھا اور دل میں عہد کر لیا کہ کبھی ادھر کا رُخ نہ کریں گے۔

اس خوفناک حادثہ کے باعث وہ اس قدر ہراساں اور پریشان تھے کہ آج کا تمام دن اور پھر رات تک دونوں نے کچھ نہ کھایا۔ جھونپڑی ان کو کاٹ کھانے کو دوڑتی تھی اور ہر چیز سے وحشت آتی تھی۔ رات کے وقت وہ بہت دیر تک جھونپڑی سے باہر ہی پڑے رہے۔ آخر جب سردی چمکی تو اٹھ کر اندر چلے گئے۔

باز بہادر کی زندگی میں الماس نوبہار سے بہت کم بات چیت کیا کرتی تھی لیکن اس کی موت کے بعد وہ اس خاموشی اور تنہائی سے گھبرانے لگی۔ الماس اب ایک بچہ نہ تھی بلکہ ایک سرو قد نہایت خوب صورت حسینہ تھی۔ قدرت نے اس کی آنکھ کو نرگس شہلا سے مستی شبنم سے چمک۔ بدن کو سنبل سے لچک۔ غنچہ سے بھین اور اٹھان۔ زلف کو شب یلدا

سے درازی۔ چاند سے نور اور پھول سے لطافت مستعار لے کر دی تھی۔ اس نے بادِ صبا سے خرام ناز۔ شورش امواج سے نغمہ اور گلبانگ طیور سے ترنم سیکھ لیا تھا۔ اب کچھ دنوں سے یہ حال تھا کہ جب ندی سے پانی بھرنے جاتی تو اپنا عکس پانی میں دیکھ دیکھ کر مسکراتی اور آپ اپنی اداؤں پر لوٹ ہو ہو جاتی۔ اب جو کبھی نوبہار کی نگاہ اس کی طرف اُٹھتی تو وہ خود بخود شرما جاتی۔

الماس اکثر اِدھر اُدھر سے پھول اکٹھے کر کے انھیں گھاس کی ہری ہری پتلی پتلی شاخوں میں پرو کر ہار بناتی اور انھیں خوب صورت ہاروں سے اپنے سر اور بدن کی عریانی کو ڈھانپتی جھونپڑی کے سامنے جو پہاڑیوں کا سلسلہ تھا شب کے وقت دونوں پاس پاس کی دو چٹانوں پر چڑھ جاتے۔ الماس ہمیشہ اس چٹان پر بیٹھتی جس کے عقب میں سے نورانی چہرے والا چاند نمودار ہو کر سوراخ میں سے نظر آیا کرتا تھا۔ یہاں بیٹھ کر دونوں مزے مزے سے بنسری بجاتے پہلے الماس کوئی نغمہ بجاتی اور پھر نوبہار اس کا جواب دیتا۔ شب کی خاموشی اور جزیرے کی سنسان فضا میں بنسری کے نغمے پہاڑوں میں گونج گونج کر زندگی کی ایک لہر پیدا کر دیتے۔ آسمان پر چاند اور ستارے الفت معصوم کے اس طرفہ نظارے کو جی بھر بھر کر دیکھتے

کچھ روز سے ایک جنگلی چڑیا کا جوڑا جھونپڑی کی چھت میں آ رہا تھا۔ برسات کا موسم آتے ہی نر اور مادہ اِدھر اُدھر سے تنکے چُن چُن کر لاتے اور اپنا گھونسلہ بناتے۔ جب محنت سے تھک جاتے تو پھر چونچ میں چونچ ڈال کر ایک دوسرے سے اختلاط کرتے۔ الماس اور نوبہار جھونپڑی میں بیٹھے بڑے غور سے ان کی طرف دیکھا کرتے۔ کچھ بعد چڑیا نے دو انڈے دیئے۔ اب نر اور مادہ باری باری ان کو سینے لگے جب مادہ گھونسلے میں بیٹھتی نر باہر سے اس کے لئے دانہ دُنکا لاتا اور اسی طرح مادہ نر کے لئے لایا کرتی رات کے وقت تو مادہ اپنے انڈوں پر پر پھیلا کر بیٹھ جاتی اور نر پاس ہی کسی جگہ بیٹھ کر رات گزار دیتا۔ ایک روز الماس اور نوبہار باہر سے آ کر بیٹھے کہ ان کو گھونسلے میں سے چوں چوں چرچوں کی آواز سنائی دینے لگی۔ نوبہار نے گھونسلے میں جو دیکھا تو دو بچے پڑے تھے۔ اس نے ایک بچہ وہاں سے اٹھا کر الماس کو دکھایا اتنے میں دونوں نر اور مادہ بھی آ گئے اپنے بچے کو نوبہار کے ہاتھ میں دیکھ کر بہت شور کرنے لگے۔ الماس نے [illegible]

رکھ دیا۔ تب کہیں ممتا کو کل آیا۔

جب جزیرے کو رات کی تاریکی نے اپنی آغوش میں لے لیا تو الماس اور نوبہار چٹانوں پر بیٹھ کر بنسری بجانے لگے۔ لیکن آج الماس کچھ اداس اداس معلوم ہوتی تھی۔

رات بہت جا چکی تھی، نوبہار پر نیند کا غلبہ ہونے لگا تھا۔ وہ آج تک اتنی دیر کبھی پہاڑیوں پر نہ بیٹھے تھے۔ لیکن آج تو الماس اُٹھنے کا نام ہی نہ لیتی تھی۔ آخر نصف شب کے بعد ماہ منیر چٹانوں کے عقب سے نمودار ہو کر اس سوراخ میں سے نظر آنے لگا۔ جہاں الماس لیک دیدی کی طرح اس کا نظارہ دیکھنے کے لئے دامن کوہسار میں پھرا کرتی تھی۔ چاند کو دیکھتے ہی وہ جھوم جھوم کر بڑے سوز و گداز سے بنسری بجانے لگی اور پھر دو زانوں ہو کر اور چاند کی طرف دونوں ہاتھ اٹھا کر بولی

"چندر دیوتا! تو مجھے جنگل کی اس چڑیا کا سکھ اور محبت عطا کر۔
جس نے میری جھونپڑی میں اپنا گھر آباد کر رکھا ہے"

یہ کہہ کر اس نے سر جھکا لیا۔ نوبہار جو پاس ہی کھڑا تھا کچھ دیر تو تعجب سے الماس کی طرف دیکھتا رہا۔ پھر آگے بڑھ کر اس کا ہاتھ پکڑ کر اُٹھایا۔ اس وقت بادل کا ایک سیاہ ٹکڑا کہیں سے آ کر چاند کے سامنے حائل ہو گیا اور تمام منظر پر ایک ہولناک تاریکی چھا گئی۔ الماس خوف زدہ ہو کر نوبہار سے چمٹ گئی اور اپنا سر اس کے سینہ پر رکھ دیا۔ لیکن جب چاند پھر پردۂ سحاب سے نمودار ہوا تو اس وقت الماس جلدی سے نوبہار سے علیحدہ ہو کر کھڑی ہو گئی۔ لیکن نوبہار کے چہرے پر تبسم تھا اور وہ شرمائی ہوئی تھی۔ نوبہار مسکراتا ہوا آگے بڑھا اور ایک ہاتھ الماس کی کمر میں ڈال کر بنسری بجانے لگا۔ کچھ دیر تو الماس سر جھکائے اپنی بنسری ہاتھ میں لئے خاموش رہی۔ لیکن پھر وہ بھی بجانے لگی اور اس طرح دونوں بنسری بجاتے ہوئے پہاڑیوں سے اُتر کر جھونپڑی میں آ گئے۔ اس وقت تمام جزیرہ چاندی کے لباس میں ملبوس نظر آتا تھا۔

اس رات کے واقعہ کو پورا ایک سال گزر چکا تھا۔ الماس کی دعا قبول ہو چکی تھی، اور اب اس کی گود میں ایک ننھی سی بچی کھیلتی تھی۔ چڑیا کے گھونسلے کی طرح ان کی جھونپڑی بھی آباد تھی۔ اب الماس کے [illegible]

بنسری بجانا ترک کر دیا تھا۔ وہ ننھی منی بچی کو جھولے میں ڈال کر اس کے پاس بیٹھ کر بنسری بجایا کرتے تھے لیکن جس روز سے بچی پیدا ہوئی تھی ان کے اطمینان اور سکھ میں گونہ بے کلی سی پیدا ہونے لگی تھی۔ اب وہ یک لخت اس زندگی سے اُکتا گئے تھے۔ پہلے انھیں جزیرے کی ہر چیز سے محبت تھی لیکن اب ہر ایک چیز سے وحشت آتی تھی۔

ایک روز وہ رات کو سوئے ہوئے تھے کہ اچانک ان کی آنکھ کھل گئی۔ تمام جزیرہ لرزاں تھا۔ چٹانوں پر سے پتھر لڑک لڑک کر نیچے گر رہے تھے۔ ایک خوف ناک زلزلہ کے جھٹکے قیامت برپا کر رہے تھے۔ نمود سحر کے ساتھ ہی بڑی شدت سے آندھی چلنے لگی۔ بڑے بڑے دیو قامت درخت جڑوں سے اُکھڑے جاتے تھے اور پھر سمندر کی بے پناہ موجیں جزیرے پر تاخت و تاراج کرنے لگیں۔ پانی کی رَو آتی دیکھ کر الماس اور نوبہار بچی کو اُٹھا کر جھونپڑی سے نکل بھاگے لیکن پناہ کا کوئی آسرا نظر نہ آتا تھا۔ دونوں متوالوں کی طرح اِدھر اُدھر بھاگے پھرتے تھے۔ اسی طرح بھاگتے بھاگتے وہ ان چٹانوں کے پاس جا نکلے جہاں اُن کی کشتی بندھی تھی۔ اس جگہ ہوا کا زور کم تھا۔ لیکن پانی بہت چڑھ آیا تھا۔ جوں توں کر کے دونوں کشتی میں جا بیٹھے۔ الماس تو روتی ہوئی بچی کو سینہ سے لگا کر ایک طرف بیٹھ گئی اور نوبہار چپو پکڑ کر کشتی کو چٹانوں سے ٹکرانے سے بچانے لگا۔ لیکن پانی کی تیز رو کشتی کو دھکیل کر چٹانوں سے باہر نکال کر لے گئی۔ سامنے طلاطم خیز سمندر تھا۔ اب نوبہار بے دست و پا تھا۔ پانی کی تیز رو کا مقابلہ کرنا اس کی ہمت سے باہر تھا۔ کشتی تنکے کی طرح پانی کی رو کے ساتھ سمندر کی طرف بہی جاتی تھی لیکن وہ ہمت نہیں ہارا تھا۔ برابر چپو چلا رہا تھا۔ اور کشتی کو موجوں کے تھپیڑوں سے بچا رہا تھا۔ گاہے گاہے الماس بھی اس کا ہاتھ بٹاتی۔ لیکن آج قسمت کو کچھ اور ہی منظور تھا۔ دونوں تھک کر چور ہو گئے۔ سر پر کالی رات بڑھی چلی آ رہی تھی۔ دونوں دن بھر کے بھوکے پیاسے تھے۔ اور اب ہمت بھی جواب دے چکی۔

جہاز کی تباہی کو گو ایک طویل عرصہ گزر چکا تھا لیکن مختیار جو اس طوفان خیز شب کو ایک تختہ پر بیٹھ کر جان بچانے میں کامیاب ہو گیا تھا۔ الماس کی تلاش سے غافل نہ تھا۔ اس تمام عرصہ میں کئی جہاز اس جزیرے کے پاس گزرے لیکن کبھی ایسا اتفاق نہ ہوا کہ اہل جہاز جزیرے پر اُتر کر قیام کریں اور نہ بازبہادر اور نوبہار چٹانوں کا طویل اور دشوار گزار سلسلہ طے کر کے ہر روز ساحل سمندر کی طرف جاتے جب کبھی مختیار ماموں سے ملتا تو اُن۔

تینوں گم شدوں کا حال دریافت کرتا۔ ایک دفعہ وہ ایک سرائے میں بیمار پڑا ہوا تھا۔ اور بھی بہت سے مسافر اس جگہ مقیم تھے باتوں باتوں میں ایک ملاح نے اس سے کہا کہ ایک بار ان کا جہاز بحر اوقیانوس میں ایک غیر آباد جزیرے کے پاس لنگر انداز تھا۔ رات کا وقت تھا، اور ہوا کا رُخ سمندر کی جانب تھا۔ اس وقت انھیں کئی بار پہاڑوں پر سے بنسری کی آواز سُنائی دی تھی۔ ملاح نے جس جزیرے کا پتہ نشان دیا تھا۔ یہ وہی جگہ تھی جس کے قرب وجوار میں وہ جہاز غرق ہوا تھا جس پر بختیار اور اس کے ساتھی سوار تھے۔ بختیار کو خوب یاد تھا کہ "بازبہادر" کو بنسری بجانے کا بہت شوق تھا۔

بختیار اب اس جستجو میں تھا کہ کوئی جہاز ادھر جانے والا اسے مل جائے تو وہ بھی سوار ہو کر اس غیر آباد جزیرے میں جا کر بچوں کو تلاش کرے۔ آخر کچھ روز بعد اسے ایسا موقعہ مل گیا۔ سوداگروں کا ایک قافلہ جہاز میں سوار ہو کر چلا۔ چوں کہ ان کا راستہ اسی غیر آباد جزیرے کے قرب وجوار میں تھا اس لئے وہ بھی سوار ہو گیا مسافروں نے جب اس کی سرگزشت سنی تو سب کو اس سے ایک خاص ہمدردی پیدا ہو گئی۔ بختیار سارا سارا دن جہاز کے تختہ پر بیٹھا بچی کی سلامتی کی دعائیں مانگا کرتا تھا موسم خوشگوار تھا اور سمندر پر سکون۔ سفر آرام سے کٹ رہا تھا۔ ناگہاں ایک روز رات کے وقت سمندر کے پانی میں ایک غیر معمولی جوش پیدا ہونے لگا۔ مسافر کچھ مضطرب و بیقرار سے ہونے لگے لیکن ناخدا نے جو ایک تجربہ کار ملاح تھا ان کو اطمینان دلایا اور کہا کہ خشکی پر کہیں خوفناک زلزلہ آیا ہے صبح کے وقت تیز ہوا چلنے لگی۔ جس سے سمندر میں طلاطم آگیا مسافر اپنے اپنے کمروں میں چلے گئے۔ سارا دن یہی حالت رہی۔ اگلے روز ابھی جھٹ پٹا ہی تھا کہ ایک ملاح نے جو جہاز کے سب سے اونچے مقام پر کھڑا ہو کر پہرہ دیتا تھا ناخدا کو اطلاع دی کہ پہاڑوں کے دھندلے دھندلے نشان نظر آتے ہیں پو پھٹتے ہی کوہ سار کا دلکش نظارہ دور فاصلہ پر نظر آنے لگا۔ اُس وقت بختیار ملاح کے پاس جا کھڑا ہوا تھا اور بڑے اشتیاق سے پہاڑوں کی طرف دیکھ رہا تھا۔ ناخدا جو دوربین لگائے دیکھ رہا تھا اچانک بولا

"وہ دیکھو ایک کشتی بھی جاتی ہے .... شاید ماہی گیر ہوں گے"

لیکن مسافروں کو ابھی تک کوئی کشتی نظر نہیں آئی تھی۔ تھوڑی دیر بعد پھر ناخدا بولا

"تعجب ہے کہ کشتی چلانے والا کوئی نظر نہیں آتا۔"

اب لوگوں کو بھی دور فاصلہ پر ایک کشتی نظر آنے لگی جو لہروں کے ساتھ ساتھ ڈگمگاتی ہوئی چلی آ رہی تھی۔

ناخدا کے حکم سے چند ملاح ایک کشتی میں بیٹھ کر اس کشتی کی طرف چلے۔ اور پھر تھوڑی دیر بعد کشتی کو جہاز کی طرف لاتے نظر آئے جب وہ پاس پہنچے تو ناخدا نے پوچھا

"کشتی میں کیا ہے؟"

"مسافر"

"زندہ ہیں؟"

"ہاں ابھی تک تو زندہ ہیں لیکن بے ہوش پڑے ہیں۔"

"کتنے آدمی ہیں؟"

"ایک عورت۔ ایک مرد اور ایک بچہ"

اس اثنا میں کشتی جہاز کے ساتھ آ لگی۔ مسافر اچک اچک کر دیکھنے لگے۔ ایک نہایت حسین نوجوان عورت جس کے سینہ سے لگی ہوئی ایک خوب صورت ننھی سی بچی تھی ایک طرف بے ہوش پڑی تھی اور ایک نوجوان آدمی چپو ہاتھ میں پکڑے دنیا و مافیہا سے بے خبر ایک طرف کو جھکا ہوا پڑا تھا۔

بختیار جو بڑے غور سے کشتی کے ساکنوں کو دیکھ رہا تھا۔ ایک چیخ مار کر جہاز کے تختہ پر سے سمندر میں کودا سمندر میں گرتے ہی ملاحوں نے اسے پکڑ کر اسی کشتی میں سوار کر لیا۔ وہ اس نوجوان عورت کے پاس جا کر کھڑا ہو گیا۔ اور پھر دو زانوں ہو کر ننھی بچی کو اٹھا کر سینہ سے لگا لیا اور جھک کر بڑی محبت سے عورت کی پیشانی کو بوسہ دیا۔ یہ اس کی گم شدہ الماس تھی۔

(جملہ حقوق محفوظ)

"امتحان"

(ایک کہانی)

BOYS OWN PAPER (ماخوذ از)

BY

KHWAJA AHMAD ABBAS

CLASS X A

امتحان

اینڈی کارلٹن، دریائے سوریا کے کنارے کھڑا تھا۔ اس کے چہرے سے پریشانی اور مصیبت کا اظہار ہوتا تھا اور اس کے ہاتھ میں ایک خط تھا جو ابھی اس کے پرانے آقا کے پاس سے آیا تھا۔ اس نے اس خط کو لفافے میں سے نکال کر دسویں بار پڑھا۔

پیارے کارلٹن،

تم کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ہمارے کارخانہ میں تمہاری ضرورت نہیں ہے۔

راقم

لسٹن لمبر - منیجر

"تین سال کی نوکری کے بعد" اینڈی نے کہا۔

اس کو نکالے جانے کی کوئی وجہ نہ بتائی گئی تھی۔ اس کو صرف اتنا معلوم تھا کہ اس کی جگہ پر کوئی اور آدمی آگیا ہے اور اینڈی وہ لڑکا جس کو ترقی کی بڑی بڑی امیدیں تھیں آج بیکار لوگوں میں سے تھا۔ تین سال کی فرماں بردارانہ نوکری کے بعد نکالے جانے سے اینڈی کا دل ٹوٹ گیا تھا۔ اُس نے اپنی جیب ٹٹولی لیکن اتنا بھی نہ پایا کہ کرایہ کے لئے بھی کافی ہو اس لئے اپنے گھر کی طرف پیدل روانہ ہوا تھا۔

خط کو جیب میں ڈالتے وقت اس کے ہاتھ میں ایک اور کاغذ آیا۔ کاغذ کو نکال کر دیکھنے سے معلوم ہوا کہ وہ ایک خط کی نقل تھی جو کہ مسٹر لمسڈن نے ایک دوسری کمپنی کو لٹھوں کی قیمت کی بابت لکھا تھا "اُفوہ! میں اس خط کو فائل کرنا بھول گیا" اینڈی نے افسوس کرتے ہوئے کہا "میں نے اس کو حوالہ دینے کے واسطے نکالا تھا۔ لیکن اس کو واپس رکھنا بھول گیا"۔

جب کہ وہ سوچ رہا تھا کہ اس خط کو کیا کرے اس نے ایک بوڑھے آدمی کو جنگل کی طرف سے آتے ہوئے دیکھا۔ بڈھا بہت تھکا ہوا معلوم ہوتا تھا اس لئے اینڈی نے اس سے پوچھا "کیا میں آپ کی کوئی مدد کر سکتا ہوں"۔ بڈھے نے اینڈی کے تھیلے کی طرف لالچی نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا "کیا تمہارے پاس کچھ کھانے کو ہے؟" اینڈی نے جواب دیا "جی ہاں۔ میں آپ کو کچھ کھانے کو دے سکتا ہوں"

یہ کہہ کر اُس نے آگ جلائی اور تھوڑی ہی دیر میں کھانا تیار کر کیا جس کو اُس بھوکے آدمی نے پیٹ بھر کر کھایا۔

"اس کی حرکات سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے ہفتوں سے کھانا نہیں کھایا" اینڈی نے آگ بجھاتے ہوئے آہستہ آہستہ کہا "بیچارے کے پاس اتنے دام بھی نہیں ہیں کہ ان وحشیانہ سر اور ڈاڑھی کے بالوں کو بھی کٹوا سکے" کھانے سے فراغت پاکر وہ بڈھا آدمی ایک درخت کے سائے میں بیٹھا ہوا اینڈی کو برتن جمع کرتے ہوئے دیکھ رہا تھا۔

"تمام دن چلے ہو"؟ بڈھے نے پوچھا "جی ہاں مجھے کل گلمور پہنچنا ہے" اینڈی نے جواب دیا "کوئی ضروری کام ہوگا" بڈھے نے کہا جی ہاں نوکری کی تلاش میں" اینڈی نے جواب دیا "نوکریاں اور خاص کر اچھی نوکریاں آج کل نایاب ہیں" بوڑھا بولا۔

اینڈی جلدی سے بولا ! میں ایک معقول تنخواہ پر لمسڈن لمبر کمپنی کے یہاں کلرک تھا لیکن آج صبح ہی مجھ کو علیحدگی کا نوٹس مل گیا ہے" بوڑھے نے ہمدردانہ لہجہ میں کہا "یہ تو بہت بُری بات ہے"

بوڑھا تھوڑی دیر تک لڑکے کو گھورتا رہا اور پھر بولا " اچھا تو تم بتا سکتے ہو کہ لمسڈن صاحب نے کیمپبل کمپنی کو لٹھوں کی کیا قیمت لکھی تھی" اینڈی نے یہ سوچ کر کہ کاروبار کے معاملات کسی کو نہ بتانے چاہئیں یہ جواب دیا " لیکن یہ سوال آپ مسٹر لمسڈن ہی سے کیوں نہیں کرتے " " اچھا تو تم مجھ کو نہ بتاؤ گے" بوڑھے نے گھورتے ہوئے پوچھا " نہیں" اینڈی نے زور دیتے ہوئے کہا۔

" لیکن کیوں نہیں اس سے تم کو کوئی نقصان نہ پہونچے گا" بوڑھے نے دوبارہ سوال کیا " شاید مجھ کو نہ پہونچے لیکن مسٹر لمسڈن کو تو پہنچ سکتا ہے" اینڈی نے جواب دیا۔

" خوب ماشاءاللہ آپ اب تک لمسڈن کے وفادار ہیں جس نے تمھیں بلا قصور نکال دیا۔ تم اس سے اسی کے ہتھیاروں سے بدلہ کیوں نہیں لیتے"

آخری جملہ سے اینڈی کے دل میں یہ خیال پیدا ہوا۔ میں کیوں نہ مسٹر لمسڈن سے اس کا بدلہ لوں کہ اس نے مجھے بے قصور نکال دیا۔ لیکن پھر اُس نے سوچا کہ اگر ایسا کیا تو اس کا ضمیر ہمیشہ اس کو ملامت کرتا رہے گا۔ فیصلہ کر کے اس نے جواب دیا " نہیں میں آپ کو کچھ نہیں بتا سکتا" جب بڈھے نے دیکھا کہ اینڈی داؤ پر چڑھنے والا نہیں ہے تو وہ خدا حافظ کہہ کر چلا گیا۔

اتنے میں اینڈی آسمان کو جو دیکھتا ہے تو گھٹا ٹلی کھڑی تھی۔ وہ ابھی شہر سے صرف تین میل آیا تھا اور اگلا مقام وہاں سے سات میل تھا اس لئے اس نے یہی مناسب سمجھا کہ شہر واپس جائے اور اگلے دن کسی سے روپیہ قرض لے کر ریل میں گھر جائے۔

جب وہ واپس اپنے کمرہ پہنچا تو میز پر اپنے نام کا خط پایا جس کا مضمون یہ تھا۔

لمسڈن لمبر کمپنی - مورخہ .....

پیارے اینڈی،

میں تم کو اپنے دفتر میں ترقی دینا چاہتا تھا لیکن مجھے شبہ تھا کہ تم کاروبار کے معاملات

لوگوں کو بتا دیتے ہو۔ اس لئے میں نے تم کو برخاست کر کے اور بوڑھے کا بھیس بدل کر تمھارا امتحان لیا جس میں تم پورے اترے۔ میں تم کو اپنی کمپنی کا ہیڈ کلارک مقرر کرتا ہوں۔ امید ہے کہ تم پیر کے روز صبح اپنے کام پر حاضر ہو گے۔ فقط

لمسڈن

(ماخوذ)

وہ کیوں نہ حاضر ہوتا۔

رواں کی رباعیات

(جناب عبدالشکور صاحب ایم۔ اے)

سہیل میں عرصہ ہوا میں نے ہندو شعرا کے ادبی کارناموں پر چند مضامین لکھے تھے، اس سلسلہ میں جناب رواں صاحب کی رباعیات، نظمیں اور غزلیں دیکھنے کا اتفاق ہوا، اس کے بعد اُن کا دیوان روح رواں کے نام سے شائع ہوگیا، اور کل مجموعہ ایک نہایت دلکش نسخہ میں ہاتھ آگیا۔ یہ دیوان اسقدر عمدہ ترتیب اور تہذیب کے ساتھ شائع کیا گیا ہے کہ بیساختہ اُسے پڑھنے کو جی چاہتا ہے۔ گذشتہ آل انڈیا مشاعرہ علی گڑھ منعقدہ ماہ دسمبر ۳۲ء کے موقعہ پر جناب رواں کی زیارت بھی نصیب ہوئی، حالانکہ میری شومئی قسمت تھی کہ میں اُن کی صحبت میں شریک نہ ہوسکا، پھر بھی پڑھنا سُننا، بڑے درد اور سوز و گداز کے ساتھ اپنا کلام پڑھتے ہیں، جس سے بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ پہلو میں دل دردمند ایک درد آفریں ساز کا کام دے رہا ہے، چہرہ مہرہ سے بے انتہا شرافت اور صداقت ہویدا تھی جو ایک بلند پایہ شاعر کے لیے اہم ترین جوہر ہیں۔ روح رواں چھوٹی تقطیع کے ۲۱۲ صفحات پر مشتمل ہے، ابتدا میں ۹۷ صفحات تک نظمیں ہیں، اس کے بعد غزلوں کا سلسلہ صفحہ ۱۲۳ تک چلا گیا ہے، باقی صفحات میں رباعیات ہیں، شروع کتاب میں لسان الہند مولانا عزیز لکھنوی کا مقدمہ ہے جو جناب رواں کے اُستاد ہیں۔ کتاب نامی پریس لکھنؤ میں بڑی خوبی اور صفائی کے ساتھ طبع ہوئی ہے۔

مجھے ان صفحات میں جناب رواں کی رباعیات کے متعلق کچھ عرض کرنا ہے، جنھیں میں اُن کا بلند ترین کارنامہ خیال کرتا ہوں، اس سے ناظرین یہ نہ سمجھیں کہ اُن کی نظمیں بے مزہ اور غزلیں پھیکی ہیں، بلکہ میں اب تک محض رباعیات ہی کو غور سے پڑھ چکا ہوں اور اس لیئے جو کچھ عرض کروں گا رباعیات ہی سے متعلق ہوگا۔

ایک انگریزی کہاوت ہے کہ کسی ملک کی تمدنی حالت کا اندازہ کرنے کے لیے اُس کے جرائد اور اخبارات کا جائزہ لینا کافی ہے، اسی طرح میرا خیال ہے کہ شاعر کے اندرونی جذبات اور خیالات جس قدر اُس کے کلام سے ظاہر ہوتے ہیں اور کسی شے سے معلوم نہیں ہوتے، میں نے اسی نقطۂ نظر سے ان رباعیات کا مطالعہ شروع کیا تھا، اور اس سلسلہ میں میں جن نتائج پر پہونچا ہوں وہ ناظرین کی خدمت میں پیش کئے دیتا ہوں

رباعیات کا لکھنا جس قدر آسان ہے اُسی قدر اُس کا کامیاب بنانا دشوار ہے، فارسی لٹریچر میں ہزارہا
اور غزلیں موجود ہیں، اس کے علاوہ اور اصناف شاعری کے خزانے مالا مال ہیں لیکن صدیوں کی علمی و
جدوجہد کے بعد فارسی شعرا رباعیات کے سلسلہ میں محض چند ہی سربرآوردہ نام پیش کر سکتے ہیں، مث
عمر خیام اور ابو سعید ابوالخیر وغیرہ اس فقدان عظیم سے صاف ظاہر ہے کہ رباعی کا سرسبز ہونا بہت دشوار
ہے، رباعی کی مخصوص بحریں ہوتی ہیں لیکن ان بحور میں رعنائی خیال اور شوکت ترکیب پیدا کرنا زور ب
کی سعادت پر موقوف نہیں ہے، بلکہ عطیۂ الٰہی پر۔ پوری رباعی میں ایک خاص فلسفیانہ خیال یا کوئی خ
علمی نکتہ پیش کیا جاتا ہے، لیکن ہر رباعی کا بجائے خود مکمل ہونا ضروری ہے، رباعی کا چوتھا مصرع خاص
سے رفیع الشان اور پرشکوہ ہونا لازمی ہے، اُردو لٹریچر پر ایک سرسری نظر ڈالئے، میر تقی میر، مومن،
تغزل میں یکتائے روزگار ہیں، قصائد میں سودا اور ذوق کا کوئی ہم پلہ نہیں، مرثیہ گوئی انیس اور دبیر
ملکیت خاص ہے، مثنوی حسن، نسیم، اور مومن کی مخصوص جولانگاہ قرار پائی، کیا آپ بلاغور و خوض
کسی اُردو شاعر کا نام لے سکتے ہیں جو رباعیات میں ممتاز درجہ رکھتا ہو، ویسے کہنے کو سب نے کہی
لیکن اس صنف شاعری میں کوئی شاعر ممتاز کامیابی حاصل نہ کر سکا، رباعی میں میرا خیال ہے کہ ا
خاص سادگی ٹھیراؤ، ایک خاص قسم کی مسکینیت اور بے تکلفی ہوتی ہے، اس کے ساتھ ساتھ رباعی
فلسفیانہ رنگ کسی نہ کسی نوعیت سے موجود ہونا ضروری ہے اس مسکینیت اور معصومیت کے ساتھ بندش
میں رعنائی اور تخیل میں فلسفہ کا لمس پیدا کرنا دراصل وہ راز ہے جس پر رباعی کے کامیابی کا دارومدا
ہے۔ مثال کے طور پر لیجئے۔

راز قدرت کسی کو معلوم نہیں — اُس کی نیت کسی کو معلوم نہیں
سب محو ہیں آج کے مشاغل میں رواں — کل کی حالت کسی کو معلوم نہیں

اس رباعی کو آہستہ آہستہ ٹھیر ٹھیر کر دو تین مرتبہ پڑھیئے، آپ فوراً محسوس کریں گے کہ یہ رباعی ا
ایسی فضا سے گھری ہوئی ہے جس میں مسکینیت اور معصومیت کوٹ کوٹ کر بھر دی ہے، فلسفہ کا رنگ و روغن
موجود ہے، ایک خاص نکتہ، ایک خاص خیال ہے جو شاعر نے نہایت سادگی کے ساتھ ہمارے سامنے پیش

ہے، چوتھا مصرع خاص طور سے صاف اور بے تکلف ہے، اور یہی رباعی کی جان ہوتا ہے، دنیا کے مشاغل اس قدر دلچسپ اور دل لبھانے والے ہوتے ہیں کہ ہم باوجود اس کے کہ ہمیں نہ ابتدا کی خبر ہوتی ہے اور نہ انتہا معلوم لیکن ان دلچسپیوں میں ہمہ تن محو ہو جاتے ہیں، حافظ نے اسی خیال کو ایک نہایت دلکش اور ترنم ریز شعر میں یوں ادا کیا ہے،

کس نہ دانست کہ منزل گہ مقصود کجاست　　این قدر ہست کہ بانگ جرسے می آید

اب ذرا اس رباعی کو پھر غور سے پڑھیے، رواں اگر محض اسقدر کہتے:۔

راز قدرت کسی کو معلوم نہیں　　کل کی حالت کسی کو معلوم نہیں

تو گمان غالب ہے کہ مطلب اگر پورا نہیں تو اُس کا بیشتر حصہ ادا ہو جاتا، اس سے ظاہر ہوا کہ رباعی میں پھیلاؤ کی ضرورت ہوتی ہے یعنی بعض اوقات اُس میں مثالیں دیکر مضمون کو واضح کرکے چار مصرع پورے کئے جاتے ہیں، اگر یہ بھرتی کے مصرع ڈھیلے اور پھُس پھسے رہ گئے تو رباعی شان سے گر جاتی ہے۔

رباعی کی اس خصوصیت اور ظاہری ہیئت کو ذہن میں رکھئے اور غور کیجئے کہ رباعی کہنے والے شاعر کے دل و دماغ کی کیا خصوصیت ہونی چاہیئے۔ ظاہر ہے کہ انشا۔ میر، سودا، کبھی کامیاب رباعیاں نہ کہہ سکتے تھے ضرورت اس امر کی ہوتی ہے کہ شاعر کی طبیعت میں ٹھیراؤ، قناعت، صبر و سکون، نکتہ سنجی ہو، مربع میں اگر ذرا بھی اشتعال انگیزی موجود ہے لازم ہوگا کہ رباعی کی شان ختم ہو جائے گی، طبیعت میں غور و فکر کا مادہ ہونا بھی ضروری ہے، ایسے شاعر کو چاہیئے کہ وہ یا تو خوب مطالعہ کرے، یا دنیاوی تجربہ حاصل کرے اور ہر تجربہ پر تنقیدی نظر ڈالتا جائے، یہ الفاظ دیگر اُس کے پاس وہ مواد ہونا چاہیئے جس پر غور و فکر کیا جائے اور جس پر غائر نظر ڈالی جائے۔

مضمون کے گذشتہ حصہ میں سلسلۂ مقصد قائم نہ رہ سکا، میرا مدعا یہ تھا کہ میں اُن خیالات عالیہ کو جمع کروں جو رواں نے اپنی بے مثل رباعیات میں قلمبند کئے ہیں، اس کی بجائے میں رباعی کی خصوصیات بیان کرنے لگا، مگر اُس سلسلہ میں جو خیالات میں نے بیان کئے ہیں، وہ میرے ذاتی ہیں، مگر چونکہ وہ ایک لحاظ سے نفس مضمون سے متعلق تھے اس لیئے لکھ دیئے گئے۔

سب سے پہلے میں رواں کی جوشش جوانی کی تصویر ناظرین کے سامنے پیش کرتا ہوں، جس میں "بادۂ شبانہ کی سرمستیاں" اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ موجود ہیں۔

فطرت کی ہماہمی نہ بھولے گی ہمیں　　نکھری ہوئی چاندنی نہ بھولیگی ہمیں
جب ہم تھے، جگر تھے اور بزمِ بادہ　　وہ رات رواں کبھی نہ بھولیگی ہمیں

عمرِ گذشتہ کی یاد، عیش رفتہ کی ٹیس دل میں ایک ہوک پیدا کر رہی ہے اور شاعر آلام و مصائب سے تنگ آکر ایک آہ جگر دوز کھینچتا ہے اور عشرت کی اُن گھڑیوں کو یاد کرتا ہے جب "عیش با فراغت" کے مزے اُٹھائے جاتے تھے، اور دین و دنیا کا ہوش نہ تھا، یہ ایک عام جذبہ ہے، شاید ہی کوئی ایسا بدنصیب ہوگا جو ماضی پرست نہ ہو، گذرا ہوا زمانہ، مرا ہوا انسان، الغرض ہر وہ شے جو آنکھ سے اوجھل ہو جاتی ہے مرغوب تر ہو جاتی ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ اُس کے عیوب ختم ہو جاتے ہیں اور محض اُس کی بھلائیاں پیش نظر ہوتی ہیں۔

رباعی بہت خوب ہے، مگر مجھے پہلے مصرع میں کچھ سقم نظر آتا ہے، "فطرت کی ہماہمی" "نکھری ہوئی چاندنی" سے مربوط ہوتی ہوئی نظر نہیں آتی، چاندنی کا لطف سکون اور خاموشی میں ہوتا ہے، جہاں ہماہمی ہوگی وہاں چاندنی کا احساس تک ناقص ہو جائے گا، تیسرا مصرع بہت پر کیف ہے، "بزم بادہ" ایک ایسی جامع ترکیب ہے جس میں ساقی ماہوش کے ساتھ ساتھ مے ارغوانی، جام بلورین اور قلقل مینا سب کچھ شامل ہو گئے، یہی شاید وہ تنہا رباعی ہے جس میں رواں کی شبابیات کا ایک صاف پرتو نظر آ رہا ہے، ورنہ بیشتر حصہ رباعیات کا ایسا ہی جو حقائق اور فلسفیانہ نکات سے مملو ہے۔

اس "شبابیات" کے سلسلہ میں وہ رباعی بھی درج کی جاتی ہے جس میں رواں "جوانی" اور "لڑکپن" کا تقابل کرتے ہیں اور فطرتاً آخر الذکر کو ترجیح کے قابل بتاتے ہیں:۔

مانا کاوشِ غم تو نہ تھی، کاوشِ غم تو نہ تھی　　گریہ تھا، مگر نوائے ماتم تو نہ تھی
بچپن میں جو بات تھی جوانی میں کہاں　　خندہ بھی تھا، یہ فغانِ پیہم تو نہ تھی

بالعموم مانا جاتا ہے کہ جہاں کہیں جوانی آئی گویا سر پر ایک بلا لائی، جوش و خروش، آزاد منشی، بے لوث استحکام، اور سرفروشی کے حوصلہ کے ساتھ ساتھ ناتجربہ کاری، تیزی، طراری، خودسری، خودرائی کا آنا بھی بدیہی

ہے، جس قدر نوجوان مفید ہو سکتا ہے اُسی قدر اُس کا مضرت رساں بھی ہونا ممکن ہے خدا نہ کرے کہ کوئی نوجوان بدراہ ہو، ورنہ پھر اُس کی جوانی یقیناً ایک بلائے آسمانی ثابت ہو گی، اسی عالم شباب میں عشق کی ابتدا ہوتی ہے، اور پھر عشق کے ساتھ ساتھ کاوش جگری، سوزش دلی، ناکامی، نامرادی، اور رسوائی کا دور دورہ شروع ہوتا ہے، مگر نوجوان جوش محبت میں بھی پکارتا رہتا ہے،

ہوئیں رسوائیاں ناکامیاں، بدنامیاں کیا کیا　　نہ چھوٹی ہم سے لیکن کوئے جاناں کی ہواداری

اکثر ایسا ہوتا ہے کہ سوزش دلی میں ایسی شدت پیدا ہو جاتی ہے کہ نوجوان مجبور و معذور ہو کر رونے لگتا ہے، اور اپنی عمر کے اُس حصہ کو یاد کرتا ہے کہ جب وہ ان آفات سے بیگانہ تھا، اور ایک سادہ اور بے تکلف آب و ہوا میں سانس لیتا تھا، نہ غم روزگار تھا، نہ عشق بتاں اور نہ یاد رفتگاں، اس جذبۂ نامرادی کی یہ تصویر ہے جو رواں نے نہایت خوبصورتی کے ساتھ اس رباعی میں پیش کی ہے۔

ان "شبابیات" اور "طفلیات" (جن کے متعلق رواں کہتے ہیں "بچپن کیا چیز تھا، جوانی کیا تھی، یہ گل کی مہک تھی وہ ہوا کا جھونکا") کو چھوڑ کر آگے قدم اُٹھائیے، اور اُس مقام پر آئیے جہاں رواں نے ایک بلند مرتبہ شاعر ہونے کا ثبوت دیا ہے، میرے خیال میں ایک عالی رتبہ شاعر کے لیے ضروری ہے کہ وہ فطرت کے سربستہ راز افشا کرے اور انسانی خصائل کا ایک کامل مبصر ہو، اگر ایسا نہیں ہے تو ہم اُسے محض "ناظم" کہیں گے وہ شاعر کے لقب کا سزاوار نہیں، ہمیں دیکھنا ہے کہ رواں اس جانچ میں کس حد تک پورے اُترتے ہیں۔

مخفی کوئی، کوئی برملا دشمن ہے　　ظالم دنیا کی ہر ادا دشمن ہے
پچھتاتا ہوں ہٹ کے راہ نیکی سے رواں　　جلاد ضمیر جان کا دشمن ہے

آزاد ضمیر ہو فقیری یہ ہے　　دل بے پروا رہے امیری یہ ہے
زنجیر نہیں ہے باعث قید رواں　　محدود ہے خیال اسیری یہ ہے

ان دونوں رباعیوں کو غور سے دیکھئے، آپ کو رواں کے خصائل کا بھی پتہ لگ جائے گا، اور اُن حقائق سے بھی آگاہی ہو جائے گی جو ایک ذی ہوش شاعر نے دنیا کی رہنمائی کے لیے قلمبند کئے ہیں، عالی جناب مولوی سید امداد امام صاحب اثر نے بہت عرصہ ہوا ہندوستان کے شعرا پر ایک نہایت دلچسپ مقالہ سپرد قلم کیا تھا، اُس

میں سید صاحب موصوف نے یہ خیال ظاہر کیا تھا کہ ایک کامیاب شاعر کے لیے نیک۔ پرہیزگار۔ سادہ
برشتہ دل، سوختہ سامان، ناکام، اور بلند نگاہ ہونا ضروری ہے، اگر وہ ایسا نہیں ہے تو ظاہر ہے کہ اُس
کلام میں نہ سوز و گداز ہو، اور نہ ایسی تعلیم جو ناظرین کی جادۂ مستقیم کی جانب رہبری کر سکے، اس نظریہ
نظر رکھکر ان رباعیات کو پڑھیے، اور دیکھیے کہ اگر دنیا رواں کی بلند نظری، اور حقیقت پژوہی پر ایما
لے آئے تو کیا گناہ ہے؟ ہر انسان خیالات کی حدبندی کی وجہ سے اسیر فطرت تھے، اور یہی وہ حدبندی ہے
جس نے انسان کو خدا بننے نہ دیا، اس اسیری میں اگر آزادی حاصل کرنا مقصود ہے تو ضمیر کو بے لوث رکھیے
اور مدعاؤں کے انبوہ کو دل سے نکال دیجیے، خدا کے سامنے ہزارہا بندگان الٰہی روزانہ سربسجدہ ہوتے ہیں
شاید دو چار ہی ایسے ہوتے ہونگے جو "دل بے مدعا کی آرزو کرتے ہوں، جس کو یہ حاصل ہوگیا، اُس کو
کسی شے کی حاجت نہیں۔ حتیٰ کہ خواہش جنت بھی بے حقیقت ہو جاتی ہے، جن کی اطاعت گذاری، اور شب
داری مدعا سے دست و گریباں رہتی ہے وہ نہایت کمتر درجہ کے عابد ہوتے ہیں، اسی نہج سے غالب کہتا ہے۔

طاعت میں تا رہے نہ مے و انگبیں کی لاگ　　دوزخ میں ڈالدے کوئی لیکر بہشت کو

ہر شخص جانتا ہے کہ انسان ضعیف البنیان ہے، اُس کا علم اُس قدر محدود ہے کہ اُسے خود اپنی حقیقت
کی خبر نہیں،

مصروف تمام عمر کاوش میں رہا　　مجھ پر بھی نہ کچھ کھلی حقیقت میری

اگر اُس کو علم ہے تو محض اپنی بے بضاعتی اور بے مائگی کا،

"انساں کمزور ہے، حقیقت یہ ہے"

ہزارہا فلسفی ابتدائے آفرینش سے آج تک ان نکات پر دفتر کے دفتر سیاہ کر چکے ہیں، جن کی اگر
کی جائے تو صرف اُسی قدر معلوم ہوگا جو رواں نے اس مصرع اور گذشتہ شعر میں نہایت سادگی، صفا
اور زور کے ساتھ بیان کیا ہے۔ اس سلسلہ میں یہ بھی عرض کر دینا ضروری ہے کہ رواں کے یہ خیالات ما
نہیں معلوم ہوتے، میں محسوس کرتا ہوں کہ ان نتائج پر رواں تجربہ کے بعد پہونچے ہیں، اور جو کچھ کہتے جاتے
اُسے فیل بھی کرتے جاتے ہیں، اور اسی تلخ کامی کے عالم میں وہ بار بار اسے دہراتے جاتے ہیں۔

ہے چشم حواس کور، آفت یہ ہے ہم راہ رووں کو رنج غربت یہ ہے
آتے ہیں کہاں سے اور جانا ہے کہاں اس کی بھی خبر نہیں، مصیبت یہ ہے

اس کا محض وہی ہے جو ہم سب جانتے ہیں، لیکن ہم میں سے بہت کم ایسے ہونگے جنہوں نے اس مسئلہ پر غور کیا ہوگا اور جو اس غیر خوشگوار حقیقت کو دل میں محسوس کرتے ہونگے، میں بلا خوف تردید کہہ سکتا ہوں کہ رواں ایک نہایت بالغ شاعر کی حیثیت رکھتا ہے، جس نے ہر مسئلہ پر کافی غور و خوض کیا ہے، اور کسی نتیجہ کو خواہ کیسا ہی ناگزیر کیوں نہ ہو بغیر سوچے سمجھے نہیں باور کیا،

دنیا کو دنیائے دوں، اور دنیا کی جھگڑوں کو غم و اندوہ کا پیش خیمہ سمجھا جاتا ہے، اسی لیئے شاید "نگاہ عبرت" کے اس فیصلہ پر رواں پہونچے ہیں کہ

عشرۃ کدۂ جہان میں غم ہے غم ہے

اور

عنوان خوشی بھی سرخیٔ ماتم ہے

اسی لیے اُس فریب نظر پر رواں نے تبصرہ کیا ہے جس سے ہمیں اس دنیا میں قدم قدم پر دوچار ہوتا پڑتا ہے، نگاہیں اٹھتی ہیں اور سراب دہر سے جا جا کر ٹکراتی ہیں،

اُف باغ اُمید کے نمو کی تاثیر پتے پتے کے رنگ و بو کی تاثیر
کانٹوں میں بھی دلکشی گلوں کی سی ہے اللہ رے فریب آرزو کی تاثیر

لیکن اس "فریب نظر" کو فلسفی گلشن حیات کی چمن بندی کے لیے ناگزیر جانتے ہیں، کسی عنوان سے اس فریب کو معدوم کر دیجئے صفحۂ دہر کے نقش و نگار یکلخت ختم ہو جائیں گے،

ہے معجزۂ حیات، اُمید حیات ہے لطف و غم زمانہ تنقید حیات
ہیں جان کے ساتھ آرزوئیں بھی رواں بیشک ان سے ہوتی ہے تائید حیات

ظاہر ہوا کہ "دل بے مدعا" جس کا ہم اوپر ذکر کر آئے ہیں، ایک خواب و خیال ہے جس کو حاصل کرنا اُسی قدر دشوار ہے جس قدر کہ عرفان حقیقی، پھر بھی جس قدر آرزوئیں کم ہو سکیں کم کرنا ضروری ہیں، گو اس تہذیب کے دور میں اس سعی کا ناکام رہنا تعجب خیز نہ ہوگا۔

گذشتہ رباعی میں لطف وغم کو "تنقیدِ حیات" سے تعبیر کرنا رواں کی جدت طرازی، ذہن کی رسائی، اور نازک خیالی کی ایک روشن دلیل ہے، مگر ہمیں افسوس کے ساتھ عرض کرنا پڑتا ہے کہ "عنوان خوشی" اور "سرخیٔ ماتم" کی ترکیبیں ہمیں ناقص معلوم ہوتی ہیں جو بہتر تھا کہ رواں کے کلام میں نہ ہوتیں، بہرحال یہ جزوی اور ظاہری آرٹ کے نقائص ہیں جن سے شاعر کی بلند خیالی پر زیادہ اثر نہیں پڑتا۔ ظاہری آرٹ کو میں محض ایک خاص حد تک اہمیت دیتا ہوں، اور حقیقی شاعری کو اس آرٹ کے قیود سے بے نیاز مانتا ہوں،

رواں کی پیدائش ۱۸۸۹ء میں ہوئی تھی، اس حساب سے اب اُن کی عمر ۳۹ سال کی ہوئی گویا جوانی کے آخری منزلیں طے کر رہے ہیں، اور اسی لیے کہتے ہیں،

برداشت نہیں غم نہانی ہم سے — اٹھتا نہیں بار زندگانی ہم سے
کچھ ایسی ہی بات ہے کہ بیزار ہیں اب — ہم اپنی جوانی سے جوانی ہم سے

ایک حقیقی جذبہ ایک وجدان صحیح ہے جس کے تحت میں یہ رباعی کہی گئی ہے جوانی دیکھ چکے، جوانی کے مزے اُٹھا چکے، جوانی کی اُمنگوں سے دوچار ہو کر اور ناکامیوں سے عاجز آکر اُکتا گئے ہیں، یہ معلوم ہوتا ہے کہ جب رواں کو سکوت مطلق اور خموشیٔ عمیق کی ضرورت محسوس ہو رہی ہے، جوانی جنگ کرنے، اور بڑھنے کا زمانہ ہوتا ہے، حوصلہ بلند اور ہمت مضبوط ہوتی ہے، جی چاہتا ہے کہ ہر شعبۂ حیات میں پیش قدمی کی جائے، اس کے بعد عناصر کا اعتدال کم ہونا شروع ہوتا ہے، حوصلہ پست اور ہمت کمزور ہوتی جاتی ہے، یہ زمانہ مطالعہ اور تلقین کا زمانہ ہے، جی چاہتا ہے کہ اس دنیاوی کشمکش سے آزادی ملجائے اور صبر وسکون کے ساتھ زندگی گذرنے لگے،

فلسفۂ غم کس قدر پیچیدہ ہے، ایک جہان اُس سے پناہ مانگتا ہے لیکن ہر حیات کی تکمیل کے لیے غم اُسی قدر ضروری ہے جس قدر کہ جوشِ عمل، اقبال نے کیا خوب کہا ہے۔

حادثاتِ غم سے ہے انساں کی فطرت کو کمال
دیدۂ بینا میں داغِ غم چراغِ سینہ ہے

اس حقیقت کو رواں نے ان رنگین الفاظ میں پیش کیا ہے۔

رکھتے ہیں سرشک جام جم کی تاثیر — مرغوب ہے میرے دل کو غم کی تاثیر

وجہ تکمیل نوع انسانی ہے　　اللہ، اللہ! یہ الم کی تاثیر

یعنے

"ع تخریب حیات میں ہے تعمیر حیات" یا ع "غم کی عظمت کسی کو معلوم نہیں" اسی سلسلہ میں دنیا کے متعلق کہتے ہیں۔

آئینۂ اضطراب دل ہی دنیا　　ظاہر میں اگرچہ پا بگل ہی دنیا
ہر وقت گریز پا ہی نیرنگ نمود　　کہتا ہی یہ کون مستقل ہی دنیا

مگر

اس کے بعد ہی رواں کے دل نے یہ نکتہ خاص ترتیب دیا ہے۔

ہم سب فانی ہیں مستقل ہے دنیا

ایک جگہ دنیا کو غیر مستقل کہا جاتا ہی، اور دوسری جگہ مستقل، اس معمہ کو اغلباً اس نقطۂ نظر سے واضح کیا جا سکتا ہی کہ پہلے دنیا کو خدائے برتر کی ازلیت اور ابدیت کے مقابلہ میں لایا گیا، اور دنیا کو غیر مستقل اور فانی سمجھا گیا، دوسری جگہ دنیا کے مقابلہ میں ہم آپ ہیں، ہم مرتے، فنا ہوتے چلے جاتے ہیں، دنیا کی وہی رونق باقی رہتی ہے، ہمارے مقابلے میں دنیا، دنیا کی رونق، دنیا کی ہنگامہ آرائیاں اور دنیا کی شورش انگیزیاں ایک حد تک مستقل سی ہیں، لیکن جوں ہی کہ اُن کو خالق اکبر کے سامنے لایا جاتا ہے ان کی حقیقت واضح ہو جاتی ہے، اور ہم بلا پس وپیش اس نتیجہ پر پہونچتے ہیں کہ یہ کل کاروبار عالم دراصل فانی ہی۔ لیکن اس سے زیادہ کچھ اور پتہ نہیں چلتا، صدیاں گذر گئیں بہتر سے بہتر دماغ اور روشن سے روشن ذہن صرف ہو گئے، لیکن اب بھی رواں کو یہی کہنا پڑتا ہے۔

اے ناظم کائنات! کچھ تو بتلا　　آخر یہ طلسم آب وگل کیا معنی

دل جستجو میں محو ہے، اس قدر عقدہ کو لاینحل تو مان لیا، پھر ایک سوزش، ایک بےچینی، ایک کھٹک کارفرما ہے۔

راز قدرت کسی کو معلوم نہیں　　اُس کی نیت کسی کو معلوم نہیں
سب محو ہیں آج کی مشاغل میں رواں　　کل کی حالت کسی کو معلوم نہیں

یہ تلاش اور جستجو کے علامات قدم قدم پر آموجود ہوتے ہیں، لیکن کہیں نکلنے کی راہ نہیں ملتی، آخر کار ناامید

کی داد نہ دینا انتہا درجہ کا ظلم ہوگا۔ رواں اگر ان رباعیات کے علاوہ اور کچھ نہ لکھتے تو ہمیں یقین ہے کہ یہی ر
اُنھیں حیات جاودانی بخشنے کے لیے کافی ہو سکتی تھیں۔ رباعیات کو غور سے پڑھنے کے بعد آپ یقیناً اس نتیجہ
پہونچ جائیں گے کہ رواں شاعر بھی ہیں اور فلسفی بھی، وہ حقیقت طراز بھی ہیں اور رنگین بیان بھی، ان کی رباعیات
جواہر ریزوں کی ایک کان ہے جس میں قیمتی سے قیمتی اور حسین سے حسین جواہر پارے کثرت سے موجود ہیں، رباعیات
کے صفحات ایک پر بہار گلشن کی حسین کیاریاں ہیں جس میں رنگ برنگ کے دلکش پھول موجود ہیں ناممکن ہے
آپ اس چمن کی سیر کو نکلیں اور آپ کا دماغ پھولوں کی عطر بیزی سے معطر نہ ہو جائے، ناممکن ہے کہ آپ ان کا
ہاتھ ڈالیں اور آپ کے ہاتھ میں چند گہر ہائے آبدار نہ آجائیں۔

نقد و نظر

(مرتبۂ جناب عبدالشکور صاحب ایم۔ اے)

گڑیا کا گھر یہ ابسن کے مشہور و معروف ڈرامہ "ڈالس ہاؤس" کا مشرقی چربہ ہے، اور جس پر جناب بشیر احمد ہاشمی صاحب نے ایک نہایت مفید مقدمہ تحریر فرمایا ہے۔ ترجمہ خوب ہے اور ہماری ستایش سے بے نیاز۔ مگر "گڑیا کا گھر" خود ایک مختصر سا دیوان غالب معلوم ہوتا ہے، یعنی بہت سی تعبیرات کا حامل ہو سکتا ہے۔ چاہے اس کو اک صدائے احتجاج سمجھ لیجئے اُس نیم غلامانہ اطاعت کے خلاف جو عورتوں کے ساتھ ہر ملک اور قوم میں مخصوص تھی۔ چاہے اُس کو ایک شکایت سمجھ لیجئے اُس طریق تربیت کی جو عورت کو زندگی کے سخت و سرد واقعات سے ناآشنا رکھکر ایک وجود بیکار بنا دیتا تھا یا پھر یہ فرض کر سکتے ہیں کہ عورت کی دو سطحی فطرت کا یہ ایک مرقع پیش کیا گیا ہے۔ اور دکھایا گیا ہے کہ ہنستی، کھیلتی۔ ناچتی، گاتی، نوشابہ محض بالائی رخ تھی اُس صمیم العزم، غیور اور متین نوشابہ کا جو نادر مرزا کے ہاں آخری رات کو یک لخت اپنی تاریک پنہائیوں سے نکل کر آنکھوں کے سامنے آگئی۔ بہرحال قصہ کچھ نہ کچھ سبق دیتا ہے، اور ہر شخص اپنے مذاق کے مطابق اُس کی تعبیر کر سکتا ہے۔ جو ہمارے خیال میں تصنیف کی اک خوبی ہے۔ تصنیف کے مقصد کی نسبت کتنی ہی رائیں سہی، مگر ترجمے کے متعلق اختلاف آرا کا امکان نہیں۔ ہم جناب شکور صاحب کے اس ادبی کارنامہ پر اُنھیں مبارکباد دیتے ہیں۔ اور اُمید کرتے ہیں کہ اُردو پبلک اُس کی قدر کریگی، قیمت درج نہیں۔

ملنے کا پتہ:۔ شیخ عبدالرشید صاحب ایم اے ال ال بی علی گڑھ

حرم یہ ایک ماہواری زنانہ رسالہ ہے جو لیڈی ڈاکٹر بیگم عبدالغفور صاحبہ کی اڈیٹری میں پہلی بھیت سے شائع ہوتا ہے۔ رسالہ کامیاب اور مفید ہے اور ہمیں اُمید ہے کہ آیندہ چلکر اس سے زیادہ نام آوری

حاصل کریگا۔ اس رسالہ میں طبی مضامین کا ایک ایسا سلسلہ شائع ہوتا رہتا ہے جو ہمارے خیال میں عورتوں کے لیئے نہایت مفید ثابت ہوگا۔ اور اسی خصوصیت کی بنا پر ہم ناظرین سے سفارش کرتے ہیں کہ وہ اس رسالہ کو پڑھیں، اور اُس سے فائدہ اُٹھائیں۔

ملنے کا پتہ:۔ لیڈی ڈاکٹر بیگم عبدالغفور صاحبہ محلہ تکھان، پیلی بھیت

چوگان ہستی

یہ منشی پریم چند کا وہ سحر آفریں ناول ہے جس نے ادبی دنیا میں ہل چل ڈالدی ہے۔ اور ہم بلاخوف تردید کہہ سکتے ہیں کہ اُردو زبان کا خزانہ ایسے انمول موتی سے اب تک سراسر خالی تھا۔ قصہ کی دلکشی، خیالات کی بلندی، اور افراد قصہ کے کردار کا تسلسل، یہ ایسی خصوصیات ہیں جو اس تکمیل کی صورت میں آپ کو کسی اور اُردو ناول میں نہ ملیں گی۔ ہم جناب پریم چند صاحب کی خدمت میں اس چکا چوند کر دینے والی کامیابی پر اُنھیں مبارکباد دیتے ہیں، اور ہمیں خوشی ہے کہ جناب عبدالشکور صاحب ایم اے آجکل اس ناول کو نہایت غور و خوض سے پڑھ رہے ہیں، اور اُس پر ایک مبسوط تنقید لکھنے والے ہیں جسے ہم اس رسالہ کے دوسری اشاعت میں درج کریں گے

ملنے کا پتہ:۔ دارالاشاعت پنجاب۔ لاہور

تذکار سلف

یہ ہمارے محترم جناب مولوی ضیاء احمد صاحب ایم اے کے چند تاریخی و اخلاقی نظموں کا ایک دلکش مجموعہ ہے، جو جناب موصوف نے حضرت شبلی کی تقلید میں تصنیف فرمائی ہیں، اور ہمارے لیے یہ امر باعث مسرت ہے کہ جناب ضیاء احمد صاحب اس پیروی میں بڑی حد تک کامیاب ہیں۔ اغلباً اُن کے سوا اور کوئی صاحب اس کامیابی کے ساتھ ایسی نظموں میں "شبلیت" نہیں پیدا کر سکے۔

یہ مطبوعات لٹریری سوسائٹی کی پہلی کڑی ہے، اور "گڑیا کا گھر" دوسری یہ کتاب بھی جناب شیخ عبدالرشید صاحب ایم۔ اے ال ال بی سے مل سکتی ہے۔

A Pressing Need.

We are about six hundred lives in both the circles and the medical aid at our disposal can very well be judged from the couplet attributed to the medical man incharge of us.

In reality there is much truth in this couplet, the poor fellow toils from morn till eve parading the verandhas, creates no noise being pussy-foot and to every patient is given the medicine poured out from the two bottles or packets that have become inseparable accidents with him. His capacity as a physican is limited to Tincture Quinine Amonia, Cardamum mixture, Soda salicylas and Spirit Amonia Araomatic, and his surgery does not go further than Tincture Iodine and lead lotion. We wish that the authorities could take some steps in the enlargement of the Minto Circle dispensary so that we may be able to have full, and adequate medical aid at hand, and should suggest that this enlarged dispensary should in no case whatsoever be incharge of a man less than an Assistant Surgeon.

An Apology.

It is a matter of great regret and pity that on account of the haste involved in the publication of the first issue, the proofs could not be very carefully gone through. This has resulted in some very bad misprints and in some places the mistakes have hopelessly spoiled the sense. We apologise and hope to be excused by the readers in general and contributors in particular. Our special apologies are due to Mr. Mushtaq Ahmad whose article suffered the most.

them. The election is over and let us again unite as one and throw off the garb of resentment, if any and work with the best of wishes of the Union.

Exhibition.

The exhibition is over and just so soon, there has hardly been any gap between its opening and finishing. The whole ground appeared as a street from 'The Arabian Nights'. The heavy programme of the Cinemas, the variety of the theatre and the heavy supper at the 'Puratha Circle' gave us indeed a busy time. Inspite of our unlimited resources we have been completely exhausted, and the financial disaster met is not hoped to be made good before March. We already adapted our innocent means, and have written home complaining of the shortage of this thing and the breakage of that and have tried to mislead our parents who very well know and understand us, and if some of them comply with these untimely wishes, it is not because they have been mislead, but because for the sheer sake of love and the thought of avoiding our sadness. We wish it a lingering Good-bye and wish it to come back soon again that we may be able to extend the same hearty and enthusiastic welcome.

Proctorial.

With fear, hesitation and trembling hands I dare to write anything against authority. In infancy as our journal is, it has to evade hard undertakings but then again what is the primary duty of our journal? I put it in simple words without using any metaphorical, ambiguous or courtly language.

Proctorial monitors were appointed in the beginning of last summer session, but ever since their appointment they were neither told or asked to perform their duties. We were silent throughout the year thinking that some reform had been introduced and their services would only be needed in the exhibition, but that week has even passed without their knowing their positions. What does this mean? Is it something concerning the Proctor or the notice announcing the appointments of the proctorial monitors was a clerical mistake. Let it be anything, but we hope next time the authorities won't have space for questioning what it is.

Election was as always is, a game of heated diplomacy, many parties were dissolved and many formed but as both sides say they were only formed to meet an end.

But the germs of provincialism to which these parties have given birth are very injurious to the interest of the Union Club, if further developed, these germs may give place to wrong men in the Union Ministry. It was sad to hear at the polling station people shouting out 'Vote for U. P. Ministry' and others convassing at rooms because you are a Non-U-Pean you must support the Non-U-Pean candidature, and the couplet on the printed paper of one of the ministeries was deplorable, what does .....and mean? Are we two? No, not all, we are all one and the same. Aligarh was a place where provinces have always been thrown away and everybody at all times has styled himself an Aligarian. From early morning, cars of the various candidates, garlanded with flowers and bearing posters on radiators, stepanies and on all other things; and in the cars stood students dressed in their college uniform. And in one of these cars went the band which played the anthem, which was a mixture of all the national anthems of the world. These processions paraded the various hostels of both the circles and by the time fixed for polling they were in the front of Marris Hall. The scene of the polling station was even more interesting. Students with posters hanging from their necks and coats, and cards fixed in each of the seven buttons that our uniform coat has, some with the number of their candidate written in chalk on their coats and caps were shouting nothing of which could be followed. One of them who of course appeared to be a pacca Aligarian, solved the mystery of making his shout distinctly audible, in a very nice way. He began to sing musically 'vote for number four—number four—number four!' We extend our most hearty and cordial welcome to the ministry and hope from them much better work than done by any preceding ministry. We also expect the support the ministry that has failed, to give whole hearted co-operation to the ministry elected by majority. Before, this ministry represented its supporters only, but now it represents the whole house and all are bound to own

The following are the captains for the new session:—

Cricket	...	M.S. Toori.
Football	...	Naseer Khan.
Hockey	...	S. Abdul Aziz.
Basket Ball	...	S.Ghulam Serwar.
Volley Ball	...	Ahmadullah Husaini.
Kabbaddi	...	S. Abdul Aziz.
Tennis	...	The previous Secretary will continue for the time being.
Sports	...	will be notified later on.

During the month of January, all the clubs have remained very inactive, probably because their term is coming to an end and they have lost interest.

We have a great complaint against the unsportsmanlike manner of the Presidents of the various clubs. On the co-ordination of the clubs and the appointment of a general games Secretary, they seem to have lost all interest in the welfare of the games.

Now, is their neglect a protest or negligence of duties? They should not wrongly think that the newly appointed General Games Secretary is to do everything for them. He was made not for that but to work jointly, and to give the games maximum efficiency. Among our innumerable needs, the need of a games pavilian stands foremost. A pavilian with cricket lawns on one side, and Hockey and Football lawns on the other would be highly valued and would do much towards glorifying the name of games at Aligarh.

Funds are to be considered with regard to this. One way that we could suggest would be of arranging that one rupee of the every five rupees paid for admission to the college, should go for this fund. The authorities know better ways and means and it is earnestly hoped that they will try and seriously think over this project. This time our teams are much stronger than of the people on the other side of the road. Recently our Hockey club defeated them by 3—1. Their football has also sustained a defeat at our hands and their cricket team has fared no better.

Union.

The only important activity of the Intermediate College Union Club during this period was of the election of the new ministry.

felt tired of this and one of them even expressed it publicly in his after dinner speech on the occasion of the I'd Dinner. If asked why they borrow players, they plead the old reputation of their institution in games, and put forward their most pathetic plea " we don't wish to spoil our previous prestige and reputation and thereby bring a bad name to the institution." That's no sportsmanlike reply; games are not played for winning only, but for the games themselves and for building up character, and if they don't satisfy either, they fail to serve their purpose.

We do not realise the harm we are doing by cutting at the root of the sport which has been so very characteristic of Aligarh. The spirits of the young, energetic and budding players are benumbed, because whenever a chance comes, their interest is sacrificed for the players from the University and the old boys. Now the psychological effect of this is not only that we suppress the enterprise of the rising players, but we never feel confident and never estimate our strength. A single instance will make the problem clear. Take the instance of the match we played against the Delhi Hindu College, the team of which College was no match for ours, but even then we felt weak and in order to keep the vague tradition we had to borrow the services of University players. On the other hand, a chance was given to a new man and how well did he prove worthy of it by putting up the best show of the day.

This is not for the authorities to meddle with, because they are not responsible for it. Full power has been invested in the hands of our captains and they can set it right if they care to. If the authorities interfere and put a check on the powers of the captains then we will be shouting out, and will begin kicking again.

Slaves of traditions as we all are, however injurious they may be, once we adopt them they become sacred with us, therefore, though I know these few lines of mine won't have much weight, yet one must say his say.

We extend our most hearty and cordial welcome to the newly appointed captains of the various clubs and wish them a happy and successful term of office.

AN ALIGARH CAUSERIE

BY

Akram Riaz Faruki.

It is a matter of great joy and pride that our journal has received as warm a reception as was anticipated. That the Magazine has satisfied a long felt need is evident from the overwhelming response to our call for contributions, and we can safely say that the material we have at hand is enough for another three issues. This time, however, I had not to go ringing my cycle bell for thirty seven minutes, nor was I damned and flattered in the same breath by being called an early bird at ten o'clock of a morning.

Games:—

A residential institution aims not only at preparing students for the various examinations, but also at building physique and creating sportsmen. And especially at Aligarh games are given the place they deserve in any educational system. Dr. Ziauddin Ahmad is reported to have said that in other institutions, if students are introduced to a visitor they are introduced thus—this is the student who stood first in the First Year, and that man secured distinction in the Intermediate examination or this man is son of such a prince and that man is the son of so and so, and so on. But at Aligarh the ways are quite different. Here they are introduced as—this is the Cricket Captain, this the Hockey Captain, and that the Football Captain, and so on.

When games are given so much importance, it is a matter of regret and pity that some parasites may be allowed to grow, and give birth to germs which are very injurious.

The parasites are the wrong traditions, and the germs are the false representation in games. You would naturally ask what I mean by the term, false representation. It is a new term but applied to an old problem. Various clubs are seen playing at and outside Aligarh, but they have never been purely represented by the people whose name they bear. If the Intermediate College Day Scholars' Club enters a tournament, people from the Intermediate College and University Clubs are invited and especially the cricket people are very fond of extending invitations to the Old Boys who have even

ماں نے بیٹے کو اپنے تئیں کو رسہ کر کے اصرار سے بخشت نہ بیٹھنے دیا۔ مسعود ماں کے پاس سے کچھ سوچتا ہوا کمرہ میں گیا۔ کپڑے بدلے اور چھڑی اٹھا کر ایک طرف نکل گیا۔ قدرت نے جہاں مسعود کو رنگ صاف، خط و خال [illegible] گھونگھر والے سیاہ بال عطا کئے تھے وہاں اس کا شباب آگیں چہرہ مرد و عورت دونوں کے لئے یکساں دل فریب تھا۔ مسعود بلا کا ذہین تھا۔ بی۔ اے میں تعلیم پاتا تھا۔ تعلیم کے ساتھ ساتھ اس کو فنون لطیفہ سے بھی از حد شوق تھا۔ اپنے خالی اوقات میں جب وہ ہارمونیم پر انگلیاں چلاتا تو مضراب دل پر ایک وجدانی کیفیت پیدا ہو جاتی اور وہ سارے غم و الم دل کش آنکھیں اس کے خاموش ہو جاتے۔ پھر بھی قوت سامعہ ہو کر گھنٹوں سننے والوں کو محو کر دیتیں۔ اس کی دل چسپی کا دوسرا شغل [illegible] تھا۔ خدا جانے کہاں کہاں سے [illegible] کسی کو دھونا۔ صاف کرنا اور کسی کو [illegible] کرنا۔ غرض کہ اس کی زندگی کا ایک لمحہ بھی بے کار نہ جاتا۔ اس کے [illegible] پڑوس [illegible] قریبی [illegible] اور [illegible] کے [illegible] سے [illegible] اور [illegible] [illegible] اس کے [illegible] [illegible] شیریں کلام [illegible] [illegible] [illegible]

ہونے والی تھی۔ گو کسی وقت میں دونوں نے ساتھ ہی پرورش پائی تھی۔ ساتھ ہی کھیلے اور ساتھ ہی اُترے تھے لیکن اب مسعود اس کے سامنے جاتے ہوئے شرماتا تھا وہ ماں کے صد اصرار سے گھر سے نکلا اور آہستہ آہستہ قدم اٹھاتا ہوا احاطۂ نادان محل میں داخل ہوا۔ اندر اطلاع کرائی۔ تھوڑی دیر بعد نہایت متانت سے ماما کے ساتھ اندر داخل ہوا اور خالہ کے چوکے کے سامنے کھڑے ہو کر تعظیمی سلام کیا۔ خالہ نے دعائیں دیتے ہوئے مسعود کو اپنے پاس ہی مسند پر بٹھالیا۔ کچھ دیر بعد ایک خادمہ چارلائی اور بڑے مسعود کے سامنے رکھ دی۔ مسعود نے ایک پیالی چاء سے بھر کر خالہ کے سامنے پیش کی اور دوسری میں خود چاء لے کر پینے لگا۔ سلسلۂ کلام تادیر جاری رہا جھٹ پٹے کے وقت مسعود نے جانے کی اجازت چاہی۔ خالہ ساتھ ہی اٹھ بیٹھیں اور صحن تک مسعود کو پہونچا آئیں اور رقی امان اللہ کہتے ہوئے امام ضامن کی اشرفی باندھ کر رخصت کیا۔

مسعود ابھی نادان محل سے نکل کر پائیں باغ تک جانے ہی پایا تھا کہ اس کو لائبریری کا خیال آیا جو اس کے خالو مرحوم اپنی عین حیات میں کوئی شے بنانا چاہتے تھے مگر موت نے فرصت نہ دی اور وہ خیال صرف خواب بن کر رہ گیا لائبریری کو آتے ہوئے وہ مغربی کمرے کی طرف مڑا اور اندر داخل ہو کر ایک تازہ اخبار اٹھا کر برآمدہ کی آرام کرسی پر لیٹ گیا۔ ابھی اخبار پڑھنے بھی نہ پایا تھا کہ قریب ہی کی آواز سے چونک پڑا۔ آواز گوش آشنا تھی پھر بھی اس نے اٹھ کر اِدھر اُدھر نظر دوڑائی۔ دیکھا کہ قریب ہی دوسرے کمرے میں دو لڑکیاں ہاتھوں میں کتابیں لئے ایک مسہری پر لیٹی باتیں کر رہی ہیں اس نے ان کی باتوں میں مخل ہونا پسند نہ کیا اور خاموش آرام کرسی پر بیٹھا ان کی گفتگو سنا کیا۔

پیشتر اس کے کہ ناظرین کو ان کی گفتگو سے آشنا کیا جاوے ان کا ظاہری تفرق بتلا دینا ضروری ہے۔ اخلاق و آداب چال و چلن، رفتار و گفتار اور طرز کلام میں ایک دوسرے سے زمین و آسمان کا فرق ہے اگر ایک پردہ سے بیزار اور سرِ راہ موٹروں پر ہوا کھانے والی تو دوسری پردہ کی پابند اور چار دیواری میں ٹہلنے والی۔ اگر ایک بکی تو دوسری خاموش طبیعت۔ اگر ایک مردوں سے دوبدو مقابلہ کرنے والی تو دوسری ڈر کر خاموش رہنے والی پوشاک قریب قریب دونوں کی ایک ہے کیوں کہ ایک ہی دیس کی رہنے والی ہیں۔ لکھنؤ جنت نشان ان کا مولد ہے شریف گھرانے کی لڑکیاں ہیں۔ بلتہ فرق اتنا ہے کہ اول الذکر کو کافی آزادی ملی ہوئی ہے مگر اس کی یہ آزادی آوارگی کے معنوں سے بہت دور ہے۔ آخر الذکر کے والدین پکے مسلمان اور شرع شریف کے پابند ہیں۔ اکلوتی

لڑکی کو اعلیٰ تعلیم بھی دلوائی اور گھر سے باہر قدم بھی نہ رکھنے دیا۔ یہ دونوں لڑکیاں جو عادات و خیال میں بالکل متضاد ہیں یوں سرگرم گفتگو ہیں۔

ایک بہن زینب یہ تو آپ سمجھ گئی ہوں گی کہ وہ عورتیں جو پردہ کی بیڑیوں میں ہمیشہ دنیا کی دوڑ میں ناکامیاب رہیں۔ آج افغانستان، ترکی، ایران، مصر، البانیہ اور غیر اسلامی یورپین سلطنتیں اور امریکہ جو ترقی کر رہا ہے وہ محض عورتوں کے طفیل میں ہے اور اس ترقی کا سہرا اس صنف نازک کے سر ہے اگر خدانخواستہ وہ ہم ہندی عورتوں کی طرح صرف بچوں کی پرورش اور امور خانہ داری ہی اپنے ذمہ لے لیتیں تو یہ ترقی یافتہ طبقہ ایک صدی کے لئے پیچھے ہٹ جاتا۔

زینب۔ ہاں! ہاں! بالکل درست مگر بی بی غور تو کرو کہ اسلام ترکی کے ترجم کردہ قانون یا افغانستان و ایران کے جاری شدہ ریفارم کا نام نہیں۔ ترکی ہو یا مصر، کابل ہو یا ایران سب کے سب مسلمان اسی دنیوی قانون کے پابند ہیں جو اللہ نے بنائے اور اس کے رسول نے بتلائے۔ اگر کوئی شخص ان اٹل قوانین میں ترمیم و تنسیخ کو جگہ دے تو یہ اس کی غلطی ہے نہ کہ اسلام کی جو ملک ایسا کر رہے ہیں وہ تباہی کے عمیق غار میں اوندھے منہ جا رہے ہیں۔ آمنہ تم نے پڑھا نہیں کہ افغانستان نے پردہ اٹھایا۔ نئے ریفارم جاری کئے کیا پھل پایا۔ یہی نہ کہ تخت و تاج چھوڑا۔ جاہ و حشمت سے منہ موڑا۔ اللہ سے ناتا جوڑا۔ ننگی بچی بیوی کا دامن پکڑا اور قندھار کی راہ لی۔ دوسری مثال مصر کی ہے اس نے عورتوں کو آزادی دے کر کیا ترقی حاصل کر لی۔ پیاری بہن اگر روز روز کی خانہ جنگی اور جدال و قتال ہی کا نام ترقی ہے تو ایسی ترقی اور آزادی کو اپنا دور ہی سے سلام ہے۔

آمنہ۔ (چیں بجبیں ہو کر) خوب یہ تو اچھا نتیجہ نکالا کہ دور ہی سے سلام ہے۔ بہن محبت کو قتل نہ کرو۔ یہ مری غلطی ہے۔ کسی نتیجہ پر فوراً پہونچنا پڑھی لکھی کا کام نہیں۔ اگر کم ہمت مشرق اس کی قدر نہ کر سکا اور اس سے فائدہ حاصل نہ کر سکا تو اصول کی اس میں کیا خطا ہے۔ آزادی اور مخصوص آزادی پر وہ جو کچھ حضرت میں کارہائے نمایاں کئے وہ روز روشن کی طرح سب پر عیاں ہیں اب

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم
چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

یہ دراصل ہماری کوتاہ بینی ہے کہ ہم اصل مفہوم سے آنکھ بند کر کے اپنے قیاس پر اس کا مفہوم نکال دیتے ہیں۔

زینب۔ (مسکراتے ہوئے) بے شک یورپ و امریکہ مشرق سے کہیں آگے ہیں۔ لیکن تمدن، تصور، فن اور شعبۂ علمی و فوجی اور فنون لطیفہ میں جس قدر صنف نازک نے حصہ لیا مرد اس سے بخوبی واقف ہیں۔ بقول کسی فلاسفر کے یورپ نے اپنی عجلت پسندی سے عورتوں کے لئے جو رائے قائم کی اور جو حقوق ان کو دیئے اور جو خدمت ان کی کی اس کا مزہ اب اٹھا رہے ہیں اور ان کی نسل کو مجرد اور علمی مشاغل میں سرگرداں رہنے سے تباہ کر رہے ہیں اس مقصد کے لئے انھوں نے سینکڑوں سوسائٹیاں قائم کی ہیں جن کا اصل مقصد عورتوں کو عریاں کرنا اور ان کے حسن سے آنکھیں سینکنا ہے تاکہ کسی وقت ان کی نشیلی انکھڑیوں سے مدہوش اور ان کے دام گیسو میں اسیر نہ ہو جائیں جو بعد میں قوم اور ملک دونوں کے لئے نقصان رساں ثابت ہوں۔ صد افسوس مشرق پر کہ مغرب کی اس حالت کو دیکھتے ہوئے بھی کوئی سبق حاصل نہیں کرتا بلکہ اپنی بہو بیٹیوں کو آزادی سے سڑکوں پر پھرنے، کلبوں میں حصہ لینے، جلسوں میں شرکت کرنے اور اپنے نیم عریاں حسن کو (جو کریم اور پاؤڈر کا مجموعہ ہوتا ہے) دکھلانے کی اجازت دیتے ہیں اور اسی کو ذریعہ ترقی سمجھتے ہیں۔

آمنہ۔ زبردستی اور شے ہے اور منوانا دوسری شے۔ میں قرآن و حدیث سے ثابت کر سکتی ہوں کہ میری یا موجودہ تعلیم یافتہ طبقہ خواتین ہند کی آزادی کسی طرح خلاف شرع اسلام نہیں۔

زینب۔ پڑھا ہونا اور شے ہے اور تحریر کا مفہوم سمجھنا دوسری شے۔ ہاں اگر یہ جانتی کہ تم سمجھ دار ہو تو میں اس دعوے کو مان لیتی۔ حدیث و قرآن تو کجا اگر کوئی معتبر روایت ہی یاد ہو تو اپنے ثبوت میں پیش کیجئے۔

آمنہ۔ ایک کیا سینکڑوں بلکہ ہزاروں ورد زبان ہیں (بڑی دیر تک سوچ کر) جنگ منا ہی کو لیجئے جو حضرت عمرؓ کے زمانہ میں ہوئی جس میں کل عورتیں ہی شریک تھیں اور ان ہی کی وجہ سے فتح حاصل ہوئی۔ اس کے علاوہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں عورتیں برابر نکلتی تھیں اور ان کو کوئی روک ٹوک نہ تھی۔۔۔۔"

زینب۔ بالکل بہتان۔ گھر کی گھڑی ہوئی روایت۔ بھلا یہ کس کتاب میں لکھا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ عورتوں نے صرف تھوڑی سی مدد دی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہاں تک ارشاد ہے کہ گھر کو اس طرح کرنا چاہیئے کہ عورتوں کے کان تک ان کی آواز نہ جائے کہیں وہ آواز ان کے باعث ہیجان نہ ہو۔ یہ صحیح ہے کہ عورتیں مسجدوں میں جاتی تھیں نماز باجماعت میں شریک تھیں لیکن یہ ضرورت ہے بضرورت نہیں اور اس کے ثبوت کئی مثال جاری ہیں۔ ابوداؤد اور ترمذی میں لکھا ہے

زمانۂ محمدی اور خلفائے راشدین میں جب عورتیں باہر نکلتی تھیں چادروں میں لپٹی ہوتی تھیں کہ کوئی ان کو دیکھ نہ سکتا تھا پہلے وہ محرمہ باندھتی تھیں اس پر مقنعہ کستی تھیں اور سر پر لپیٹتی تھیں اور اس پر نقاب ڈال کر لفافہ اوڑھ لیتی تھیں۔

آمنہ۔ ممکن ہے کہ ایسا ہوتا ہو اور بہت ممکن ہے کہ میں غلطی پر ہوں لیکن یہ تو میں کھلے بندوں کہوں گی کہ اسلام اب تین صدی پیشتر کا اسلام نہیں ہے ملاؤں نے اس کو کچھ سے کچھ بنا رکھا ہے۔ اس لئے میں ملاؤں کا اسلام بھی ماننے کے لئے تیار نہیں

زینب۔ آمنہ بی بی بے شک کسی نے سچ کہا ہے:

کچھ بھی خیال نام نہ پروائے ننگ ہے — بس اک خیال بادہ و مینا و چنگ ہے
ہاں اے بتِ فرنگ کے شیدائیو سنو — دل ہو سیاہ اگرچہ سفید اس کا رنگ ہے
لامذہبی کا دوسرا نام فاق سے جنگ ہے

آمنہ۔ (بگڑ کر) پھر وہی آپ میرا مذاق اڑا رہی ہیں یہ ذاتیات پر حملہ کیا۔ آپ بھی وہی پرانی باتیں گائے جاتی ہیں۔ آخر اس میں حرج ہی کیا ہے کہ ایک مرد کسی عورت کو دیکھ لے۔

زینب (ہنس کر) ہرج تو کچھ بھی نہیں۔ صرف اسی قدر کہ بس میں بھکاری دکھلائے

آمنہ۔ کیا مطلب

زینب۔ مطلب صاف ہے کہ عورتوں میں ایک قسم کی کشش ہوتی ہے اور مرد اس کشش کی قوت جاذبہ رکھتے ہیں بلکہ صفتوں کی کشش اور جاذبیت کی مثال پوری طرح الکٹری سٹی سے ہو سکتی ہے۔ اس کی قوت مثبتہ (Positive) اور منفیہ (Negative) ہوتی ہے ایک ذرا سا اتصال کچھ سے کچھ کر دیتا ہے اسی واسطے شریعت کے حدود جو کچھ پردے کے متعلق ہیں وہ محض اس لئے ہیں کہ دونوں زبردست برقی طاقتوں کو دائرۂ اعتدال میں رکھیں۔

آمنہ۔ واقعی یہ نازک مسئلہ ہے میں پھر اس پر غور کروں گی۔ اچھا اب رخصت

زینب۔ فی امان اللہ

زینب آمنہ کو رخصت کر کے کتابوں سے کمرہ میں داخل ہونا چاہتی تھی کہ برآمدہ میں کسی کو آرام کرسی پر سوتا سمجھ کر جھکا سے بڑھی اور کرسی کی پشت سے "ٹھٹھے" کہتے پائی تھی کہ مسعود اخبار ہاتھ میں لئے

اٹھ کھڑا ہوا.....

..... نہ کہیں مسعود تھا اور نہ کہیں لائبریری وہ مسعود یہی فکار تھا جو عالم بیداری میں لحاف سے لپٹا ہوا خواب دیکھ رہا تھا اور موجودہ زمانہ کی حالت پر تنقیدی نظر ڈال رہا تھا کہ اسی اثنا میں میرے چھوٹے بھائی نسیم نامی نے شانہ ہلا کر مجھے ہوشیار کر دیا اور میں یہ کہتا ہوا اٹھ بیٹھا۔

خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا

غزل

جب یہ صرف رنگ و بو ہو جائے گی
گل کی ہستی آرزو ہو جائے گی

غور سے تم میری صورت دیکھ لو
شرح لفظ آرزو ہو جائے گی

لذتیں دنیا کی وہ پا جائے گا
جس کو تیری جستجو ہو جائے گی

اب نگاہ شوق کو رسوا نہ کر
بے نیاز آرزو ہو جائے گی

عرض حسرت پر نہ تو مجبور کر
بے نیازی تیری خو ہو جائے گی

کیا خبر تھی تیری چشم لطف ہی
وجہ خون آرزو ہو جائے گی

انتہائے یاس سے امید ہے
اب مکمل آرزو ہو جائے گی

کیا خبر تھی انتہائے آرزو
یوں حریف جستجو ہو جائے گی

میری خاموشی ہی جو ہر ایک دن
داستان آرزو ہو جائے گی

حالِ دل

(از محترمہ بلقیس جمال صاحبہ بریلوی)

(۱)

در صبح چمن شبنم گریاں ہستم — در ظلمتِ شب خواب پریشاں ہستم
در دشت جنون ریگ بیابانم اے دل — در بزم طرب کرمکِ سوزاں ہستم

(۲)

در موئے سرم خارِ بیاباں دارم — یک دیدۂ خوں آبلہ ساماں دارم
از خون فشاں "فاش" لبانم "سازند" — از ہستیٔ غم شام غریباں دارم

(۳)

صد حسرتِ ظلمات دریں پیکرِ من — اے شعلۂ صد طور کہ اندر بر من
در سینۂ خونیں ہمہ حرماں دارم — صد ظلمتِ ہجراں کہ نہاں در سرِ من

(۴)

از خاک گل ریختہ تعمیرِ من — از گریۂ خوں آفریں تعمیرِ من
از عود چلی شمع ماتم بستہ — یک شعلۂ آہیست کہ تصویرِ من

سیلابِ ہندیان

از

(تماشائی)

مجھے دنیا کے اس میدان کارزار کے کسی اور محاذ سے فی الحال سروکار نہیں، میں صرف علی گڑھ کے اُس خطہ کو لیتا ہوں جو ظہور گیٹ سے جمال پور تک پھیلا ہوا ہے، اس میں اسکول، کالج اور یونیورسٹی کی ساری عمارتیں، سارے فیلڈس اور سارے پڑھائی کے کمرے آگئے۔ طلبا اور اساتذہ کی ساری آبادی آپ کو اسی خطہ میں ملے گی، اور یہی سرزمین گزشتہ نصف صدی سے مسلم ہندوستان کے بہترین دماغوں کا آماجگاہ بنی رہی اور امید ہے کہ بنی رہے گی۔ یہی ارض مقدس سرسید، محمود، حالی، شبلی، ماریسن اور آرنالڈ کی جولان گاہ تھی اور اسی سرزمین میں ہندوستان کے مسلمان پیدا ہوئے، بڑھے اور پروان چڑھے۔ میں بھی اسی خطہ کا ایک ذرۂ بے مقدار ہوں، اور اکثر عالم تنہائی میں اس چار دیواری پر حیرت استعجاب اور عقیدت کی نظریں ڈالتا ہوا، خدا جانے کس عالم میں کہاں سے کہاں پہونچ جاتا ہوں، اسے آپ ایک چھوٹی موٹی سی دنیا کہئے، شکسپیر دنیا کو ایک "عظیم الشان اسٹیج" کے لقب سے یاد کرتا ہے جس پر مردوزن آتے چلے جاتے ہیں، بخصوصیت بدرجۂ اتم اس زمین کے چھوٹے سے ٹکڑے میں موجود ہے، غالب نے جوش جنوں میں دنیا کو "بازیچۂ اطفال" کہا ہے، میں کہتا ہوں کہ اس سے زیادہ مکمل اور حقیقی "گھروندا" آپ کو کہاں ملے گا، دنیا کو آپ چاہے "دنیائے دوں" کہئے، یا فلک کج رفتار کی بازی گاہ تصور کیجئے، یہ تشبیہ کسی حالت میں ناقص نہ ہوگی۔

مگر میرا ذاتی خیال یہ ہے کہ دنیا نہ یہ ہے، نہ وہ، بلکہ ایک طوفانی سیلاب کی آماجگاہ ہے اور دنیا کی ساری تحریکات اس سیلاب عظیم کی خاموش لہریں ہیں جو کبھی ساکت نہیں ہوتیں، بلکہ ہر آن، ہر لحظہ اور ہر ساعت شور و تلاطم اضطراب پہلو بستہ نظر آتی ہیں، بحر امکان کو جس کے بیچ ہزار ہا میل سے کرنے کے بعد اس کی بڑی سے بڑی وسعت ساحل سے

ہم آغوش ہو جاتی ہے، لیکن دنیا کا سمندر ایک سمندر نا پیدا کنار ہے جس کا ساحل بظاہر صرف ایک ہے یعنی موت آپ کہہ سکتے ہیں کہ دوسرا کنارہ دیوانگی قرار دیا جا سکتا ہے۔ لیکن میرا ذاتی خیال ہے کہ حواس اور شعور کا درہم برہم ہونا بھی دراصل موت ہے۔ اس لئے میں اس سمندر کے ایک اور صرف ایک ہی ساحل کا قائل ہوں۔

یلدرم نے اس سیلاب زمانہ کے متعلق کیا خوب کہا ہے:

"بہے جا، بہائے لئے جا، نہ تجھ میں سلامتی، نہ تیرے کنارے سلامتی، مٹے ہوؤں کے نشان مٹائے جا، تیراکوں کو ڈبا، غواصوں کو نہ ابھار، یہی تیرا کام ہے"

اور غالب اس سیلاب کے "لطمۂ موج" کو "مئے مُشتاد" سے کم نہیں سمجھتے۔

اس نظریہ کو ذہن میں رکھتے ہوئے ذرا اپنی علی گڑھ کی زندگی پر غور فرمائیے، دسمبر کا شروع ہے۔ موسم کی چیز دستیوں نے ایک عالم کو کرۂ زمہریر بنا رکھا ہے، آپ صبح سات بجے اُٹھتے ہیں اور کانپتے ہوئے حوائج ضروری سے فارغ ہو کر جلدی جلدی چائے کی پیالی اور مکھن توس سے دست و گریباں ہو جاتے ہیں۔ ابھی آپ اس کام سے پوری طرح فارغ نہیں ہونے پائے تھے کہ جمعن (علیہ الرحمۃ) نے ٹاٹن ٹاٹن گھنٹی بجا دی، افتاں و خیزاں آپ کالج پہونچے اور ایک بجے تک آپ اپنے درجوں میں تقریریں سُنا کئے یا اونگھا کئے، یا علی الترتیب دونوں حرکات آپ سے سرزد ہوتی رہیں، کالج سے واپس آکر ابھی آپ کمرہ میں داخل بھی نہیں ہوئے کہ ڈائننگ ہال کا بلاوا آیا، گرتے پڑتے آپ وہاں پہونچے اور چپاتیوں یا تندوریوں پر (حسب صوبۂ وطن) سے الجھ کر داد شجاعت دینے لگے، پھر تین بجے سے کھیل کی طیاری، شب میں ڈیبیٹ، بیت بازی، گپ، شطرنج، برج اور خواندگی کے مشاغل آپ کی توجہ کو جذب کر لینے کے لئے تیار۔ میرا ذاتی خیال ہے کہ ایسی مصروف زندگی خواہ طالب علم کی ہو یا ممبر اسٹاف کی سکون، عافیت غور و فکر سے عاری ہے۔ خود ہم اپنی عرض، اپنے رجحان کو اس زندگی میں بروئے کار نہیں لا سکتے، ایک سیلاب عظیم ہے کہ بہے جا رہا ہے اور اپنی طوفانی موجوں کے ساتھ ساتھ ہمیں بھی بہائے لئے جاتا ہے۔ ہم میں یارائے مقابلہ نہیں، ہم میں مقابلہ کا حوصلہ نہیں، ایک آسمانی طاقت ہے جو ہمیں خدا جانے کہاں سے کہاں لئے جاتی ہے۔

ذرا نظر کو اور دور لے جیئے، اور کل ہندوستان کی سیاسی حالت کو اپنے ذہن میں جگہ دیجئے۔ آج سے تیس برس قبل یہی بے کسی کی حالت سارے ہندوستانیوں کی تھی، اغیار جو چاہتے تھے وہ ہم سے کراتے تھے اور جہاں چاہتے تھے ہمیں پیادے کی طرح لے جاتے تھے۔ تلک، گوکھلے، مہاتما گاندھی جی۔ سی آر۔ داس، مولانا محمد علی، سر محمد شفیع، سر فیروز شاہ مہتہ، لاجپت رائے اور مالوی جی نے اور کچھ اگر نہیں تو کم از کم ہماری بے بسی اور کم مائگی کی حالت تو ہم پر روشن کر دی۔ لیکن غریب مسلمانوں کی حالت نہ سنبھلتا تھی نہ سنبھلی۔ اس زمانہ میں دیکھ لیجئے جناح کو فی الحال نظر انداز کر دیجئے، باقی جس قدر قومی راہ نما ہیں اسی قدر فرقے اور جماعتیں، کوئی ایران کو جا رہا ہے تو کوئی توران کو اور اکثر و بیشتر بجائے پیش قدمی کرنے کے آپس میں دست و گریباں ہو جاتے ہیں۔ خود بھی ذلیل ہوتے ہیں اور دوسرے کی عزت بھی پامال کر کے دم لیتے ہیں، جہالت، تاریکی اور تعصب کا غبار دماغوں پر کثرت سے چھایا ہوا ہے

سمندر کے اس حصہ میں طوفان ایسا شدید اور مہیب ہے کہ قوت متخیلہ، خود مختاری، آزادی، بے لوثی، مساوات کھوئے ٹکھوے کی تمیز حتیٰ کہ خود نصب العین ہماری نگاہوں سے پوشیدہ ہو گیا اور سمندر کی آتشیں موجیں ہمیں خس و خاشاک کی طرح بہائے لئے جا رہی ہیں، بے جا، بہائے لئے جا، نہ تجھ میں سلامتی، نہ تیرے کنارے سلامتی، بعض تیراک اور کم زور غواص ناممکن ہے کہ نہ ڈوب جائیں۔

سیاسی تصویر کا یہ دھندلا سا خاکہ خود بخود معرض تحریر میں آ گیا، ورنہ میرا مدعا یہ نہیں ہے کہ میں اپنی قومی شوکت و عظمت کے جنازے پر آنسو بہاؤں، ع درد دل اتنے دنوں سے ہے کہ عادت ہو گئی۔ اب قوم کی تباہ حالی پر رونا نہیں آتا، کیوں کہ مستقبل حال سے زیادہ اندوہناک نظر آ رہا ہے۔

میرا مدعا صرف اس قدر ہے کہ دنیا کے ہر شعبۂ زندگی پر ان طوفانی موجوں کا تصرف ہے جس طرف پردۂ فکر اٹھا کر دیکھئے آپ کو یہی کرشمہ نظر آئے گا، دریا لہریں مار رہا ہے اور ایک طرح پر بہا جا رہا ہے کم زور، ناتواں، نحیف و نزار ہستیاں ان لہروں کے مقابلہ میں ہیچ ہو جاتی ہیں [illegible]

چاہتی ہیں اُنھیں دنیا کے لئے باقی ہیں، ذرا داغ پر اور زور دیجئے۔ ایک دوسرے ہاتھ سے آپ ڈاروں کے نظریہ پر آن پہونچے، یعنی دنیا میں فتح و ظفر اُسی کے لئے مقدر ہے جو مکمل طور سے مسلح ہوگا۔

ہندی شوکت، یونانی عظمت، مصری جبروت، رومی سطوت اور ایرانی اقتدار سب نے فرداً فرداً دنیا کو ہلا دیا، لیکن اس سیلابِ عظیم کی زد سے کوئی محفوظ نہ رہ سکا، ناممکن ہے کہ قوم کم زور ہو جائے اور سیلاب کی لہریں اُسے خاموش بیٹھنے دیں۔ یہ لہریں کسی کے ساتھ رو رعایت نہیں کرتیں۔

علی گڑھ ہی کی فضا کو اپنی نظر میں رکھئے، یکم اکتوبر سے داخلہ شروع ہوتا ہے اور تین ماہ کی تعطیل کے بعد کالج کھلتا ہے۔ ہزارہا طلبا داخلہ کے لئے آموجود ہوتے ہیں اور دو تین دن تک بھاگے بھاگے پھرتے ہیں، ایک طوفانی ہنگامہ آرائی شروع ہو جاتی ہے۔ دس بارہ دن تک وہی ہماہمی اور دوا دوش، خدا خدا کر کے درس و تدریس کا سلسلہ شروع ہوا کہ ناگہاں نومبر کے وسط میں لاٹ صاحب کے آنے کی خبر گرم ہوئی۔ پھر طوفانی لہریں امنڈنے لگیں۔ پھر پانی میں برقی اثرات دوڑنے لگے، انتظامات شروع ہوئے، خیمہ و خرگاہ کا بندوبست ہوا۔ موٹر بگھیوں کی طرح مارے مارے پھرے۔ لاٹ صاحب کا ورود مسعود ہوا، خطبہ اور جواب خطبہ دونوں پڑھے گئے گرد و نواح بے معنی مہمل جذبات سے دور، تصنع اور رسمیات سے ہم کنار۔ ایک آدھ دن بعد خدا خدا کر کے فضا میں سکون پیدا ہوا، لڑکوں کے دم میں دم آیا "پھر وہی کنج قفس اور وہی صیاد کا گھر" اس تمام ہنگامہ آرائی کو آپ طوفان کے تموج سے مشابہ پائیں گے، وہی شور و شغب، وہی ہماہمی، وہی کوہ نما موجوں کا بل کھانا اور ساحل سے آ آ کر ٹکرانا۔

فروری کے مہینے کے لیجئے، موسم برسات کے آخری ایام ہیں، نمائش کا آغاز ہے، شام کے وقت مغرب سے کچھ دیر قبل یا کچھ دیر بعد آپ نمائش کے کسی چوراہے پر کھڑے ہو جائیے، یہ معلوم ہوگا جیسے طوفانی لہریں ہر سمت سے آتی ہوئی آپ کو نظر آئیں گی۔ [illegible] نمائش کے ہزارہا [illegible] مرجع [illegible] درس [illegible] مغرب [illegible] اخراج [illegible] کسی [illegible] کے [illegible] لہروں کی طرح آ آ کر ٹکراتے ہیں اور پھر آتے ہیں اس طوفان کو [illegible] [illegible] ثابت قدمی سے ہوتا ہے۔ [illegible]

اس طوفان سے نجات ملی مگر یکایک امتحان کے عجیب اور خوفناک تخیل نے ہوش و حواس پر اپنا سکہ جمانا چاہا، پھر بے بہت و پا ہو کر طوفان کی لہروں میں خس و خاشاک کی طرح پھیلنے لگے:

بہے جا، بہائے لئے جا، نہ تجھ میں سلامتی، نہ تیرے کنارے پہ سلامتی۔

ہمیں علی گڑھ کی فضا میں بارہ سال گزر چکے ہیں دگو اب تک بھاڑ جھونکنا ہی نہ آیا، مگر ہر سال اسی طوفان سے دوچار ہونا پڑتا ہے مگر میرا ذاتی خیال ہے کہ ڈرینج سسٹم drainage system اور کالج کے سیشن کی تقسیم اگر ٹرمس (Terms) میں ہو سکی تو فضائے علی گڑھ کے یہ طوفانی اثرات ایک حد تک زائل ہو جائیں گے۔

باقی دارد

غزل

یہی اپنے مدفن کی تجویز ہو گی
کہ ہم ہوں گے اور اُن کی دہلیز ہو گی

بڑھاپے پہ تو ہے یہ دنیا پہ جوبن
جوانی میں کیا جانے کیا چیز ہو گی

بہکتا ہے واعظ کوئی منہ تو سونگھے
نہ ہو بوئے مے بوئے کشنیز ہو گی

ہمیں کیا غرض خود وہ پہچان لے گا
جسے دوست دشمن کی تمیز ہو گی

دوا بے نظیر اپنے اب اُن سے ہم
وہی ایک تجویز۔ تجویز ہو گی

(جناب بے نظیر شاہ صاحب)

ہیرا بائی

(از) جناب عزیز صاحب بریلوی (ماخوذ از "آرسن لوپن")

ستمبر کا مہینہ ہے۔ سورج کی شعاعیں بمبئی کے رئیس اعظم سیٹھ جمشید جی کے عالیشان قصر کے وسیع ہال میں چھن چھن کر آ رہی ہیں۔ اور صدیوں کے جمع کردہ بیش بہا نوادر کو نمایاں کر رہی ہیں۔ نایاب تصاویر۔ پرانے اور قیمتی اسلحہ۔ رومی اور ایرانی قالین۔ یہ ہیں وہ چیزیں جو ہال کی زینت کو دوبالا اور صاحب مکان کے حسن مذاق کی دلالت کر رہی تھیں۔ مگر سب میں درخشندہ اُس دوشیزہ کا چہرہ تھا۔ جو کھڑکی کے قریب والی میز پر بیٹھی ہوئی کچھ لکھنے میں مصروف تھی۔ یہ حسین اور نازک اندام تھی۔ اس کے رخساروں پر ابروؤں کے ساتھ نہایت ہی خفیف سُرخی کی جھلک نمایاں تھی۔ اور ایک حُسن کے متلاشی کے لئے یہ امر دشوار تھا کہ اس کی نشیلی آنکھوں پر قربان ہو جائے یا اُن لبہائے لعلیں کے جو ہر دم دعوت بوسہ دے رہے ہیں۔ دل و جان فدا کرے۔ مگر کوئی صاحب دل ایسا نہیں جو اُس حسین اور بھولے چہرہ پر رنج و الم کی ایک مستقل کیفیت نمایاں دیکھ کر متاثر ہو جائے۔ وہ لفافوں پر پتے تحریر کر رہی تھی اور اس کے بائیں ہاتھ کے قریب ناموں کی ایک طویل فہرست رکھی ہوئی تھی۔ ہر لفافہ پر پتہ لکھ کر وہ ایک دعوتی کارڈ دل میں رکھتی جاتی تھی۔ کارڈ پر حسب ذیل تحریر چھپی ہوئی تھی:

"شاہ پور جی نہایت مسرت سے جناب کو اس امر کی اطلاع دیتے ہیں کہ اُن کی صاحبزادی کی نسبت بمبئی کے رئیس اعظم سیٹھ جمشید جی سے قرار پائی ہے۔"

وہ اس طرح لفافہ پر لفافہ لکھنے میں مصروف تھی۔ البتہ گاہے گاہے جب کبھی اُن لڑکیوں کی آواز جو سامنے ٹینس لان پر کھیلنے میں منہمک تھیں بلند ہوتی۔ تو یہ اپنا سر اُٹھا کر ایک نگاہ اُن پر ڈالتی۔ اور پھر ایک آہ سرد۔ اور خفیف کے ساتھ اور اتنی خفیف کے ساتھ کہ اس کو خود بھی کم محسوس ہوتی۔ اپنے کام میں مشغول ہو جاتی۔

[illegible] ایک آواز آئی۔ یہ اُس [illegible] شاہ پور جی کی صاحبزادی کی آواز تھی۔ جس کی شادی کے

خطوط فہمیدہ تحریر کر رہی تھی)۔

"فہمیدہ، فہمیدہ" فہمیدہ۔ "حضور"۔ آواز "چاء، چاء طیار کراؤ بہت جلد" فہمیدہ "بہت مناسب"

فہمیدہ (یہ اس دوشیزہ کا نام ہے جو لفافہ پر پتے تحریر کر رہی تھی)، اُٹھ کھڑی ہوئی۔ اور دوسرے کمرے میں جاکر گھنٹی بجانے لگی۔ ایک خدمتگار فوراً حاضر ہوا جس سے فہمیدہ نے کہا "فیروز، چاء بنالاؤ" "فیروز" کے آدمیوں کے واسطے؟" فہمیدہ "چار کے واسطے، اگر تمہارے آقا واپس نہ آتے ہوں" "فیروز" "سرکار آج لاٹ صاحب سے ملنے تشریف لے گئے ہیں۔ وہ ابھی دو گھنٹہ واپس نہ آئیں گے"

فہمیدہ "اور سیٹھ جمشید، کیا وہ ابھی ابھی ہوا خوری سے واپس نہیں آئے ہیں" "فیروز" "جی نہیں" یہ کہکر فیروز جانے لگا تو فہمیدہ نے کہا "ایک منٹ۔ تم سب نے بمبئی کے سفر کے لئے سامان طیار بھی کر لیا یا نہیں۔؟ تم کو معلوم ہونا چاہئے کہ روانگی بہت جلد ہونے والی ہے۔ ملازمائیں بھی طیار ہیں۔ یا نہیں" "فیروز" ان کے بارہ میں تو مجھ کو علم ہے کہ طیار ہیں۔ عورتوں کا کچھ پتا نہیں۔ فہمیدہ" تو اچھا، اُن سے بھی کہدو کہ فوراً طیار ہو جائیں۔ اور دیکھو چار میں جلدی کرو"

فیروز کو حکم دے کر فہمیدہ پھر میز کے پاس واپس آگئی۔ اور اُس نے قلم تو نہیں۔ مگر شادی کا ایک کارڈ اُٹھایا۔ اور اس وقت اس کے ہونٹوں کو ایک ایسی خفیف سی جنبش ہوئی۔ گویا وہ کسی خاص مایوس کن خیال میں منہمک ہے۔

مس ہیرا بائی ہال میں داخل ہوئی۔ اور اُس کی تیز آواز نے فہمیدہ کو اُس کے خیالات سے چونکا دیا۔

"فہمیدہ، تم کیا کر رہی ہو۔ کیا ابھی تک شادی کے خطوط ہی لکھے جا رہی ہو؟" "شا پورجی کرورتپی کی تنہا وارث کے ہاتھ میں ٹینس کا ایک رکیٹ تھا۔ یہ حسین تھی۔ اس کی آنکھوں میں چمک تھی۔ اور ہونٹ اور رخساروں پر سرخی۔ مگر ان میں وہ خصوصیت نہ تھی جو فہمیدہ کے چہرے سے ٹپکتی تھی۔

باب ۲

موٹر کے خریدار

مس ہیرا بائی کے دوست چائے پی کر رخصت ہوئے۔ اور فہمیدہ اپنے مقام پر جاکر خط لکھنے میں مصروف ہو گئی۔ مس ہیرا بائی کو اب چونکہ کوئی خاص شغل نہ تھا۔ وہ کبھی ایک کرسی پر بیٹھتی کبھی دوسری پر۔ ایک میگزین [illegible]

صفحات پر نظر ڈالی۔ اور جہاں سے اُٹھایا تھا۔ وہیں رکھ دیا۔ کبھی کمرے میں ٹہلنے لگتی۔ اور بیکار سوالات سے فہیدہ کو باتوں میں لگا لیا۔ دفعتہً کمرے کا دروازہ کھلا۔ اور فیروز داخل ہوا۔

"کیوں! کیا ہے؟" مس ہیرا بائی نے پوچھا۔

فیروز "حضور! دو صاحب آئے ہیں۔ اور آپ سے ملنا چاہتے ہیں" مس ہیرا بائی۔ "کون ہیں؟" فیروز "اُنھوں نے نام تو بتایا نہیں۔ ایک تو ادھیڑ عمر کے ہیں۔ اور ایک اُن سے عمر میں کچھ کم"

مس ہیرا بائی "اچھا بلاؤ" یہ کہکر مس ہیرا بائی کھڑکی کے قریب ایک کرسی پر نہایت شان سے جا بیٹھی۔ اور کھڑکی کے باہر دیکھنے لگی۔ یکایک اس کی نگاہ کھڑکی کے شیشہ پر گئی اور دفعتہً اُس کی زبان سے نکلا "ہیں! یہ کیا"! "کیا ہے؟" فہیدہ نے سوال کیا۔ مس ہیرا بائی "اس کھڑکی کے شیشہ کو دیکھو۔ ایک شیشہ کس نے نکال لیا ہے۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا کاٹ کر نکالا ہے" فہیدہ "ہاں! معلوم تو ایسا ہی ہوتا ہے" مس ہیرا بائی "کیا تم اس سے پہلے دیکھ چکی ہو؟"

"نہیں! غالباً ٹوٹا ہوا شیشہ کھڑکی کے باہر گر گیا ہے" لڑکی نے جواب دیا۔

دروازہ کے کھلنے کی آواز نے ان دونوں کی توجہ گھر کی جانب سے ہٹا دی۔ دو شخص ان کی جانب آ رہے تھے۔ ایک پستہ قد موٹا تقریباً پچپن برس کی عمر کا تھا۔ جس کی بھوری مگر روشن آنکھیں ہمیشہ اس کوشش میں رہتی تھیں کہ دوسروں سے نگاہ چار نہ کریں۔ اس کے پیچھے ایک نوجوان تھا۔ رنگ سیاہی مائل مگر سنجیدہ۔ رنگ کے فرق کے باوجود یہ امر بالکل واضح تھا کہ یہ دونوں باپ بیٹے ہیں۔

مس ہیرا بائی ان کو دیکھ کر نہایت تعجب سے اُٹھ کھڑی ہوئی۔ غالباً وہ ان کی بجائے کسی دوسرے کی آمد کی متوقع تھی۔ ان میں سے جو زیادہ عمر کا تھا مسکراتا ہوا آگے بڑھا اور کہنے لگا۔

"مس صاحبہ، میرا نام خانصاحب محمد رشید ہے۔ پنشن یافتہ فوجی کرنل اور یہ میرا لڑکا ہے محمود۔ سیاہ انجینیر"

فہیدہ نے آہستہ سے مس ہیرا بائی سے دریافت کیا کہ ان لوگوں کے واسطے چا بطیار کرائی جائے۔ جس کا ہیرا بائی نے اسی قدر سے جواب دیا کہ "مطلق ضرورت نہیں" اور ان دونوں سے مخاطب ہو کر کہنے لگی "آپ کی تشریف آوری [illegible]" رشید نے مسکراتے ہوئے ایک نگاہ اس کے چہرے پر ڈالی اور کہا "ہم لوگ [illegible]

آپ کے والد صاحب سے ملنے آئے تھے۔ مگر ملازم سے معلوم ہوا کہ مسٹر شاہ پوری باہر تشریف لے گئے ہیں۔ مگر ان کی صاحبزادی تشریف رکھتی ہیں۔ دل نے نہ مانا کہ ان کی زیارت سے محروم چلے جائیں۔" اتنا کہکر رشید کرسی پر بیٹھ گیا۔ اور محمود نے اس کی تقلید کی۔ مس ہیرا بائی اور فہمیدہ اس طرز عمل سے حیران ہو کر ایک دوسرے کو دیکھنے لگیں اور کمرہ میں خاموشی چھا گئی۔ آخر محمود نے مُہرِ سکوت توڑی۔ اور یوں گویا ہوا۔ محمود "ابا جان! یہ مکان نہایت عمدہ ہے" رشید "ہاں! بے شک" اور پھر ہیرا بائی کی طرف مخاطب ہو کر "مس صاحبہ! آپ کا کمرہ بہت عالیشان ہے"

مس ہیرا بائی "مگر معاف فرمائیں آپ کے یہاں قدم رنجہ فرمانے کی وجہ سمجھ میں نہیں آئی" رشید کرسی پر سیدھا ہو کر بیٹھا اور اپنے کوٹ کی جیب میں ہاتھ ڈال کر کہنے لگا۔ "بات یہ ہے کہ میں نے ٹائمز آف انڈیا میں آپکے والد صاحب کی جانب سے ایک اشتہار دیکھا۔ کہ وہ اپنی ایک موٹر علیحدہ کرنا چاہتے ہیں۔ میں اور میرا لڑکا مجھ سے برابر ایک تیز رفتار کی موٹر کی خریداری کے لئے اصرار کرتا رہتا ہے۔ ہمیں سات گھوڑوں کی طاقت کی موٹر کی ضرورت ہے" ہیرا بائی "ہمارے یہاں سات گھوڑوں کی طاقت کا موٹر تو ضرور ہے۔ مگر ہم اُس کو علیحدہ کرنا نہیں چاہتے۔ اور میرے والد تو آج ہی اُس پر سوار ہو کر گئے" رشید "تو شاید یہ وہی موٹر ہے۔ جو ہم نے اس موٹر خانے میں دیکھی ہے" ہیرا بائی "جی نہیں! یہ تیس سے چالیس تک گھوڑوں کی طاقت کی ہے اور یہ میری سواری میں رہتی ہے۔ اگر صاحبزادے کو تیز موٹر درکار ہے۔ تو ہمارے یہاں ایک موٹر سو گھوڑوں کی طاقت کی ہے۔ اور میں آپ کو اس کی تصویر دکھاؤں۔ ابھی تو یہیں رکھی تھی" فہمیدہ "ذرا موٹر کی تصویر لانا" یہ دونوں لڑکیاں تصویر کی تلاش میں میز کے قریب گئیں اور کاغذات میں تلاش کرنے لگیں۔ ان کی پیٹھ پھیرتے ہی محمود نے نہایت پھرتی سے اُٹھ کر پاس کی الماری سے ایک کتاب جس کی جلد چاندی کی سے پتری تھی۔ اُٹھائی اور نہایت ہوشیاری سے اپنے کوٹ کی جیب میں رکھ لی۔

خانصاحب عبدالرشید نہایت ہی تیز نگاہوں سے ان دونوں لڑکیوں کو دیکھ رہے تھے۔ مگر اپنے صاحبزادے کی اس حرکت پر اُن کو غصہ آگیا۔ اور چہرہ پر بغیر کسی قسم کا اثر ظاہر کئے آہستہ سے اپنے لڑکے سے کہا "بدمعاش! کتاب فوراً الماری میں رکھ۔" دونوں لڑکیوں کے واپس آنے سے پیشتر کتاب اپنی جگہ موجود تھی۔ مس ہیرا بائی نے

جمال رشید کے ہاتھ میں تصویر لا کر دی۔

جمال رشید تصویر دیکھ کر "یہ بے شک ہمارے کام کی چیز ہے۔ آپ کم سے کم اس کی قیمت کیا لیں گے"

ہیرا بائی "اس سے مجھ کو کوئی واسطہ نہیں۔ اس کے بارے میں آپ میرے والد سے گفتگو کر سکتے ہیں" رشید۔ "مناسب۔ مجھے بہت افسوس ہے کہ میں نے آپ کا قیمتی وقت ضائع کیا۔ اچھا! آداب عرض ہے" "آداب عرض" رشید اور محمود شیک ہینڈ کر کے رخصت ہوئے۔

گم شدہ تصویر

اب چونکہ چار کا وقت قریب آچلا تھا۔ اور سیٹھ جمشید جی وعدہ کر گئے تھے۔ کہ ٹھیک پانچ بجے آکر چائے پئیں گے مس ہیرا بائی اور فہمیدہ کھڑکی کے پاس جا کھڑی ہوئیں۔ اور نہایت بے صبری سے ان کا انتظار کرنے لگیں۔ دفعتہً فہمیدہ چونک پڑی اور آگے بڑھ کر نہایت غور سے دیکھنے لگی۔ اور پھر یکایک چلانے لگی۔ فہمیدہ "مس صاحبہ! وہ دیکھئے وہ!" ہیرا بائی "کیا ہے؟" فہمیدہ "وہ دیکھئے ایک سوار آرہا ہے! وہ۔ اس جانب!" ہیرا بائی "ہاں! اور بہت سرپٹ دوڑائے آرہا ہے" فہمیدہ "اہا! یہ تو سیٹھ جمشید جی ہیں" ہیرا بائی "کیا واقعی؟" فہمیدہ "یقیناً" ہیرا بائی "خیر! تو ٹھیک چائے کے وقت آپہنچے۔ ان کو معلوم ہے کہ مجھ کو انتظار سے کس قدر تکلیف ہوتی ہے۔ اور اس لئے وہ کہہ گئے تھے کہ ٹھیک پانچ بجے آؤں گا۔ چنانچہ دیکھئے وہ موجود ہیں" فہمیدہ "مگر پانچ بجے تک تو آنا غیر ممکن ہے۔ ان کو پورا پانچ طے کر کے آنا ہوگا۔ اس لئے کہ سامنے تو نہر ہے۔ اور کوئی سیدھا راستہ دوسرا ہے نہیں" ہیرا بائی "مگر اس کے باوجود وہ آتو سیدھے ہی رہے ہیں" یہ بات صحیح تھی اس لئے کہ جمشید جی سیٹھ سیدھے نہر کے سامنے گھوڑا دوڑائے آرہے تھے۔ انھوں نے سڑک چھوڑ دی تھی۔ اور اب نہر ان کے سامنے تھی۔ بیس سیکنڈ میں وہ نہر کے کنارے تک آپہنچے۔ اور جوں ہی انھوں نے گھوڑے کو ایڑ لگائی فہمیدہ نے آنکھیں بند کر لیں۔ مس ہیرا بائی "لو! وہ نہر کو کود بھی گئے۔ گھوڑا بھی تو نہایت لاجواب ہے یہ میرے والد نے خاص سو اشرفی میں خریدا تھا" فہمیدہ نے اطمینان کا سانس لیا۔ اور خوشی کے آنسو چھپانے کے لئے چائے کی پیالی میں دیکھنے لگی۔ نہر کودنے کے بعد سیٹھ جمشید جی کا آنا اور گھوڑا سائیس کے سپرد کرنے میں کچھ دیر نہ لگی

اس کی آنکھوں پر اب تک ایسا خمار چھایا ہوا تھا کہ اُس نے جمشید جی کو کمرہ میں داخل ہوتے ہوئے بھی نہ دیکھا۔ جمشید جی نے اپنی جیب سے گھڑی نکالی۔ اور مس ہیرا بائی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا "دیکھئے ٹھیک پانچ بجے ہیں۔ اور میں حسب وعدہ چاء کے وقت حاضر ہوں" یہ کہکر اُنھوں نے نہایت جوش سے مس ہیرا بائی کے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر ان کو ایک بوسہ دیا۔ مس ہیرا بائی اور جمشید جی چاء پر بیٹھ گئے۔ اور فہمیدہ پھر کارڈ لکھنے میں مصروف ہوگئی۔ مگر اس وقت اس کا دل کچھ اُچاٹ تھا۔ مس ہیرا بائی اس کی جانب پیٹھ کئے بیٹھی تھی۔ مگر سیٹھ جمشید جی اور وہ آمنے سامنے تھے۔ سیٹھ جمشید جی کا چہرہ سنجیدہ تھا۔ مگر اس وقت اس پر ایک رنگ آتا تھا۔ ایک جاتا تھا۔ بعض اوقات سیٹھ جی کی نگاہیں فہمیدہ سے چار ہو جاتی تھیں۔ مگر جوں ہی سیٹھ جی کی نظر پھرتی۔ فہمیدہ نہایت حریص نگاہوں سے ان کی جانب دیکھنے لگتی۔ سیٹھ جمشید چاء پی کر فارغ ہوئے تو اُنھوں نے جیب سے ایک مراکو کی ساخت کا نہایت خوبصورت کیس نکالا۔ اور کہا "تقریباً تین یوم سے میں نے آپ کو کوئی تحفہ نہیں دیا ہے۔ یہ کہکر اُنھوں نے کیس کھولا۔ اور ایک بیش بہا موتیوں کا ہار نکال کر مس صاحبہ کی نظر کیا۔

مس ہیرا بائی ہار کو دیکھ کر بہت خوش ہوئی۔ اور تعریف کی تائید کے لئے فہمیدہ کو دکھایا۔ اور پھر گلے میں پہن کر قدِ آدم آئینے کے سامنے جا کھڑی ہوئیں۔ نفس الامر یہ ہے کہ یہ ہار مس ہیرا بائی پر بالکل نہ پھبا نہ اُن کے رنگ کو موتیوں کی چمک دوبالا ہوئی۔ نہ درخشاں موتیوں نے ان کے حسن کو چمکایا۔ البتہ اگر یہ ہار فہمیدہ کی نازک گردن میں ہوتا۔ تو فہمیدہ تو کیا کچھ موتیوں کی ہی ضو فگنی میں اضافہ ہو جاتا۔

ہیرا بائی خود آرائی سے فارغ ہو کر واپس آئیں۔ ان کو خیال بھی نہ ہو سکتا تھا۔ کہ اس قدر قیمتی ہار سے بھی ان کے حسن میں کچھ اضافہ نہ ہو۔

جمشید جی "اُفوہ! اس قدر خطوط! کیا یہ سب شادی کے خطوط ہیں؟"

ہیرا بائی "ابھی تو صرف [illegible] لکھے جا چکے ہیں"

سیٹھ جی "اور [illegible] میں [illegible] حروف ہیں۔ تو آپ گویا دنیا بھر کو [illegible] ہیں"

ہیرا بائی "کیوں کیسا شاندار جشن ہوگا۔ ہزاروں آدمی ہوں گے۔ مجھے خوب [illegible]"

جمشید جی "اگر میں آپ کی جگہ ہوتا تو نہایت [illegible] اہتمام کرتا۔ تاکہ [illegible]

ہیرا بائی "لوگ اپنی فکر خود کریں گے۔ اگر کسی کے چوٹ آ بھی گئی۔ تو یا دیکھ خوب کرے گا؟"

جمشید جی کے چہرہ سے ایک حقارت نما تعجب ظاہر ہوا۔ مگر وہ کچھ سوچ کر فہمیدہ کی جانب متوجہ ہوا اور کہنے لگا "آؤ۔ پیانو تو سنتا ہوں۔ میں نے کل تم کو پیانو پر گاتے سنا تھا۔ تم سے اچھا پیانو کوئی نہیں بجاتا۔"

مس ہیرا بائی "نہیں اس وقت نہیں۔ فہمیدہ کو اور کام کرنے ہیں۔"

جمشید نے ہنس کر کہا "صرف پانچ منٹ کے لئے۔" ہیرا بائی "خیر! مگر ہم کو تم سے ایک نہایت ضروری معاملہ میں گفتگو کرنی ہے۔" سیٹھ "اور مجھ کو بھی تم سے ایک خاص بات کہنی ہے۔ میرے پاس تمہاری اور فہمیدہ کی تصویر جو پہلی مرتبہ کھینچی تھی موجود ہے۔"

ہیرا بائی "اوہو! یہ بھی کوئی خاص بات ہے۔" جمشید جی "تمام معمولی باتوں کی طرح یہ بھی نہایت اہم ہے۔ دیکھو کتنی عمدہ تصویر ہے۔" یہ کہکر جمشید جی جیب سے تصویر نکال کر دکھانے لگے۔

ہیرا بائی "آپ اسے عمدہ کہتے ہیں۔ ہمارے چہرے تو دیکھئے۔ کیسے ڈراؤنے معلوم ہوتے ہیں۔"

سیٹھ "منہ تو آپ دونوں بیشک بنائے ہوئے ہیں۔ مگر چہرے ڈراؤنے قطعاً نہیں۔ مس فہمیدہ! آپ فیصلہ کیجئے۔ اچھا! چہروں کو چھوڑ دیجئے۔ اور چیزیں دیکھئے۔ مثلاً اسکارف۔"

مس ہیرا بائی کو اب تاب نہ رہی اور کہہ اٹھی "پیارے جمشید! آپ بعض وقت کیسی فضول باتیں شروع کر دیتے ہیں۔"

سیٹھ "معاف کرنا! پیاری بالکل بھول گیا۔ کہ آپ کو مجھ سے کسی نہایت ضروری معاملہ پر گفتگو کرنی ہے۔"

یہ کہکر جمشید جی نے فہمیدہ سے تصویر لے کر احتیاط سے اپنی جیب میں رکھ لی۔ اور ہیرا بائی کی جانب متوجہ ہوا

ہیرا بائی "بمبئی سے ہماری پرانی خادمہ زہرا بائی نے ٹیلیفون پر اطلاع دی ہے۔ کہ آپ کے احباب نے ایک کاغذ تحفہ کا چاقو اور ایک قلمدان تحفہ بھیجا ہے۔" "بہت خوب!" جمشید جی نے یہ الفاظ اس قدر چلا کر کہے کہ وہ دونوں اچھل پڑیں۔ "ہیرا بائی" اور ایک موتیوں کا گلوبند بھی!"

[illegible] جمشید جی نے پھر بلند آواز سے کہا۔ ہیرا بائی "جمشید جی! آپ بھی بعض اوقات کیسی کیسی باتیں کرتے ہیں۔ آپ سے کہتی ہوں کہ ایک چاقو تحفہ میں آیا ہے۔ آپ تعریف کرنے لگے ہیں۔ آپ کیا

چلتا ہے کہ ایک موتیوں کا گلوبند بھی ہے۔ آپ خوشی کے مارے پھولے نہیں سماتے کیا آپ کو قیمتوں کا کچھ اندازہ بھی نہیں"

سیٹھ "پیاری معاف کرنا! مگر موتیوں کا گلوبند تو آپ کے والد صاحب کے ایک دوست نے بھیجا ہے" ہیرا بائی "ہاں! ہاں! تو پھر"

سیٹھ جمشید "مگر چاقو اور قلمدان میرے دوستوں نے بھیجا ہوگا" ہیرا بائی "ہاں! ہاں! تو پھر"

سیٹھ "پھر کچھ نہیں! برابر برابر ہو گیا۔ اب تم کو شکایت کی کوئی وجہ نہیں"

اس جواب سے مس ہیرا بائی خشمگیں ہو گئیں۔ اور کہنے لگیں "آپ کو میری ذرہ برابر پرواہ نہیں"

سیٹھ "مگر میں آپ کی پرستش کرتا ہوں" مس ہیرا بائی اُٹھ کھڑی ہوئیں۔ اور کھڑکی کے پاس جا کر باہر کی جانب دیکھنے لگیں۔ سیٹھ جمشید جی ہال میں ٹہلنے لگے۔ اور اپنے بزرگوں کی تصاویر کو جو ہال کی دیواروں پر آویزاں تھیں۔ دیکھتے رہے۔ فہمیدہ اپنے کام میں مصروف تھی۔ اور کبھی کبھی نگاہ اُٹھا کر جمشید جی کو دیکھنے لگتی۔ جب کبھی ان کی نظر اُس سے دوچار ہوتی۔ وہ مسکرا دیتے۔ مس ہیرا بائی اس جانب سے پشت کئے بیٹھی تھی۔ اور گویا اس طرح اپنی ناراضگی کا اظہار کر رہی تھی جمشید جی کی نگاہ تصاویر دیکھتے دیکھتے ایک ایسی جگہ پر پڑی جہاں تصویر کے بجائے صرف ایک کپڑا پڑا ہوا تھا۔ خالی جگہ دیکھ کر سیٹھ جی بہت متحیر ہوئے۔ اور بولے "میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ نے میرے بزرگوں کی تصاویر تو یہاں گھورنے کے لئے رہنے دیں۔ اور میرا نہایت نفیس فوٹو علیحدہ کر دیا ہے"

مس ہیرا بائی کھڑکی کے پاس سے ٹوٹ پڑیں۔ اور فہمیدہ لفافہ لکھتے لکھتے رک گئی۔ اور دونوں نہایت تعجب سے جمشید جی کو دیکھنے لگیں۔ سیٹھ "یہاں جس جگہ کپڑا لٹک رہا ہے۔ یقینی طور پر میری تصویر تھی آپ نے اس کا کیا حشر کیا" ہیرا بائی "آپ نے ہم سے پھر مذاق شروع کیا"

فہمیدہ "یقیناً سیٹھ جی آپ کو معلوم ہوگا کہ تصویر کا کیا واقعہ ہوا"

ہیرا بائی "ہم نے تو آپ کو اس واقعہ کی جس کو اب تین سال کا عرصہ ہوا تفصیلی اطلاعات لکھ کر روانہ کر دی تھیں اور اخبارات بھی بھیج دیئے تھے۔ کیا وہ آپ تک نہیں پہنچے"

سیٹھ "مجھ کو قطعاً خبر نہیں۔ اور تین سال اُدھر تو میں جنوبی افریقہ میں تھا۔ اور لوگوں کو میری کچھ خبر ہی نہ تھی"

ہیرا بائی "گریاں سے جمشید! یہ بھی ایک نہایت ہی عجیب واقعہ تھا۔ تمام بمبئی میں اس کا چرچہ تھا۔ آپ کی تصویر چوری گئی تھی" سیٹھ "چوری! کس نے چرائی تھی!"

ہیرا بائی دیوار کے پاس خالی جگہ کے قریب جا کھڑی ہوئیں اور بولیں "میں آپ کو دکھاتی ہوں" اور یہ کہکر کپڑا اٹھایا۔ جس جگہ تصویر لٹکتی تھی۔ وہاں کھریا سے نہایت جلی الفاظ میں لکھا تھا۔

"یعقوب"

ہیرا بائی "دیکھا! آپ نے کس کا نام ہے؟" "یعقوب" سیٹھ جمشید جی نے نہایت حیرت سے نام دہرایا فہمیدہ "معلوم ہوتا ہے چور آپ کے دستخط کر گیا ہے؟"

سیٹھ "مگر یہ ہے کون شخص؟" ہیرا بائی نے نہایت بے صبری سے کہا "یعقوب! کیا آپ واقعی یعقوب کو نہیں جانتے؟" سیٹھ "مجھے اس نام کا خیال تک نہیں"

ہیرا بائی "کیا آپ فی الحقیقت یعقوب سے ناواقف ہیں۔ یہ ہندوستان کا نہایت ہی نام آور اور دلیر ڈاکو ہے جس نے گزشتہ دس سال میں ہندوستان کے مشہور سراغ رسانوں کو..... جن کی قابلیت شہرۂ آفاق اور مسلّمہ ہے۔ نیچا دکھایا ہے"

سیٹھ "ہاں! میں نے اس کو کبھی اپنے یہاں مدعو تو کیا نہیں۔ مگر یہ تو بتائیے کہ وہ ہے کس شکل و شباہت کا آدمی؟" ہیرا بائی "یہ بات کوئی بھی نہیں بتا سکتا۔ وہ ہزار کا بھیس بدل سکتا ہے۔ بس یوں سمجھ لیجئے کہ دو مرتبہ گورنر کے ساتھ ڈنر بھی کھا چکا ہے"

سیٹھ نے حیران ہو کر دریافت کیا "مگر اگر کوئی شخص اس کو پہچان نہیں سکتا۔ تو لوگوں کو یہ کیسے معلوم ہوا کہ یہ سب یعقوب ہی کے کارنامے ہیں؟"

ہیرا بائی "معلوم یوں ہوا کہ دوسری دعوت کے بعد مہمان غائب تھا۔ اور اس کے ساتھ ہزار کے جواہرات بھی" سیٹھ "تمام جواہرات؟"

ہیرا بائی "تمام۔ اور آخری ایک کارڈ بھی وہیں پر یعقوب کے دستخط تھے۔ اور لکھا تھا یہ چوری نہیں ہے

بلکہ واپسی ہے۔ اس لئے کہ ہندوستان کا مال ہندوستان ہی میں رہنا چاہیئے۔"

سیٹھ "مگر اس کے یہ الفاظ تو بناوٹی معلوم ہوتے ہیں۔"

فہمیدہ نے جوش میں آکر کہا "نہیں! جمشید جی! یہ بات نہیں ہے۔ آپ نے نیشنل بنک کی چوری کا حال سنا ہوگا۔ یعقوب نے وہ روپیہ غربا میں تقسیم کر دیا۔"

سیٹھ "یہ اس بنک کا تو ذکر نہیں۔ جس کے ڈائرکٹر نے غربا سے دونا دون کا سود لے کر روپیہ کمایا تھا اور نیشنل بنک کے نام سے ایک بنک کھلوایا تھا۔"

فہمیدہ۔ "جی ہاں! اسی کا۔ اور یعقوب نے یہ کیا کہ سیف توڑ کر ایک ایک پائی نکال لی۔ اور پیسہ انھیں غربا میں تقسیم کیا۔ جن سے سود لے کر یہ ڈائرکٹر امیر کبیر بن گیا تھا۔"

سیٹھ "تو یہ چور کا کام نہیں۔ اس کو تو ملک کا بہی خواہ کہنا چاہیئے۔"

ہیرا بائی۔ "جی ہاں! بڑے بہی خواہِ قوم! ابا جان کو لوٹنے میں تو اس نے قوم کی بہی خواہی کی تھی۔ کیوں صاحب؟" سیٹھ۔ "اگر اس واقعہ پر غور کیا جائے۔ تو بنک کی چوری اس قومی قزاق کے شایانِ شان تھی۔ میری تصویر کی اس قدر وقعت نہیں ہو سکتی کہ یعقوب اس کو چرانے آیا۔"

ہیرا بائی۔ "اگر آپ کا یہ خیال ہے کہ وہ آپ کی تصویر چرانے آیا تھا۔ تو آپ غلطی پر ہیں۔ وہ میرے والد کی تصاویر کا تمام ذخیرہ لے گیا۔" سیٹھ۔ "آپ کے والد کی تصاویر کا ذخیرہ! ان کی تو اتنی حفاظت ہوتی تھی۔ جتنی کہ امپیریل بنک کی بھی نہیں ہوتی۔ آپ کے والد تو اس کی اس قدر فکر کرتے تھے۔ جس قدر کوئی اپنی آنکھ کی بھی نہیں کرتا۔" ہیرا بائی "اس حفاظت ہی کا تو یہ نتیجہ ہوا کہ یعقوب ان کو لے اڑا۔" سیٹھ۔ "یہ نہایت دلچسپ واقعہ ہے۔" یہ کہکر سیٹھ اٹھ کر کوچ پر جا بیٹھے اور بولے "معلوم ہوتا ہے کہ یہاں پر اس کا کوئی رازدار بھی ضرور ہوگا۔"

ہیرا بائی۔ "ہاں! ایک رازدار تو ضرور تھا۔" سیٹھ۔ "وہ کون؟" "ابا جان۔" ہیرا بائی نے جواب دیا۔

سیٹھ۔ "کیوں! مذاق کرتی ہو؟ سچ بتاؤ تمہارا کیا مطلب ہے؟" ہیرا بائی "میں آپ کو سب سنائے دیتی ہوں۔ ایک صبح ابا جان کو خط ملا۔ ٹھہریئے میں آپ کو خط ہی دکھائے دیتی ہوں۔ فہمیدہ! الماری میں سے یعقوب کے متعلق جو کاغذات ہیں۔ مجھے نکال دینا۔" فہمیدہ اٹھی اور ایک [illegible]

ان میں سے کچھ کاغذات نکال لائی۔ اور سیٹھ کے ہاتھ میں دیدیئے۔ فہمیدہ نے ایک خط کی طرف اشارہ کیا اور کہا: "یہ لفافہ ہے جو شاہ پور جی جمشید منزل پونا کے پتے پر بھیجا گیا تھا۔"

سیٹھ نے لفافہ سے خط نکالا۔ اور تحریر پر نظر ڈال کر بولے: "عجیب قسم کی تحریر ہے!"

ہیرا بائی: "اس کو غور سے پڑھئے۔" یہ ایک غیر معمولی طرز کی تحریر تھی الفاظ تھے مگر خوشنما اور اُن سے معلوم ہوتا تھا کہ صاحبِ تحریر کو اپنے خیالات کے مختصر مگر نہایت واضح الفاظ میں اظہار کرنے کی پوری قدرت حاصل ہے۔ خط حسب ذیل تھا:

مہربان محترم

مجھے امید ہے کہ جناب میری اس جسارت کو کہ میں آپ سے بغیر تعارف حاصل کئے آپ کی خدمت میں یہ تحریر روانہ کر رہا ہوں۔ معاف فرمائیں گے۔ مگر مجھے اس امر سے مسرت ہے کہ کوئی ذاتی ..... مگر میرے نام سے جناب ضرور واقف ہیں۔ جناب کے ہال کے پاس والے ڈرائنگ روم میں جو تصاویر کا ذخیرہ آویزاں ہے۔ اُس کے نظارہ سے مجھے بے حد مسرت ہوتی ہے۔ اس کے پاس والے کمرہ میں آپ کی نایاب گھڑی جس میں ایک آدمی گھنٹہ بجتے وقت گھڑی سے برآمد ہوتا ہے۔ اور بلند آواز سے وقت بتاتا ہے۔ نیز وہ طلائی پرند جس کے پروں کی جنبش سے کمرہ معطر ہو جاتا ہے کچھ کم دل آویز نہیں۔ مگر میرے لئے ان سب سے زائد کشش اس تاج میں ہے۔ جو آپ نے سیٹھ فریدوں جی کی وفات پر ان کے ورثا سے خرید کیا تھا۔ مجھے اس تاج سے دلچسپی اول تو اس وجہ سے ہے کہ اس کے دیکھنے سے ایک شاعرانہ خیال والے تاریخ کے شائق کے دل میں اس کے سابق مالک کے ایام عدل کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔ اس کی دوسری کشش گو اس کا اظہار کچھ نامناسب سا معلوم ہوتا ہے۔ اس تاج کی قیمت ہے۔ میری رائے میں اس تاج کے جواہرات کم از کم دس لاکھ کی قیمت کے ہیں۔ لہٰذا التماس ہے کہ جناب ان مختلف اشیاء کو جن کا ذکر میں اوپر کر چکا ہوں نہایت حفاظت سے پیک فرما کر اور ریل کا محصول پیشگی ادا کر کے جام نگر اسٹیشن کو فوراً روانہ فرما دیجئے۔ ورنہ بروز پنجشنبہ ۷ اگست مجھ کو خود حاضر ہونا پڑے گا۔

مجھے امید ہے کہ جناب اس تکلیف دہ کے معاف فرمائیں گے۔ آپ کا مخلص یعقوب

نوٹ۔ مجھے ابھی خیال آیا کہ بعض تصاویر میں شیشے نہیں ہیں۔ براہ کرم اُن تصاویر کو اشتوں پر نظر ڈال کر ضروری درستی کرا دیجئے۔ مجھے امید ہے کہ جناب میری خاطر یہ تکلیف گوارا فرمائیں گے۔ مجھے بعض ماہرین تصاویر کی رائے ہے کہ تصویر کی دلاویزی بہت کچھ اس پر شیشہ لگانے سے جاتی رہتی ہے۔ مگر اس سے حفاظت ہو جاتی ہے۔ اور تصویر اس سے خراب نہیں ہونے پاتی۔ اور ہندوستان ہم سے اس امر کا طالب ہے کہ ہم اپنی خواہشات کا ایثار کر کے آیندہ نسلوں کے واسطے تاریخی اشیاء کو محفوظ و برقرار رکھیں۔ یعقوب

سیٹھ جی خط کا مطالعہ کر کے ہنس پڑے۔ اور بولے "عجب مذاق ہے۔ آپ کے ابا جان کو بھی اس پر ہنسی آ گئی ہو گی"

میرا بائی "ہنسی! آپ نے ان کا چہرہ اس وقت دیکھا ہوتا۔ تو آپ یہ نہ کہتے۔ وہ بہت فکرمند ہو گئے تھے"

سیٹھ "اس حد تک تو نہیں کہ ان اشیاء کو پارسل میں روانہ کرنے کا ارادہ کر لیا ہو"

شمع

از محترمہ پنہاں صاحبہ بریلوی

اے نگارِ شام اے سرمایۂ حسن و جمال
اے عروسِ ناز شب اے شاہدِ زرّیں خیال

شعلۂ برق طپاں افسانۂ طور و کلیم
عکسِ تنویرِ تجلی تابشِ حسنِ حریم

اے شعاعِ ضوئے نیّرِ تازشِ حسنِ قمر
آئینہ دارِ ضیا تابانیٔ ذوقِ نظر

فتنۂ گل ہائے رنگیں جلوۂ رنگِ چمن
اے ضیائے بزمِ زرّیں صدرِ تازہ انجمن

اے فروغِ برقِ ایمن در حریمِ مہوشاں
اے سکون افروز و تسکین بخشِ قلبِ عاشقاں

ہمدمِ شب ہائے محزوں محرمِ شامِ الم
اے شریکِ حسرتِ خوں نابہ بارِ چشمِ نم

اے پیامِ سوز اے افسانۂ برق و شرر
سوختہ جاں شعلہ ساماں آتش افزا سر بسر

در جگر ہر لحظہ داری نوکِ نیش بے قرار
ہر نفس در سینۂ سوزاں سنانِ جاں فگار

برق وش ہر لحظہ بیتاب ست قلبِ شعلہ زا
می طپد سیماب آسا سینۂ سوزش فزا

چشمِ حیراں سوز آرا از شرارِ جاں گداز
نوکِ مژگاں می چکد پیہم سرشکِ شعلہ ساز

در دلت پنہاں شرارِ آتشِ عشقِ طپاں
شعلۂ سوزِ محبت در جگر داری نہاں

ہر نفس از شعلۂ الفت طپد قلبِ حزیں
چشمِ سوزاں می چکد خونِ دلِ سوز آفریں

جلوۂ حسنِ حقیقی در دلِ خود داشتی
واقفِ سرِّ وفا اے شمعِ سوز افزا توئی

از خموشی ز آتشِ الفت تو می سوزی چناں
زینہار آید نہ از لب ہائے تو آہ و فغاں

می شوی از جلوۂ محبوب خود خاکستری
بر نمی آید صدائے از لبت جز خامشی

ہر نفس داری دفاقِ شوق در قلبِ نیاز
می دہی سر را و می داری سرِ دیگر نیاز

در نگاهت هست پنهان جلوهٔ حیرانِ ناز
در جبینت هست خنداں تابش سوزِ نیاز

از تبسم راز حسن و ناز عریاں کردهٔ
از طپش چشم نیاز عشق حیراں کردهٔ

چشم تو سوزد ز سوز حسن از شب تا سحر
می نماید لیک لب با خندهٔ تابش اثر

سرِّ خاموشِ وفا آموختی پروانه را
محرم رازِ محبت کردهٔ دیوانه را

ہاں پتنگِ بے زباں را ہمدم خود ساختی
ذوقِ عشقِ کرمکِ بے مایه را افراختی

کن مرا تعلیم اسرارِ وفائے پاکباز
مضطرب چوں شعلهٔ مضطر شود چشم نیاز

چوں تو پنہاں ہم بسوزد ز آتشِ جان سوزِ عشق
چشم او مخمور از کیفِ سرورِ افروزِ عشق

پنہاں

مغالطہ!

بحسنش غایتے دارد، نہ سعدی را سخن پایاں

نان کو اپریشن کے مانند مغالطہ بھی ایک کیفیت دماغی ہے اور ممکن ہے یہی سبب ہو کہ نان کو اپریشن اور مغالطہ دونوں اب تک کسی منطقی یا نفسیاتی تعریف کے متحمل نہ ہو سکے۔ نظر بران نان کو اپریشن کو ایک حد تک وسیع پیمانہ پر مغالطہ اور مغالطہ کو محدود پیمانہ پر نان کو اپریشن قرار دے سکتے ہیں۔ لیکن جس طور پر نان کو اپریشن کے مختلف پہلو اور مختلف اقسام تھے اسی طور پر مغالطہ بھی مختلف النوع اور مختلف الجہات ہے۔

میں نے مغالطہ کے ریسرچ (تفتیش و تحقیق) پر اپنے فرصت کے اتنے ہی لمحات صرف کئے ہیں جتنے تاریخ کے دشمن لیکن تاریخی واقعات کے شیدائی سے توقع کیا سکتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ خالی دماغ شیطان کا کارخانہ بن جاتا ہے یہ ایک طور پر "عضوی" جغرافیہ کی ایک سنگین غلطی ہے جسے مرور ایام نے دلچسپ بنا دیا ہے۔ حقیقت یہ نہیں ہے کہ جب دماغ خالی ہوتا ہے تو اس میں وساوس شیطانی دخل پا جاتے ہیں۔ وساوس شیطانی کا تعلق صرف شکم سے ہے۔ معدہ خالی ہو یا پر شیطانی ذریات ہر وقت دماغ کی طرف صعود کرتے رہتے ہیں۔ اسی بنا پر ہر بھلے مانس کو شکم سیر افطار اور گرسنہ اشراف سے گریز کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جن کی شیطانی ذریات کبھی انفرہ کبھی ریاح، کبھی مزدور اور کبھی سرمایہ دار کی صورت میں جلوہ گر ہو کر [illegible] ایسی حکومتوں کو جن کا قیام قانون اور امن کی ماتحت عمل میں آیا ہو ستاتی رہتی ہیں۔ اور گو حکومت کا سر ریاح اور منتقی دماغ اور دیات مارشل لا اور دفعہ ۱۴۴ الف سے ان کا مداوا کرتی رہتی ہے یہ قوم ایسی بد پرہیز مغام گوش" اور بد [illegible] واقع ہوئی ہے کہ ایک پیش نہیں جاتی۔ چنانچہ نوبت یہاں تک پہنچ گئی ہے کہ اب تک قدیم الایام سے جو ضرب المثل سمجھ چلی آتی تھی یعنی سایہ کو اسی قسم کی نگراں جماعت ملتی ہے جس کی وہ مستحق ہوتی ہے اب بالکل بدل گئی ہے یعنی ہر حکومت کو اسی قسم کی رعایا ملتی ہے جس کی وہ سزاوار ہوتی ہے۔

[illegible]

تھا، فرق صرف یہ ہے کہ ان کے گھوڑے پر شیطان سوار ہو کر جنت سے نکلا تھا اور میری تحقیقات سے یہ نتیجہ برآمد ہوا ہے کہ مغالطہ خود شیطان پر سوار ہو کر دنیا میں آیا۔ یاد آیا میکہ! یہ وہی زمانہ تھا جب فرشتوں کو حکم دیا گیا کہ وہ آدم کو سجدہ کریں، حضرت ابلیس کو خاکی اور آتشی کا مغالطہ لگا اور فرشتوں کی جماعت سے نکل کر خدا جانے کہاں کہاں بھٹکتے رہے بالآخر "جنت نشان" ہندوستان آگئے، سنا گیا ہے کہ اس زمانہ میں ناخواندہ مہمان کی آمد پر سخت احتجاج کیا گیا یعنی "شیطان چلے جاؤ" "شیطان چلے جاؤ" لیکن ان کے استقلال میں فرق نہ آیا اور از آدم تا ایندم موجود ہیں۔

یہ تو شیطان کا تاریخی پہلو تھا لیکن اس کا نفسیاتی پہلو کبھی دلچسپی سے خالی نہیں ہے۔ مشیت الٰہی نے جب تکوین خلائق و اشیا کی تو یہ ضروری ہوا کہ اس نیرنگ خانہ کو ایسی حیثیت دیجائے جس میں ایک طرف مبدء اعلیٰ کا شوکت آفرین، عسیر الفہم، لاہوتی تخیل نہ نائل ہونے پائے اور دوسرے طرف ناسوت کی گریز پا اور رنگین آویزشیں اور لغزشیں بھی کارفرما رہیں۔ انسان کو اگر صرف انسان ہی بنانا یا رکھنا مقصود ہوتا تو پھر ملائک کی خشک اور غیر دلچسپ جماعت غیر ضروری ہو جاتی اس لئے انسانوں کی جماعت میں "غیر سرکاری" عنصر (اہرمن) کا اضافہ کیا گیا۔ ابلیس "وہاں" کے "نکالے ہوؤں" میں تھا اس کو بڑی دور کی نسبت تھی پھر اس کے لیے کیا مشکل تھا، وہ لاہوتی حقیقتوں کو ناسوتی کرشموں میں بے نقاب کرنے لگا۔ اس نے انسان کے کمزور پہلو یعنی عقل و دماغ پر اپنا تسلط بٹھایا اور اس کے سب سے مضبوط پہلو روح اور قلب کو اپنے حریفوں کے لیے چھوڑ دیا۔ وہ جانتا تھا کہ انسان اپنے کمزور پہلو کو اپنے کمزور بچے کے مانند زیادہ عزیز رکھتا ہے لیکن اس کا قائل نہیں ہوتا اور محض اس لئے کہ وہ قائل ہونا گوارا نہیں کرتا۔ اس کو یہ بھی معلوم تھا کہ زنجیر کی تمام تر استواری کا مدار زنجیر کے کمزور ترین حلقہ پر ہوتا ہے، اس لیے ذہن و دماغ سے زیادہ بہتر اور موزوں میدان اس کے جولانگاہ کے لیے نہیں ہو سکتا تھا۔ پھر اس کے کارفرمائی کے مظاہر اور مظاہرے آپ خود ہی دیکھتے رہتے ہیں، حریم ملت میں حسن و عشق کی جلوہ فروشیاں دیکھئے اور انگورا میں رہ لئے خلافت کی دھجیاں، مہاتما گاندھی کی لنگوٹی دیکھئے اور گی نمنٹ کا پھاگ کھیلنا دیکھئے اور . . . . . اور . . . "جھانسی کی رانی دیکھو . . . . . اور دیکھو دیکھو تم ہلوان دیکھو . . . . . الخ

نفسیات اور الٰہیات کے اس قسم کے مسائل بیان کرتے کرتے آپ "اپنی تاریخ" کے متعلق بتانے لگے تھے

اگر ان سے بہتر اور عجیب تر مسائل بیان کرنے کا ہم کو بھی مغالطہ ہوا ہو۔ چنانچہ ناظرین یہ نہ سمجھ لیں کہ ان کے مشتبہ یا مبہم خطاب "منکر یا بھر" کا ہمکو علم نہیں ہوا، حالانکہ یہ سمجھ لینا بھی ایک قسم کا مغالطہ ہے اور یہ تو یقینی طور پر مغالطہ ہے کہ آپ اپنی حماقت کا اقرار کر کے عقلا کے زمرہ میں داخل ہو جائیں گے۔ حماقت ایک مستقل فن ہے، جس طور پر "ایک بار دو بار" میں ہمیشہ کے لئے فری میسن "ضرب الامثال میں داخل ہو گیا ہے اسی طور پر "ایکبار احمق ہمیشہ کے لئے احمق" بھی زبان زد ہے۔

یہاں تک مغالطہ یا شیطنت یا بقول بعض آقایان ملت جو ان کے بہترین مفسر یا علمدار سمجھے جاتے ہیں، طاغوتیت کا ایک "طائرانہ" یا "اشترانہ" جائزہ تھا، اب دیکھنا یہ ہے کہ دنیائے عمل میں اس کی کیا کیا کرشمہ کاریاں ہیں۔ مغالطہ ایک قسم کی گمراہی ہے جس میں مبتلا ہو کر انسان کچھ ایسا محسوس کرنے لگتا ہے اور محسوس کرنے سے زیادہ محسوس کرنے کی کوشش کرتا ہے کہ اس خاص صفت میں اللہ میاں تو اس کے چپکے چپکے احسانمند ہو ہی رہے ہیں، ساری دنیا فرط رشک و رقابت سے رفتہ رفتہ جل کر تباہ ہو جائے گی یا اسے تباہ ہو جانا چاہئے۔ اگر اس کے پاس دولت ہے تو وہ یہ سمجھتا ہے کہ اس نعمت کا موجد اور مورد دنیا میں اب تک صرف وہی رہا ہے اور یہی نہیں بلکہ جو لوگ اس سے محروم ہیں وہ یا تو عنقریب "ہذا ربی" کہکر اس کے قدموں پر گر پڑیں گے یا پھر وہ خود کلکٹر صاحب کے قدموں پر گر کر اس کو جیل خانہ بھجوا دے گا، لطف یہ ہے کہ دونوں قدموں پر گرتے ہیں اور دونوں کامیابی سے دور رہتے ہیں، ایک اس فعل کو اس لئے اختیار کرتا ہے کہ اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کی طاقت نہیں ہوتی، دوسرا اس لئے گرتا ہے کہ اس کے بازوؤں میں سکت نہیں ہوتی!

دولت کا مغالطہ اپنی بوقلموں حیثیات کے اعتبار سے عجیب و غریب ہے۔ ہر دولت مند اپنے آپ کو سب سے زیادہ طاقتور، سب سے زیادہ باعزت سب سے ——— زیادہ مہذب، سب سے زیادہ متقی۔ سب سے بڑا عقلمند۔ سب سے زیادہ قوم پرست، سب سے زیادہ متقی، سب سے زیادہ وفادار ——— "برٹش سبجکٹ" اور آہا ہا ——— ——— سب سے زیادہ تعلیمیافتہ سمجھتا ہے۔

اس کے نزدیک یہ تمام صفات تک مستقل ہیں، دو دو چار چار بلکہ روپے ہر روپیہ کے کر دیئے، اس

کی آمدنی اور سود سے اس کی سعادتوں میں دن رات اضافہ ہوتا رہتا ہے اس کا مطلب ہے کہ افلاطون، ارسطو، ابن رشد، ابوریحان بیرونی، لوتھر، نپولین، سکالے، گوئٹے، آئن اسٹائن، مہاتما گاندھی اور امریکن یونیورسٹی کیمبرج ان سب کے مورث اعلیٰ نیک ہیں اتنی دولت جمع کر گئے تھے کہ ان بزرگوں کو ساری سعادت اور بہرہ مندی بطور ورثہ اسی کے سود سے حاصل ہوئی تھی۔ حالانکہ خود اسے جو نام نہاد سعادت یا رفعت حاصل ہے اس کی تحقیق خود اپنے نظریے سے کرنے سے ہمیشہ گریز کرتا ہے اور اگر کوئی دوسرا اس نیک کام کے لئے اپنی خدمات پیش کرے تو بگڑتا ہے اور عدالتی چارہ جوئی کی دھمکی دیتا ہے۔ لیکن لطف یہ ہے کہ دوسرا عدالتی چارہ جوئی پر آمادہ ہو جائے تو اسے اپنی دولت کا تھوڑا بہت شریک کر کے خاموش کر دیتا ہے!

وہ دولت کا غلام بنکر غیر دولت مندوں پر حکومت کرنا چاہتا ہے اور یہی اس کے مغالطہ کا سب سے دردناک پہلو ہے۔ وہ جتنا جاہل ہوگا اتنا ہی عالموں سے علم و فضل کی باتیں کرے گا اور وہ بھی اس طور پر گویا اس کے مخاطب ان جواہر پارے سے اتنا ہی ناآشنا تھے جتنا مس میو ہندوستان سے وہ ہر فن کے ماہرین سے اس طور پر گفتگو کرے گا گویا وہ ان فنون کا خود امام رہ چکا ہے لیکن اب بربنائے ایثار اس فن کو دوسروں کے کھانے کمانے کے لئے ترک کر چکا ہے۔ اس فرقہ میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو ماہرین علم و فن سے اس فروتنی اور فتادگی کے ساتھ پیش آئیں گے گویا اپنے مخاطب کو "نعوذ باللہ" کلکٹر صاحب سمجھتے ہیں، "میں تو آپ کے خاک پا کے برابر ہوں، آپ کا فرمانا سر آنکھوں پر بے شک لاریب، آپ ملک و قوم کے لئے باعث نازش ہیں۔ ہائے ہماری شامت، خدا اس قوم پر رحم کرے، مسلمانی در کتاب و مسلمانان در گور" وغیرہ وغیرہ لیکن یہ سب اس انداز سے گویا وہ آپ کو دنیا کا سب سے بڑا احمق ہی نہیں سمجھتا بلکہ تمام دنیا آپ کو ایسا ہی سمجھتی ہے۔ کبھی کبھی یہ حرکات محض اس بنا پر بھی ہونگے کہ دنیا یہ سمجھ لے کہ وہ صاحبان علم و فن کا عربی اور سرپرست ہے اور اکبر و بکر ماہیت کے حمد کو از سر نو بیدار کرنے کے لئے اتنا ہی مضطرب ہے جتنا ہندو سبھا اور جمعیت العلما ہندوستان کو حکومت خود اختیاری دلانے کے لئے دست بدعا یا دست و گریباں ہیں۔ آپ سے [illegible] کام نکلتا ہو تو وہ آپ پر یہ ثابت کرنے کی کوشش کرے گا کہ اب ایک وقت اس کے بھائی، باپ یا [illegible] کلکٹر صاحب تو خیر نہیں کلکٹر صاحب کے چپراسی یا پیشکار ہیں اور مشکل [illegible] باوجود اس کے کہ آپ [illegible] سب [illegible] انگریزی [illegible] ہندوستانی [illegible]

[illegible] آپ ہیں اور وہی
آپ کے [illegible] کی [illegible] کی تالیاں [illegible] کی [illegible] اور [illegible]

جس طور پر حکومت ہند کو آئی سی ایس نے مغالطہ میں مبتلا کر رکھا ہے اسی طور پر طبقہ رؤسا کو مصاحبین اور توسلین نے گمراہ کر رکھا ہے۔ حکومت ہند نے طبقہ آئی سی ایس کو اپنا ہاتھ پاؤں ہی نہیں بلکہ عقل و دماغ قرار دیا ہے اور دوسری طرف رؤسا کے مصاحبین ہیں جو ان کے ہاتھ پاؤں ہی نہیں بلکہ اور اعضائے رئیسہ کا بھی کام دیتے ہیں۔ یہ مصاحبین عام طور پر حاجت مند اور جاہل ہوتے ہیں اور چونکہ یہ اپنی بعض نہایت قیمتی متاع ان کے ہاتھوں فروخت کر چکے ہوتے ہیں اس لئے اس کا معاوضہ بھی اسی دلیری اور بے حجابی سے لیتے ہیں۔ ان مصاحبین کی عقل و ذہانت کا مظاہرہ ان کی 'سرکار' پر ایسا طاری ہوتا ہے کہ وہ کبھی یہ محسوس نہیں کرتا کہ اس نظام شمسی اور کائنات عالم میں بعض چیزیں ایسی بھی ہیں جو اس کے اور اس کے مصاحبین سے زیادہ باوقعت اور قابل توجہ ہیں۔ یہ مشیر اور مصاحب اکثر تیسرے درجہ کے لوگ ہوتے ہیں اور ان کی مثال بعض جزئی ترمیم کے ساتھ اُن مردہ کیڑوں کی ہے جو انجکشن کے ذریعہ سے جسم انسانی میں پہنچا دیئے جاتے ہیں اور زندہ کیڑوں کو ہلاک کر ڈالتے ہیں۔ مصاحب اور مشیر کا ناگزیر خرافات میں سے ہیں ورنہ رؤسا کی غیر ضروری آمدنی کا غیر ضروری تر مصرف ہی کیا ہو لیکن شاید یہ زیادہ بہتر ہو کہ رؤسا غیر معمولی قابلیت اور اہلیت کے لوگوں کو جو موجودہ عہد میں گریجوئٹوں ہی سے نہیں بلکہ یونیورسٹیوں سے زیادہ سستے ہیں اپنا حاشیہ نشیں اور وابستۂ دامن بنائیں۔ اس میں شک نہیں مصاحبت کا پروگرام بھی نان کوآپریشن کے مانند تخریبی ہے لیکن قابل اور نااہل مصاحبین کے تخریبی پروگرام میں بھی امتیازی مدارج ہیں، کون نہیں جانتا واجد علیشاہ اور اکبر دونوں مصاحبین کے گمراہ کئے ہوئے تھے لیکن ایک "رنگیلے" اور "رسیا" کے نام سے یاد کئے جاتے ہیں اور دوسرا بگڑ کر ضمانت بن گیا!

[illegible] کی ایک [illegible] قسم اور بھی ہے، بعضوں کو یہ خیال پیدا ہو جاتا ہے کہ ان کا وجود دنیا کے لیے ناگزیر ہے۔ [illegible] اس بیسویں صدی میں کتنے لوگ خود خدا کے ناگزیر ہونے کے قائل ہیں، غیر خدا کو تو جانے [illegible] ہند [illegible] ہندوستان کے امن و ترقی

کے لیے حکومت برطانیہ ہی کو ناگزیر سمجھتے ہیں، حالانکہ حکومت برطانیہ کے پاس دفعہ ۴ سے لیکر سر ۱۱ تک ادوار تک موجود ہیں۔

The room was all flooded with the brilliance of the full moon, and Tennyson passed away quietly, with one hand clasping his Shakespeare, and with the other holding his daughter-in-law's hand—and so he shifted on to the unknown. He was buried in Westminister Abbey on the 12th of October. The panel was carried by twelve of the most eminent men in England; many of whom were his own personal friends. His death was as noble, quiet, and simple as his own life was. The greatest soul of England left the shores of this world on his way to eternity both calmly and peacefully.

of word-painting is given in

"The splendour fall on castle walls
"And snowy summits old in story:
"The long light shakes across the lakes,
"And the wild cataracts leap in glory"

is decidedly an immortal piece of Tennyson's well-wrought workmanship.

For fifty years Tennyson was the acknowledged poet of England, who identified himself entirely with English ideals and aspirations. He was rightly considered to be "the poetic heir of England's aristocratic intellectual, and heroic traditions." He clung firmly to the time-honoured traditions set up by the older poets. In fact he took hold of the material left by them, and began to sing the same type of song in his own mellodious strains. He was not a poet who took up art for the sake of art as Keats did, but he gave utilitarian touch to his poems. He wanted to guide, and to inspire the nation.

He wanted to mould the public character, and to drive away the evils that existed in the social, intellectual, and political institutions of the age. He is just like the national barometer, pointing out the changes, and the moods passing over visited the mentality of the nation.

"I sing myself, and in these transcripts of my heart and mind you will find your own." This was the line adopted by Tennyson. His personal sorrows, griefs, and aspirations were the main themes of his poems. and fortunately these themselves were the sorrows, griefs, and aspirations of the whole nation taken individually. For this reason his appeal was popular, and his lines were imprinted deeply on the hearts of the whole nation. With this we should not forget that he was a perfect artist. His business was to point out to the public at large their most intimate thoughts and feelings with fascinating simplicity and remarkable accuracy. There was hardly anything new and original in what he said. He has no message to impart. His point of view was the national point of view. He was deeply well read, and he had thoroughly assimilated the ancient and the modern master-pieces of literature. He was thorougly acquainted with all that was great and noble in the civilized world. And so he seldom becomes tame and tasteless. Read any of his poems, and you

magic, that sends a holy spectral shiver through the blood." We can safely say that the last line of this passage is unsurpassed in beauty ; the phrase " long-glories " is a miracle by itself, unequalled in the whole realm of English literature for its poetic beauty.

It is absolutely impossible for us to discuss the merits and demerits of all his writings. It demands greater space, and much strenuous labour. So far we have mentioned only the important works of Tennyson, but in the end we cannot resist the temptation of saying something about his shorter poems, and particularly about "Break, Break, Break" read and loved by millions of people. The poem is very short, containing not more than four stanzas, but even there less than a score of lines contain the very height of pathos, lyricism, and skilled workmanship.

"Break, break, break,
"On thy cold grey stones, O Sea!
"And ! would that my tongue could utter
"The thoughts that arise in me."

and the thoughts that arise in the heart of Tennyson are no other than the thoughts of Hallam, with whom he had spent a most pleasant time of his life "on the cold grey stone of the sea."

The third and the fourth stanzas containing as they do

"But O for the touch of a vanish'd hand,
And the sound of a voice that is still"

and

"But the tender grace of a day that is dead
Will never come back to me"

describe in a most touching manner pathetic sense of the loss sustained by Tennyson through the unexpected death of his cherished idol and friend Hallam, and the powerful recollections he still retained in the inner most recesses of his heart, of the deep love and tenderness of his beloved friend. Few poems in English literature are so short and beantiful. Another shorter poem to which we shall like to make a passing reference is "The Brook" published in the volume of 1855. The stanza beginning with.

"I slip, I slide, I gloom, I glance
.....

contain a magnificent picture painted with the help of beautiful words. Another glorious illustration

was haunting him long before he rose to become one of the greatest poets of England.

The allegorical basis is rather simple, the struggles of the soul of man that face his existence upon the earth are more or less clearly depicted in the story. Arthur represents the soul of the man; Camelot, the capital, is the atmosphere in which the soul moves and acts; Guinevere is the type of beauty which every soul wishes to seize. Arthur comes and establishes his rule on the earth, and for some time there is no hitch in his way. But in due course of time he is called upon to encounter a large number of unforeseen troubles and difficulties, which do not allow him to reign with love and peace. Hostile agencies are at work, and they are silently undermining the structure of civilized society set up by Arthur. His knights that flock round him, and fight for him are the human faculties that help the soul in its development. The crash comes, and poor Arthur is mortally wounded in a battlefield, where all of his knights and followers are killed one by one, except Sir Bedivere. The soul is overpowered, and the baser elements of the self gain the upper hand. Arthur disappears from this world saying—

"The old order changeth, yielding place to new", but his faith in God is not shaken—

"And God fulfils Himself in many ways."

In the end he gives a piece of good news to the last surviving knight, assuring him that he would visit the world once more, and would eventually crush the hostile agencies that are working against him. In other words it is a bit of consolation given to the soul, impressing upon it the fact that in the long run the nobler element of the self is bound to preponderate.

Pieces like —

"The bare black chliff clang'd round him as he based,
"His feets on juts of slippery cracks, that rang
"Sharp-smitten with the dint of armed heels—
"And all a sudden lo ! the level lake,
"And the long glories of the winter moon."

in fact show the highest pitch of Tennyson's poetic excellence. "This is the kind of writing that is pure

as is usual with Tennyson, he is resplendent in his lyrics. He was in fact the master of lyric poetry. Take "Maud" to be merely a love-poem, and you are sure to value it. Tennyson has never written finer lyrics than he did in "Maud." In this poem, Tennyson has praised war from his own stand-point. He admires this institution, and calls it the purifier of social and political evils. The philosophy is defective ; Tennyson has touched only one side of the question, the other side he has completely ignored. War brings in its train plenty of blood-shed, pillage, destruction, ruin and misery. And frequently wars are unjustified and unnecessary. These questions are not touched by Tennyson at all. "Maud" is the least read book of Tennyson, but at the same time in this attempt the dramatic power of Tennyson is at its best. Though he fails to represent the actions and the inter-actions of several consistent characters, still he fairly succeeds in depicting the varying moods of a single individual who is often excited by powerful passions. Some of the lyrics that are found in this poem are the most musical expressions of ardent and sincere sentiments. With this poem were published "The Brook", "The Charge of the Light Brigade", "Ode on the Death of the Duke of Wellington", and these are the most widely read of the shorter poems of Tennyson.

The "Idylls of the King" which did not appear till 1885 was the most ambitious work of Tennyson. He took twenty-six years (1859 to 1885) to complete this long series of poems. They are twelve in number. They form an epic whole, although they are disconnected but all of them revolve round the central figure, King Arthur. The story has been further developed, and describes the story of human life, its activities and civilization in the form of an allegory. Arthur was first drawn into English literature by Malory, who carefully collected the material from the continental literature, and became the undisputed author of the story. The facts of the story have got a very faint historical back-ground. It is only as reliable as a legend, but it has attracted the attention of almost all the leading poets of England. Tennyson was deeply in love with the legend, and his "Sir Galabad", and "The Lady of Shallot" prove beyond any shadow of doubt that this cycle of stories

"A league of grass, washed by a slow broad steam,

"That stirred with languid pulses of the oar,

"Waves all its lazy lilies and creeps on,

"Barge-laden, to three arches of a bridge

"Crowned with the minister-tower"

As we have already said, "In Memorium begins with a most tragic touch. The poet has lost his kindred soul, who loved and cherished him so dearly. There is absolute darkness round about the soul. The soul is feeling its way, and often stretches out its hand for help; but there is none to help her; not the least glimmer of any light points out the way to be adopted by the despondent wayfarer. By and by as the poet proceeds, the curtain of darkness is lifted up, and there appear to him persons whose sympathy and love consoles his afflicted heart. In the long run he begins to place implicit confidence in the wisdom of God, and the Eternity of the soul. At first the poet did not plan out any scheme for the poem, but continued to write at random. After a considerable time he realised that all these separate independent pieces could he grouped together into an organic whole. He filled up the gaps, and hurriedly supplied the connecting links. For this reason, though the poem is a connected whole, but it is still loose, and ill-fitted at certain places. The poem has got many merits of its own, but the most outstanding attractions of the poem are its magnificent colouring, its beautiful music, and its pictorial charm. We should bear in mind that Tennyson could not achieve his artistic perfection instinctively, on the other hand he had to work hard for days and days together, carefully revising and correcting the poem, before he gave it the finishing touch.

"Maud" came after this. It is certainly much inferior to "In Memorium" in many respects. The outlandish and silly hero of the poem is such a poor creation that we are not in the least excited when he runs and becomes a most miserable specimen of humanity. That was the real place for Tennyson to display his poetic height (as is done by Shakespeare in King Lear) but God knows why he appears to be fully satisfied with his unworthy hero. Once more,

questions—why? whence? whither? how? and what for? But he does take refuge under the shadow of despondency and faithlessness; on the other hand his God-loving soul so noble in its firmness of faith turns towards the omnipotent God, who is all power and might, and the very fountain-head of what we see and feel in this world—

"A warmth within the breast would melt
"The freezing reason's colder part,
"And like a man in wrath the heart
"Stoop up and answered, 'I have felt'."

To Tennyson nature was not merely a screen of beautiful scenes and pictures; it was, on the other hand, something living, animate, and throbbing with life and vigour. Nature to him was a mysterious power keeping itself strictly aloof from the activities of the world. All the same it freely sympathises with man, and takes her adequate share in the grief and the happiness that visit man—

"Calm is the moon without a sound,
"Calm as to soothe a calmer grief,
"And only through the faded leaf
"The chestnut pattering to the ground."

Tennyson's conception of Nature is essentially different from that of Wordsworth. For Wordsworth, nature was the very incarnation of the Universal Spirit, the presence of which was felt by him both in the living world, and in the mind of man. This kinship of nature was the bed-rock of his theory of communion with nature, but this was not the view held by Tennyson. Wordsworth's theory of nature was entirely his own, shared by none, but respected by all. Tennyson was keenly alive to the beauties of nature that came within his view. Her changing moods, and complex phases are marvellously described by Tennyson in his works, but he never creeps into the land of unreality. His grasp is as limited as that of the scientist. He observes the actual fact, and the real event which can be observed by all the inquisitive men of the world. He always takes nature as the back-ground, on which the men and the women of the world move about, say what they desire to say, and do what they desire to do. So to say it is the curtain of the stage on which the drama of the world is played out.—

".....Between it and the garden lies

It is not an easy job to find out a better piece so richly coloured and artistically picturesque. His masterly art lies in the skill with which he has woven romance and chivalry while dealing with a modern question, the education of women.

Hallam's untimely and sad death took place in Vienna in 1833. He was quietly sitting on a sofa in a hotel when suddenly a blood-vessel of his brain burst, and he died instantaneously. The elegy was published in 1850 by Tennyson, which means that the poet was working hard at the poem for 17 years continually. It is something more than a mere elegy. It is a vivid representation of his deeply-rooted religious philosophy. The social questions that were concerned with the relation of science and religion find a place in this long poem, which in fact mirrors the moods, the effects, and the changes that came upon the intellectual horizon of Tennyson. We can see how carefully the poet has mastered the recent scientific inventions, and how accurately he depicts them in his easy and graceful style. The pictorial splendour, and the personal touches which are so abundantly found in the poem make it a very charming addition to the store of English literature. It represents the keen spiritual struggle in which the soul of Tennyson was involved at the death of Hallam, and which in the long run assured the poet of the greatness of God, and the immortality of the soul. It represents the thoughts and feelings that were found uppermost in the head and heart of the average man of England in those days. Tennyson himself says :—

> "It is rather the cry of the whole human race than mine. In the poem altogether private grief swells out into thought of, and hope for the whole world. It begins with a funeral and ends with a marriage, begins with death and ends in promise of a new life—a sort of Divine Comedy cheerful at the close. It is a very impersonal poem, as well as personal. There is more about myself in Ulysses, which was written under the sense of loss, and all that had gone by, but that still life must be fought out to the end. It was more written with the feeling of his loss upon me than many poems In Memorium."

Tennyson found himself hopelessly helpless in the face of such

tion under discussion. In fact he wanted to give a romantic touch to the question of the education of women. His theory of female education is as simple as it is convincing. We infer from his writings that "maidenly delicacy" was of very great importance in the eyes of the poet, and this he wanted the women to preserve under all conditions and environments. The education according to the poet that annihilated this "maidenliness" was highly injurious and opposed to the vital interests of women. The Princess has a keen desire to acquire as much knowledge of the current sciences as possible; thereafter she wanted to set up an academy for the education of women, where she could continue to acquire and impart knowledge for the future and permanent advancement of the female masses. The Prince, on the other hand, is just like a silly lad, lecturing to her lady-love, Idia, without making any attempt to overlook the faults of her lofty ideal. The peom on the whole is lacking in dramatic interest, not a single character is powerful enough to sustain interest and arrest the attention of the reader. The story is hopelessly loose and desultory.

But in spite of the above criticism we cannot dispose off the poem so easily. It is in fact a mine of pure gold. It contains pieces of unsurpassed beauty and radiance. Its lyrical songs and descriptive sketches are sure to be admired by all those who love everything that is great and beautiful in poetry. The pictorial sketches are fascinating. In a few skilful touches the poet presents before us the happy picture of a magnificent palace with its long corridors, lofty towers, and fountain-sprinkled lawns. Also, Tennyson is highly accomplished in word-painting. He does not make an elaborate preparation to put forward the picture before us, but only with a few strokes of his artistic pen his work is completed :—

"As one that climbs a peak to gaze
"O'r land and main, and see a great black cloud
"Drag inward from the deeps, a wall of night
"Blot out the slope of a sea from verge to shore,
"And such the building splendour from the sand,
"And quenching lake by lake and tarn by tarn
"Expunge the world."

faultless as far as their formal art is concerned, but there is a lack of spirit and dramatic situations. They are besides, political rather than anything else. In the first, he is at great pains to bring out the importance of the religious liberty of the individual; in the second, he portrays the keen competitive struggle going on between the various European races; while in the last he represents the time-honoured conflict of the church and the crown. Tennyson has always been an ardent lover of Drama. He rightly believed that stage can improve the mentality of the masses if run on the right lines, and taking all these things into consideration he attempted to give to the public, plays of poetic excellence. But we should not lose sight of the fact that Tennyson had a brooding temper, lacking that liveliness and mastery of detail which are responsible for "the swift give and take of Dramatic situation." The result was that the house is there with all the necessary furniture and other requisites, but the spirit of the house is absent; the tree is there with all its branches, leaves, and fruits, but the sap of life has been dried up, and hence the leaves are falling off, and the fruits are dropping down. This is in fact an accurate picture of Tennyson's plays. We are sorry that he should have spent so much of time and energy in these tasteless and insipid attempts. His was not a dramatic genius, and hence the plays are anything but plays. If we take away the lyrical songs and passages from these writings, their sole interest will lie in the excellence of their technique.

Tennyson's mind was always wide awake, and he freely received impressions from outside world. The chief social question of his age produced a deep impression upon him. The position of women, and the question of their higher education were matters of sharp controversy in those days in England. The social structure had rapidly undergone a great change, and with this change it was necessary to adjust the position of women, who were gradually learning to safeguard their rights and privileges. This was the topic that Tennyson discussed from his own point of view in "The Princes.' The fantastic story is "half-serious and half-sportive."

In this story Tennyson has tried to reduce to concrete forms all the elements and bearings of the ques-

ALFRED TENNYSON.

BY

Mr. A. Shakoor, M. A.

(Continued from our February Number)

By nature Tennyson was always in need of love, tenderness, and quiet sympathy. And all these things were plentifully given to him by his sweet and cheerful wife, who nobly encouraged, and judiciously criticised his poetic output. The marriage was in every respect an ideal marriage. Tennyson was extremely fortunate in his domestic life. He himself says:—

> "The peace of God came into my life before the altar when I married her".

She was in fact the best companion for the poet. The domestic life of the family was extremely beautiful, and continued to be so till the last days of Tennyson. Soon after the marriage they travelled a great deal, but no other sight could fascinate the poet as much as the atmosphere of his own home and hearth. In 1853, he was offered the Rectorship of the Edinburgh University, and in 1855 he was made a D. C. L. by the Oxford University. Now he was living in Farringford in a quite cosy, and beautiful house with his wife and children, frequently visited by his friends, and seldom going out to see the world. In 1854 he was struggling hard at "Maud," and thereafter he began his "Idylls" that continued to engage him almost to the last days of his life.

In 1864 the Enoch Arden, and in 1865 Lucretuis were published. In 1869 he was made an "Honorary Fellow" of his Trinity College, Cambridge. In 1883 he was made a peer by Gladstone, who had become a personal friend of Tennyson. In 1886 a sharp affliction once more invaded the heart of the poet. His beloved son, Lionel, who was a young man of great ability and noble earnestness died while on his way back from India. Tennyson felt the loss very much, and says "the thought of Lionel tears me to pieces, he was so full of promise, and so young." But for this grief the pure current of his life was flowing smoothly and cheerfully.

In the closing years of his life Tennyson turned towards Drama, and published his historical triology including Queen Mary, Harold, and Becket in 1875. These plays are

ALFRED TENNYSON.

by

Mr. A. Shakeer, M. A.

(Continued from our February Number)

By nature Tennyson was always in need of love, tenderness, and quiet sympathy. And all these things were plentifully given to him by his sweet and cheerful wife, who nobly encouraged, and judiciously criticised his poetic output. The marriage was in every respect an ideal marriage. Tennyson was extremely fortunate in his domestic life. He himself says —

> "The peace of God came into my life before the altar when I married her".

She was in fact the best companion for the poet. The domestic life of the family was extremely beautiful, and continued to be so till the last days of Tennyson. Soon after the marriage they travelled a great deal, but no other sight could fascinate the poet as much as the atmosphere of his own home and hearth. In 1853, he was offered the Rectorship of the Edinburgh University, and in 1855 he was made a D. C. L. by the Oxford University. Now he was living in Farringford in a quite cosy, and beautiful house with his wife and children, frequently visited by his friends, and seldom going out to see the world. In 1854 he was struggling hard at "Maud," and thereafter he began his "idylls" that continued to engage him almost to the last days of his life.

In 1864 the Enoch Arden, and in 1865 Lucretius were published. In 1869 he was made an "Honorary Fellow" of his Trinity College, Cambridge. In 1883 he was made a peer by Gladstone, who had become a personal friend of Tennyson. In 1886 a sharp affliction once more invaded the heart of the poet. His beloved son, Lionel, who was a young man of great ability and noble earnestness died while on his way back from India. Tennyson felt the loss very much, and says "the thought of Lionel tears me to pieces, he was so full of promise, and so young." But for this grief the pure current of his life was flowing smoothly and cheerfully.

In the closing years of his life Tennyson turned towards Drama, and published his historical triology including Queen Mary, Harold, and Becket in 1875. These plays are



CONTENTS

Alfred Tennyson	...	Mr. A. Shakoor, M. A.	... 1
My Appreciation of a Poet	...	Abbas D. Saeed	... 12
Islam and Progress	...	Z. G. Bari	... 26
Sher Shah : His Early Life	...	Syed Moinuddin Ahmad	... 33
Philosophy of Love	...	Sh. Mohammad Umar	... 41
The Brigand	...	Joti Prasada	... 43
Bits & Humour	...	Sulaiman Mohammad	... 49
The Aligarh Causerie	...	Abbas Sayeed	... 52

The Intermediate College Magazine

MARCH
1989

The Intermediate College Magazine



[illegible] INTERMEDIATE COLLEGE, ALIGARH.

MARCH, 1929

جلد (۱)

انٹرمیڈیٹ کالج میگزین

ایڈیٹر معین الدین احمد

فہرست مضامین

انٹرمیڈیٹ کالج میگزین

حصۂ اُردو

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱	ٹرکی میں ذہنیت آئینی کا انقلاب	جناب سید نوشہ علی صاحب۔ ایم اے۔	۱
۲	کشکول	جناب منشی حبیب احمد صاحب قبلہ عیشی	۱۲
۳	بچہ از روسی معجز نگار چیخوف	جناب خلیل احمد صاحب قدوائی۔ بی اے۔	۱۵
۴	پرواز جنوں	جناب حامد سعید خاں صاحب حامد بھوپالی	۱۹
۵	ہُد ہُد	علامہ ابو الکمال مولوی سعید خاں صاحب درد بریلوی	۲۰
۶	دولت کا صحت پر اثر	ایم۔ اے خالق صاحب متعلم فرسٹ ایر کلاس	۲۲
۷	آمد شب	حکیم ماجد حامدی متعلم درجہ دہم انٹرمیڈیٹ کالج	۲۶
۸	غزل	جناب مولانا ضیاء احمد صاحب ایم اے۔	۲۹
۹	ایک تصویر کو دیکھکر (نظم)	ایس ایم۔ ارشد صاحب بریلوی متعلم انٹرمیڈیٹ کالج	۳۰

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱۰	غزل	جناب سید ظہور الحق صاحب متعلم فرسٹ ایر کلاس	۳۲
۱۱	موجودہ اردو تغزل کی رفتار	مولانا ضیاء احمد صاحب ایم اے ...	۳۳
۱۲	عید مبارک	منظور حسین صاحب شور	۴۸

ٹرکی میں ذہنیت آئینی

کا

انقلاب

(از جناب سید نوشہ علی صاحب ایم اے)

قبل اسکے کہ وہ قانونی تبدیلیاں جو ٹرکی میں عمل میں آئیں معرض بحث میں لائی جائیں یہ بتا دینا زیادہ ضروری ہے کہ ترکی قانون کی بنیاد کس قانون پر ہے۔ اخباروں میں ہمنے پڑھا ہے کہ ترکوں نے سوئزرلینڈ کا قانون اختیار کیا۔ بادی النظر میں ہمارے اوپر اس کا مطلق اثر نہیں ہوا۔ مگر غور کرنے کے بعد ہم نے یہ محسوس کیا کہ یہ وہ تبدیلی ہے جو اسلامی دنیا میں کبھی عمل میں نہیں آئی قبل اسکے کہ یہ معلوم کیا جائے کہ قانون جدید کیا ہے قانون قدیم کا علم لازمی ہے۔ ترکی میں عام قانون جو رائج تھا وہ حنفی شرع محمدی تھا بعض صوبوں میں شافعی حنبلی اور مالکی فقہ بھی رائج تھا۔ شرع محمدی کے اصول کیا ہیں اور قانون مغربی میں اور قانون مشرقی میں کسقدر فرق ہے یہ بتا دینا لازمی ہے۔

تاریخ قدیم کے محققوں نے جس میں سے (Sir Henry Maine) بہت زیادہ مشہور ہیں یہ بیان کیا ہے کہ تاریخ حضرت آدم حضرت حوا کے نزول کے وقت سے شروع ہوتی ہے اور قانون اسوقت شروع ہوا جب حضرت آدم نے حضرت حوا کو پہلا حکم دیا۔ لہذا تاریخ اور قانون میں تقدیم و تاخیر کا مسئلہ اب تک طے نہ ہو سکا۔ دنیائے قانون میں علم قانون کی دو قسمیں کی گئی ہیں۔

(۱) مغربی اصول قانون۔ مغربی اصول کے مطابق قانون ایک خاص جماعت کیطرف سے کسی خاص ملک کے باشندوں کے لئے کسی خاص وقت کے لئے جاری ہوتا ہے۔ دنیائے مغرب میں سب پرانے قانون جو انسان کی کوششوں کا نتیجہ ہیں وہ سولن (Solon) اور (Drace) کے قوانین ہیں جو یونان اور اسپارٹا کے لئے بنائے گئے تھے جب رومیوں کو عروج ہوا تو انکو اپنے قانون کی ضرورت ہوئی اور [illegible] کا اجرا ہوا۔ چنانچہ مغربی قانون کی تین خاص خصوصیتیں یہ ہیں۔ (۱) وہ آدمی کا بنایا ہوا ہے (۲) ایک خاص ملک کے لئے بنایا گیا ہے (۳) ایک خاص وقت کیلئے بنایا گیا ہے۔

(۲) مشرقی اصول قانون کے مطابق تمام قوانین حسن اور قبح پر مبنی ہیں۔ جو عمل حسین ہے وہ ضرور کرنا چاہئے اور جو قبیح ہے وہ ہرگز نہ کرنا چاہئے۔ دوسری بحث یہ پیدا ہوتی ہے کہ کونسا عمل حسین اور کونسا عمل قبیح ہے انسان کے طبائع مختلف ہوتے ہیں جو عمل ایک انسان کے لئے اچھا ہے وہ ہی دوسرے کے لئے برا ہو سکتا ہے اس لئے حسن و قبح کے صحیح معیار کا پتہ چلنا مشکل ہے اس دقت کو شارعین مشرق نے ایک خاص خوبی سے حل کیا ہے ان کا قول ہے کہ خدائے عزوجل کو برائی اور بھلائی کا صحیح علم ہے۔ جو چیز خدا کے نزدیک اچھی وہ اچھی ہے اور جو بری ہے وہ بری۔ چنانچہ خدائے عزوجل پیغمبروں کو مبعوث کرتا ہے اور انکے ذریعہ سے برائی اور بھلائی کا علم بندوں تک پہونچاتا ہے۔ اسیوجہ سے وقتاً فوقتاً غیر معمولی اشخاص پیغمبران مرسل کی شکل میں نمودار ہوئے اور اپنی شریعت اور قانون کا اجرا کر گذرے منجملہ ان کے سات پیغمبروں کو خدا کے نزدیک خاص عظمت حاصل ہے اور ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں (۱) حضرت آدم (۲) حضرت ابراہیم (۳) حضرت داؤد۔ (۴) حضرت سلیمان (۵) حضرت موسیٰ (۶) حضرت عیسیٰ (۷) نبی آخر الزماں صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ نبی آخر الزماں پر رسالت اور شریعت ختم ہوگئی اور دوبارہ نزول شریعت کا وعدہ نہیں فرمایا گیا ہے۔

مشرقی [illegible]ل قانون کی خاص خصوصیات حسب ذیل ہیں۔ (۱) قانون الہام و وحی کے طور پر پیغمبران یا روحانیوں کے ذریعہ سے انسان تک پہونچتا ہے (۲) یہ قانون تمام زمانوں کے لئے ہوتا ہے (۳) یہ قانون تمام اقوام اور ممالک کے لئے ہوتا ہے۔

یہ ہی اصول اسلامی قانون کا ہے جو رسول آخر الزماں کے ذریعہ سے قرآن شریف کی صورت میں خدا کی طرف سے نازل ہوا۔ مگر کلام مجید مخصوص طور پر قانون کی کتاب کی طرح منضبط نہیں ہے۔ لہذا آیات قرآنی کی وضاحت کے لئے حدیث کی ضرورت پیش آئی۔ کلام مجید کی حفاظت اور حدیث کی صحت کے لئے جو احتیاطیں مسلمانوں نے کی ہیں اس کا جواب تاریخ عالم میں نہیں ملتا۔ مگر پھر بھی سات ہزار سے زیادہ آیات میں سے مشکل سے پانچ سو آیات اور ہزاروں حدیثوں میں سے مشکل سے ایک ہزار حدیثیں ایسی ہونگی جن سے قانونی مطالب اخذ ہو سکتے ہیں۔ لہذا قرآن اور حدیث نے اسلامی قانون کی صرف بنیاد رکھدی مگر اسلامی فقہ کی تکمیل بہت زمانہ کے بعد عمل میں آئی۔

اسلامی فقہ میں سب سے زیادہ قابل تعریف شعبہ تقسیم اعمال ہے۔ احکام الخاصہ کے مطابق انسانی اعمال کی پانچ قسمیں ہیں یعنی فرض ۱ واجب ۲ مباح ۳ کریہ ۴ حرام ۵۔ ان امور پر غور کرنے کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ اسلامی فقہ بہت آسان ہے۔ حقیقت میں اوائل زمانۂ اسلام میں شرع محمدی بہت آسان تھا اور تردید اور تکفین کا زیادہ دور نہیں تھا۔ رسول اللہ نے ایک صحابی کو ایک

صوبہ کا حاکم مقرر کیا اور انسے دریافت کیا۔
رسول اللہ۔ کہ تم کس طرح حکومت کروگے۔ ؟
صحابی۔ جیسا کہ خدا نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے۔
رسول اللہ۔ اگر کتاب میں اسکے متعلق کچھ نہو؟
صحابی۔ جیسا کہ رسول نے حکم دیا۔
رسول اللہ۔ اگر اس کے متعلق کچھ حکم نہ دیا ہو؟
صحابی۔ میں اپنا قیاس استعمال کرونگا۔

اس مکالمہ سے یہ بخوبی اندازہ ہوسکتا ہے کہ اس اوائل زمانہ میں اسلام میں کسقدر آزادی تھی۔ اس کا ثبوت اس سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ اہل قبلہ پر کفر کا فتویٰ نہیں ہوسکتا اور وہ مسلمان جو خلیفہ وقت کے خلاف علم بغاوت بلند کرتے تھے وہ بھی کافر نہیں کہلائے جاتے تھے۔

۶۳۲ء میں رسول اللہ کا انتقال ہوا۔ اسکے بعد خلفائے راشدین کا دور آیا۔ خلیفہ ثالث کے عہد میں دنیائے اسلام میں کچھ بدامنی نمودار ہوئی اور انکو انکے مکان میں شہید کیا گیا۔ خلیفہ چہارم اپنے تمام دور خلافت میں خانہ جنگی رفع کرنے میں مشغول رہے۔ مگر انکی لڑائیاں کچھ سودمند ثابت نہیں ہوئیں اور یہ معلوم ہوتا تھا کہ اسلام میں تفرقہ پڑگیا ہے۔ تعجب یہ تھا کہ طرفین میں بڑے بڑے صحابی اور رسول اللہ کے مقربین تھے حتیٰ کہ حضرت عائشہ بھی اس خانہ جنگی میں شریک تھیں خلفائے راشدین کے بعد بنی امیہ کا زمانہ شروع ہوا جس میں اسلام کو بہت فروغ ہوا۔ بنی امیہ کے زمانہ کے بعد بنی عباس کی خلافت شروع ہوئی۔

خلیفہ ہارون الرشید کے عہد میں اوائل کی اسلام آزادی میں ایک بڑی تبدیلی پیدا ہوگئی۔ اس زمانہ میں چار بہت بڑے فقیہ نمودار ہوئے جنہوں نے اسلامی فقہ کی بنیاد ڈالی۔ امام اعظم۔ امام شافعی۔ امام مالک اور امام حنبل نے اسلامی فقہ کی تکمیل کردی۔ ان چاروں فقیہوں نے کوئی بات نہیں پیدا کی بلکہ رسول اللہ اور صحابی کے درمیان جو مکالمہ ہوا تھا اس کی تکمیل کردی۔ یعنی یہ کہ جب کلام پاک اور حدیث کسی خاص مسئلہ میں خاموش ہوں تو کس اصول پر اپنا قیاس استعمال کیا جائے انہیں اصولوں کی تشریحوں کا نام فقہ اسلامی ہے۔

منطقی نقطۂ نظر سے فقہ اسلامی بالکل مکمل ہے۔ اور یہ بات علمائے مغرب کے لئے باعث تعجب بھی ہے انہیں اصول پر احکام خداوندی اور نبوی کے شارعین نے کئی قسمیں کیں یعنی اوّل وہ آیات اور حدیثیں جو بالکل صاف ہیں اور بتدریج ان آیات اور حدیثوں پر پہونچ گئے جو کسی خاص امر کی طرف اشارہ کرتی ہیں۔ پس قرآن کے خلاف کوئی کام کرنے کی اجازت نہیں اور وہاں اسکے لغوی اور لفظی معنوں کو بہت زیادہ اہمیت دی۔ مثلاً کلام مجید میں جب کفار مکہ نے رسول اللہ کو مدینہ منورہ میں بتا دینے کے بعد بھی دق کیا۔ تو وہ آیات نازل ہوئیں کہ کفار کے خلاف جہاد کرنا چاہئے۔ یہ آیات

مدنی ہیں اور تاریخی علم کے مطابق کفار مکہ کے خلاف نازل ہوئیں۔ مگر فقہائے اربعہ نے اسکے تاریخی معنوں کی اجازت نہ دی اور جہاد کا حکم تمام کفار کے خلاف دیدیا۔ اسی طرح سے جہاد فی القلم و جہاد فی النفس کا راستہ بھی بند کر دیا کہ یہ سب اس کی اصطلاحی صورتیں ہیں۔ یہ سب پابندیاں اس اصول کے ماتحت ہیں کہ خدا عالم مطلق ہے اور انسان کا علم و عمل اس کے آگے ہیچ ہے صرف ایک راستہ قانونی تبدیلی کا کھلا ہوا تھا وہ اجتہاد علما تھا۔ تمام راستے اجتہاد کے بند تھے تو علما جو کہ نائب رسول تھے ان کو اختیار تھا کہ کسی خاص مسئلہ کے متعلق کسی وقت کے لئے اپنا فتوے دے سکیں۔

فقہائے اسلام کے سات مدارج ہیں صف اوّل تو چار فقیہ آتے ہیں جن کا ذکر اوپر لکھ آیا ہوں۔ صف دویم میں وہ فقیہ جنکو فقہائے اولین کی تقلید لازمی ہے مگر کچھ اجتہاد کا حق بھی حاصل ہے اسی طرح سے علمائے وقت کے سات درجہ فقہا کے ہیں۔

اجتہاد کا دروازہ شریعت اسلام میں کب اور کیوں بند ہوا؟ اس تحقیق کے لئے تاریخ اسلام کی ورق گردانی کرنی پڑیگی۔ اس سے پہلے یہ بتا دینا زیادہ اچھا معلوم ہوتا ہے کہ ہر مذہب میں بانی مذہب کے انتقال کے کچھ زمانہ کے بعد علماء میں اس بات کا شوق پیدا ہو جاتا کہ مذہب کی باقاعدہ پابندی کے لئے کچھ قواعد بنائے جائیں مذہب کو انسان کی جدت پسند طبیعت کے حملہ سے محفوظ رکھیں۔ چنانچہ عیسائی مذہب میں بائبل حضرت عیسٰی کے انتقال کے ایک مدت کے بعد مرتب ہوئی ہندو مذہب میں منوؔں کے قانون ویدوں کے نمودار ہونے کے بہت مدت کے بعد مرتب کئے گئے اسی طرح اسلامی فقہ کی ترتیب رسول اللہ کی وفات کے ڈیڑھ سو برس بعد ہوئی۔ اسلامی فقہ ہر طرح سے مکمل ہیں اور اسوقت تک حکمائے یورپ اس کی منطقی تکمیل کو دیکھ کر دنگ رہ جاتے ہیں خدا کی کتاب اور رسول اللہ کے کلام کو اصول فرض کر لیا گیا ہے اور اس میں سے سینکڑوں فروعی مسائل نکالے گئے ہیں جو انسان کے لئے ہر شعبۂ زندگی میں مفید ثابت ہوتے ہیں اور جن کو دیکھ کر بیسویں صدی کے فقہائے محو حیرت ہو جاتے ہیں۔ نویں صدی عیسوی میں فقہائے اسلام نے انسان کے انفرادی حقوق کی حفاظت کی اور اس کی ذاتی جائیداد اور اس کی جان کو خدا کی امانت تسلیم کر کے اسکو حفاظت ہر بادشاہ وقت پر فرض کر دی جن سیاسی مسائل کے طے کرنے میں ہابس (Hobbes) اور لاک (Locke) کو سترویں اور اٹھارویں صدی میں دقت پیش آئی اور جن کے حصول کے لئے فرانس اور اس کے بعد یورپ میں ۱۷۸۹ء سے ۱۸۱۵ء تک لاکھوں جانوں کا خون ہوا۔ مسئلہ خلافت کے ذریعہ سے طے کر دیا۔ خلافت دراصل بادشاہ اور رعیت کے درمیان ایک عہد ہے۔ خلیفہ کے لئے کچھ حدود و شرائط مقرر کر دیں

تھیں جنکی پابندی اسپر فرض ہے اور رعایا کو اس کی فرمانبرداری لازم مگر خلیفہ وقت کے حدود کے باہر ہوتے ہی ہر مسلمان کا فرض ہے کہ اس کو جس طرح سے ہو سکے راہ راست پر لائے اور اگر نہ ہو سکے تو معزول کر دے۔ ایسی حالت میں خلیفہ کے خلاف بغاوت جائز ہے۔ خلافت کسی خاندان یا قوم کا اجارہ نہیں ہے جو شخص خلیفہ کی خصوصیات رکھے اس کو خلیفہ مان لیا گیا۔ اسی طرح ان فقہائے اسلام نے قانون جنگ کو ایسا منضبط کر دیا کہ جس کو دیکھ کر حامیان جنگ عظیم کو شرم آنی چاہئے۔ اسلام نے دشمن کی عورتوں کے ساتھ زیادتی کرنے سے منع کیا ہے اور جب دشمن ہتھیار رکھ دے اسوقت اس پر زیادتی منع ہے۔ انہیں فقہا نے مذہبی آزادی کی بھی ہدایت کی ہے۔ جو مظالم مہذب یورپ میں اکیسویں صدی میں ہوئے۔ (یعنی انگلستان میں ایک عرصہ تک وہ شخص جو رومن کیتولک ہو پارلیمنٹ کا ممبر نہیں ہو سکتا تھا۔ فرانس میں پروٹسٹنٹ پر ظلم۔ اسپین میں ناری مدالتوں Inquisition کا قیام مہذب اقوام کے لئے ہمیشہ باعث ننگ رہینگی۔ مسلمانوں نے جزیہ کے ادائیگی کے بعد ہر قسم کی آزادی دی حتیٰ کہ غیر مسلموں کو فوجی خدمات سے بھی آزاد کر دیا اور اُن کی حفاظت کا ذمہ لیلیا۔ چونکہ اسلامی فقہ ہر حیثیت سے مکمل تھا اس لئے مسلمانوں نے اُسے اختیار کیا اور اجتہاد کی ضرورت نہ سمجھی اور اس کا دروازہ بند کر دیا گیا۔

اجتہاد کا دروازہ بند کرنیکی دوسری وجہ وہ انقلابات عظیم ہیں جو اسلام پر تیرہویں صدی میں نازل ہوئے۔ یہ خلافت عباسیہ کی ایرانیوں سے موالات اور عربوں سے مخالفت شامل تھی یہ باتیں طاقتور اور روشن دماغ خلفاء کے عہد میں دبی اور چھپی رہیں۔ مگر جب اساس خلافت کمزور ہو گئی تو خلفاء کو ایک ایسے گروہ کی مدد مانگنی پڑی جو نہ عرب ہوں نہ ایرانی اور جو خلیفہ وقت کے مطیع اور فرمانبردار ہوں یہ جماعت ان ترکوں کی تھی جو حال ہی میں مسلمان ہوئے تھے بہادر قوی ہیکل اور پیدائشی سپاہی تھے۔ لہذا قایم بامر اللہ کے عہد میں بہت سے ترک خلافت عباسیہ میں داخل ہو گئے۔

دوسری مصیبت جو مسلمانوں پر نازل ہوئی وہ تاتاریوں کا حملہ تھا جس نے اسلامی سلطنتوں کی بنیاد کو تہ و بالا کر دیا۔ چنگیز خاں نے سلطان محمد اور اس کے بیٹے جلال الدین خوارزمی کی سلطنت کو تباہ کر دیا۔ ہلاکو خاں نے ۱۲۵۸ء میں بغداد کا تختہ لوٹ دیا۔ امیر تیمور نے بایزید یلدرم کو ۱۴۰۲ء میں انگورا پر شکست فاش دی۔ ان مصائب کا اثر مسلمانوں کی ذہنیت پر ویسا ہی ہوا جیسا کہ ۱۸۵۷ء کے بعد ہندوستان میں۔ یعنی مسلمان ایسے خائف ہو گئے کہ ان کو اپنے اوپر بھروسہ بالکل نہ رہا اُن میں سے ایجاد و اجتہاد کی روح بالکل غائب ہو گئی اسلامی سلطنتیں قائم تو ہوئیں مگر اس میں پہلی سی بات نام کو نہ رہی پس مسلمانوں نے نہ صرف اجتہاد کا راستہ بند کر دیا بلکہ اس کو ایک جرم قرار دیدیا۔ چونکہ ترکوں کا عروج

اسلامی سلطنتوں کے تباہ ہونیکے بعد ہوا لہذا انہوں نے فقہ اسلام کو تسلیم کرکے اس کی اندھی تقلید شروع کردی فقہ اسلام کا ایک جز علماء کی جماعت کا قایم کردہ ہے ہمیں تاریخ سے پتہ چلتا ہے کہ جس قدر اس جماعت کا زور ترکوں کے دور میں ہوا اتنا کسی عہد میں نہیں ہوا یہ زور صرف مصطفےٰ کمال پاشا بانی جمہور انگورا نے توڑا۔

اس وقت اس بات کا بیان کرنا کہ ترکوں کو علماء کی جماعت سے نفع پہونچا یا نقصان اس مضمون کو بہت طول کردیگا۔ مگر ہم یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتے کہ علماء نے ہمیشہ اصلاحات کی مخالفت کی۔ یورپ میں جنگ سی سالہ Thirty years war کے بعد بہت سی نئی باتیں فوجی قانون میں داخل ہوئیں ان کو داخل کرنا تمام سلاطین آل عثمان نے اپنا فرض سمجھا۔ مگر علماء نے ہمیشہ ان کی مخالفت کی۔ ترکوں کو جسقدر زحمتیں عیسائیوں کے خلاف اوٹھانا پڑیں انکی وجہ انکی فوجی کمزوری تھی۔ ترک سپاہی ہمیشہ بہادر رہا مگر یورپ کے نئے جنگی قواعد سے ناآشنا۔ martin luther مارٹین لوتھر نے اپنے ایک خطبہ میں کہا ہے کہ جتنی شکستیں عیسائیوں کو مسلمانوں کے خلاف ہوئی ہیں انکے ذمہ دار پادری ہیں۔ یہ ہی ۱۶۴۰ء کے بعد ترکوں کے متعلق کہا جاسکتا ہے البتہ لفظ "پادری" کو "علماء" سے بدلنا پڑیگا۔ سلطان سلیم ثالث کو ۱۸۰۷ء و ۱۸۰۸ء میں جو مصیبتیں پیش آئیں اُن کا بیان کرنا بے سود ہوگا۔ ایک طرف تو فرانسیسیوں نے ترکوں کو دبا رکھا تھا انگریزوں نے اسکندریہ پر قبضہ کرلیا تھا اور انگریزی بیڑا مخالفانہ طور پر دردانیال میں داخل ہونیکی کوشش کررہا تھا روسی شمال سے ترکوں پر حملہ کررہے تھے اور سلطان سلیم ثالث اصلاحوں کی اجراء اور دشمنوں کی مخالفت پر کمربستہ تھا مگر علماء فتوہ تکفیر کی ترتیب میں ہمہ تن مشغول تھے سلیم کو ۱۸۰۷ء میں اپنا تخت چھوڑنا پڑا اور اپنے وزراء کے سر قربان کرنے پڑے۔ سلطان محمود دویم نے ۱۸۰۸ء میں کچھ اصلاحات کرنیکی کوشش کی۔ مگر علماء نے مخالفت کی وزیر اعظم کا محل جلاکر خاک سیاہ کردیا۔ وزیر اعظم مارا گیا قسطنطنیہ میں کشت وخون کا بازار گرم ہوگیا یہ وہ زمانہ تھا جب نپولین اعظم اور زار اسکندر کے درمیان ٹلسٹ کے مقام پر ترکوں کی سلطنت کا حصہ بانٹ کرنیکے متعلق عہد نامہ ہوا تھا۔ ترکوں کو سروبیہ میں شکست فاش ہوئی اور ریاستہائے ڈینیوب سے ہاتھ دھونا پڑا۔ اسی زمانہ میں نجد میں وہابیوں کا عروج ہوا اور محمد علی پاشا والی مصر نے شام پر قبضہ کرلیا۔ غرضیکہ ترکوں کو ہر سمت سے شکست ہی کا سامنا کرنا پڑا اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سلطان محمود ثانی نے جنسری فوج کو تباہ کرنے پر کمر باندھ لی اور جبتک کہ چالیس ہزار جنسری اور انکے بچوں کو قتل نہ کردیا آرام نہ لیا۔ سلطان عبدالمجید ۱۸۳۹ء نے اصلاح کرنیکی کوشش کی اس کو بھی ان ہی مصائب کا سامنا کرنا پڑا اور اسکے جانشین سلطان عبدالعزیز کو روسیوں نے شکست فاش دی اور عہد نامہ برلن ۱۸۷۸ء میں ترکوں کو بہت نقصان

پہونچا۔ سلطان عبدالحمید خاں نے جبکہ (پان اسلامزم) کا خواب دیکھا تو علماء کی خوشامد کو لازمی سمجھا۔ عبدالحمید خاں موجودہ ترقیات کے خلاف تھے اور اُن کی ذات سے نوجوان ترک پارٹی کو بہت نقصان پہونچا۔ مگر انہیں علماء کی مدد سے عبدالحمید خاں تخت سے معزول کئے گئے ۱۹۰۹ء میں جب غازی انور پاشا نے کچھ اصلاحات فوجی کرنا چاہئیں تو ایک نہایت طوفانی ہنگامہ برپا ہو گیا جس میں بہت سے جدید ترکی افسر کام آئے اور انور پاشا کو اپنی اصلاحات واپس لینا پڑیں۔ ان علماء سے پورا پورا انتقام مصطفےٰ کمال پاشا نے لیا جس کا ذکر ہم آگے کرینگے۔

ترکوں نے اپنا مذہب اور اسکے اصول عربوں سے حاصل کئے۔ یہ ایک بالکل تاریخی اتفاق ہے کہ ترک سلطنت اسلامیہ میں اس وقت داخل ہوئے جب انحطاط شروع ہو گیا تھا اور جملہ امور و اصول دینی میں اندھی تقلید شروع ہو گئی تھی محققین کی ہمتیں پست تھیں اور کسی میں اتنی جرأت نہ تھی کہ جادہ شریعت سے ایک قدم بھی باہر نکال سکے۔ یہی وجہ ہے کہ ترک حنفی المذہب ہیں۔ اس احسان کے علاوہ ترک عربوں کے اور کسی طریقہ سے احسان مند نہیں ہیں۔ اور نہ ان میں کوئی باہمی مشابہت و اشتراک ہے مورخین یورپ کی ایک عام گمراہی یہ ہے کہ جب مذہب اسلام کا ذکر کرتے ہیں تو عرب۔ ترک۔ مور اور ایرانی کو ایک ہی لاٹھی سے ہانکتے ہیں اور عربی۔ فارسی اور ترکی زبانوں میں کچھ فرق نہیں سمجھتے عرب اور ترک باہمی اتنے ہی مختلف ہیں جتنے کہ ساکنان سویڈن اور اٹلی۔ اور انکی زبانوں میں بھی اُسیقدر اختلاف جسقدر رابو اور انگریزی زبانوں میں فرق پایا جاتا ہے اُن میں صرف حروف تہجی مشترک ہیں۔ جو تعلق کہ یورپ میں رومیوں اور یونانیوں کا رہا ہے وہ ہی مشرق میں ترکوں اور عربوں کا رہا۔ ترکوں میں عربوں کی سی زباندانی اور مشکل علوم سے آگاہی بالکل نہیں۔ مثلاً ترک علم الٰہیات سے اتنا ہی بے بہرہ ہیں جتنا کہ منطق و فلسفہ سے۔ اسی لئے ترک اپنی زبان کی شاعری کو زیادہ ترقی نہ دیسکے۔ ترکوں نے جاسی خلیفہ کی ایسے ہی مدد کی جیسے مغرب میں سوئیزرلینڈ کے باشندوں نے ملوک یورپ کی جان کی حفاظت کی۔ اپنے سردار کا حکم ماننا ان کا فخر رہا اسلئے یہ عربوں کی فرقہ وارانہ کارروائی سے ہمیشہ متنفر رہے۔

انکے طرز عمل نے ان کو اس بات پر مجبور کیا کہ علاوہ کلام الٰہی اور کلام رسولؐ کے اپنا سردار کا حکم ماننا بھی اپنا فرض سمجھیں۔ لہٰذا اس کا عقیدہ یہ بھی ہو گیا کہ علاوہ الہامی احکام کے ایسے احکام بھی ہو سکتے ہیں جن کو سردار واقعات تاریخی سے مجبور ہو کر ایک خاص گروہ کے لئے اور ایک خاص وقت کیلئے جاری کرتا ہے۔ عربوں نے اپنے سردار کو امام سمجھا اور اس میں دونوں دینی اور دنیوی پہلو شامل ہو گئے ترک اپنے سردار کو لفظ "خان" سے تعبیر کرتے ہیں اور اُسکے ماہر علوم دینی ہونا ضروری نہیں سمجھتے عربوں نے صرف خدا اور اسکے رسول کی اطاعت پر انسان کو مجبور کیا۔

پھر اس کو آزاد کر دیا۔ اس آزادی کا لازمی نتیجہ خانہ جنگی اور خلیفہ وقت کے خلاف بغاوت تھا۔ مگر ترک اپنے سردار کے نہایت مطیع اور فرمانبردار سپاہی رہے اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان کی سلطنت بہت عرصہ تک قایم رہی اور بفضلہ اب تک موجود ہے۔ ترکوں نے سات سو برس تک باوجود عیسائیوں کی سخت مخالفت کے یورپ کے ایک حصہ پر حکومت کی، اور اب بھی یورپ کا ایک حصہ انکے قبضہ میں ہے۔

مندرجہ بالا سطور سے یہ سمجھ لینا کہ ترکوں نے اسلامی احکام کی مخالفت کی اور علما کو فقیر سمجھا۔ بالکل غلط ہے اسلام چونکہ ان کے سردار کا مذہب تھا اس لئے ان کا یہی مذہب ہو گیا مگر علما کے طبقہ کو انہوں نے ایک محکمہ کی سی اہمیت دی اور ان کی اسی طرح اطاعت کی جس طرح کہ وہ اپنے کسی "پاشا" یا "بے" کی کرتے۔ عربی زیادہ نہ تو انہوں نے سیکھی اور نہ اسکے سمجھنے کی کوشش کی۔ ایسا مذہب جو عالمگیر مساوات کا حامی ہو اور جو اپنے بزرگوں اور افسروں کی اطاعت و فرمانبرداری کی تعلیم دے۔ ان کو بہت پسند آیا۔ یہی وجہ تھی کہ علما کو فروغ جتنا کہ ترکوں نے دیا اتنا اور کسی مسلمان سلطنت میں انکو نصیب نہ ہوا مگر یہ طبقہ بالکل الگ رہا اور کبھی دنیادار لوگوں میں شریک نہیں ہوا۔ مگر ان میں بھی انہوں نے فوجی مدارج قایم رکھے۔ مثلاً (۱) سوختہ (۲) دانشمند۔ (۳) عالم اور یہی علما قاضی مفتی اور شیخ الاسلام کے درجہ تک پہونچے مگر شیخ الاسلام ہمیشہ سرکاری نوکر رہا۔

ترکوں نے علم فقہ میں ایک جدت دکھائی۔ عرب ذہنیت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ قانون خدا کیطرف سے ہے اور حکومت خلیفہ کی طرف سے اور علماء اسواسطے ضروری ہیں کہ وہ قانون الٰہی کے مطالب واضح اور تفسیریں بیان کر سکیں لہذا تمام عربی عہد حکومت میں ایک بھی قانون اور ضابطہ مرتب نہو سکا عرب لوگ لفظ قانون کے مفہوم سے ہی بے بہرہ رہے۔ صرف ترکوں کے عہد میں ایک ایسا قانون نظر آیا جو الہامی نہ تھا اور جس کو ایک بندۂ خدا نے اپنی رعایا کے لئے مرتب کیا تھا۔ ایسے قواعد کو ہم اپنی سہولت کے لئے لفظ "قانون" سے تعبیر کرتے ہیں تاکہ لفظ شرع سے اس کو ممیز کر سکیں۔ ترکوں نے احرار قانون میں اسلام کی خلاف ورزی نہیں کی۔ چار بڑے ائمہ اسلام اور امام ابو یوسف کی تقلید کی۔ ایسا اکثر دیکھا گیا ہے کہ علماء وقت نے موقع اور محل کے مطابق اپنی رائے کا اظہار کیا اور اس میں ملک اور خلیفہ وقت کی بہبودی مدنظر رکھی ایک مثال دیگر میں اس کو صاف کرونگا خلیفہ المامون کے وقت میں فرقہ معتزلیہ کو بہت عروج ہوا اور بہت سے جوشیلے علماء کو سخت تکالیف پہونچیں۔ یہی رویہ معتصم اور واثق کا رہا مگر متوکل نے جو عربوں کا نیرو صلاح الدین کہلاتا ہے معتزلہ پر بہت جور ستم کئے ان خلفا کا علماء وقت نے ہمیشہ ساتھ دیا۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ علماء وقت اور موقع کے مطابق قوانین

اسلام کی تفسیر کرنے پر قادر رہے۔ اس کے علاوہ جب بھی علما کے دو گروہ میں اختلاف پیدا ہوا تو خلیفہ کو یہ اختیار رہا کہ جس گروہ کی وہ چاہے تقلید کرے اور دیگر علما اسکی رائے پر عمل کرنے پر مجبور رہے۔ ترکوں نے اس اختیار کو جو مذہباً خلیفہ کو دیا گیا تھا ہمیشہ نہایت دانشمندانہ اور معقول طریقہ سے استعمال کیا۔ مثلاً جب سلطان سلیمان "قانونی" نے عیسائیوں کو مراعات (Capitulations) عطا کیں تو ان مراعات کو اسلام کے مطابق تعبیر کیا گیا اور یہ مراعات لفظ "امان" کے دائرہ میں لائی گئیں جنکے شرع شریف کی رو سے غیر مسلم جائز طور سے ہر زمانہ میں مستحق مانے گئے ہیں۔

شرع محمدی خلیفہ کو اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ جب وہ غیر مسلم غنیم سے صلح کرے تو اپنے اختیار تمیزی کو استعمال کر سکتا ہے۔ اس کے لئے کوئی ہدایات نہیں ہیں البتہ یہ ضروری ہے کہ وہ خدا اور اس کے رسول کے احکامات کے حد کے اندر رہے۔ اس کی مثالیں خلیفہ ثانی کے عہد سے بے شمار ملتی ہیں کہ انہوں نے یہودیوں اور عیسائیوں سے تجارتی عہدنامے کئے جن کا تعلق سیاست اور مذہب سے بالکل نہیں۔ لہذا سلاطین ترکیہ نے بھی خلیفہ ثانی کی مثال پیش نظر رکھ کر عیسائیوں سے تجارتی عہدنامے کئے۔ سلیمان اوّل نے ایک قدم اور آگے بڑھایا اس نے قوانین شائع کئے یعنی ایسے قانون جو صرف ترکوں کے ملک میں ایک خاص وقت تک جاری رہے۔ سلیمان "قانونی" نے تاریخ اسلام میں پہلی مرتبہ قانون تعزیرات کی ترتیب دی اور بہت سی ایسی سزائیں جو وقت کے لحاظ سے زیادہ سخت تھیں خارج کر دیں مثلاً چوری کی سزا شرع محمدی کے مطابق ہاتھ کاٹنا ہے سلیمان نے صرف بہت سنگین موقعوں پر اس سزا کو روا رکھا اور جج کو اپنا اختیار تمیزی استعمال کرنیکی اجازت دیدی۔

بیسویں صدی کے مقنین کو قانون تعزیرات کی اصلاح ایک معمولی بات معلوم ہوگی۔ مگر جب وہ یہ غور کرینگے کہ ایک مسلمان بادشاہ قانون خدا کے خلاف ترمیم پیش کر رہا ہے تو ان کو بھی یہ ایک خطرناک تجربہ معلوم ہوگا۔ مگر سلیمان اوّل خود بہت با اقتدار بادشاہ تھا۔ اسکے علاوہ اسکے علما چونکہ ترک تھے اس لئے انکی ذہنیت بھی ترکی تھی۔ وہ سمجھ گئے کہ ان کا "خان" تمام قانونی تبدیلیاں "سیاست" کی بنا پر کر رہا ہے اور اس سے مطلب مذہبی ہتک یا عدم احترام نہیں ہے، پس اس زمانہ سے وہ متوازی قانون ترکی میں ہو گئے اوّل "شریعت" یعنی قانون خدا اور دوسرا "قانون" یعنی وہ ترمیمیں جو انسان نے اپنی ضرورت کے مطابق ترتیب دیدیں شرع اور قانون میں کوئی مخالفت نہ ہوئی کیونکہ سلطان ہمیشہ آل عثمان رہا اور علماء ہمیشہ ترک رہے۔

سترہویں صدی عیسوی سے سلطنت ترکی کا

زوال شروع ہوتا ہے۔ اٹھارویں صدی عیسوی میں ترکوں کو فاش شکستوں کا سامنا کرنا پڑا۔ اسٹریا۔ روس اور یونان کے پردے میں تمام یورپ انکا دشمن ہوگیا اور ترکوں کو بہت سے صوبے روس اور اسٹریا کو حوالہ کرنے پڑے۔ انیسویں صدی میں ترکوں کو اور زیادہ نقصان ہوا۔ بغاوت یونان۔ سرکش محمد علی شاہ "والی" مصر۔ فتنہ ابن سعود غرضکہ تمام آفات بیرونی و اندرونی کا ایک طوفان کی طرح اُبل پڑیں۔ سلطان عبدالمجید کے پیش نظر دو امور تھے۔ اوّل تو روس کی حمایت جس نے وعدہ کیا تھا کہ اگر روسیوں کے ساتھ مراعات کی گئیں تو روس بقائے ٹرکی کا حامی ہوجائیگا۔ دوسرے انگلستان اور فرانس نے اس بات کا وعدہ کیا تھا کہ اگر سلطان نے چند قانونی اصلاحیں اپنے ملک میں کرلیں جس کی وجہ سے بیرونی ممالک کے باشندے ایک حد تک سلطنت ٹرکی میں محفوظ ہوجائیں تو ہر دو دول ٹرکی کی حمایت کرینگی۔ سلطان عبدالمجید کو دونوں فریقوں کا اچھی طرح تجربہ تھا انہوں نے یہ خیال کیا کہ انگریز اور فرانسیسی نسبتاً زیادہ قابل اعتبار ہیں لہذا انہوں نے نفاذ اصلاح کا وعدہ کرلیا۔ انہوں نے خط شریف ۱۸۳۹ء میں اعلان کیا اور خط ہمایوں کا اعلان ۱۸۵۶ء میں ہوا۔ ان اعلانات کے رو سے بیرونی ممالک کی کل رعایا کو ترکوں کے مساوی حقوق ملے۔

شرعاً سلطان عبدالمجید کے اوپر کوئی اعتراض نہو سکا کیونکہ یہ سب مراعات "امان" کے تحت میں آگئیں لیکن سلطان نے ایک قدم اور آگے بڑھایا اور اپنے تجارتی قانون کا بھی نفاذ کردیا جس میں اس روپیہ پر جو تجارت میں لگایا جائے سود لینا جائز قرار دیدیا گیا تھا۔ اسی طرح سے قانون تعزیرات میں بھی بہت سی ترمیمیں کیں مثلاً چوروں۔ زانیوں۔ شرابیوں اور ڈاکوؤں کی سزاؤں میں بہت تخفیف کردی۔ سلطان نے مشترک عدالتیں قائم کیں جس میں یہودی عیسائی اور مسلمان جج ایک ہی جگہ بیٹھ کر مقدمہ فیصل کرتے تھے۔ سلطان محمد فاتح اور سلطان سلیمان اوّل کو بھی اپنے زمانۂ اقتدار میں کبھی اتنی جرأت نہیں ہوئی جتنی کہ سلطان عبدالمجید کو زمانہ انحطاط میں۔ مگر علماء نے اس کو برداشت کرلیا یہ سب ٹرکی ذہنیت کا نتیجہ تھا علماء نے سمجھا کہ تعزیری قانون کا تعلق پولیس سے ہے اور دارالاسلام میں سلطان پولس کا افسر اعلیٰ مانا جاتا ہے لہذا قوانین پولیس میں سلطان خود مختار ہے اور مداخلت علماء سے بے نیاز اسی طرح قانون تجارت میں بھی چونکہ سوداگروں کا تجارت سے تعلق ہے نہ کہ مذہب سے اس لئے سلطان خود مختار ہے۔ مگر شیخ الاسلام ہمیشہ باب عالی میں اور ٹرکی "دیوانوں" (مجالس مشاورت) میں شریک رہا اور ہمیشہ اپنے دستخط تمام احکام سلطانی پر کرتا رہا علماء کی وقعت ترکوں میں ہمیشہ ہوتی رہی اور ان ترمیموں سے ان کے اثر میں کچھ فرق نہ آیا۔ ۱۸۷۸ء میں عہدنامہ برلن سے ترکوں کو بہت نقصان پہونچا

بہت سے صوبے مثلاً بلغاریہ۔ سرویا۔ وغیرہ آزاد ہو گئے۔ سلطان عبدالحمید خاں نے محسوس کیا بغیر بیرونی مسلمانوں کی مدد کے ٹرکی کی بقا محال ہے لہذا انہوں نے پان اسلامک تحریک کی بنیاد ڈالی۔ اس کا خیال تھا کہ جملہ مسلمان عالم کو ایک ہی خیال کا کر لیا جائے تو دشمنان اسلام کا بہت اچھی طرح مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ دشمنان اسلام کے لئے یہ ایک بہت سخت دھمکی تھی اور اور تمام دول یورپ کو اس کی فکر ہو گئی۔ مثلاً ہندوستان کا ایک مسلمان شاہنشاہ انگلستان کے مقابلہ میں سلطان روم کی مدد کرنیکو فوقیت دیگا۔ یہی حالت تمام مسلمانوں کی تھی۔ پھر اگر یہ تحریک کامیاب ہو جاتی تو اس میں شک نہیں کہ دنیائے اسلام میں ایک بہت بڑا تغیر پیدا ہو جاتا مگر ایسی تحریک بہت بڑے دماغ اور اعلیٰ التعلیم کی ضرورت تھی بڑی دقت جو سلطان عبدالحمید کے راستہ میں تھی وہ یہ تھی کہ تمام مسلمان تعلیمی حالت میں ایک درجہ پر نہیں تھے اور سیاسی امور کو سمجھنے کی یکساں اہلیت نہیں رکھتے تھے دوسری وجہ سلطان عبدالحمید کی ناکامی کی یہ تھی کہ ٹرکی میں "نوجوان ترک" کی جماعت پیدا ہو گئی۔ نوجوان ترکوں کا یہ خیال تھا کہ ترکوں کی مدد اس وقت تک کوئی نہیں کریگا اور نہ انکو کوئی فائدہ ہوگا جبتک کہ وہ خود اپنی اصلاح نکریں۔ لہذا اول ضرورت ترکوں کو خود اپنی اصلاح کرنا ہے یعنی ٹرکی میں وہ اصلاحات کریں جو ممالک مغربی میں جاری ہیں تاکہ تعلیمی اور تمدنی حالات میں ترک یورپ کے ہم پلہ ہو جائیں" تو نوجوان ترکوں کو" دنیائے اسلام کا اتحاد ایک امید موہوم معلوم ہوا اور انکا خیال تھا کہ غیر تعلیم یافتہ مسلمانوں کا اتحاد ٹرکی کے لئے باعث پریشانی اور دیگر مسلمانوں کیلئے باعث خوں ریزی ہوگا پس انہوں نے ٹرکی میں اصلاحات کی تعلیم دینا شروع کی چونکہ پہلی اصلاح بادشاہ کی خود مختاری پر حملہ تھا اسوجہ سے سلطان عبدالحمید خاں اور نوجوان ترکوں میں سخت مخالفت ہو گئی (باقی آئندہ)

کشکول

(از عالی جناب منشی حبیب احمد صاحب قبلہ میشی)

بہت عرصہ کا ذکر ہے ملفوظات حضرت سلطان المشائخ محبوب الٰہی قدس سرہ پیش نظر تھی ایک موقع پر مولانا نظامی گنجوی کے شعر پر اظہار خیال فرمایا گیا تھا۔ اوس کو دیکھکر حیرت طاری تھی کہ اوائل عہد کے اس نامور حکیم نے جس کی عہد تک تغزل نے کوئی مستقل طرز اختیار نہیں کیا تھا۔ کس بے تکلفی۔ سادگی۔ جوش ادا کے ساتھ جذبات و اولوات کو ادا کیا ہے۔ غرضہ دراز تک اس شعر کی متعلق بقیہ اشعار کی تلاش رہی میخانہ۔ آتشکدہ سرو آزاد و چند دیگر تذکروں میں جو شعراء متقدمین کے ذکر میں ہیں۔ تلاش کیا بتہ نہیں چلا۔ شعر العجم کے اشاعت نے ہمیشہ کے لئے مایوس کر دیا۔ کچھ عرصہ ہوا حسن و اتفاق سے ایک سفینہ ادب میں جو کہ محض رد یات کے حیثیت میں تھا یہ پوری غزل مل گئی۔ اوس کو دیکھ کر جو حالت و کیفیت طاری ہوئی اوس کو ادا کرنے سے زبان قاصر ہے ایک وجدانی کیفیت تھی جس نے عرصہ دراز تک محو و خود رفتگی رکھا۔ یہ محسوس ہوتا تھا کہ ارض و سما ساکت ہیں حضرت اسرافیل صدائے صور سے مردہ پیکرانِ خاکی کے عظام رمیم میں روح حیات پھونک رہے ہیں۔ مولانا روم نے انہیں کے شان میں کہا ہے "ایکہ اسرافیل وقت اند اولیا۔ مردہ را زیشاں حیات الست و نما" قبل اس کے کہ ان عرش پیما خیالات کو پیش کیا جائے حضرت سلطان المشائخ کے وہ پیارے الفاظ جس کے ہر لفظ نے دل و جگر میں آگ لگا دی پیش کئے جاتے ہیں اس اندازہ سے ذہن قاصر ہے کہ مولانا کے کلام میں کیا واردات و جذبات ہیں جنکے سبب سے ایسی مبارک و مقدس ہستیاں وجد و مستی میں بے خود رہیں حضرات علائے سنجری ملفوظات میں ذکر کرتے ہیں

چہارشنبہ جمادی الآخر سنہ ثلاث و عشر و سبعمائۃ
دولت پائے بوس بدست آمد سخن در قلم افتاد در
تخیلات غزل و غیرہ ان فرمود۔ کہ تا ہر کس برچہ حل کند
بعد ازاں فرمود کہ وقتے شیخ الاسلام حضرت فریدالدین
قدس سرہ العزیز بزبان مبارک راند نظامی ایں چہ
اسرار است کہ خاطر بروں راوی بد کے حضرت نمی اند
زباں در کش زباں در کش۔
بیشتر روز ایں بیت میگفت تا خاتمہ شام در آمد در وقت

اظہار ہم این بیت بر زبان مبارک می راند گویند در وقت و
محرم ایں بیت می گفت و ہر زمانہ کہ میگفت تغیری در وے
پیدا می آمد۔ بعد ازاں خواجہ ذکر اللہ بالخیر فرمود کہ تا چہ
بود در خاطر او و چہ چیزش می گویند۔

اس صنف و جوش ادا میں جو طرز خاص خواجہ حافظ رکھتے ہیں۔ فارسی شعرا میں اور کسی کو میسر نہیں۔ واردات قلبی مقالات مختلفہ میں تنوع مضامین کے ساتھ مستی و بیخودی۔ ذوق و شوق اور اس کے ساتھ جوش ادا کا وہ اثر ہے کہ الفاظ میں۔ واقعات کی زندہ تصویریں نظر آتی ہیں لیکن مولانا کا جوش و وارفتگی اس سے بہت بالاتر ہے خواجہ صاحب اپنی جوش مستی از خود رفتگی میں آسمان و زمین کو درہم برہم کر رہے ہیں۔ نظام کائنات کو زیر و زبر کر دیا ہے دیوانہ وار جھوم جھوم کر ہاتوں سے تالیاں بجاتے ہیں پائے خوبی سے کیفیت رقص پیدا کر رہے ہیں۔ لیکن مولانا جذبات و ادارات کا جادو عالم سفلی سے بالاتر عالم علوی کو جگا رہا ہے۔ اُن کے کلام کی شرر افشانی عرش و کرسی و ماسوا اللہ کو پھونک کر عالم علوی کے اُس ذرہ حقیقت پر قدم زن ہے جہاں ملکوت کے حدود ہزاروں فرسخ پیچھے رہ جاتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ حضرت مسعود فرید الدین گنج شکر کا اس روحانی و ترجمان اسرار کے کلام پر اسقدر بیخود ہو جانا تعجب انگیز نہیں مولانا کی پوری غزل اور خواجہ صاحب کی ایک غزل جو کہ اتحاد مضمون کے لحاظ سے قریب قریب ہے ہیں

خواجہ صاحب

بیا تا گل بر افشانیم و مے در ساغر اندازیم
فلک را سقف بشگافیم و طرح نو در اندازیم
اگر غم لشکر انگیزد کہ خون عاشقاں ریزد
من و ساقی بہم سازیم و بنیادش بر اندازیم
چو در دست است مطرب خوش بزن طرب و خوش
کہ دست افشاں غزل خوانیم و پا کوباں ہر اندازیم
صبا خاک وجود ما بہ آں عالی جناب انداز
بود کاں شاہ خوباں را نظر بر منظر اندازیم
بہشت عدن اگر خواہی بیا با ما بہ می خانہ
کہ از پائے جنت یکسر بہ حوض کوثر اندازیم

مولانا نظامی

جہاں تیرہ است رہ مشکل جنیبت را عنان در کش
زمانے رخت ہستی را بہ خلوت گاہ جاں در کش
کلاغان طبیعت را ز باغ انس بیروں کن
ہمایان سعادت را بہ دام امتحان در کش
جو خاص الخاص جاں گشتی ز صورت پائے بیروں نے
ہزاراں شربت معنی بیک دم رائیگاں در کش
گراں جانی مکن ہرگز کہ در بزم سبک روحاں
چو ساقی گرم رو گردد سبک رطل گراں در کش
چو مست حکمتش گشتی فلک را خیمہ برہم زن
ستون عرش را جنباں طناب کہکشاں در کش

بیا جانا منور کن ز رویت مجلس ما را
طریقش بے قدم می رو جمالش بے نظر می بین

که در پیشت غزل خوانیم و در پایت سر اندازیم
حدیثش بے زباں میگو شرابش بے دہاں در کش

سخن دانی و خوش خوانی نمی ورزد در شیراز
نظامی این چه اسرارست کز خاطر برون آوی

بیا حافظ که تا خود را بملک دیگر اندازیم
کسی وقعت نمیداند زبان دارکش زباں در کش

بچہ

از

روسی معجز نگار چیخوف

ترجمہ

جناب جلیل احمد صاحب قدوائی، بی۔ اے،

گریشا، ایک پھولے گالوں والا چھوٹا بچہ جسے پیدا ہوئے دو سال آٹھ ماہ ہوئے اپنی آیا کے ساتھ سڑک پر ٹہل رہا ہے وہ ایک لمبا موٹا دگلا، ایک گلوبند، ایک بڑی ٹوپی جس میں لیس ٹکی ہے اور گرم لیدر بوٹ پہنے ہے اُسے گرمی معلوم ہوتی ہے اور گھبرا رہا ہے اور اُس کے چہرہ پر اپریل کی ماہ کی تیز دھوپ پڑ رہی ہے اور اس کے آنکھیں جلی جا رہی ہیں۔

اُس کی پوری بھدی، کمزور، غیر مستقل آواز آہستہ آہستہ اُٹھنے والے قدموں کی شخصیت سے انتہائی سراسیمگی ٹپک رہی ہیں۔

اب تک گریشا کو صرف ایک چوکھنٹی دنیا کا علم ہے جہاں ایک کونے میں اس کا بستر ہے دوسرے میں آیا کا بکس تیسرے میں ایک کرسی اور چھوتھے کونے میں ایک چھوٹا چراغ جل رہا ہے۔ اگر کوئی بستر کے نیچے دیکھے تو وہاں اُسے ایک گڑیا، جس کا ایک ہاتھ ٹوٹ گیا ہے اور ایک ڈھول پڑی ملے گی اور آیا کے بکس کے پیچھے بہت سی بیکار چیزیں پڑی ہیں سوت کی گڑیاں، بغیر ڈھکن کے ڈبے اور ایک ٹوٹا پھوٹا جوتہ اس دنیا میں آیا اور گریشا کے علاوہ اکثر امی اور بلی بھی آجاتی ہے امی بالکل گڑیا کی طرح ہیں اور بلی ابا کے سموز کے کوٹ سی ہے، صرف کوٹ کے آنکھیں اور دُم نہیں ہیں۔ اس دنیا میں جسے نرسری[1] کہتے ہیں ایک دروازہ ہے جو ایک صحن میں کھلتا ہے، اُس سے ملا ہوا ایک کمرہ ہے جہاں کھانا کھاتے اور چائے پیتے ہیں وہاں گریشا کی کرسی رکھی ہے جس کی ٹانگیں اونچی ہیں اور دیوار پر ایک گھڑی لٹک رہی ہے جس کا کام اپنا پنڈولم ہلانا اور گھنٹی بجانا ہے کھانے کے کمرے میں سے آپ اُس کمرے میں جا سکتے ہیں جہاں مرغ آرام کرسیاں ہیں یہاں دری پر ایک سیاہ دھبہ ہے

[1] وہ کمرہ جہاں بچے پالے جاتے ہیں افسوس کہ اس کے لئے اردو لفظ جو پورے طور پر معنی پر حاوی ہو مجھے نہیں ملا۔ مترجم

جس کو دکھا کر اب تک گریشا پر انگلیاں اوٹھائی جاتی ہیں اس کمرے کے بعد ایک اور کمرہ ہے جہاں جانیکی کسی کو اجازت نہیں اور جہاں ابا جان ـــــ کوئی نہایت ہی پُر راز اور عجیب ہستی ـــ کی جھلک نظر آتی ہے اتا اور اُمّی سمجھ میں آتی ہیں وہ گریشا کو کپڑے پہناتی ہیں اُسے کھانا کھلاتی ہیں اور سُلاتی ہیں لیکن ابا جان کی زندگی کا مقصد کیا ہے یہ نہیں معلوم ایک اور ناقابل فہم وجود پھوپی اماں کا ہے جنھوں گریشا کو ڈھول خرید کر دی تھی وہ نمودار ہوتی ہیں اور پھر کہیں الوپ ہو جاتی ہیں وہ کہاں غائب ہو جاتی ہیں؟ گریشا نے ایک سے زاید دفعہ پلنگ کے نیچے، صندوق کے پیچھے اور کرسی کی پشت پر انھیں تلاش کیا مگر وہ وہاں نہیں ملیں.....

اس نئی دنیا میں جہاں سورج انسان کی آنکھوں کو مجروح کرتا ہے اسقدر ابا، اُمّی اور پھوپھی اماں میں نظر آتی ہیں کہ سمجھ میں نہیں آتا کوئی کس کے پاس دوڑ کر جائے لیکن جو چیز سب سے زیادہ عجیب اور سب سے زیادہ مہمل ہے وہ گھوڑے ہیں گریشا اُن کی حرکت کرنیوالی ٹانگیں دیکھتا ہے لیکن اُس کی سمجھ میں کچھ نہیں آتا۔ وہ اس راز کا حل اپنی اماں سے طلب کرتا ہے مگر وہ بولتی نہیں ہے۔

یکایک اُسے ایک پُر خطر کھٹ پٹ سُنائی دیتی ہے سپاہیوں کی ایک فوج جن کے چہرے لال ہیں اور جن کی بغلوں میں بندوقیں ہیں سڑک پر زور زور سے قدم ڈالتی ہوئی اُس کی طرف آرہی ہے گریشا خوف کی وجہ سے سر سے پیر تک کانپ جاتا ہے اور اتا کی طرف سوالیہ نظروں سے دیکھتا ہے تاکہ معلوم ہو خوف کی بات تو نہیں ہے لیکن اتا نہ روتی ہے نہ بھاگتی ہے اس لئے اطمینان ہے کہ خطرہ کی بات نہیں ہے، گریشا سپاہیوں کو گذرتے دیکھتا ہے اور خود بخود اُن کے ساتھ اپنے قدم اُٹھا کر بڑھنا چاہتا ہے۔

دو بڑی بلیاں جن کے چہرے لانبے ہیں اور جن کی زبانیں باہر نکلیں ہیں اور دُمیں ہوا میں بلند ہیں کہیں سے آتی ہیں اور ایک دوسری کے پیچھے دوڑتی ہیں گریشا خیال کرتا ہے کہ اُسے بھی دوڑنا چاہئے اور وہ بلیوں کے پیچھے دوڑتا ہے۔

کہاں چلے؟" اتا جلدی سے اُس کے کندھے پکڑ کے کہتی ہے "ارے آخر کدھر کو؟ کہدیا بچے شرارت نہیں کرتے"

ایک طرف ایک اتا نارنگیوں کی ایک ٹوکری لئے بیٹھی ہے گریشا اس کے پاس سے گزرتا ہے اور بغیر کچھ کہے ایک نارنگی اُٹھا لیتا ہے۔

"یہ کیا؟ یہ کیا؟" اُس کی پہلی اتا اُس کے ہاتھ سے نارنگی چھین کر کہتی ہے "عجب بدتمیز ہو۔

اب گریشا چاہتا ہے کہ وہ شیشہ کا ایک ٹکڑا اوٹھائے جو اُس کے پردے کے پاس ہی پڑا ایک چراغ کی طرح چمک رہا ہے لیکن وہ ڈرتا ہے کہ کہیں پھر اُس کا ہاتھ نہ پکڑ لیا جائے۔

"بو اسلام" یکایک گریشا کو قریب قریب اپنے کانوں

کے اوپر ہی ایک اونچی بھاری آواز سنائی دیتی ہے اور وہ ایک لانبے آدمی کو جس کے کوٹ میں سرخ بٹن ہیں دیکھتا ہے

جب یہ آدمی ٹھہر جاتا ہے، انا سے ہاتھ ملاتا ہے اور اُس سے باتیں کرنے لگتا ہے تو گریشا کو خوشی ہوتی ہے سورج کی چمک، گاڑیوں کا شور، گھوڑے، چمکیلے بٹن یہ سب ایسے نئے اور انوکھے ہیں اور خوف آمیز نہیں ہیں کہ گریشا کی روح میں ایک جذبۂ لطف پیدا ہوتا ہے اور ہنسنے لگتا ہے

"چلو! چلو!" وہ چمکیلے بٹن والے آدمی سے اُس کے کوٹ کے دامنوں کو کھینچ کر کہتا ہے۔

"کہاں چلیں؟" آدمی پوچھتا ہے۔

"چلو!" گریشا اصرار کرتا ہے۔

وہ کہنا چاہتا ہے کہ اپنے ساتھ ابا، امی اور بلی کو بھی لے چلیں تو اچھا ہے مگر جو وہ کہنا چاہتا ہے اُسی زبان ادا نہیں کرتی۔

تھوڑی دیر بعد انا سڑک چھوڑ کر گریشا کو ایک بڑے صحن میں لے آتی جہاں اب تک برف جمی ہوئی ہے اور چمکیلے بٹن والا آدمی بھی اُن کے ساتھ آتا ہے وہ ہوشیاری کے ساتھ برف کے تھوئے اور پانی سے بھرے ہوئے گڑھوں کو بچاتے ہوئے ایک تاریک اور میلے زینہ سے ایک کمرے میں جاتے ہیں یہاں بہت زیادہ دھواں ہے، بھونے ہوئے گوشت کی خوشبو آرہی ہے اور چولھے کے پاس ایک عورت کھڑی کباب سینک رہی ہے باورچن اور انا ایک دوسرے کا پیار لیتی ہیں اور اُس آدمی کو ساتھ بنچ پر بیٹھ جاتی ہے اور آہستہ آہستہ باتیں کرنے لگتی ہیں گریشا کو اس تنگ و تاریک کوٹھری میں اور اپنے چست اور جکڑے ہوئے لباس میں سخت گرمی اور پیاس معلوم ہوتی ہے۔

"یہ سب کیا ہے؟" وہ اپنے چاروں طرف متحیر نظروں سے دیکھتا ہے۔

وہ سیاہ چھت، کفگیر اور چولھے کو ایک بڑے سیاہ سوراخ کی طرح سے دیکھتا ہے۔

"ام — م — می — ی" وہ چلانے لگتا ہے۔

"اچھا اچھا" انا کہتی ہے "ابھی چلی!"

باورچن میز پر ایک بوتل، دو شراب کے گلاس اور کچھ کباب رکھتی ہے دونوں عورتیں اور چمک دار بٹنوں والا آدمی اپنے اپنے گلاس ایک دوسرے کے گلاس سے ٹکرا کے جھنکار پیدا کرتے ہیں اور انھیں بار بار خالی کرتے ہیں سرخ بٹن والا آدمی پہلے باورچن اور پھر انا کے کمر میں ہاتھ ڈالتا ہے اور اس کے بعد تینوں مل کر دھیمے لہجہ میں گانا شروع کرتے ہیں۔

گریشا کباب کی طرف اپنا ہاتھ بڑھاتا ہے اور وہ اُسے اُس کا ایک ٹکڑا دیتے ہیں وہ اُسے کھا لیتا ہے اور انا کو پیتے دیکھتا ہے... وہ چاہتا ہے کہ اُسے پینے کو بھی دیں۔

"انا، وہ..... وہ!" گریشا کہتا ہے۔

باورچن اُسے اپنے گلاس میں سے ایک گھونٹ دیتا ہے وہ اپنی آنکھیں چڑھاتا ہے، پلکیں مارتا ہے کھانستا ہے

اور اُس کے بعد دیر تک اپنا ہاتھ ہلاتا رہتا ہے۔ باورچن اُسے دیکھتی ہے اور ہنستی ہے۔

جب وہ گھر جاتا ہے تو گریشا اُمّی سے دیواروں اور بستر کی نسبت جہاں وہ تھا اور جو کچھ اُس نے دیکھا بیان کرتا ہے۔ وہ زبان سے اتنا نہیں کہتا جتنا اپنے چہرے اور اپنے ہاتھوں سے وہ بتاتا ہے کہ سورج کیسے چمکتا ہے، گھوڑے کیسے دوڑتے ہیں، خوفناک چولھا کیسا معلوم ہوتا ہے اور باورچن کیسے ہنستی ہے ....

شام کو اُسے نیند نہیں آتی۔ بندوق لئے ہوئے سپاہی، بڑے جھمگٹ، اُلو بلیاں، گھوڑے، شیشہ کا ٹکڑا، نارنگیوں کے ٹوکری، چمکیلے بٹن سب جمع ہو کر اُس کے دماغ پر چھا جاتے ہیں وہ کروٹیں لیتا ہے، تلا تلا کے بولتا ہے اور آخر کشمکش پر قابو نہ پا کے رونے لگتا ہے۔

"شاید تمھیں حرارت ہے!" اُمّی اپنا ہاتھ اُس کے ماتھے پر رکھ کر کہتی ہیں۔ "کوٹھی پر بدپرہیزی کی ہوگی"۔

"چولھا!" گریشا رو کے کہتا ہے۔ "بھاگ جاؤ چولھا!"

میں کہتے کہتے حیران ہوگئی۔ کھانے میں احتیاط نہیں ہوتی ....؟ اتنی خفا ہوتی ہیں۔ اور گریشا اپنے اپنی زندگی کے تاثرات کو بیان کرنے کی سزا میں اُمّی سے ایک ایک چمچہ رینڈی کا تیل پاتا ہے۔

پروازِ جنوں

(از جناب حامد سعید خاں صاحب حامد بھوپالی)

اللہ اللہ یہ کیفیت اعجازِ جنوں
کہ مجھے خود نہیں معلوم مرا رازِ جنوں

دلِ خاموش، جسے پیکرِ معصوم کہیں
یہی انجامِ تمنا، یہی آغازِ جنوں

موسمِ گُل کی ہواؤں سے لرز جاتا ہوں
کہ بڑھا دیتی ہیں یہ طاقتِ پروازِ جنوں

چھانیوالا ہے زمانہ پہ ابھی رنگِ سکوت
کہنے والا ہوں زمانہ سے ابھی رازِ جنوں

اب نہ وہ دامنِ رنگیں ہے، نہ دستِ وحشت
رہ گئی یاد بس اک جرأتِ آغازِ جنوں

وحشتِ رنگِ محبت ہے، بہ اندازِ بہار
چاک ہے سینۂ مجروح بہ اندازِ جنوں

آنیوالی ہے ابھی وجد میں روحِ نغمہ
چھیڑنیوالا ہے نگاہوں سے ابھی سازِ جنوں

یاد وہ حالت کہ کوئی پوچھنے والا ہی نہ تھا
یا یہ عالم کہ ہر اک ذرہ ہے غمازِ جنوں

جن منازل سے محبت میں گذر جاتا ہوں
گونجتی رہتی ہے واں شورشِ آوازِ جنوں

پاس ہے جیب و گریباں کا وگرنہ حامد
مجھکو معلوم ہے سب قوتِ پروازِ جنوں

ہُد ہُد

(از علامہ ابوالکمال مولوی سید محمد عبدالودود صاحب قدر بریلوی)

فالسے کے پیڑ پر بیٹھا ہے کیوں آجا یہاں
آج تو اُڑ کر نکل آیا ادھر ہُد ہُد! کہاں؟

تو پرندوں میں نظر آتا ہے مجھکو خوبرو
آ کہ کرنا چاہتا ہوں تجھ سے میں کچھ گفتگو

سب پرندوں سے تری شکل و شباہت ہی جُدا
سب سے ذہنیت جدا ہے اور ذہانت ہے جُدا

تیرے بھولے پن کی باعث نام ہیں تیری کئی
کوئی کہتا ہے تجھے مُلّا کوئی کھُٹ کھُٹ بڑھئی

شکل تیری کس قدر پیاری ہی اور معصوم ہی
پر ادب میں ذکر تیرا شاذ کالمعدوم ہے

قمری و بُلبُل پہ حاصل ہے تجھے فضل و شرف
پھر بھی ہے اُردو ادب سے ذکر تیرا برطرف

طرفہ تر یہ ہے کہ بُلبُل ہند میں مفقود ہے
اور باغ و راغ میں تو ہر جگہ موجود ہے

کیا نہیں پاتے سخنور تجھ میں کوئی بات بھی؟
کیوں نہ اک مرکز تخیل کا ہو تیری ذات بھی؟

کون کہہ سکتا ہے دردِ دل سے تو بیگانہ ہے
عشق سے بیگانہ جو سمجھے تجھے دیوانہ ہے

تیرے بارے میں یہ سو ظن ہی فی الواقع عجیب
رہ چکا ہے تو تو دربار سلیماں کا نقیب

دیکھا ہے بیش قیمت خدمتیں انجام تو
کر چکا ہے قابلِ تعریف اکثر کام تو

جو پڑی بلقیس پر پہلے وہ تیری تھی نگاہ
تو ہے جنسِ حسن کا کیسا مبصر واہ واہ

پھر مبصر ہی نہیں تدبیر میں بھی طاق ہے
چارہ سازی تیری وقفِ خدمتِ عشاق ہے

وصل کی تدبیر کرنے میں بہت مشاق ہے
تیری خدمت اور اطاعت شہرۂ آفاق ہے

عشق کا پیغام سوئے حسن لیجاتا ہے تو
عاشقِ بیتاب کو تسکین دیجاتا ہے تو

تیرے پہلو میں بھی بیشک اک دلِ آگاہ ہے
تیرے سر کا تاج گویا لا الٰہ الا اللہ ہے

دولت کا صحت پر اثر

(از ایم اے خالق صاحب معلم فرسٹ ایر کلاس)

عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ صحت و دولت ایک دوسرے سے وابستہ ہیں اور آدمی جس قدر دولتمند ہوگا اسیقدر بلند ہمت بھی ہوگا۔ یہ خیال عوام تک ہی محدود نہیں۔ بلکہ علماء منافع الاعضا بھی اسی غلطی میں مبتلا ہیں۔ اور وہ دولت کو "اکسیر حیات" اور "اکسیر بدن" کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ چنانچہ ڈاکٹر ہال نے ایک مرتبہ اپنے رسالہ صحت (جورنل آف ہیلتھ) میں لکھا تھا۔

انسان پر دولت کا حفظان صحتی اثر اس رپورٹ سے بخوبی واضح ہوتا ہے جو مسٹر ایم۔ ولیری۔ ہیوری کے کمشنران محتاج خانہ کے سکریٹری نے لکھی ہے۔ اس میں اس نے واضح کیا ہے۔ کہ دولتمندوں کی اوسط عمر غریبوں کی بہ نسبت بارہ سال زیادہ ہوتی ہے چنانچہ ۱۰۸۸ دولتمند ۴۲ سال کی اوسط عمر میں مرے ۴۷۹۱ متوسط الحال اشخاص نے ۲۹ سال کی اوسط عمر پائی۔ اور ۱۹۸۴۹ غریب آدمیوں کی اوسط عمر صرف بیس سال تھی

ان اعداد و شمار سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ واقعی دولت صحت پر اچھا اثر ڈالتی ہے۔ لیکن وہ لوگ جو دولت کو درازی عمر اور ترقی صحت کا موجب قرار دیتے ہیں۔ وہ اس میں حق بجانب نہیں۔ وہ اس اصل اصول کو ہی بھول جاتے ہیں۔ جو ان کے نظریہ کی بنیاد ہے۔ یعنی صحت دولت کے حصول کا ذریعہ تو ضرور ہے۔ لیکن وہ دولت کی پیداوار نہیں چنانچہ بیشتر لوگ موروثی طور پر کمزور اور مریض پیدا ہوتے ہیں جنکی وجہ سے وہ دنیا کی کشمکش میں حصہ لینے اور دولت پیدا کرنے کے اہل ہی نہیں رہتے۔ اگر وہ وراثت سے دولت حاصل نہ کریں۔ تو مفلسی کی حالت میں بہت جلد ملک عدم کو سدھار جائیں اس کے برعکس تندرست اشخاص خواہ پیدائشی طور پر مفلس ہی کیوں نہ ہوں محنت اور کوشش سے دولتمند ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ مغربی ممالک خصوصاً امریکہ کے بیشتر اشخاص جو ابتدائے زندگی میں نہایت عسرت کی زندگی بسر کرتے تھے۔ خود اپنے دست و بازو سے دولتمند بن گئے۔ ہندوستان میں بھی ایسی مثالوں کی کمی نہیں۔ چنانچہ مغرب میں لپٹن کمپنی کا مالک لپٹن۔ فورڈ موٹر کار کا مالک مسٹر ہنری فورڈ۔ مشرق میں میڈن تھیٹرز کا مالک مسٹر میڈن۔ غازی مصطفےٰ کمال پاشا ترکی اور اعلیٰ حضرت شاہ پہلوی ایرانی وغیرہم اس

حقیقت کی بہترین مثالیں ہیں۔

اس کے برعکس بیمار اور دائم المریض اشخاص کو دولت پیدا کرنے کے موقع کہاں میسر آسکتے ہیں۔ بیماری ان کی تمام امیدوں پر پانی پھیر دیتی ہے انہیں کامیابی کا منہ دیکھنا نصیب نہیں ہوتا۔ اور انکی تمام زندگی اور دولت بیماری سے رستگاری حاصل کرنے میں صرف ہو جاتی ہے۔

سچ پوچھئے تو دولت اپنی تمام مکروہات کیساتھ انسانی صحت کو خراب اور زندگی کو کم کرتی ہے۔ کیونکہ دولت کی عام استعداد نیکی اور رحمدلی نہیں ہے۔ بلکہ فضول خرچی خود غرضی سستی اور بسیار خوری ہے۔ یعنی دولت فضول خرچی عیش و عشرت۔ سستی بسیار خوری اور مخالفِ صحت عادات و اثرات پیدا کر دیتی ہے۔ چنانچہ ڈاکٹر چینگ نے دولت کے جسمانی اثرات کے متعلق لکھا ہے۔ کہ جسمانی امراض میں امیروں اور غریبوں کے درمیان بہت تھوڑا فرق ہے۔ وہ لکھتا ہے:۔ "اس میں شک نہیں کہ ہمارے ملکی بھائی بھوک اور فاقہ کشی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ مگر ان کی بہ نسبت اُن اشخاص کی تعداد بہت زیادہ ہے جو بسیار خوری کی بدولت موت کے گھاٹ اترتے ہیں۔ صحیح ہے کہ بہت سے نادار لوگ ایسے ہیں۔ جو لباس کی کمی کی وجہ سے سردی سے ٹھٹھرتے رہتے ہیں لیکن ان سے بھی زیادہ دولتمند امراض کا شکار ہوتے ہیں جو فیشن کی بدولت غیر مناسب اور تکلیف دہ لباس پہنتے ہیں۔ ہماری یہاں کی امیر عورتیں اپنی قیمتی پوشاکوں کی بدولت اپنی گداگر نیم برہنہ بہنوں کی بہ نسبت جلد تر قبر میں پہنچ جاتی ہیں اسی طرح غریبوں کو اکثر حد سے زیادہ کام کرنا پڑتا ہے لیکن وہ ان بیکار امیروں کی بہ نسبت کم بیمار ہوتے ہیں جنہیں فطرتی قوت عمل کی خواہش کو پورا کرنیکے لئے کوئی مناسب کام ہی نہیں ملتا۔

ڈاکٹر صاحب موصوف کے مندرجہ بالا الفاظ واقعات پر مبنی ہیں۔ غلامی پسند ہندوستان کے بعض اشخاص کو مُستقبل کر دینے کے بعد دنیا میں فاقہ کشی بہت کم اموات کا باعث ہوا کرتی ہے۔ اسکے برعکس ۹۰ فیصدی اشخاص بالخصوص دولتمند بسیار خوری کی وجہ سے بدہضمی۔ قبض۔ اسہال۔ ہیضہ اور دیگر مختلف جسمانی امراض کی آماجگاہ بنے رہتے ہیں۔ اسی طرح لباس کی کمی کی وجہ سے بھی بہت کم غریب لوگ مرتے ہیں۔ البتہ امیروں میں لباس کی بے احتیاطی ہی اکثر اوقات امراض کا سبب بن جاتی ہے جسکے مختلف اسباب ہیں۔ مثلاً جدید تحقیقات نے ثابت کیا ہے کہ تازہ ہوا کی لہریں اور دھوپ کے اثرات انسانی جسم کیلئے مفید ہیں۔ ان کے بغیر جسم نازک اور کمزور ہو جاتا ہے۔ چنانچہ دیہاتی اور وحشی اقوام کے لوگ جو بالعموم ننگے دھڑنگے رہتے ہیں۔ ہمارے عام دولتمند شہریوں کی بہ نسبت۔ زیادہ تنومند۔ مظبوط اور قوی الجثہ ہوتے ہیں۔ کیونکہ دولتمندوں کی تہذیب

اور طرز معاشرت انہیں اپنے تمام جسم کے پوشیدہ رکھنے پر مجبور کرتی ہے۔ مغربی ممالک میں یہ حقیقت یہاں تک سبق آموز ثابت ہوئی ہے۔ کہ بعض لوگ اب معمولی ستر پوشی کو بھی جائز نہیں سمجھتے۔ اور فطرتی لباس عریانی کو اختیار کر بیٹھتے ہیں۔ سب سے پہلے مغربی علماء کی توجہ اس مسئلہ کی طرف اپنی نیم برہنہ عورتوں کی روز افزوں صحت و تندرستی کو دیکھکر مبذول ہوئی تھی۔

دولت کی آخری مگر نہایت اہم پیداوار بیکاری ہے۔ جو دولتمندوں کی صحت پر بہت کچھ اثر انداز ہوئی ہے۔ کثرت کار سے لوگ اسقدر بیمار نہیں ہوتے جتنا کہ بیکاری سے۔ چنانچہ کسی نے کیا خوب کہا ہے۔

مرد چوں شود بیکار یا شود دزد یا بیمار

اس کی صورت یوں ہے کہ انسان طبعی طور پر اچھا برا کوئی نہ کوئی کام کرنیکے لئے پیدا کیا گیا ہے اسکے اعضاء اور جسم کی بناوٹ ہی فطرت کے ہاتھوں سے ایسی رکھی گئی ہے کہ یہ کچھ نہ کچھ کام کرتا رہے۔ مگر دولت بیشتر اسکے منافی ہے۔ دولتمند ورزش یا کام کرنا خلاف شان سمجھتے ہیں۔ جد و جہد حیات میں حصہ لینا غیر ضروری خیال کرتے ہیں۔ کیونکہ وہ معاش کی ضروریات سے مستغنی ہوتے ہیں۔ پس اکثر ان میں سے دائم المریض رہتے ہیں۔ جس کے اسباب مختلف ہوتے ہیں۔ دولتمندوں کے اشغال زندگی اکثر ایسے ہوتے ہیں جو بیماری کو دعوت دیتے ہیں۔ وہ بیماری کے تکلیف دہ اثر سے بچنے کے لئے ہر وقت مست و مدہوش رہتے ہیں۔ اسکے لئے منشیات بالخصوص شراب اور کوکین وغیرہ کا استعمال شروع کر دیتے ہیں۔ اور بتدریج کثرت سے مہلک مرض میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ پھر انکا محبوب مشغلہ سامان تعیش بہم پہونچانا ہو جاتا ہے۔ اور یہ بھی جلد یا بدیر انہیں ہمیشہ کے لئے آغوش لحد میں سلا دیتا ہے۔

علاوہ بریں دولت اور اُس کی مخصوص دلچسپیوں کا حصول شہری زندگی کے بغیر ممکن نہیں۔ یہ ظاہر ہے کہ شہر کے تیرہ و تار مکانوں اور غلیظ اور گندی گلیوں میں پاک و صاف اور تازہ ہوا۔ نیز عمدہ اور مصفیٰ پانی کا قحط ہوتا ہے اور یہ دو ضروریات ایسی ہیں جن کا ہونا اچھی صحت کے لئے مقدم ہے۔ پاک و صاف اور تازہ ہوا کی کمی پھیپھڑوں کو کمزور اور انہیں مختلف قسم کے امراض میں مبتلا کر دیتی ہے۔ خون پر اس کا بُرا اثر پڑتا ہے۔ وہ اچھی طرح پاک و صاف نہیں ہو سکتا۔ اور اجزائے نسیم (آکسیجن) کی کافی مقدار حاصل نہیں کر سکتا۔ اس کا اثر بالواسطہ تمام بدن اور صحت عامہ پر پڑتا ہے۔ اس کی ایک واضح مثال یہ ہے کہ شہروں کے تمام لوگ جو عام دیہاتیوں کے بہ نسبت دولتمند خیال کئے جاتے ہیں۔ بکثرت پھیپھڑوں کے امراض میں مبتلا ہوتے ہیں۔ اور اس کی وجہ سے زرد رو۔ کمزور اور منحنی سے رہ جاتے ہیں۔

دولت ایک اور ناگوار اثر ڈالتی ہے۔ اس کو ہوتے ہوئے انسان بالاکثر جذبات کا غلام ہو جاتا ہے۔

اس میں بے ایمانی غصہ۔ خود غرضی۔ تکبر اور بے رحمی پیدا ہو جاتی ہے۔ اس کا اثر اس کے اعصاب اور جسم پر پڑتا ہے۔ اور اس کی صحت عامہ خراب اور ناقص ہو جاتی ہے۔ نیکی اور اخلاقی خوبی نہ صرف روح بلکہ جسم کو بھی تندرست کرتی ہے۔ اور بیشتر دولتمندوں میں یہ مفقود ہوتی ہے۔

الغرض دولت صحت پر اچھا نہیں بلکہ بُرا اثر کرتی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ حد سے زیادہ مفلسی کا بھی صحت پر بُرا اثر ہوتا ہے۔ اور مفلسی کا بُرا اثر دولت کی بہ نسبت زیادہ اور جلد تر ہوتا ہے۔

البتہ دولت اور مفلسی کا مناسب اعتدال ایک ایسی چیز ہے جو جسمانی صحت کو ترقی دیتا اور روحانی مسرت کو بڑھاتا ہے۔ چنانچہ وہ شخص جو اپنی زندگی میں جائز ضروریات زندگی بآسانی بہم پہنچا لیتا ہے۔ اور نیک کاموں میں اپنی عمر بسر کرتا ہے وہ ان لاکھوں متمول انسانوں کی نسبت دولت صحت سے زیادہ بہرہ اندوز ہوتا ہے جو تمول کی وجہ سے مختلف امراض اور پریشانیوں میں مبتلا ہیں۔

آمد شب

THE DAY IS DONE

(از حکیم ماجد حامدی متعلم درجہ دہم انٹرمیڈیٹ کالج)

1 The day is done, and the darkness
Falls from the wings of Night,
As a feather is wafted downward
From an eagle in his flight.

ہو چکا دن اور شب کی بے اماں تاریکیاں
پھیلتی جاتی ہیں کل دنیائے موجودات پر
ہو بہو جیسے کسی مرغ ہوا کا کوئی پر
رفتہ رفتہ جانب خاک آ رہا ہو ٹوٹ کر

---

2 I see the lights of the village
Gleam through the rain and the mist,
And a feeling of sadness comes o'er me
That my soul cannot resist:

ہاں دکھائی دے رہی ہے سامنے کی روشنی
آ رہی ہے کہر اور مینہ سے جو چھن چھن کر یہاں
اور چھاتی جا رہی ہے مجھ پہ وہ غم کی گھٹا
جس سے زائل ہوتی جاتی ہے مری تاب و تواں

---

3 A feeling of sadness and longing
That is not akin to pain.
And resembles sorrow only
As the mist resembles the rain.

ایک احساسِ غم و حسرت ہے دل میں جاگزیں
جس کی صورت درد کی کاہش سے کوسوں دور ہے
کہر کو بارش سے ہے یک گونہ نسبت جس طرح
ہے یہ جذبہ بھی اداسی سے مشابہ ایک شے

---

4. Come, read to me some poem,
Some simple and heartfelt lay,
That shall soothe this restless feeling,
And banish the thoughts of day.

اے مغنی چھیڑ دے اس دم کوئی سادہ سا راگ
دل سے جو نکلا ہوا ہو اور دل میں گھر کرے
جو کہ دے تسکین میرے مضطرب جذبات کو
یک قلم آزاد کر دے دل کی فکروں سے مجھے

---

5. Not from the grand old masters,
Not from the bards sublime,
Whose distant footsteps echo
Through the corridors of Time.

ہاں مگر تصنیف اُستادانِ کامل کی نہو
جنکے نغموں کی زمانے بھر میں شہرت ہو گئی
کان میں آتی ہے ابتک جن کے قدموں کی صدا
کارواں کو گرچہ گذرے ایک مدت ہو گئی

---

6. For, like strains of martial music,
Their mighty thoughts suggest
Life's endless toil and endeavour;
And to-night I long for rest.

کیوں کہ فوجی گیت کی مانند اُنکے راگ بھی
ہیں مرے نزدیک سرتاپا دہانِ زندگی
میں تو خواہاں آج کی شب ہوں سکونِ قلب کا
یاد آجاتی ہے پر جنگ و جدالِ زندگی

---

7. Read from some humbler poet,
Whose songs gushed from his heart,
As showers from the clouds of summer,
Or tears from the eyelids start.

ہاں سنا مجھکو کسی شاعر کی وہ پرجوش نظم
قلب کی گہرائیوں سے جو کہ ہو نکلی ہوئی
موسمِ گرما میں جیسے بادلوں سے بارشیں
یا کسی کے دیدۂ پرنم سے اشکوں کی جھڑی

8. Who, through long days of labour,
And nights devoid of ease,
Still heard in his soul the music
Of wonderful melodies.

اج سننا چاہتا ہوں ایسے شاعر کا کلام
جس نے دُنیا کی کشاکش میں لیا ہمت سے کام
میٹھی موسیقی کی تانوں میں دمِ فکرِ سخن
روح نے جس کی سُنا ہو بارِ فطرت کا پیام

---

9 Such things have power to quiet
The restless pulse of care,
And come like the benediction
That follows after prayer.

ہیں یہی چیزیں کہ دے سکتی ہیں تسکیں روح کو
اور چھڑا سکتی ہیں دُنیا کے غم و اندوہ سے
جیسے ہوتا ہے دعا کے بعد اطمینان قلب
ان سے بھی ہوتی ہے راحت قلب کو انسان کے

---

10. Then read from the treasured volume
The poem of thy choice,
And lend to the rhyme the poet
The beauty of thy voice.

ہاں سُنا دے اپنے چیدہ بے بہا کشکول سے
کوئی دلکش سا ترانہ جو تجھے مرغوب ہو
میری خاطر شعرِ جاں افزا کو ہم آہنگ کر
اس ترنم سے جو حاصل ہے تری آواز کو

---

11. And the night shall be filled with music,
And the cares that infest the day
Shall fold their tents, like Arabs.
And as silently steal away.

ہو گی تب شب کی فضا لبریز نغموں سے ترے
اور مٹ جائینگی دن کی فکر ہائے جاں گزا
یک بیک جیسے عرب خیمے اُٹھا کر چل پڑیں
اور یوں میدان سے غائب ہوں گویا کچھ نہ تھا

غزل

(جناب مولانا ضیاء احمد صاحب ایم۔ اے)

غمزہ بے پناہ نے مارا — تیر بنکر نگاہ نے مارا
لے چلا پھر صنمکدے کی طرف — دلِ گم کردہ راہ نے مارا
آب سمجھا کئے سراب کو ہم — اس فریب نگاہ نے مارا
مدد اے نورِ آفتاب مدد — غم روز سیاہ نے مارا
دل کی غدّاریاں ارے توبہ — ملکے اس خیر خواہ نے مارا
اڑ کے پہونچی نہ خاک بھی میری — حسرتِ جلوہ گاہ نے مارا
رکھ لے اے دامن کفن پردہ — انفعالِ گناہ نے مارا
دیکھتا ہوں بہاریں بھی خزاں — چشمِ عبرت نگاہ نے مارا
ہو ہی جاتے ستم کے خوگر ہم — کرمِ گاہ گاہ نے مارا
انفعالِ ستم معاذ اللہ — نگہ عذر خواہ نے مارا
خمِ زلفِ سیاہ کی سوگند — خمِ زلفِ سیاہ نے مارا
شکر بیداد بھی گلہ ٹھیرا — عشق کی رسم و راہ نے مارا
حیرتِ جلوہ کا تو کیا مذکور — حیرتِ جلوہ گاہ نے مارا
کیا کروں برقِ حسن کا شکوہ — مجھے ذوقِ نگاہ نے مارا

میرا دعویٰ ہے اے ضیاؔ دل پر
بس اسی روسیاہ نے مارا

نظم

ایک تصویر کو دیکھکر

(از ایس۔ ایم، ارشد صاحب بریلوی متعلم انٹرمیڈیٹ کالج مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ)

تیرے اندازِ خموشی میں تکلم ہے نہاں
تیری صورت الفت ماضی کا دیتی ہے نشاں

یاد آیا سیکہ اک شکل مجسم سا تھی
ہم تھے یہ صورت تھی اپنا دن تھا اپنی رات تھی

آسمان کی یہ ستم آرایاں پہلے بھی تھیں
تیری الطاف اور کرم فرمایاں پہلے بھی تھیں

ہاں! مگر اغیار اُن الطاف میں شامل نہ تھے
یہ حجاباتِ دوئی آپس میں یوں حائل نہ تھے

یہ ہوائیں، یہ فضائیں یہ سرور اور یہ کرم
صرف اغیار اور ہم ہیں تختہ مشق ستم

یہ تری تصویر اور پھر پہلوئے اغیار میں
یہ تیرا مخصوص جلوہ عام ہو بازار میں

بجلیو! اٹھو جلا دو خرمنِ مقسوم کو
بادلو! برسو ڈبو دو ہستی موہوم کو

آہ! اے غم چھیڑتا ہے قصۂ دل کس لئے
ذکر ماضی ہو رہا ہے ہائے پیش محفل کس لئے؟

وہ پریزادوں کے جھمگٹ اور وہ جلسے کیا ہوئے
وہ شبِ روشن کی تنہائی، وہ قصے کیا ہوئے؟

رقص نظروں کا وہ میری تیرے عارض کے قریں
بس تخیل رحم فرما مجھ میں اب طاقت نہیں،

پھر وہ تیرا منع کرنا اور پر مرتا ہے کیوں
خوشہ چینی گلشنِ اغیار سے کرتا ہے کیوں؟

ابتدا اور انتہا کو دیکھ اور خاموش رہ
"شورش امروز میں محو ہر دو دوش رہ"

طائرِ بے بال و پر کو دیکھ اے صحنِ چمن
آ دعائیں تجھکو دے گا ایک حزینِ وبیوطن

سرفرازی، سربلندی، سروری زیبا تجھے
بے کسی و بے پری و بے خودی زیبا مجھے

عیش ہو تجھکو مبارک، غم نصیبِ دشمناں
اک دلِ مجزوں کی آہوں سے نہ پہونچے کچھ زیاں

فرق آجائے نہ تیرے عیش و راحت میں کہیں
اس لئے یہ بے نوا اس عیش میں عارج نہیں

بانٹ لے کوئی کسی کا درد یہ ممکن نہیں
بارِ غم ہے منتِ مزدور کا ممنوں کہیں

بندہ اُلفت ہے تو نام و نصب کو ترک کر
عزتِ سادات کیا فخرِ حسب کو ترک کر

عشق کی تاریکیوں میں روشنی کی کر تلاش
منزلِ مقصود غافل خود ہے تو ہشیار باش!

لو! وہ منظر ہے بدلتا صورتیں کچھ اور ہیں
فکرِ فردا کچھ نہیں، اب حالتیں کچھ اور ہیں

اب تخیل سامنے کچھ صورتیں لایا ہے اور
پردہ ماضی جو الٹا حال کا نقشہ ہے اور

جذب ہیں نظریں مری اِک پیکرِ انساں میں کیا
جسم کا سب خون کھنچ کر آنکھ میں کیا آگیا

"آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے لب پہ آسکتا نہیں
اس قدر ہوں محوِ حیرت کچھ بتا سکتا نہیں

ایک صورت ان میں کچھ ایسی اثر انداز ہے
قلب سا کھنچتا ہے اور جان مائلِ پرواز ہے

روح کی گہرائیوں میں رعشہ ہے جس سے خفی
بجلیاں پس کوندتی ہیں قلب کے اندر کبھی

آہ! اے نظرو! خدارا رحم، یہ کیا کر دیا
کیا کیا، دلکو جو مصروفِ تماشا کر دیا

بس تھا نظر پر دلِ ناداں یہ کیسا اضطراب
نغمۂ محزوں سے ہے لبریز کیوں تارِ رباب؟

کیوں سببِ رسوائیِ دِل کا ہوا جاتا ہے تو
بجلیاں نالوں کی سوئے آسماں لاتا ہے تو؟

شیوہ عاشق نہیں رازِ درون افشا کرے
آرزو گو اِک تلاطم قلب میں برپا کرے؟

اپنی قسمت کی خرابی سے ہوا جو کچھ ہوا
شکوہ بے التفاتی ہائے حسنِ یار کیا

غزل

از سید ظہور الحق متعلم فرسٹ ایر سائنس

اُدھر برقِ تجلّی کا نہاں اِکبار ہو جانا
اِدھر آنکھوں کا وقفِ حسرتِ دیدار ہو جانا

کسی کے تیرِ مژگاں کا جگر کے پار ہو جانا
ہمیں بیٹھے بٹھائے عشق کا آزار ہو جانا

مریضِ غم پہ ہو جائیگی آسان نزع کی مشکل
دمِ آخر ذرا بالیں پہ تم اِکبار ہو جانا

فلک پر برق نے شاید ترے جلوہ سے سیکھا ہے
کبھی روپوش ہو جانا کبھی دوچار ہو جانا

عبث ہے شکوۂ بیدادِ دل اِن حسینوں سے
کہا تھا تجھ سے کس نے طالبِ دیدار ہو جانا

تمھارے بسملانِ ناز کو دو کام آتے ہیں
تڑپنا اور تڑپ کر سرد آخر کار ہو جانا

عدو کے ساتھ وہ جاتے ہیں گھر سے سیرِ گلشن کو
مرے زخموں ہرے ہو کر ذرا گلزار ہو جانا

کمر کستے ہو کیوں تم قتل کو کافی اشارہ ہے
تمھارے ابروؤں کو آتا ہے تلوار ہو جانا

عیادت کو مری آخر سر بالیں وہ شوخ آیا
مرے کام آگیا آخر مرا بیمار ہو جانا

موجودہ اُردو تغزل کی رفتار

(از جناب مولانا ضیاء احمد صاحب ایم۔ اے)

ہر زندہ زبان کا خاصہ ہے کہ اُس کے الفاظ۔ تراکیب۔ معانی۔ استعمالات۔ اسالیب بیان۔ ادائے خیال غرض ہر چیز میں آئے دن تغیرات ہوتے رہتے ہیں۔ اور سچ پوچھو تو یہ تغیرات ہی زندگی کی علامت ہیں۔ یہ انقلابات و اصلاحات ملکی ماحول اور تمدنی ارتقاء کے ماتحت ہوتے ہیں۔ جسقدر ملک یا قوم میں تہذیب و حضارت ترقی کرتی ہے اہل فن ادبیات کے طرز و اسلوب میں (خواہ نظم ہو یا نثر) کانٹ چھانٹ کرتے ہیں۔ اسی بنا پر اہل علم کا فیصلہ ہے کہ اگر کسی قوم کی تاریخ صفحۂ دہر سے معدوم ہو جائے تو بھی اُس کے ادب سے اُس کی نشو و نمائے ذہنی و اخلاقی کا سراغ لگانا دشوار نہیں۔ عربی شاعری کے اُس حصہ کو جو عجمی اثرات سے قبل نہوا تھا آج بھی پڑھ کر ہم عربوں کے قومی کیریکٹر کے متعلق رائے قائم کر سکتے ہیں۔ فارسی ادب ہزار اصلیت و واقعیت سے دور سہی لیکن کیا یہ واقعہ نہیں کہ اُس کے مطالعہ سے اہل فارس کے غیر حقیقی اور مبالغہ آمیز خصوصیات کا نقشہ آنکھوں کے سامنے پھر جاتا ہے۔ انگریزی اور دوسری مغربی زبانوں کا بھی یہی حال ہے۔ ہماری اردو اگرچہ کم عمر ہے لیکن خدا کے فضل سے زندہ زبانوں میں شمار ہوتی ہے۔ پھر کیونکر ممکن تھا کہ وہ اس کلیہ سے مستثنیٰ رہتی۔

اُردو نظم و نثر میں ہر زمانہ میں گرد و پیش کے اثرات۔ سوسائٹی کے رُجحانات اور ارتقائے تہذیب کے مقتضیات کے ماتحت ہزاروں قسم کی تبدیلیاں ہوتی رہیں۔ یہ تبدیلیاں کبھی طرز تخیل میں ہوتی تھیں کبھی انداز بیاں میں۔ اور رنگینی و سادگی۔ مبالغہ و واقعیت تصنع و بے ساختگی۔ آورد و آمد۔ شیرینی و ملاحت۔ زور اور لوچ وغیرہ وغیرہ کے اعتبار سے ہمیشہ متنوع اور متاثر رہیں۔ حکومت یا سوسائٹی کے اثرات نے "طوطی صفت" ادیبوں کو جو پڑھایا وہی کہنے لگے۔ یہ قانون فطرت کا تقاضا تھا جس کو ٹالنا کسی کے بس کی بات نہ تھی۔ اس میں شک نہیں کہ بعض نثار یا ناظم ایسے بھی ہیں گے جنہوں نے سوسائٹی سے متاثر ہونے کے بجائے سوسائٹی سے الگ روش اختیار کی اور کبھی کبھی گرد و پیش کی فضا کو متاثر کرنے میں کامیاب بھی ہو گئے (اگرچہ اکثر حالات میں ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا) مگر النادر کالمعدوم۔ عام طور پر یہی

نظر آتا ہے کہ جس رنگ میں دربار یا سوسائٹی رنگی ہوئی نظر آئی ادب بھی رنگ گیا۔ شعرائے دہلی کی سادگی ہو یا شاعرانِ لکھنؤ کا تکلف۔ ماحول کے رجحانات کا نتیجہ تھے۔

اس مختصر مضمون میں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم اُردو شاعری کی ایک خاص صنف (غزل) میں جو انقلابات رونما ہوئے ہیں اُن پر بحث کریں اور اُن کے اسباب و نتائج پر تبصرہ کریں۔ جس سے معلوم ہوگا کہ ہمارا تغزل کس جانب جا رہا ہے اور اُس سے کس قسم کے توقعات قائم کئے جا سکتے ہیں۔

سب کو معلوم ہے کہ اُردو شاعری اور خصوصاً غزل نگاری کا دورِ عروج حکومت اسلامیہ کے زوال کا زمانہ ہے۔ جس عہد میں میر و مرزا نے اپنی رنگین نوائیوں کی دھوم مچا رکھی تھی گلشن دہلی پر خزاں آ چکی تھی اودھ کے باغ میں کچھ دنوں بہار رہی [illegible] وہ بھی تاراج ہو گیا۔ تاریخ کے جاننے والے واقف ہیں کہ اجتماعی مطلق العنانی۔ ذہنی پستی۔ اخلاقی تنزل عیش پرستی۔ آرام طلبی۔ عزم و حوصلہ کی کمی اسراف و نمائش کی زیادتی۔ توہم پسندی۔ غلامانہ ذہنیت تقدیر پر اعتماد تدبیر سے انحراف۔ کے اوصاف اُس وقت ہماری قوم کی طبیعت ثانیہ بن چکے تھے۔ اس لحاظ سے ہمارے شعرا کے یہاں خیالات میں پستی۔ جذبات میں سوقیت۔ مدح میں عزت نفس کا فقدان۔ ہجو میں ابتذال و رکاکت۔ بیان واقعہ میں مبالغہ و تصنع کی صفات کیونکر پیدا نہ ہوتیں۔ حاشا ہماری یہ تمنا ہرگز نہیں کہ اُس زمانہ کے تمام افراد قوم ان اوصاف رذیلہ کے مرتکب تھے یا تمام شعرا ان عیوب سے متصف تھے لیکن للاکثر حکم الکل۔ اس سے کون انکار کر سکتا ہے کہ اُس وقت بقول آزاد "درخت اقبال کی جڑ کو دیمک لگ چکی تھی"۔ اور بد اقبالی کے دور کے خصوصیات کسی سے مخفی نہیں۔

اس ماحول کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایک صدی تک ہماری شاعری کا معتد بہ حصہ (مستثنیات کو چھوڑ کر) اسقدر مبتذل رہا کہ اُس پر حالی کی زبان میں "ناپاک دفتر" کا لقب بیجا نہ تھا۔ اگر مدح تھی تو باد خوانی۔ ہجو تھی تو دشنام دہی۔ عشق میں سوقیانہ پن تھا اور تخیل میں بناوٹ۔ محبت لاریب ایک بلند اور فطری جذبہ ہے مگر ہمارے غزل گو شعرا نے اُس کو جذبات عریاں کا مظہر اور داعیات ہوس کا سرچشمہ قرار دے لیا نتیجہ وہی ہوا جو ہونا چاہئے تھا کہ غزل سوقیانہ عاشقی کا شاعرانہ نام ہو گیا جس کو مشاعرہ میں کوئی غیرتمند بزرگ اپنے چھوٹوں کے سامنے شرم سے آنکھیں جھکائے بغیر نہیں پڑھ سکتا۔ وصل و ہجر کا عامیانہ مفہوم۔ واردات حسن و عشق کا گرا ہوا بیان (جس کا اصطلاحی نام ایران میں وقوعہ گوئی اور ہندوستان میں معاملہ بندی مقرر کیا گیا) معشوق سے نوک جھوک

رقیبوں کی درازدستیوں کا تذکرہ۔ کنگھی چوٹی کے داستان۔ خط یا دستار کا ذکر۔ غیر فطری اور مبالغہ آمیز طرزِ ادا۔ تصنع اور رعایات کی بھرمار۔ یہ وہ چند عیوب تھے جو ہماری غزل کا جزو لاینفک بن گئے تھے

اس بے اعتدالی کا اثر یہ ہوا کہ نہ صرف اخلاقی نقطہ نظر سے غزل عموماً مخرب اخلاق قرار پائی بلکہ واقعیت اور تاثیر کے فقدان نے فنی اعتبار سے بھی اُس کو ناقص بنا دیا۔ بیسویں صدی سے ہندوستان میں ذہنی انقلاب پیدا ہونا شروع ہوا۔ کوئی خوش اعتقاد یہ گمان نہ کرے کہ یہ انقلاب برطانوی حکومت یا یوروپی علوم کے "برکات" کا رہین منت ہے۔ بلکہ ایشیا اور خصوصاً ہند میں مغربی استعمار کے خلاف طبائع میں جس قدر جد و جہد کا ولولہ پیدا ہوا اُسی قدر ذہنی نشو و نما کو فروغ ہوا اور تحریک عمل میں قوت آئی۔ ہمارے چند اربابِ ادب نے اپنے ادبی سرمایہ کی کم مائگی سے شرما کر تخیل اور اسلوب بیان کے نئی نئی راہیں نکالیں اور قدیم غیر فطری شاعری کو قومی اور ملکی مقاصد کے لیے ناکافی پاکر اس کے خلاف ردِ عمل شروع کر دیا۔ خالص قومی و سیاسی شاعری سے قطع نظر خود تغزل جدید میں بہت سے تغیرات ہوئے جن کے وجہ سے قدیم نقائص بڑے حد تک زائل ہو گئے۔ موجودہ غزل گو طبقہ جس کے علمبرداروں میں حسرت۔ یاس۔ عزیز فانی۔ اصغر۔ جگر۔ رضی۔ رواں۔ سیماب خاص طور پر قابل ذکر ہیں تقریباً ربع صدی سے ادب اُردو کی خدمت میں مصروف اور اِن عیوب کے دور کرنے میں سرگرم ہے اس میں شک نہیں کہ اِن شعرا کے یہاں بھی اُن عیوب میں سے بعض کہیں کہیں پائے جاتے ہیں اور دوسرے عیوب بھی حسبِ مرتبہ ملتے ہیں تاہم یہ ناقابل تردید حقیقت ہے کہ موجودہ تغزل پہلے کی بہ نسبت واقعیت کے زیادہ قریب آگیا ہے۔

ہم ذیل کی سطور میں اُن نمایاں خصوصیات کو جو تغزل کے دورِ جدید کی مابہ الامتیاز ہیں دکھانا چاہتے ہیں تاکہ قارئین کرام عصرِ حاضر کے غزل گو شعرا کی عظمت کا اندازہ کر سکیں۔

۱ الف۔ تصوف و فلسفہ۔ یہاں فلسفہ یا حکمت کی کوئی جامع و مانع تعریف بیان کرنا نہ مقصود ہے نہ ضروری۔ یوں سمجھیے کہ فلسفہ حقائق موجودات سے بحث کرتا ہے۔ اس کے ہمہ گیر دائرہ میں ایک طرف تو تصوف آجاتا ہے جس کا بنیادی اصول وحدت الوجود ہے دوسری طرف علم اخلاق شامل ہو جاتا ہے جو خیر و شر کی حقیقت آشکار کرتا ہے۔ تصوف و اخلاق ہی پر منحصر نہیں۔ نفسیات ہوں یا جمالیات کوئی اُس کے وسیع احاطہ سے باہر نہیں۔ ان مباحث کا شعر سے جسقدر گہرا تعلق ہے ظاہر ہے۔ یہ دور درحقیقت

حقائق پرستی کا دور ہے (جہاں تک فکر و نظر یا شعر و ادب کا تعلق ہے) اور یہی وجہ ہے کہ طبائع دور از کار خیال آفرینی یا غیر فطری مبالغہ۔ غرض کسی چیز سے جس کی بنیاد حقائق کو نہ پر نہ ہو متاثر نہیں ہو سکتیں تغزل جدید میں آپ دیکھیں گے کہ تصوف و فلسفہ کو شعر میں اس خوبی سے سمویا ہے کہ حیرت ہوتی ہے۔ اس امتزاج کا یہ اثر ہے کہ شعر نہ خشک فلسفہ ہونے پاتا ہے نہ خیالی ڈھکوسلا۔ سابق شعرائے اردو میں جن لوگوں نے مادی اور خصوصاً سوقیانہ عشق سے کلام کو بامزہ بنانا چاہا وہ تو اسوقت خارج از بحث ہیں۔ جنہوں نے تصوف کے میدان میں گام زنی کی ہے اُن میں بھی (میر درد وغیرہ کو چھوڑ کر) تقریباً سب کے سب "جامہ عاریت خواستن" کے مصداق نظر آتے ہیں۔ وہ گرمی محفل کے لیے صوفی بنتے ہیں اور کلام میں دلکشی پیدا کرنے کی غرض سے صوفیانہ مضامین باندھتے ہیں۔ اسے سرمایۂ آرائش گفتار" بنانے کا نتیجہ اگرچہ عارضی داد و تحسین کی صورت میں ملجاتا ہے مگر وہ چیز حاصل نہیں ہوتی جس کی نسبت کوئی نکتہ سنج کہہ گیا ہے۔ ع

ورائے شاعری چیزے دگر ہست

لیکن دور حال کے متغزلین کے خیالات دردمندوں اور وفا پرست روح کی گہرائیوں سے نکلے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔ اور یہی سبب ہے کہ از دل می خیزد و بر دل می ریزد اس میں شبہ نہیں کہ اکثر خیالات وہی ہیں جو بارہا دُہرائے جا چکے ہیں تاہم انداز بیاں نے ان میں خاص ندرت اور صدق جذبات نے مخصوص تاثیر پیدا کر دی ہے۔ ان شاعروں میں فانی۔ اصغر۔ اور جگر اس رنگ خاص میں زیادہ ممتاز ہیں۔ مثلاً حضرات صوفیہ ذات بحت کو حقیقت اور اُس کے ماسوا کو مجاز کہتے ہیں۔ دوسرے لفظوں میں وہ ایک کو ہستی برحق اور دوسرے کو ہستی باطل قرار دیتے ہیں۔ فانی کو یہ بھی گوارا نہیں۔ وہ ہستی باطل کے مفہوم کو اجتماع ضدین سے تعبیر کرتے ہیں اور کہتے ہیں۔

ہستی ہی نہیں جو باطل ہو پھر فرق مجاز و حقیقت کیا
یہ عرض حقیقت ہے وہ حقیقت ہستی باطل کوئی نہیں

عرض حقیقت کا ٹکڑا کس قدر بلیغ و پر معنی ہے۔ پڑھئے اور وجد کیجئے۔ اسی عرض حقیقت و حقیقت کے علاقہ کو دوسری جگہ بیان کرتے ہیں۔

جلوہ غیب شہود ہے پھر بھی غیب کے جلوے غیب میں ہے
نظارہ نظر میں شامل ہے نظارے میں شامل کوئی نہیں

مرزا غالب نے بھی اپنے خاص انداز میں اس مضمون کو ادا کیا ہے۔

ہے غیب غیب جس کو سمجھتے ہیں سب شہود
ہیں خواب میں ہنوز جو جاگے ہیں خواب میں

عام صوفی شاعر مجاز کی گوناگوں نیرنگیوں میں

حقیقت کو ڈھونڈھتے ہیں۔ فانی کی نادرہ کار طبیعت کی داد دیجیے کہ وہ عالم مجاز کی جستجو کرتے ہیں اس لئے کہ اُن کی "حقیقت نگر" آنکھوں کو مجاز کا سراغ ہی نہیں ملتا۔ کہیں ہوتا تو نظر آتا۔

یہ جستجو ہی کہ ہے عالم مجاز کہاں
تلاش چشم حقیقت نگر نہیں ہے مجھے

صوفی اپنی ہستی کی نفی کرنا عین تصوف سمجھتے ہیں۔ یہ بہت فرسودہ خیال ہی اصغر اس کو کس خوبی سے ادا کرتے ہیں۔

اصغر حریم عشق میں ہستی ہی جرم ہی
رکھنا کبھی نہ پاؤں یہاں سر لئے ہوئے

عشق کا راز اہل ظاہر کے ظرف کی سمائی سے کہیں زیادہ ہے۔ اصغر

ایسا کہ بتکدہ کا جسے راز ہو سپرد
اہل حرم میں کوئی نہ آیا نظر مجھے

ذرہ بھی آئینہ دار جمال آفتاب ہے۔ اس پرانے مضمون کو جگر نے کس ندرت سے بیان کیا ہی

ایک ذرے کا اگر نور نمایاں ہو جائے
آدمی کثرت انوار سے حیراں ہو جائے

عام فلسفہ و حکمت بھی شعرائے حال کا طرۂ امتیاز ہی۔ جس کا اثر یہ ہے کہ غزل کا محدود دائرہ پہلے ہی کہیں وسیع ہو گیا ہی۔ مگر لطف یہ ہی کہ اس کے باوجود شعریت ہاتھ سے نہیں جانے پاتی۔ اور غزل پر خشک فلسفہ کا اطلاق نہیں ہونے پاتا۔ مثال کے طور پر اشعار ذیل ملاحظہ ہوں۔ عزیز لکھتے ہیں۔

اب بھی زیادہ عالم اسباب سے ہی وہ
جو کچھ کسی کے اجڑے ہوئے دل میں رہ گیا

یعنی انسان اگرچہ ضعیف البنیان ہی تاہم اُس کے اندر عالم اکبر چھپا ہوا ہے۔

وتعلم انک شئے صغیر
وفیک انطوی العالم الاکبر

جبر و اختیار کا مسئلہ اہل مذہب کے علاوہ خود شعرا نے اس قدر تکرار سے بیان کیا ہی کہ بظاہر اُس پر اضافہ کی گنجائش متصور نہیں۔ مگر دیکھئے دور جدید کے چند دور اس دماغوں نے اس بحث قدیم میں کیا کیا جدت آفرینیاں کی ہیں۔ اس مابہ النزاع مسئلہ کی مذہبی حیثیت سے قطع نظر کر کے بتائیے کہ کیا اس سے بہتر ندرت اسلوب اردو میں کہیں نظر آتی ہی۔ فانی کہتے ہیں۔

محشر میں جبر و دست سے طالب ہوں داد کا
آیا ہوں اختیار کی تہمت لئے ہوئے

شاعر صوفی ہونے کی بنا پر اپنے آپ کو مختار کیونکر کہتا۔ جب کہ اپنی ہستی ہی کا منکر ہے۔ مگر دیکھنا جبر کے مضمون کے لیے انداز بیاں کسقدر بدیع اور عدیم النظیر اختیار کیا ہی۔

آیا ہوں اختیار کی تہمت لیے ہوئے

اس مصرع کی ندرت کی تعریف نہیں ہوسکتی۔ ایک جگہ لکھتے ہیں۔

کیا ہے خلق مجھے باوجود علم گناہ
یہ ابتدا ہے کرم کی تو انتہا کیا ہے

گناہگار کی حالت ہی رحم کے قابل
غریب کشمکش جبر و اختیار میں ہے

"رحم کے قابل حالت" ہونے کا بالکل نیا پہلو ہے۔ جبر و اختیار کے متعلق مرزا یاس کا ایک شعر سنئے اور شاعر کی رسائی فکر کی داد دیجئے۔ فرماتے ہیں۔

ہاں وسعت زنجیر تک آزاد بھی ہو نہیں
ہستی مری مجموعہ اضداد رہے گی

انسان کوشش کرتا ہی اور اکثر ناکام رہتا ہے۔ اس لئے نتیجہ کے اعتبار سے وہ مجبور ہے۔ لیکن جہانتک سعی عمل کا تعلق ہے وہ مختار ہی (گو یہ اختیار بھی ذاتی یا لامحدود نہیں) اس بنا پر یاس نے کسقدر بلیغ تشبیہ سے کام لیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جس طرح ہم کسی جانور کو زنجیر سے باندھ دیتے ہیں اور وہ بھاگنے سے مجبور ہو جاتا ہی یہی حال انسان کی مجبوری کا ہے۔ اُسی کے ساتھ جس حد تک زنجیر کے درازے اجازت دیتی ہی وہ چلنے پھرنے میں آزاد ہوتا ہے۔ اسی پر انسان کی محدود آزادی کا قیاس کرنا چاہئے۔ ہمارے خیال میں اُردو تو کیا فارسی بھی ان نادر تشابیہ اور لطیف اسالیب سے خالی ہی۔ عربی میں ضرور ایک شاعر موت کا ذکر کرتے ہوئے ایسی ہی تشبیہ سے کام لیتا ہی

لعمرک ان الموت ما ابرح الفتیٰ
لکالطول المرخیٰ وثنیاہ بالید

حکمت کے موضوع پر چند شعر اور ملاحظہ ہوں۔ بخوف طوالت بغیر تشریح نقل کرنے پر اکتفا کیجاتی ہی

جناب عزیز

بزم مطرب میں کبھی سوز نہ ہو ساز نہ ہو
پردہ ساز میں گر آپکی آواز نہ ہو

حضرت رضی

تھا امتیاز ذوق پہ احساس منحصر
پنہاں شمیم دوست ہر اک پیرہن میں تھی

جناب فانی

خود حسن کمال حسن ہی یعنی حسن جہاں کامل ہی
اور عشق مآل عشق ہی یعنی عشق ہی کامل کوئی نہیں
دریائے محبت بے ساحل اور ساحل بے دریا بھی
جو موج ڈبو دے ساحل ہی یوں نام کا ساحل کوئی نہیں

جگر

یہی ہی سب سے بڑھکر محرم اسرار ہو جانا
میسر ہو اگر اپنا ہمیں دیدار ہو جانا

اصغر

کارفرما ہے فقط حسن کا نیرنگ کمال
چاہی وہ شمع بنے چاہے وہ پروانہ بنے

رواں

سدِّ انوارِ حقیقت ہے مرا پردۂ زیست
توڑ دینا ہے یہ آئینہ تصویر مجھے،
مل گیا مل گیا انجام گنہ لے داور
اب خیالات مرے دیتے ہیں تعزیر مجھے

ب۔ متغزلین حال کے یہاں تصوف کے علاوہ عشق مجاز بھی کافی ہے مگر حتی الامکان مبتذل اور پست نہیں ہونے پاتا۔ اُن کے کلام میں عشق ہی مآل عشق ہے۔ یعنی عاشق صرف اس لیے عشق کرتا ہے کہ عشق اپنا خود انعام ہے۔ وہ کسی مادی مقصود کے حصول کو مدنظر نہیں رکھتا۔ بلکہ اس دریائے بے ساحل کو اسے لئے پسند کرتا ہے کہ "ڈوبے والے کا بیڑا پار ہے"۔ اگلے شعرا کے یہاں محبوب سے نوک جھونک۔ وصل کا سوقیانہ مفہوم اور پھر اُس کے تمنا۔ جذبات کی عریانی۔ رقیبوں کی شکوہ سنجیاں وغیرہ وغیرہ ہی عشق کے معراج اور تغزل کا معیار سمجھی جاتی تھیں۔ ہم اس موقع پر اِن امور کی مثالیں پیش کرکے قارئین کے ذوق سلیم کو مجروح کرنا پسند نہیں کرتے۔ کسی اُستاد کی غزلیات کا دیوان اٹھا لیجئے یہی رنگ پائیے گا الا ماشاءاللہ دورِ جدید کی ذہنیت ان مطالب کو پبلک میں پیش کرنے سے ابا کرتی ہے۔ چنانچہ آپ دیکھیں گے کہ اس دور کے متغزلین کے یہاں یہ مضامین یا تو سرے سے موجود نہیں یا نہ ہونے کی برابر ہیں۔ مختصر الفاظ میں یوں سمجھئے کہ جو جذبات محبت ایک دردمند، غیور اور عالی حوصلہ انسان کے قلب میں پیدا ہو سکتے ہیں وہی تغزل جدید کا سرمایہ ہیں۔ مثال کے طور پر دیکھئے ولولہ محبت یا غیرت عشق کا مفہوم۔ اصغر یوں بیان کرتے ہیں۔

نام اُن کا آگیا کہیں ہنگام باز پرس
ہم تھے کہ اڑ گئے صف محشر لیے ہوئے
محبت کی ہمہ گیری (اصغر)

میں کیا کہوں کہاں ہے محبت کہاں نہیں
رگ رگ میں دوڑی پھرتی ہے نشتر لیے ہوئے
حسن کا مطالبۂ عقیدت (اصغر)

مری نگاہوں نے جھک جھک کے کردے سجدے
جہاں جہاں سے تقاضائے حسن یار ہوا

عشق کا مفہوم ہجر اور وصل دونوں کے علاقوں سے بلند ہے۔ (اصغر)

کیا درد ہجر اور یہ کیا لذت وصال
اس سے بھی کچھ بلند ملی ہے نظر مجھے

عشق کی لذت نامرادی اور ویرانی میں مضمر ہے۔ (فانی)

اب تو دیوانے پہ اتمام کرم کر یا رب
در و دیوار دیئے اب انہیں ویرانی دے

عشق خود غار مگر سامان ہے۔ (فانی)

اپنی ہی بدولت ہے نشیمن کی خرابی

منت کش بیدردی صیاد نہیں ہے
اسی مضمون کو دوسری جگہ لکھتے ہیں۔

آلودہ نہیں خون تمنا سے وہ دامن
رنگین ہے مرے خون سے دامانِ تمنا

بعض موقعوں پر دوست کی توجہ بیحد بیداد سے زیادہ قاتل ثابت ہوتی ہے۔ جگر

ہم نہ مرتے ترے تغافل سے
پرسش بے حساب نے مارا
ستم یار کی دُہائی ہے
نگہ التفات نے مارا

حسن و عشق لازم و ملزوم ہیں۔ جگر

ایک در پردہ کشاکش سے پشیماں ہونگے
مجکو پائیں گے جہاں تک وہ نمایاں ہونگے

محبوب کی "بیگناہی" کس سادگی اور لطف سے ثابت کی ہے۔ ملاحظہ ہو۔ (جگر)

تیری آنکھوں کا کچھ قصور نہیں
ہاں مجھی کو خراب ہونا تھا

جذب عشق کی تاثیر۔ جگر

کیا قیس کی پرشوق نگاہوں نے کیا سحر
محمل کو بھی اب صاحب محمل نہیں ملتا

معشوق کا کرم ہی عشق کی ہستی کا کفیل ہے۔ جنی بدایونی۔

روح نشاط پھر ترے نغموں نے پھونکدی
مدت سے سازِ بزم تمنا خموش تھا
جلوہ حسن کی ہوشربائی۔

بجلی سی ایک کوند گئی پھر خبر نہیں
جنبش ہوئی حجاب جبتک تو ہوش تھا

عالم شباب کی بیخودانہ محویت۔ عزیز

سچ تو یہ ہے کہ جوانی میں کسے ہوش رہا
مینے وہ اپنا زمانہ ہی کہاں دیکھا ہے

انقلابات عشق۔ ایضاً

دکھاؤں گا تمہیں بھی میں تغیر اپنی ہستی کا
کہ آج اک ابتدائے عشق کی تصویر نکلی ہے

حسن خود اپنی شراب جلوہ سے سرشار ہے۔ یاس

آئینہ رکھ کے سامنے سجدے میں جھک گئے
اب کیا کہیں گے کافر و دیندار دیکھ کر

دنیا کے انقلابات غم عشق میں تغیر پیدا نہیں کر سکے ولہٗ

نظام دہر نے کیا کیا نہ کروٹیں بدلیں
مگر ہم ایک ہی پہلو سے بیقرار رہے

محبوب کی ندامت ہی عاشق کی تمام اذیتوں کا معاوضہ ہے۔ حسرت

گلگوں نہ ہوتیں اشک ندامت سے وہ آنکھیں
بے صرفہ ہوا خون شہیدان تمنا

عشق اپنی تمام نیرنگیوں کے باوجود جہاں سے یکساں ملے گا۔ بیتاب

مری روداد روداد جہاں معلوم ہوتی ہے
جو سنتا ہے اُسی کی داستاں معلوم ہوتی ہے

سادہ سا شعر ہے۔ مگر کتنے گہرے اور سچے فلسفہ کا حامل ہے۔ غم میں بلائیں چاروں طرف سے اپنی مہیب صورت دکھا کر ڈرایا کرتی ہیں۔ ولہٗ

قفس کی تیلیوں میں جانے کیا ترکیب رکھی ہے
کہ ہر بجلی قریب آشیاں معلوم ہوتی ہے

محبت میں زحمت بھی راحت معلوم ہوتی ہے۔ رواں

اللہ اللہ یہ عرفان محبت کا اثر
خار کو خار نہ سمجھا ترے سودائی نے

ج۔ صدق جذبات و اثر۔ دور جدید کی ایک امتیازی خصوصیت مطالعہ نفسیات ہے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ جذبات تصنع سے خالی اور اثر سے لبریز ہوتے ہیں پچھلی صدی کے آخر تک تقریباً تمام شعرا خصوصاً اہل لکھنؤ کی شاعری کا دار و مدار مصنوعی جذبات اور خالص لفاظی پر رہ گیا تھا۔ مثال کے طور پر دو استادوں کے دو شعر نقل کرنا کافی ہونگے۔

امیر

وہ دیکھتے ہیں خون تمنا جما کے آنکھ
مہندی لگائی جاتی ہے پائے نگاہ میں

منیر

پھر گیا عدم میں جا کے لگائیں جو ہم پتہ
حال دہن تم آپ بتاؤ تو بات ہے

ظاہر ہے کہ ایسے شعر کیونکر جذبات کو اپیل کر سکتے ہیں۔ کہا جا سکتا ہے کہ اُس زمانہ میں سوسائٹی کا مذاق یہی تھا۔ لیکن اگر سوسائٹی کے مذاق کو حجت قرار دیا گیا تو پھر بہت سی باتیں جائز ماننی پڑینگی۔ ان کے برخلاف حال کے غزل گو شعرا کے یہاں عموماً جذبات میں صداقت اور اثر کی کارفرمائی نظر آتی ہے۔ مثال کے طور پر چند شعر کہیں کہیں سے لکھے جاتے ہیں۔

حسرت

حسن بے پروا کو خود بین و خود آرا کر دیا
کیا کیا میں نے کہ اظہار تمنا کر دیا

عزیز

اب کھل رہا ہے نزع میں یہ راز حسن و عشق
وہ شوخ دل میں تھا میں سمجھتا تھا درد تھا
دیکھا نظر اُٹھا کے جسے میں نے۔ رو دیا
وقت اخیر ایسا نگاہوں میں درد تھا
دیکھ کر ہر در و دیوار کو حیراں ہونا
وہ مرا پہلے پہل داخل زنداں ہونا
کیا ہے کس نے یاد اللہ اکبر اب اسیروں کو
کہ توڑا جا رہا ہے قفل زنگ آلودہ زنداں کا
یہ مشورے ہم آتے ہیں چارہ جو کرتے
اب اس مریض کو اچھا تھا قبلہ رو کرتے

یاس

تمام دہر نے کیا کیا نہ کروٹیں بدلیں

گر ہم ایک ہی پہلو سے بیقرار رہے

فانی

بنتی نہیں ہے صبر کو رخصت کئے بغیر
کام اُن کی بیقرار نگاہوں سے پڑ گیا
اے یاس تو نے آ کے اُسے بھی مٹا دیا
لذت سے کچھ جو شکوہ رنج و محن میں تھے
اب لب پہ وہ ہنگامہ فریاد نہیں ہے
اللہ ری تری یاد کہ کچھ یاد نہیں ہے
تعمیر آشیاں کی ہوس کا ہے نام برق
جب ہم نے کوئی شاخ چنی شاخ جل گئی
ترک غم ساحل کا حاصل نظر آتا ہے
لے ڈوبنے والے وہ ساحل نظر آتا ہے
آغاز محبت میں جینے ہی کے لالے تھے
اب خیر سے مرنا بھی مشکل نظر آتا ہے

رضی

شوخی غضب کی اُس نگہ سحر فن میں تھی
اک روح اضطراب تمام انجمن میں تھی
بجلی سی ایک کوند گئی پھر خبر نہیں
جنبش ہوئی حجاب کو جبتک تو ہوش تھا

رواں

نزع کی اک نگہ یاس نے وہ کام کیا
عمر بھر جو نہ گیا طاقت گویائی نے
میں یکجا ہی کرتا تھا اپنے حواس
کہ اُن کا مرا سامنا ہو گیا

کوئی معترض شاید یہ کہے کہ متغزلین حال کے یہاں فلسفہ رجائی کے عوض فلسفہ قنوطی کی تعلیم بکثرت ہے۔ اور درد یاس۔ ماتم کے مضامین حد اعتدال سے زائد ہیں۔ اس خصوص میں عزیز۔ فانی۔ یاس کا نام زیادہ لیا جاتا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ سوز و گداز کے مضامین غزل کے لازمی عناصر ہیں۔ درد مند دل سے درد کی آہ نکل جائے تو کیا تعجب ہے۔ بقول عزیز "اہل دل کبھی کبھی گورغریباں کی بھی سیر کر لیتے ہیں۔ آپ بھی ان کے اشعار کو اسی نظر سے دیکھیں"۔ پھر بھی ان جذبات غم سے اگر طبیعت سیر ہو جائے تو آئیے اصغر و جگر کے یہاں فلسفہ نشاط و سرمستی کا ترانہ سنئے

اصغر

سرشک شوق کا وہ ایک قطرہ ناچیز
اچھالنا تھا کہ اک بحر بے کنار ہوا
بہت لطیف اشارے نے چشم ساقی کے
نہیں ہوا کبھی بیخود نہ ہوشیار ہوا

جگر

تری یاد کی اُف یہ سرمستیاں
کوئی جیسے پیکر شراب آ گیا
جلوؤں کو ترے دیکھ کے جی چاہ رہا ہے
آنکھوں میں اُتر آئے مرا کیف نظر بھی

اس جوش بیان اور سرمستی ادا کو دیکھ کر یقیناً ہر شخص جسکو شعر سے ذرا بھی مس ہوگا اس نتیجہ پر پہونچے گا کہ یہ سب کچھ

صدق جذبات کا اثر ہی۔ جبتک دل میں آگ نہوگی شرار کا نکلنا معلوم۔

د۔ تخاطب شعر میں ذوق سلیم کی رعایت۔ یہ امر کہ شعر کا مخاطب صحیح کون ہو ہمیشہ مابہ الاختلاف رہا ہی عرب کی شاعری میں شاعر جنس نازک (خصوصاً اپنی بنت عم) کو اپنے تمام جذبات محبت کا مرکز قرار دیتا ہی اور اُسی کو تشبیب میں مخاطب ٹھراتا ہی۔ مغربی شاعری کا رخ بھی اسی طرف رہا ہی۔ ہندی میں آپ اسکے برعکس پائیں گے۔ یعنی شاعر (جو عموماً مرد ہوتا ہی) عورت کی زبان سے اظہار محبت کرتا ہی اور مرد کو مخاطب قرار دیتا ہی۔ انمیں پہلا طریقہ زیادہ فطری اور حقیقی معلوم ہوتا ہی دوسرا بھی فطری ہے مگر کم۔ سب سے بڑھکر قیامت فارسی شاعری پر آئی ہے جہاں ترک شیرازی اپنی زلف و خط سے تیغ کا دل لینے اور تیغ و خدنگ سے اُس کا خون بہانے کو آمادہ رہتا ہی۔ اُردو کے سامنے جو نمونہ تھا وہ فارسی شاعری کا تھا۔ اس لیے ناممکن تھا کہ اُس میں فارسی طرز تخاطب کا رنگ نہ آتا۔ مگر اُس پر مستزاد یہ ہوا کہ کہیں کہیں عربی شاعری کا بھی صدقہ نظر آتا ہی۔ گویا اُردو شاعری کا مخاطب ایک معجون مرکب ہے جو دستار بھی باندھتا ہی اور دوپٹہ بھی اوڑھتا ہے۔ چہرہ پر خط بھی رکھتا ہی اور سر پر چوٹی بھی۔ غرض ایک اچھا خاصہ بہروپیا ہی۔ ہم مناسب نہیں سمجھتے کہ اس بحث خاص پر زیادہ لکھا جائے۔ مگر دو مثالیں توضیح مضمون کے لیے ضروری ہیں۔ (میر)

کھلا جو نشے میں پگڑی کا پیچ اُنکے میر
سمند ناز پہ اک اور تازیانہ ہوا

منیر

جنس خوبی کی ترازو ہی دوپٹہ تیرا
دونوں پلوں کو مناسب ہی برابر ہونا

اس سلسلہ میں یہ عرض کرنا بھی لازم ہی کہ پچھلے دنوں بعض اہل فن نے عربی انداز تخاطب کی تقلید شروع کردی تھی اور معشوق کے لیے غزلوں میں ضمائر مؤنث استعمال ہونے لگی تھیں۔ ایک مصرع اسوقت یاد رہ گیا ہی۔ ع
کیوں پریشاں ہوگئیں حال پریشاں دیکھکر۔ ہمارے خیال میں اُردو شاعری کو شعر جاہلیت کی روش پر لیجانا غیر محمود ہے اور جبتک ہندوستان میں پردہ کا رواج قائم ہے یہ سعی نامشکور ہوگی۔ اس کے مقابل بعض دوستوں نے حیدرآباد وغیرہ میں ہندی شاعری کی تقلید کا بیڑا اُٹھایا مگر اس "ریختی نما" طرز کو بھی رنگ قبول نہیں ملا۔ کیونکہ یہ طرز ایک حد تک فطرت سے دور ہونے کیساتھ نامانوس بھی معلوم ہوتا ہی۔ ہمارے نزدیک متغزلین حال نے اس قضیہ کا تصفیہ نہایت خوبی سے کیا ہے۔ اُن کا فیصلہ ہی کہ غزل میں محبوب کے لیے ہمیشہ ضمیر مذکر استعمال کرنی چاہیئے۔ کیونکہ اطلاق کی صورت میں تغلیباً فرد کامل ہی کو خطاب کیا جاتا ہی دیکھو اللہ تعالیٰ کی ذات تمام جنسی علائق سے پاک ہی مگر اُس کا ذکر جب کرتے ہیں ضمیر مذکر استعمال کرتے ہیں۔ اسکے ساتھ ہی ان حضرات کا معمول ہی کہ شعر میں

حتی الامکان ایسے اوصاف کے ذکر سے اجتناب کرتے ہیں جو خاص طور پر جنس لطیف یا جنس قوی سے منسوب ہیں مثلاً کنگھی چوٹی یا خط و دستار وغیرہ جس کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ شعر عریانی یا ابتذال سے محفوظ رہتا ہے۔ سراپا کی تعریف یا خارجی متعلقات کا بیان ترک کر دینے سے جذبات عشق میں وہ ابہام کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے جو شعر کی جان ہے۔ یہ وہی مقام ہے جہاں پہونچکر شاعر پکار اٹھتا ہے۔

خوبی ہمیں کرشمہ و ناز و خرام نیست
بسیار شیوہ ہاست بتاں را کہ نام نیست

امور بالا کی مثالیں پیش کرنیکی ضرورت نہیں معلوم ہوتی کیونکہ اساتذہ حال کے تمام دیوان ان مثالوں سے بھرے پڑے ہیں لہٰذا زبان کا زیادہ مطابق فطرت ہونا قدیم شعرا کی تمام کائنات یہ تھی کہ مبالغوں سے کلام کو مجموعۂ محالات بنالیں۔ محبوب کی مدح پر آئے تو دہن و کمر کو غائب کر دیا۔ شب ہجر کا طول بیان کرنے لگے تو اسکا دامن دامانِ قیامت سے جا باندھا اپنی لاغری کا ذکر آگیا تو ع۔ گمان ہوا کہ شکن پڑ گئی ہے جا در پر۔ پکارنے لگے۔ مرنے کے بعد بولنا۔ قتل ہو کر قاتل کی گردن پر سوار ہونا یہ ہمارے شاعروں کے بائیں ہاتھ کا کھیل تھا۔ دور جدید کے غزل لکھنے والوں نے یہ سب مضامین یک قلم موقوف کر دیئے۔ بعض کے یہاں ابتدائی کلام میں یہ رنگ موجود ہے۔ مگر اب رفتہ رفتہ ترک کرتے جا رہے ہیں۔ یہ صفات چونکہ نسبتہً سطحی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس لیے ان کی وضاحت کے لیے دو چار مثالیں دینا بے سود ہے۔ دواوین حال کے مطالعہ سے تصدیق ہو سکتی ہے۔ اوپر جذبات کے عنوان کے ماتحت چند مثالیں گذریں جن سے ہمارے دعوے کا ثبوت ایک حد تک مل سکتا ہے۔

و۔ اسی کے ساتھ دور حاضر کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ قدما کے برخلاف اِس دور کے شاعری میں مخرب اخلاق یا رکیک مضامین کم ملیں گے۔ مثلاً رقیب کا مفہوم جو عربی میں نہایت بلند تھا فارسی و اردو میں آکر اس قدر پست ہو گیا کہ الامان۔ خواہ مخواہ اپنے عشق کی داستان میں (جو اکثر فرضی ہوتی ہے) ایک فرضی رقیب قرار دیا اور لگے تمام زورِ دماغ ہجو و دشنام میں صرف کرنے۔ یہ غیرت عشق کا خون کرنا نہیں تو اور کیا ہے۔ اس کے علاوہ اور سینکڑوں فحش اور سوقیانہ مضامین۔ واعظ و ناصح کی ہجو۔ کفر و بتخانہ کی مدح۔ اسلام اور کعبہ کی توہین۔ اسی قسم کے چند کفریات و ہفوات تھے جن کی بنیاد پر غزل کی سر بفلک عمارت قائم کیجاتی تھی۔ اَسَّسَ بُنْیَانَہٗ عَلٰی شَفَا جُرُفٍ ہَارٍ بہ۔ اکثر زاہدوں اور واعظوں میں خود فروشی اور ریاکاری ہوتی ہے۔

ہو تو ہے۔ اس لئے اگر شاعر اُن کے خود فروشی
و ریاکاری کا استہزا کرے تو حق بجانب ہے۔ مگر ستم
تو یہ ہوا کہ زاہد یا واعظ کو محض اسوجہ سے کہ وہ زاہد
یا واعظ ہے برا کہنا شروع کر دیا اور یہ اشتغاف مذہب
کہ انکار نصوص آخر یہ انکار نصوص آرد کا مصداق
ہو گیا۔ جس سے نہ دنیا ملی نہ دیں۔

یہ امر موجب اطمینان ہے کہ جدید تغزل تقریباً
بالکل اس رنگ سے پاک ہے۔ غزل کے اشعار کی نسبت
جناب رواں کا یہ مقولہ آب زر سے لکھنے کے قابل
ہے کہ ایسے شعر جن کو چھوٹے بڑوں کے سامنے یا
بڑے چھوٹوں کے سامنے پڑھتے ہوئے ہچکچائیں
قطعاً ترک کر دینے چاہئیں۔

اسی سلسلہ میں اتنا عرض کرنا اور ضروری ہے
کہ قدما اپنے ذات کے متعلق شعر میں یا تو انتہائے
تعلّی روا رکھتے تھے یا گدایانہ تملق۔ دور جدید کا شاعر
ان دونوں کے درمیان میں ایک راہ نکالتا ہے۔
وہ ایک خوددار غیور عاشق ہے اور حد اعتدال سے
تجاوز پسند نہیں کرتا۔

Peninsula and but for Charles Martel, the Mohammedans would have conquered all France also. Can a study of the Mohammedan conquests fail to show us how large a measure of their success was due to the marvellous enthusiasm that had its roots in their religion, and in their religion alone. Certainly they were not lukewarm Mohammedans of our degenerate days.

In short, in only ninety year's time, the Ummayads made of Islam an Empire. In their days the Islamic Empire grew strong and stronger then it ever was. By 732 A.D, the Moslem conquests had reached the utmost limit which they—or for the matter of that even Alexander, Caesar or Napoleon, ever attained. The Caliph in Damascus had his lieutenants beyond the Oxus and the Pyrennes, on the shores of the Caspian, and in the valley of the Nile. We next find the Abbasides overthrowing the reigning House.

The Abbasides, (750-1258 A. D.)—Hitherto the Arbas had played a dominant role in the Moslem community. Now the tables were turned. We pass from the period of Arabian nationalism to one of Persian ascendency of Persianised Abbasides and cosmopolitan culture. Almansur the Khalif, transferred the seat of Islamic Government to Bagdad. It was not a mere casual circumstance that the Abbasides favoured the Persian element and that they transferred the seat of Government to where it had been held successively by Achemenids, Arsacids and Sassanians in the plains of the lower Euphrates and Tigris. They needed it. Damascus could never have suited them. Almansur established schools of Medicine and Law in Bagdad. His grandson Harun (786 A. D.) placed all his schools under the superintendence of a Nestorian and ordered that to every mosque in his dominion a school should be attached. But the Augustan, the golden age of Saracenic learning was during the Khalifate of AlMamoon (813-832 A. D). He made Bagdad the centre of Science, collected great libraries, and surrounded himself with learned men. Under the influence of Indians, Greeks, Nestorians, and Jews the Saracens overran the realm of Science and Philosophy as quickly as they had overrun the Provinces of the Roman Empire. In less than a century after the death of the great prophet of Arabia, the works of the chief Greek and Indian philosophic authors had been translated into Arabic. It must be borne in mind that the Saracens cultivated Science after the manner of Alexandrian Greeks, *i. e.* they preferred the inductive method of Aristotles, as suiting a young and virile race, to the reveries of Plato.

Cyprus and Rhodes fell and the army of the Khalifa lay in front of Constantinople, but it was not till the year 1453, that the Turks captured it. During the time of the conqueror of Jerusalem all Syria was completely reduced. The fate ot Persia was settled at the battle of Cadesia, under the 3rd Khalifa ; the battle field of Nahavand saw the last of the Chosroes flying for his dear life-Magianism received a heavy blow. The country beyond the Oxus was reduced. You next see the victorious banner of the Prophet displayed on the banks of the Indus, and the Emperor of Pekin demanding the friendship of the Khalifa at Medina. The Khalifas now turned their eyes further to the west. Memphis soon fell and Alexandria was invested. When the veteran troops of Syria captured this famous city of the Ptolemies the Saracenic movement took an intellectual shape. Egypt was the material and spiritual granary of the Byzantines, and when Heraclius received the fatal tidings of the fall of Alexandria in his palace at Constantinople, the Emperor was so ovewhelmed with grief that he lived scarcely a month after the fall of the city. It was not the intention of the Khalifa to limit their conquests to Egypt. Osman, the third Khalifa contemplated the annexation of the entire North African coasts. His general Abdullah set out from Memphis and beseiged Tripoli. Twenty years afterwards the Muslim armies forced his way from the Nile to the Atlantic.

The Khalifa Abdul Malik resolved on the reduction of Carthage. His general conquered the great rival of Rome. The captured Christian capitals numbered three by now: Jerusalem which was the birth place of Christianity. Alexandria, which was the home of Greek Christianity and lastly, Carthage , the home of St. Augustine and of Latin Christianity. In little more than a single generation all the population of North Africa had become Mohammedan and their children were speaking Arabic. The new religion conferred upon the converts a sense of dignity, self-reliance and self-respect to which they had been totally unfamiliar. It gave hope to the so-called slave, and a wonderful sense of brotherhood to its followers, and brotherhood which freely allowed the water carriers of the Khalifa to stand on the same prayer mat on which stood his lord and master to pray with him to God.

The Invasion of Europe.

The Khalifa Alwalid next authorised the invasion of Europe, and the conquests of Andalusia. Musa, ably aided by his lieutenant Tarik, pushed northwards and finally completed the reduction of the Spanish

Influence of Islam on the Middle Ages of Europe

BY

B. GHOSHAL, M. A.,

FOUR years after the death of Justinian, who had put an end to Philosophy in Greece, the great Prophet of Arabia was born at Mecca, in 569 A. D.

A member of the noble family of Qureish, he was himself initiated into the mysteries of commerce, and had already won the exalted title of "Alamin", while trading on behalf of his noble mistress, the lady Khadija. Later on, by his solitary meditations this sincere man of God was drawn to the conclusion that, "There is but one God."

This momentous decision opened a new chapter, in the world's history. A new era had begun. His life was entirely spent in weaning Arabia from idolatory, and he saw what is given to so few to see. The fruits of his labour were gathered even in his life-time. His greatness lies in the tremendous force and enthusiasm which he imparted to his creed which may be called "the rationalistic creed par excellence."

The Saracenic Conquest.

The formula, "There is but one God," united the Arabians into one nation, which they had never been before, and the country quickly left its "times of ignorance" far behind. Moreover the domination of the world was soon to pass over into the hands of a great nation, whose chief traits were chivalry, munificience, characteristic high-mindedness and hospitality.

On the death of the Prophet, the Mussalmans were governed in turn by four of the most eminent among his companions, Abu Bakr, Umar, Usman and Ali. (Peace be on them).

Abu Bekr had scarcely seated himself on the Khalifate, when the Saracenic conquests began. At Damascus the Roman army was overthrown. Haraclius saw the complete overthrow of his Roman army at the battle of Yarmek

Jerusalem was the next objective. Khalifa Omar journeyed from Medina to take formal possession of that historic city; and you know how unostentatiously he arrived at the gates of Jerusalem. Tripoli, Tyre and Casaria fell next. The sailors of Phoenicia equipped the Saracenic fleet which drove the Roman navy into the Hellespont. The Arabs now gained the command of the sea.

CONTENTS

		Pages
1.	Influence of Islam on the Middle Ages of Europe by B. Ghoshal, M. A., ...	1—13
2.	Inaugural Address by Mr. S. A. Rafey, the newly elected Vice-President, I. C. Union ...	14—21
3.	The Aryans in India ...	22—29
4.	Sir Walter Scott as a Poet by S. Rashidul Haq-XIIth Class ...	30—40
5.	William Mooris A Study by Mr. A. Shakoor, M. A. ...	41—43
6.	Here and There by A. A. Desai, XI B (1) ...	44—45
7.	Laugh and Grow Fat by A. A. Desai, XI B (1)	46

King Pelias [illegible]
[illegible]

Vol. I April, 1929 N°. IV

The Intermediate College Magazine

Editor: Abbie D. Speed

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

انٹرمیڈیٹ کالج میگزین

جلد (۱)	بابت ماہِ مئی ۱۹۲۹ء	نمبر (۵)

شذرات

خدا کا شکر ہے کہ ہمارا رسالہ علی گڑھ اور بیرونِ علی گڑھ کی ادبی حلقوں میں مقبول ہوتا جا رہا ہے، اور ہمارے دارالعلوم کے ادب نواز اور علم پرور اساتذہ نے اس کی قلمی معاونت پر کمر ہمت باندھ لی ہے، جناب سیدین صاحب کا ایک گراں قدر مقالہ ہم فروری نمبر میں شائع کر چکے ہیں جس کو ہمارے طلبا نے نہایت دلچسپی سے پڑھا، اور جس پر عمل پیرا ہونے کا انھوں نے تہیہ کر لیا ہے، جناب رشید صدیقی صاحب نے مارچ نمبر میں "مغالطہ" پر ایک غائر نظر ڈالی، اور اپنے دل کش ظریفانہ انداز میں علی گڑھ کے ماحول کی اس "جنسِ خاص" کو ناظرین کی خدمت میں پیش کر کے ہر کس و ناکس سے داد سخن لی۔ اپریل نمبر میں جناب نوشہ صاحب زیبِ قرطاس ہیں، اور اپنے مضمون کی ہر ہر سطر سے تبحرِ علمی اور بلاغتِ نظر کا ثبوت دے رہے ہیں، کیا یہ امور ہمارے لیے باعثِ صد افتخار و نازش نہیں؟

ہمیں یقین ہے کہ ہم ان حضرات کے نتائج افکار اکثر آپ کے سامنے پیش کرتے رہینگے، کیونکہ موجودہ صورت میں یہ ناممکن ہے کہ ہمارا عجز و نیاز اُن کے ناز و استغنا پر غالب نہ آجائے، اور وہ کچھ نہ کچھ لکھنے پر مجبور نہ ہوں، اس سلسلہ میں ہماری تنگ دستی اور ان حضرات کی ذرہ نوازی دونوں قابلِ ستایش ہیں، لیکن آخر الذکر نے ہم سب کو بندۂ بے درم بنا رکھا ہے۔

مئی نمبر میں جناب قاضی صاحب نے ہمیں مرہونِ منت کیا، اور اپنے کلام معجز نظام سے ہمارے رسالہ کے صفحات کی عزت افزائی فرمائی، جناب قاضی صاحب اپنے مخصوص رنگ کے مالک ہیں، اور اپنی فطری جدت طرازی اور معنی آفرینی سے ایسے ہنگاموں کے موقع پر حاضرین سے خراجِ تحسین حاصل کرتے رہتے ہیں، یہ نظم "یلدرم" کے رخصت ہونے کے موقع پر لکھی گئی تھی، وہی ہمارا محبوب یلدرم! جو آج کل طہران اور شیراز کے مرغزاروں میں سرگرمِ سفر ہوگا، اور جس کی نغمہ سنجی کی بدولت ایران کی فضا رنگین لطافتوں سے یقیناً معمور ہو چکی ہوگی۔

---

۲ اپریل سے ہمارے کالج میں امتحانات کا سلسلہ شروع ہوا، جو پورے ایک ماہ تک جاری رہیگا، اس امتحان کے بعد کالج کی کثیر آبادی قفس کی تیلیوں سے فرار ہو کر اپنے اپنے نشیمن میں جا پہونچیگی، اکثر طلبا امتحانات میں پاس ہو کر یونیورسٹی میں داخل ہونگے یا "روزی" کی فکر میں سرگرداں پھرینگے، بہرحال ہم اور کالج دونوں اُن سے جدا ہوئے، اور بعض صورتوں میں مستقلاً، اسی لئے

"آج کچھ درد مرے دل میں سوا ہوتا ہے"

جدائی ہر حالت میں تکلیف دہ ہوتی ہے، بالخصوص ایسی صورت میں کہ فطرت ہمیں اُن سے جدا کرے جو چار سال تک ہمارے کالج کے آغوشِ محبت میں رہے، اور جنھوں نے اپنی عمر کا بہترین زمانہ اس چار دیواری میں بسر کیا، بہرحال یہ جدائی ایک بدیہی امر ہے، آپ جائیں اور ضرور جائیں، مگر یاد رکھیئے کہ مادرِ کالج کی بہترین دعائیں آپ کے ساتھ ہیں اور اُس کی بہترین آرزوئیں بھی آپ ہی کی ذات سے وابستہ ہو چکی ہیں، آپ جہاں بھی رہینگے مادرِ کالج کی شفقت آمیز نگاہیں آپ پر پڑتی رہینگی، وہ ہمیشہ اپنی بہترین برکتوں سے آپ کو نوازتی رہیگی، اور اس کی کوشش ہوگی کہ آپ پروان چڑھیں، ملک کے لیئے مایۂ ناز ثابت ہوں، قوم کی رہبری کر سکیں اور دنیا کو ایثار اور رواداری کا وہ درس دیں جو اسلام کا طرۂ امتیاز ہے۔

یاد رکھئے کہ جب تک آپ کالج میں رہے، کالج نے اپنے محدود ذرائع کے باوجود آپ کی بہترین مدد کی لیکن کالج سے نکلنے کے بعد آپ کا فرض شروع ہو جاتا ہے، اب آپ کالج کی مدد پر کمربستہ ہو جائیے اور اپنے اعمال اور افعال سے اپنے آپ کو کالج کا بہترین سپوت ثابت کیجئے، اگر آپ اس فرض کے انجام دہی میں کامیاب ہو گئے باور کر لیجئے کہ پھر نہ مخالفوں کی نظر بد ہمیں نقصان پہونچا سکیگی اور نہ اغیار کا پروپیگنڈا ہمارے لیئے ضرر کا باعث ہوگا۔

یہ فرض جس کی جانب ہم نے ابھی اشارہ کیا ہے آپ کا اہم ترین فرض ہے، محض اس لیئے نہیں کہ آپ "علیگ" ہیں بلکہ اس لیئے کہ شہنشاہ کونین کے نام لیوا ہیں، اور نبی آخر الزماں کے پیرو، آفتاب اسلام سرزمین بطحا سے بلند ہوا، دمشق اور بغداد کے اُفق پر ضیا پاش ہوتا ہوا آسمان ہند پر آچمکا، لیکن خوف ہے کہ کہیں گنگا کی وادی میں غروب ہو کر ہند سے روپوش نہ ہو جائے، اس آفتاب کی کرنیں آپ ہیں، جس قدر آپ کے کیرکٹر میں جلا ہوگی اُسی قدر یہ آفتاب آسمانِ ہند پر زیادہ درخشانی کے ساتھ تاباں نظر آئیگا، اس لیئے اس کے عرض کر دینے میں تردید کا ذرا بھی خوف نہیں کہ اسلام کی کامیابی اور کامرانی کی ذمہ داری آپکے شانوں پر ہے، آپ کا فرض ہے کہ آپ اس فرض کے انجام دینے میں اپنی بہترین قوتیں بروئے کار لائیں، اور دُنیا پر ثابت کر دیں کہ ابھی تک آپکے ایمان میں صداقت دل میں جوش و خروش اور بازوؤں میں دم خم باقی ہے۔

ہماری دعائیں اگر بارگاہِ اجابت تک پہونچ سکیں تو آپ سب کے بعد دیگرے صوبہ بہار کے گورنر ہو جائینگے، لیکن اس قدر کامیابی حاصل کرنے کے بعد اگر آپ اپنے کالج، یا اپنے کالج کے میگزین کو بھول گئے، تو حشر کے دن اپنے دامن اور گریبان کی خیر منائیگا، آپ کے دامن اور گریبان کا وہی حشر ہوگا جو "بھائی صمدانی"[1] کے لیمپ لالٹین اور گلاس کا ہر ہفتہ ہوا کرتا ہے، یہ ضرور ہے کہ زمانہ کے ساتھ ساتھ آپ کی ذہنیت ترقی پذیر ہوتی جائیگی، لیکن کیا آپ حقیقتاً اُن ایام کو فراموش کر سکتے ہیں جو آپنے منٹو سرکل اور نیو سرکل کی چار دیواری میں گزارے، عہد طفلی کے وہ ایام جس میں "عیش با فراغت" کے مزے لوٹے، دوستیاں کیں، عہد و پیمان کیئے، دوستانہ محبت کے پینگ بڑھائے، لکھنا، پڑھنا، تقریر کرنا، کھیلنا، کودنا اور گپ کرنا سیکھا، انعامات حاصل کیئے، کامیابی کا سہرا بندھا اور پھر

---

[1] جن کے متعلق ہمارے ایک گورکھپوری دوست فرماتے ہیں ؎

"چھپئے دیدار تو دیوانہ گردم کجائی بھائی صمدانی! کجائی"

چل کھڑے ہوئے، یہ میگزین اس زندگی کا ہمیشہ آئینہ دار رہیگا، اور ہمیں یقین ہے کہ آپ اس آئینہ میں اپنے طفلانہ خدوخال ہمیشہ دیکھ سکینگے۔

---

۸ ر ۱۰ ر مئی تک کالج کی دو تہائی سے بہت زیادہ آبادی رخصت ہو جائیگی، فرسٹ ایر اور نویں درجہ کے طلبا رہینگے اور سرزمین علی گڑھ کی آتش بار جہنم نشان گرمی، ہمیں یہ سن کر نہایت خوشی ہوئی کہ ہمارے موجودہ وائس چانسلر نے ڈرینیج اسکیم (Drainage scheme) کی جانب توجہ کی ہے، اور اس مسئلہ کے حل کرنے میں ایک حد تک کامیاب ہو گئے ہیں جو ہمارے نظام تعلیمی میں ہمیشہ رخنہ انداز ہوتا تھا، سنا جاتا ہے کہ یہ اسکیم اب بہت جلد عملی صورت اختیار کرنے والی ہے اور کالج کی تعطیل کلاں بجائے موسم برشگال میں ہونے کے موسم گرما میں ہوا کریگی۔ ہمیں یقین ہے کہ کالج کا ہر بہی خواہ اس تجویز کا خیر مقدم کریگا، اور تعطیلات کا یہ نظام جلد سے جلد نافذ ہو جائیگا۔

---

۱۲ ر مئی کو اس صوبہ کے ناظم تعلیمات یعنی جناب ایچ آر ہیرپ صاحب بقابہ نے ہمارے کالج کا معائنہ کیا، صبح کے وقت وہ شعبۂ سائنس میں معائنہ فرماتے رہے، اور شام کو پانچ بجے جناب پرنسپل صاحب کے ایٹ ہوم کی شرکت کی غرض سے منٹو سرکل میں رونق افروز ہوئے چا نوشی کے بعد جناب ممدوح نے باسکٹ بال، والی بال، جمنیسیم، ٹینس، فٹ بال، ہاکی، کرکٹ کے میدانوں میں چہل قدمی فرمائی، اور ہر گیم میں چند عملی تجاویز دیکر اپنی اس دلچسپی کا ثبوت دیا، جو جناب کو مختلف کھیلوں سے ہے، دوسرے دن معائنہ ختم کرکے الہ آباد واپس تشریف لے گئے، ہمیں اس کا علم نہیں کہ جناب ممدوح نے یہاں کے حالات کے متعلق کیا رائے قایم کی، لیکن قرائن اس کے شاہد تھے کہ یہاں کا نظام عمل اُن کو پسند آیا۔ اور وہ یہاں سے مطمئن و مسرور واپس ہوئے۔

ایک اور اہم تجویز آج کل زیر غور ہے جو ہمیں یقین ہے کہ اگر جلد عملی صورت اختیار کر سکی تو ہمارے کالج کے لیئے بہت سود مند ثابت ہوگی، ہمارے سائنس کی جماعتیں اب تک یونیورسٹی سے وابستہ ہیں اور سائنس کے طلبا کے تمام مضامین کی درس و تدریس اب تک یونیورسٹی کی نگرانی میں ہوتی ہے، اب یہ تجویز ہے کہ انٹرمیڈیٹ کالج کی ایک علیحدہ عالی شان عمارت تعمیر کرا دی جائے جو آرٹ اور سائنس دونوں شعبوں کے لیئے مکتفی ہو، یونیورسٹی اور کالج دونوں کے ہمدرد اس تجویز کا نہایت سرگرمی کے ساتھ استقبال کرینگے اور دعا کرینگے کہ یہ عمارت جلد تیار ہو کر کام [illegible] لگے، کہ [illegible] ہو جائے۔

ہمارے کالج کے سرکاری جلسے، مثلاً جلسۂ تقسیم انعامات تعلیمی، جلسۂ تقسیم انعامات تکمیل کورس وغیرہ وغیرہ سالانہ سال سے ماہ فروری میں منعقد ہوتے ہیں اور کبھی کبھار مارچ کے آخری ہفتہ تک ملتوی ہوتے چلے جاتے ہیں، چونکہ ان مواقع پر کوئی نہ کوئی ڈراما اسٹیج کیا جاتا ہے اس لئے امتحانات میں شریک ہونے والے طلباء کا وقت اُن مشاغل میں صرف ہونے لگتا ہے جن کو وہ اُس زمانہ میں جائز طور سے زیادہ وقت نہیں دے سکتے، اس لیئے ہماری مؤدبانہ گزارش ہے کہ یہ جلسے دسمبر یا زیادہ سے زیادہ جنوری تک ہو جائیں تاکہ سارے انتظامات سہولیت کے ساتھ سرانجام ہو سکیں، ہمیں خوشی ہے کہ جناب پرنسپل صاحب نے ہماری اس تجویز کو منظور فرما لیا ہے، اور آئندہ سے اس پر عمل درآمد ہوگا۔

ہمارے کالج کے دو لائق، باہمت اور پُرجوش فرزند ظہیر بابر قریشی صاحب اور ایم اے خاں صاحب (آف مدراس) جو حال ہی میں اسٹیج پر اپنے کمالات دکھا چکے ہیں سیاحتِ ہند پر تیار ہوئے ہیں، اُن کا قصد ہے کہ یہ سفر تمام و کمال سائیکلوں پر کیا جائے، اور اس سلسلہ میں جو جو تکالیف سامنے آئیں اُن کا مردانہ وار مقابلہ کیا جائے، اُن کے سفر کی اسکیم آج کل زیر ترتیب ہے، اور ہماری دلی دعا ہے کہ یہ سفر ہر طریقہ سے کامیاب ہو۔

مہمات کے سر کرنے کی یہ ہمت بے حد قدر کے قابل ہے، بالخصوص اس وجہ سے کہ ہند میں اس کا فقدان نظر آتا ہے، ہمیں اُمید ہے کہ اس جماعت میں روانہ ہونے سے قبل کچھ اور اضافہ ہوگا، اور یہ مع الخیر واپس آئیگی، ہماری بہترین دعائیں اُن کے ساتھ ہیں۔

اسی سلسلہ میں ہم کیوں نہ جناب پرنسپل صاحب کی خدمتِ والا میں کشمیر کی سیاحت کا مشورہ پیش کریں، کیونکہ تعطیل گرما کا وقت اب قریب آگیا ہے، اور تھوڑی سی عملی توجہ سے یہ اسکیم جلد سرسبز ہو سکتی ہے، ہمیں اُمید ہے کہ ہمارے ہردل عزیز محترم جناب عبدالعزیز صاحب پوری بھی ہماری اس ناچیز تجویز پر غور فرمائینگے، اور اپنے ذرائع سے طلباء کی ایک مخصوص جماعت کو فائدہ حاصل کرنے کا موقع دینگے۔ ہم اپنی کسی گزشتہ اشاعت میں عرض کر چکے ہیں کہ اس تجویز کا خیال پلاؤ ہر سال پکتا ہے، لیکن کچھ عجب نہیں کہ اس سال یہ عملی جامہ پہن سکے، "فلوٹنگ یونیورسٹی" کے لیئے ہمارے پاس نہ دولت ہے، اور نہ سرمایہ، مگر کالج رواں کے لطف سے ہم اُمید کرتے ہیں کہ ہمیں مستفیض ہونے کا موقع ملیگا، اور ہماری یہ صدا صدائے صحرا ثابت نہ ہوگی۔

ہمارے طلبا کو جو طبی امداد کالج سے پہونچتی ہے اس کے نقائص ارباب حل وعقد کی توجہ کے محتاج ہیں، مثلاً کالج کے تمام بورڈنگ ہاؤس میں رہنے والے طلبا، یا تو منٹو سرکل میں مقیم ہیں یا نیو سرکل میں، ان طلبا کی تعداد چھ سو اور سات سو کے درمیان ہے، ان کے لیئے شفاخانہ جات ادویہ اور اطبا دونوں دستیاب ہو سکتے ہیں ایک میل کے فاصلہ پر ہے، ناظرین خود اندازہ فرما سکتے ہیں کہ اس بُعد مکانی سے طلبا کو کتنی تکلیف اور زحمت ہوگی، منٹو سرکل میں ایک نام نہاد ڈسپنسری ہے جس کے انچارج "کرنل ٹونی" ہیں، مگر اس دور جدید میں یہ کون کہہ سکتا ہے کہ یہ ڈسپنسری کسی حیثیت سے بھی قابلِ اطمینان ہے۔ انچارج سرسید کے زمانہ کے ایک بوسیدہ کمپاؤنڈر، دواؤں کا کمرہ بہت تنگ اور تاریک، دوائیں اکثر ناکافی اور ہمیشہ غیر مرتب، کیا ہمارے طلبا کی اس کثیر جماعت کو ارباب حل وعقد ان حالات میں چھوڑ کر جائز طور سے مطمئن ہو سکتے ہیں، ہم نے جناب پرنسپل صاحب کی توجہ اس جانب مبذول کرائی ہے، اور ہمیں امید ہے کہ وہ اس کی اصلاح فرمائینگے

یہ مسودات پریس میں جانے ہی والے تھے کہ ہمیں عالی جناب نواب نواب علی صاحب چودھری سی آئی ای سینیئر ممبر بنگال گورنمنٹ کی وفات حسرت آیات کی خبر ملی، مرحوم مسلمانان بنگال میں اپنی صلح پسندی اور بیدار مغزی کی وجہ سے ممتاز تھے، اور کلکتہ کے سرکاری و نیم سرکاری حلقوں میں آپکا اچھا اثر تھا۔ آپ کو ہمارے دار العلوم سے بہت خاص اُنس تھا، چنانچہ اپنی پیرانہ سالی کے باوجود اپنے سب سے چھوٹے صاحبزادے مسٹر حسن علی چودھری کو تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے علی گڑھ بھیجا تھا، برادر موصوف امسال ایف اے کا امتحان دے رہے تھے کہ ناگہاں نواب صاحب مرحوم کی خطرناک علالت کا تار آگیا، اور انھیں امتحان ختم کیئے بغیر دارجلنگ جاکر صف ماتم میں شریک ہونا پڑا۔ ہماری دلی دعا ہے کہ خداوند کریم مرحوم کو جوارِ رحمت میں جگہ دے، اور برادر موصوف اور خاندان کے دیگر افراد کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

رُباعیاتِ رواں

(از عالی جناب منشی جگت موہن لال صاحب رواں ایم اے ال ال بی)

(۱)

بدعہد کا اعتبار کرنا ہوگا — اِس جبر کو اختیار کرنا ہوگا
مانا کہ حیات و موت یکساں ہیں رواں — کچھ دن ابھی انتظار کرنا ہوگا

(۲)

پھولوں سے تمیزِ خار پیدا کرلیں — یک رنگیٔ اعتبار پیدا کرلیں
ٹھہرو چلتے ہیں سیرِ گلشن کو رواں — پہلے دل میں بہار پیدا کرلیں

(۳)

انداز جفا بدل کے دیکھو تو سہی — پانوں سے یہ پھول ملکے دیکھو تو سہی
رنگِ گُل کاریٔ جبینِ سجدہ — اِک دن گھر سے نکل کے دیکھو تو سہی

(۴)

سرمایۂ اعتبار دیدیں تم کو — رنگِ حُسنِ بہار دیدیں تم کو
اس سے بہتر کہ نت نئے شکوے ہوں — ہر جبر کا اختیار دیدیں تم کو

(۵)

چھوٹوں کی بڑوں کی دستگیری دیکھوں
اپنے ہاتھ اپنی ہی اسیری دیکھوں
جب فرق نہ ہو قید میں آزادی میں
اللہ نہ کرے کہ میں وہ پیری دیکھوں

(۶)

عیب و حسنِ حیات کہہ دوں تم سے
جو دل کی ہے کائنات کہہ دوں تم سے
آؤ، سن لو، فسانۂ دار و رسن
"تو بات کی ایک بات کہہ دوں تم سے

(روآن)

وداعی جلسے

(از عالی جناب قاضی جلال الدین صاحب ایف آر جی ایس)

جناب سید سجاد حیدر صاحب یلدرم رجسٹرار مسلم یونیورسٹی کا دورِ ملازمت ۳۱ جنوری ۱۹۲۹ء کو ختم ہوا۔ حسب روایات کالج ممدوح کے دفتر اور یونیورسٹی کے اسٹاف اور دیگر احباب نے رخصتی پارٹیاں اور ڈنر دے کر ان کی ہر دل عزیز ذات کے ساتھ خلوص و محبت اور غم و الم کا اظہار کیا۔ بالالتزام ہمارے کالج کے پرنسپل صاحب یعنی عالی جناب مسٹر عبدالمجید قریشی ایم اے اور یونیورسٹی کے قایم مقام پرو وائس چانسلر صاحب نے ہر جلسہ میں شرکت فرما کر اظہار خلوص اور حسنِ کارگزاری فرمایا۔ ایک شاندار پارٹی اولڈ بوائز کالج میں ہوئی، دوسری اس سے زیادہ وسیع پیمانہ پر میدانِ نمائش گاہ میں دی گئی۔ قبل الذکر میں جانب اہلکاران و عہدہ دارانِ دفتر یونیورسٹی اور مابعد الذکر یونیورسٹی اسٹاف کی طرف سے تھی۔ دوسری قدیمی روایت کی پیروی میں علاوہ دیگر شعرائے یونیورسٹی کے پروفیسر قاضی جلال الدین صاحب نے جو نظمیں پڑھیں وہ ناظرین کی دلچسپی کے لئے درج ذیل ہیں۔ نیا انداز ملاحظہ ہو۔ قاضی صاحب نے اس نئی صنعت کا اضافہ کر کے اس کا نام "صنعت تغییر الاعراب فی القوافی ذوالنونین" رکھا ہے! اڈیٹر

سہ بند جلالی بمقام اولڈ بوائز کالج

ہر اک انسان کو درپیش ہے زیر و زبر ہونا

اسی نسبت سے ہیں حرکات قافیہ کے بندِ من میں

بندِ اوّل بالفتح

ہے نغمہ کی جگہ شورِ عنادل آج گلشن میں — تپ فرقت سے کس کی لگ رہی ہے آگ تن من میں

بہت ہیں عالم و فاضل دلے سجاد حیدر سا — بہت ڈھونڈا مگر پایا نہ برکن میں نہ لندن میں

دیا فطرت نے ہے خلعت مربی و مرنجاں کا — مزہ تم کو کبھی آیا نہ سلے میں نہ ان بن میں

تمہاری وضع پر تھی سادگی سو جان سے قرباں
اگرچہ کم کسی صاحب سے رہتے تھے نہ بن ٹھن میں

یہ ڈر ہے آپ کی غیبت میں از غیبی کوئی روڑا
نہ یونیورسٹی کے آ کے اٹکے چلتے انجن میں

کیے جاتے ہیں خالی آپ صحرائے علی گڑھ کو
کہاں ڈھونڈیں گے آہو کا لگا کے دوڑ بن بن میں

سخندانی کی جس بو سے مشام جاں معطر تھا
وہ خوشبو کیش رنجن میں چمیلی میں نہ چندن میں

کبھی دندانِ حرص و آز نے تیزی نہ دکھلائی
قناعت کی عجب تاثیر دیکھی تیرے منجن میں

ادیبِ کامل الفن روز ہو سکتے نہیں پیدا
ہو شہرہ جن کا قسطنطنیہ میں اور گنجن میں

حریرِ کلک میں تیرے تھی ضم اوقات کی بندش
نہ تھی وہ بات روزِ امتحاں گھنٹہ کی ٹن ٹن میں

تری جنت نگاہی گلشنِ علمی کے حد تک تھی
نہ تھی فردوسِ گوشِ اصلا تری سکول کی چھن چھن میں

عروسِ علم اترائے نہ ہرگز یاں کے زیور پر
کہ آخر کو دمک رہتی نہیں کانچ کے کنگن میں

ترے اخلاص نے سب کو یہاں اس طرح جکڑا ہے
نہ ہرگز ڈھیل آئیگی جلال الفت کے بندھن میں

بندِ دوم بالکسرہ

صفات اتنی ہیں تم میں ہو سکے توصیف کن کن کی
بھلا دفتر تو دفتر ہی خبر سکتے تھے پن پن کی

عنانِ دفترِ یونیورسٹی ہاتھ میں لے کر
بہ خوش اسلوبیت اُن سے لی ڈیوٹی تھی جن جن کی

ہر اک کے دل پہ کندہ نقش ہے خلق و مروت کا
نبھایا اُن کو بھی اچھا جنھیں عادت تھی ہن ہن کی

زمانہ امتحاں کا سال بھر میں جب کبھی آیا
تمھیں مصروفیت راتوں کی تھی اور دوڑ دن دن کی

بندِ سوم بالضم

بھڑک اُٹھینگے شعلے دہر میں میرا سخن سُن کر
بھسینگی ہڈیاں جسمِ ادب کی آج چھن چھن کر

سُن اے کیفِ زباں دانی ہوئی بزمِ ادب خالی
بس اب فرصت ہے اکتارے کو لا اور بیٹھ تن تن کر

ہزاروں تشنگانِ علم کیا ہندی ہیں کیا سندھی
تمہارا شہرۂ ذوقِ ادب آتے تھے سُن سُن کر

"زبانِ ترکِ من" کی ترجمانی کا جو دن ہوگا
زبان و انانِ کالج سر کو رہ جائینگے دھن دھن کر

تمہارا کچھ نہ بگڑیگا۔ ہمیں یہ خوف لاحق ہے
کہیں آٹا نہ ہو اب رغبتِ علم گھن گھن کر

عجب ہے انقلابِ ہر دورِ ہفت سالہ میں
گُلِ تر لے گئی بادِ خزاں کالج سے چن چن کر

تمہارے دوست دُنیا میں رہینگے شاد اور خرم
کلیجے دشمنوں کے راکھ ہو جائینگے بھن بھن کر

نوٹ

ہمارے میگزین کا گزشتہ نمبر ہمیں افسوس ہے کہ کتابت کی غلطیوں سے بھرا پڑا ہے۔ جناب نوشہ صاحب اور جناب ضیا صاحب کے مضامین بالخصوص ان غلطیوں کا شکار بنے۔ حالاں کہ یہی مضامین ہمارے گزشتہ نمبر کی زیب و زینت تھے ان غلطیوں کا ہمیں دلی افسوس ہے اور ہمیں یقین ہے کہ اس قسم کی غلطیوں سے ہمارا میگزین آئندہ حسب معمول پاک و صاف ہوگا۔

ایڈیٹر

سَرابِ کائنات

آہ: اے طلسمِ نظر فریب: اے منظرِ ہوش ربا: تو اپنی بوقلموں نیرنگیوں کے دامِ شعور کش میں مجھ جیسے کروڑوں، سنگوں ہست فنا کو پھانس کر طوفانِ حوادث کے برقِ قوت پنجے میں دبا اور چور چور کر اُڑا اور پٹک، گرا اور ٹکڑے ٹکڑے کر۔ تو میرا سیہ چشمۂ حیات اور میں تیرے راہِ ظلمات کا ایک ادنیٰ ذرۂ تاریک ہوں۔

اُف: وہ نظارۂ خرد ربا وہ منظرِ اُمید افزا کس قدر جاذبِ دل تھا کہ ایک تشنۂ حیات تیری پُر افسوں فضا کی مہلک دیج پر للچا کر زلالِ بقا کی اُمید میں کس شوق، کس تمنا سے تیری جانب کھنچا، کھنچا اور دوڑا اور تیری فضائے بسیط میں قدم رکھتے ہی حیات سوز کے متواتر طمانچوں سے جاں بلب، تیری زہریلی فضائے ہوائی کے چند روح سوز جھونکوں کی تاب نہ لا کر اپنی داستانِ اپنے افسانۂ نامرادی کی پُر حسرت یادگار اِک آخری دم توڑ ہچکی کی صدائے بازگشت چھوڑ گیا۔ ۔ ۔

آہ تیری اصلیت کسی کو معلوم نہیں، تو کیا ہے، کب سے ہے اور کب تک رہیگا۔ لیکن میں تشنۂ دریافت ہوں۔ کاش: تو میرے دورانِ زندگی میں ہی اپنے نقابِ اخفا کو تھوڑی دیر کے لیے علیحدہ کرکے اپنے اصلی چہرہ کی چمک دمک دکھادے، لیکن افسوس: یہ تیرا شعار نہیں۔ تو نے جامِ فنا میں نشۂ رازِ حیات کو مضمر کرکے محققین سے بھی اپنے مستحکم طلسم کا لوہا اس طرح منوایا ہے

حدیثِ از مطربِ مے و گو و رازِ دہر کمتر جو
کہ کس نکشود و نکشاید بحکمت ایں معما را

تو پھر کیا تو ایک قلزمِ بے آب و عمانِ تراب ہے؟ جس میں حیات کی کروڑوں بیش بہا کشتیاں ڈوبیں اور پھر کبھی نہ ابھریں۔ آخر ان عظیم الشان ہستیوں کا (جن کے مبارک وجود تیرے انقلابات عظیمہ کے باعث ہوئے۔ جن کے زریں کارناموں نے تیرے حصۂ عمر کی تعیین کرکے تجھ میں چار چاند لگائے) تیرے صفحات محو صفات پر کہیں نام و نشان باقی ہے؟ لیکن، نہیں۔ کہیں نہیں! البتہ اگر ان کی شاہد صادق کچھ ہیں تو کتبِ تاریخ و سیر ہیں۔

تو اس الزام کا جواب دے سکتا ہے کہ ان قیمتی ہستیوں کو میں نے اپنے صندوقِ سینہ میں محفوظ و مصئون کرکے چشمِ زخم حوادث سے نجات دے کر سچی قدردانی کا حق ادا کیا ہے۔ لیکن افسوس! کہ یہ الفاظ یاس انگیز، یہ جوابِ خشک کیونکر باعثِ تسکین ہو سکتا ہے۔ پس: اگر سرگرمیوں کا یہی انجام اور تیرا یہی معیارِ قدر ہے تو اے بحرِ بیکرانِ کائنات! جوش میں آ! طوفان اٹھا! حیات کی حبابوں کو، زندگی کے ربابوں کو توڑ دے جا۔ مروڑ دے جا۔ زندگی کے بیڑوں کو۔ عیش کے بجھیڑوں کو۔ ڈبوئے جا۔ اور کھوئے جا۔ ٹکرائے جا۔ بہائے جا۔ تو نے کسی کی سنی نہ سنے:۔

کیونکر نہ کہوں کہ تو اس عارضی و موہومی زندگی کا ایک خطرناک لیکن دلچسپ خواب ہے۔ جس کا اختتام طلسمِ وجود کی شکست پر منحصر ہے۔ یا ایک سینمائے خیال ہے جس کے صفحۂ سادہ پر ہزاروں انقلابات کے ڈرامے چشم زدن میں باصرہ افروز ہو کر جذباتِ رنج و مسرت پیدا کرتے اور قدرت کی عظیم الشان میجک لنٹرن کی ادنیٰ حرکتِ انقطاعی پر نظر سے اوجھل ہو جاتے ہیں۔

اے برقِ حیات سوز! چمک اور دمک، دنیا کے اسٹیج پر ہستیوں کے ڈرامے دکھا۔ اور مٹا۔ جلا اور بجھا۔ نہ تجھ میں قرار نہ تیرے گردیدوں میں ثبات!

بلاشبہ تو ایک چمنِ سدا بہار ہے۔ تیرے گل و غنچے باوجود کہنگی ہر وقت تازہ، ایک پھول کے مرجھانے پر دوسرا کھلنے کو آمادہ۔ مگر، افسوس! نہ تیرے گلوں میں بوئے وفا کی خوشبوئیں ظاہری رنگ و روپ پر لوٹ ہیں۔ آتی ہیں اور غنچہ کی

موسیقی نواز چٹک پر اپنے پر و نستار پھیلا کر دل کش نغموں۔ سُریلی آوازوں۔ مستانہ اندازوں اور پُر درد نالوں سے ہنگامہ برپا کر دیتی ہیں، چند لمحے گزرتے ہیں، اور گل ہاتھوں ہاتھوں میں بکھر کر اپنی ہستی کے خواب کو ختم کر دیتا ہے۔ بُلبلیں اپنے فانی محبوب کے جنازہ پر اک آخری نوحۂ حسرت کے ساتھ آشیانۂ اصلی کی جستجو میں پرواز کر جاتی ہیں۔ غرض اس دَور تسلسل کا آغاز و انجام ہر غنچہ کے وجود و فنا پر ہوتا چلا آیا ہے۔ اور جب تک مشیتِ ازلی و قدرتِ لم یزل کی خواہش رہیگی یوں ہی جاری رہیگا۔

اے چمنِ ناپائدار۔ اے خارزارِ پُر بہار، اپنے پھول کھلائے جا۔ پرندوں کو چہکائے جا۔ اور چشم زدن میں اس بزمِ اجتماع کا خاتمہ کر کے نئے نئے دَور دکھائے جا۔

میں نے تو فی الجملہ راہِ تسکین پیدا کر لی اور تیری حالت کا دھندلا سا خاکہ اپنی نظروں میں جما کر ایک ذرۂ اُفتادہ کی طرح ہمیشہ کے لیئے خاموش ہو گیا: کہ ؎

یہ چمن یونہی رہیگا اور ہزاروں جانور
اپنی اپنی بولیاں سب بول کر اُڑ جائینگے

ادیب فاضل
محمود زماں خاں
(رامپور)

مسلمانوں کا مستقبل اور مذہب

(غفران احمد صاحب متعلم فرسٹ ایر کلاس)

موجودہ زمانہ میں مسلمان جس پستی کی حالت میں ہیں وہ محتاج بیان نہیں۔ آج کل ہمارے اندر مذہبی جوش مفقود۔ قومی روح غائب اور فتنہ و فساد کی بہتات ہے۔ ہماری اخلاقی حالت نہایت پست اور افسوس ناک ہے۔ کیا کبھی آپ نے اس کے اسباب پر غور کیا ہے؟ کیوں اب ہمارے سینوں میں ترقی کا جوش موجزن نہیں ہے؟ کیا وجہ ہے کہ ہم باوجود دنیا میں ایک زبردست تعداد میں موجود ہونے کے مردہ قوم تصور کیے جاتے ہیں؟ وہ کونسی چیز ہے جس نے ہمیں اس حالت کو پہونچا دیا ہے؟ وہ ہم میں کونسی کمی ہے جس کی وجہ سے ہم آج کل قعر مذلت میں پڑے ہوئے ہیں؟ وہ کونسی ایسی شے ہے جس کے نہ ہونے نے ہمیں پستی کے ایسے گہرے غار میں جا گرایا ہے؟ اے میرے معزز ناظرین! یہ قیمتی شے۔ یہ بے بہا موتی۔ یہ بیش قیمت لعل۔ یہ قومی زندگی کی روح۔ یہ مردہ قوموں کو زندہ کرنے والی۔ یہ گم گشتہ قوموں کو راہِ راست پر لانے والی چیز مذہب ہے۔ ہاں یقیناً یہی وہ چیز ہے جس کی ہمیں اشد ضرورت ہے۔ ہاں مذہبی جوش ہی ایک ایسی اکسیر ہے جس کی ہماری بیمار قوم کو حاجت ہے۔ ہاں بے شک یہی وہ تریاق ہے جس سے ہماری زہر خوردہ قوم دوبارہ زندگی حاصل کر سکتی ہے۔

آج کل مادیت کا رنگ غالب ہے۔ مذہب جیسی مقدس اور ضروری چیز کی اہمیت دلوں سے مفقود ہے یورپ جو مادیت کا مرکز ہے مذہب کے خلاف بہت زبردست جد و جہد کر رہا ہے۔ خیر۔ وہ تو اوج کمال کو پہونچ چکا ہے مگر غضب تو یہ ہے کہ "مینڈک کی رازکام پیدا شد" مسلمانوں نے بھی یہی سمجھا کہ یقیناً مغربی اقوام کی ترقی کا راز "لامذہبی" ہے۔ مگر افسوس خواب کی تعبیر غلط سمجھی۔ انھوں نے بھی یہی خیال کیا کہ بے شک الحاد پرست ٹھیک کہتے ہیں کہ مذہب دنیا کے امن و امان میں خلل پذیر ہوتا ہے۔ پیشتر اس کے کہ میں مسلمانوں کی موجودہ حالت اور ان کے مستقبل سے بحث کروں یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ چند تواریخی مثالوں سے مذہب کی اہمیت پر روشنی ڈالوں۔ مذہب کی غرض و غایت قیام امن۔ اصلاح نفس اور تزکیۂ روح ہے۔ دنیا میں جتنے مذاہب بھی موجود ہیں ان کی تعلیم اس کے علاوہ نہیں۔ پھر نہیں سمجھ میں آتا کہ الحاد پرستوں کے اس دعوے کی سچائی کہ مذہب دنیا کے امن و امان میں

خلل پذیر ہوتا ہے کس طرح قایم رہتی ہے۔ یہ بالکل ٹھیک ہے کہ بعض اوقات مذہب نسلِ انسانی کے امن و عافیت کی تباہی کا باعث ہوتا ہے مگر یہ اس کا قصور نہیں ۔ یہ اس کی تعلیم کا اثر نہیں بلکہ اس کے ناقص العقل پیروں کی غلط تقلید کا نتیجہ ہے۔ یہ تو سب مذاہب کی عام تعلیم ہے۔ اب میں اصل موضوع کی طرف رجوع ہوتا ہوں۔

اسلام دنیا میں صرف ایک ہی پیام لے کر آیا تھا اور وہ یہ کہ انسانیت کے بکھرے ہوئے عناصر کو ایک ملک میں منسلک کر دے اس کا مقصد قوموں کو مجتمع کرنا ہے نہ کہ منتشر کرنا۔ اسی کی تعلیم کا اثر تھا کہ عرب جیسا فرقہ بند ملک اسلام کے جھنڈے کے نیچے قومیت اور یگانگت کے رنگ میں رنگا گیا۔ کسی شاعر نے مذہب کے بارے میں کیا خوب کہا ہے ؎

قوم مذہب سے ہے مذہب جو نہیں تم بھی نہیں
جذب باہم جو نہیں محفلِ انجم بھی نہیں

آج قدیم قومیں رو بہ تنزل ہیں اور ضعف سے کانپ رہی ہیں۔ ان کے نظام کا ہر ستون پے در پے گر رہا ہے لیکن اگر ہم ذرا غور کریں تو معلوم ہوگا کہ ان کی تباہی کا موجب۔ ان کی بربادی کا باعث۔ ان کے تنزل کا سبب قوتِ ایمانی کی کمی اور نظامِ اخلاق کا انحطاط ہے۔ یہی ایک ایسی چیز ہے جو قومی زندگی کی روح کہلائے جانے کی مستحق اور ہر قوم کی ترقی و تنزل کا محور ہے۔ جب کسی قوم کے جوشِ مذہبی میں ضعف آجائے یا اس کے نظامِ اخلاق میں کمزوری پیدا ہو جائے تو فوراً سمجھ لینا چاہیئے کہ وہ قوم بہت جلد صفحۂ ہستی سے مٹنے والی ہے۔ جس طرح ہر شخص میں ایک خاص روح ہوتی ہے جس سے وہ اپنے تمام کام انجام دیتا ہے اسی طرح ہر قوم کی بھی ایک خاص روح ہوتی ہے اور یہ اس کے مخصوص اخلاق و خواص ہوتے ہیں جو اس کے تمام تغیرات اور انقلابات کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ اخلاق مذہب کا جزوِ لاینفک ہے کیونکہ کوئی قوم بغیر اخلاق کے اور کوئی نظامِ اخلاق بغیر مذہب کے زندہ نہیں رہ سکتا اسی بنا پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہر قوم کی زندگی کے رکنِ اعظم صرف دو ہیں **مذہب** اور **اخلاق** اور تاریخ عالم شاہد ہے کہ یہ ہمیشہ سے قوموں کی زندگی نہایت اہم عنصر اور تاریخ کا نہایت نمایاں جزو رہے ہیں۔ اور میں تو یہاں تک کہنے کے لئے تیار ہوں کہ ہماری زندگی کا اہم اصول اگر کوئی چیز ہے تو "مذہبی اصول" ہیں۔ قدیم سلطنت ایران کی مثال ہمارے لیئے بالکل کافی ہے۔ اس کے تنزل میں ایک زبردست راز مضمر ہے۔ اس کا نتیجہ ہمارے لیئے سبق آموز اور عبرت خیز ہے۔ جس وقت تمام عرب اسلام کی روشنی سے منور ہو چکا تھا تو اس کی ہمسایہ عظیم الشان سلطنت ایران کفر کے بحرِ بے پایاں میں غرق تھی۔ یہ اسلام کا وہ زمانہ ہے جس کو ہم مذہبی نقطۂ نظر سے اپنا عہدِ زریں کہہ سکتے ہیں۔ اس وقت ایران کا شمار دنیا کی زبردست اور عظیم الشان قوتوں میں تھا۔

اس کا نظامِ حکومت عرب کے مقابلہ میں کہیں زیادہ مستحکم تھا۔ ذہانت کے اعتبار سے اُس طاقتور سلطنت کا یہ زمانہ عہدِ کمال کہلائے جانے کا مستحق ہے۔ مگر باوجود اس تمام شان و شوکت اور طاقت و دولت کے اس کو عرب کے خانہ بدوش بدوؤں کے سامنے سرنگوں ہونا پڑا۔ وہ مسلمانوں میں کونسی ایسی طاقت موجود تھی جس نے ایران جیسی سلطنت کے پرخچے اڑا دیئے؟ وہ کونسی ایسی شے تھی جس نے دم بھر میں ایران کو تہ و بالا کر ڈالا۔ دربارِ کسریٰ میں تہلکہ ڈال دیا۔ ایران کے عظیم الشان محلوں کی اینٹ سے اینٹ بجا دی۔ مسلمانوں کی شاندار فتوحات کا راز دولت و حشمت نہیں۔ طاقت و قوت نہیں بلکہ ان سب سے بالاتر چیز "قوتِ ایمانی" تھی جس پر ہمارے آباء و اجداد کے برگزیدہ اخلاق کا دارومدار تھا۔ اس مثال سے ثابت ہوتا ہے کہ ذہانت کتنی ہی ترقی کر جائے لیکن مذہب اور اخلاق کی قائم مقام نہیں ہو سکتی۔ ایک قوم اگر مالی حیثیت سے مفلس ہو تو وہ زندہ رہ سکتی ہے۔ علمی افلاس بھی کسی قوم کو دفعتہً تباہ نہیں کر سکتا لیکن جو قوم اخلاقی حیثیت سے مفلس ہو جس کے اندر مذہبی جذبہ بالکل ناپید ہو اُس کی زندگی کی کون ضمانت کر سکتا ہے۔

دُور کیوں جائیے اپنی ہی قوم کی تاریخ پر ایک نظر ڈال لیجئے اور اس کے گزشتہ کارناموں کو یاد کیجئے۔ یہ ہماری ہی قوم تھی جس نے دنیا میں سب سے پہلے حقیقی معنوں میں جمہوری سلطنت قائم کر دکھلائی۔ عباسی حکومت کے کارنامے کیا سیاسی کیا ادبی دُنیا کی نظروں سے پوشیدہ نہیں ہیں۔ تمام ممالک مشرق سے مغرب تک ہمارے ہی زیرِ نگیں تھے ؎

مغرب کے وادیوں میں گونجی اذاں ہماری
تھمتا نہ تھا کسی سے سیلِ رواں ہمارا

آہ! اپنے قومی کارناموں کو کہاں تک یاد کروں۔ کس طرح بتلاؤں کہ ابو عثمان، البیرونی، ابو علی ابن سینا اور ابن رشد مسلمانوں ہی میں پیدا ہوئے تھے۔

تواریخ کے اوراق کی ورق گردانی سے معلوم ہوگا کہ مسلمانوں نے جب احکامِ شریعت کو فراموش کر دیا اور اخلاقی کمزوریوں اور بداعمالیوں میں مبتلا ہو گئے تو بالآخر پامال ہو گئے۔ قرطبہ، بغداد، دمشق، قاہرہ اور دہلی وہ مقامات ہیں جہاں دُنیا اسلامی جاہ و حشم کے حیرت انگیز نظارے کر چکی ہے۔ کس کو یقین آسکتا تھا کہ یہ ساری دولت و قوت ایک دن ہماری قوم سے رخصت ہو جائیگی۔ چونکہ قوم احکامِ الٰہی سے رُوگردانی کر چکی تھی۔ اخلاقی کمزوریاں پیدا ہو گئی تھیں۔ گھن لگ چکا تھا وہ اس شان و شوکت۔ جاہ و حشمت اور طاقت و قوت کو زیادہ دیر تک نہ سنبھال سکی اور اُن کی اولوالعزمی، حوصلہ مندی اور وہ تمام اوصاف جو مسلمانوں کے مایۂ ناز تھے رخصت ہو گئے اور بالآخر لاکھوں مسلمانوں نے اپنی قوم کی بربادی کا حسرت ناک منظر دیکھا۔ آج کل ہم اسی اخلاقی انحطاط کی حالت

غزل

(از فیاض الحق صاحب اختر بھوپالی)

حیات جاوداں ہے اس طرح جی سے گزر جانا
کہ اک کروٹ کی حسرت میں مریض غم کا مر جانا

نتیجہ کچھ بھی آخر کار ہو جینا، کہ مر جانا
بہر صورت شب فرقت کو آنا اور گزر جانا

دلِ مرحوم یہ کفّارۂ عیش گلستاں تھا
چمن میں بسنے والوں کا قفس میں آکے مر جانا

حقیقت میں کمالِ عشق و معراج محبت ہے
مرے آنسو کسی دامان رنگیں پر بکھر جانا

وہی شانِ تبسم ہو وہی انداز بے پروا
تم آنا، اور نظام زندگی برباد کر جانا

جہانِ عشق و الفت میں وقارِ آدمیت ہے
کسی اُمید پر جینا، کسی حسرت میں مر جانا

ٹھہر او بیخودیٔ دید دل سے دو گھڑی مل لوں
نگاہِ ناز کو آتا ہے سینہ میں اُتر جانا

مجھے اچھی طرح سے یاد ہے اب تک وہ نظارہ
نظر ملتے ہی اک طوفان رنج و غم گزر جانا

بتا اے ہم نفس مجھ کو یہ کیا تھا دورِ الفت میں
کہ اپنی موت کو خود میں نے قصہ مختصر جانا

بس اتنی جانتے ہیں ہم تو تاثیرِ نظر اختر
ہزاروں بار جی اٹھنا ہزاروں بار مر جانا

چوگانِ ہستی

(از "پریم چند")

تبصرہ

(از عبدالشکور صاحب ایم۔ اے)

ایک عرصہ سے "پریم چند" کے چھوٹے چھوٹے افسانے ملک کے مختلف رسائل میں شائع ہو رہے ہیں، مخزن۔ ادیب، زمانہ، ہمایوں، اور اُردو کے دیگر رسائل پریم چند کی قلمی معاونت سے بہرہ اندوز ہوئے اور ہوتے رہتے ہیں۔ لیکن یہ فخر زمانہ ہی کو حاصل ہے کہ اُس نے اس بے مثل فسانہ نگار کے سب سے زیادہ قصوں سے اپنے صفحات کو مزین کر کے ایسا بیش قیمت اور پاکیزہ لٹریچر افراط کے ساتھ دنیا کے سامنے پیش کیا۔ ان افسانوں کی بہت بڑی تعداد مجموعوں کی صورت میں نکل کر ملک کے ہر گوشہ میں مقبول ہو چکی ہے، ان کی مقبولیت کا یہ عالم ہے کہ جب کبھی آپ پڑھتے پڑھتے تھک جاتے ہیں، اور چاہتے ہیں کہ دماغ کو فرحت حاصل ہو تو آپ لائبریری میں جا کر کسی ایسی کتاب کی تلاش میں مصروف ہوتے ہیں جس کا مطالعہ آپ کو کچھ عرصہ کے لئے بے خود بنا دے، الماری کھولتے ہی ایسی پہلی کتاب جو آپ کے ہاتھ میں آئے گی مجھے یقین ہے "پریم بتیسی" ہوگی یا "پریم پچیسی" خواہ آپ نے ان کتابوں کو کتنی ہی مرتبہ پہلے کیوں نہ پڑھ لیا ہو، جہاں تک ہر دلعزیزی کا تعلق ہے میں بلا خوف تردید کہہ سکتا ہوں کہ اُردو داں طبقہ کے لیے پریم چند اور سدرشن اُسی قدر عزیز ہیں جس قدر کہ انگریزی داں طبقہ کے لیے "کننن ڈائل" ٹامس ہارڈی اور ایچ جی ویلس۔

ان افسانوں کے علاوہ "پریم چند" نے ایک ڈرامہ بھی لکھا تھا، جو عرصہ تک زمانہ کے صفحات پر "کربلا" کے نام سے شائع ہوا، میں نے اس ڈرامہ کا غور سے مطالعہ نہیں کیا، بالخصوص اس وجہ سے کہ "باقی دارد" کا جھگڑا مجھے بالطبع ناپسند ہے لیکن اُس کے تیور بتاتے تھے کہ کسی واقف کار اور پختہ مشق مصنف کی جوشش

طبع کا نتیجہ ہے۔ یہ ضرور ہے کہ اس ڈرامہ کی اشاعت ایک مقتدر گروہ کو ناگوار ہوئی، خصوصاً اس وجہ سے کہ اس ڈرامہ میں چند ایسے پاکیزہ افراد کو اسٹیج پر لایا گیا ہے جن کی ہم شدت سے عزت کرتے ہیں، اور جو مسلمانوں کے نزدیک خدا اور رسول کے بعد سب سے زیادہ قابل احترام ہیں مگر یہ ماننا پڑیگا کہ آرٹ کی دست برد میں آجانے کے بعد شخصیت اسقدر اہم نہیں رہتی جسقدر کہ آرٹ کی خوبیاں، اور یہ ظاہر ہے کہ واقعۂ کربلا سے زیادہ ڈرامٹیک واقعہ مسلمانوں کی تاریخی لٹریچر میں اور کوئی نہیں۔

علاوہ ازیں پریم چند کا ایک اور ادبی کارنامہ ایک دلپذیر ناول ہے، جس کا نام "بازارِ حسن" ہے۔ اور جس کو پڑھنے کے بعد مجھے یقین ہے کہ آپ "پریم چند" کی نصف سے زیادہ خوبیوں سے روشناس ہو سکتے ہیں۔ یہ ناول اُردو کے ناولوں کی صف اول میں عرصہ ہوا جگہ پا چکا ہے، بہت عرصہ ہوا میں نے اس ناول کو دو تین مرتبہ پڑھا تھا، مگر ابتک اُس مطالعہ کی لذت دل و دماغ میں موجود ہے، اُس زمانہ میں میرا یہ خیال تھا کہ جہاں تک ناول نویسی کا تعلق ہے 'بازارِ حسن' پریم چند کی انتہائی بلندی ہے، لیکن چوگانِ ہستی کے شائع ہونے کے بعد اکثر حضرات کو یہ رائے تبدیل کرنا پڑی، اور یہ تسلیم کرنا پڑا کہ جس طریقہ سے پریم چند افسانہ نگاری کا مالک ہے، اسی طریقہ سے ناول نویسی میں بھی اُس سے گوئے سبقت لے جانا کچھ آسان نہیں، افسانہ اور ناول کے ساخت میں بین فرق ہوتا ہے، یہ ضروری نہیں کہ جو افسانہ کامیابی کے ساتھ لکھ سکے، وہ ناول نویسی میں بھی ممتاز ہو جائے، مگر پریم چند کے ادبی کارناموں نے ثابت کر دیا ہے کہ وہ ادب کی ان ہر دو اصناف پر یکساں قادر ہے۔

"چوگانِ ہستی" ایک بڑا ناول ہے جو دو حصوں میں شائع ہوا ہے، اس ناول کے شائع کرنے کا فخر دارالاشاعت پنجاب کو حاصل ہے، کل ناول کچھ ایک ہزار صفحات پر پھیلا ہوا ہے لکھائی، چھپائی، اگر بہت اچھی نہیں، تو کچھ ایسی زیادہ بُری بھی نہیں ہے، ہر حصہ کی جدا جدا جلد ہے۔

قیمت درج نہیں، مگر غالباً دونوں حصے پانچ روپیہ میں حاصل کئے جا سکتے ہیں

قبل اس کے کہ ہم چوگانِ ہستی کی معنوی خوبیوں پر تبصرہ کریں یہ بہتر معلوم ہوتا ہے کہ ہم مجملاً اُردو زبان

کی فسانہ نگاری کے ارتقا اور اُس کی چند نمایاں خصوصیات سے ناظرین کو آگاہ کردیں۔

محمد یحییٰ صاحب تنہا اپنی کتاب سیر المصنفین میں فرماتے ہیں:

"ہماری زبان میں خدا کے فضل سے افسانوں اور قصوں کی کبھی کمی نہیں ہوئی، سوا سو برس سے زیادہ زمانہ گذرا کہ اُردو زبان کی نثر معرض وجود میں آئی تھی، اس وقت سے اب تک زیادہ تر قصص ہی ہمارے علم ادب کے سرمایۂ ناز و افتخار رہے، میر امن کے باغ و بہار سے لیکر شرر کے آخری ناول تک سوائے افسانوں کے اور یہاں کیا دھرا ہے"۔

ان سطور میں تنہا صاحب نے جو کچھ تحریر فرمایا ہے اُس سے ہمیں انکار نہیں، لیکن میر امن کے باغ و بہار کے زمانہ کا شاید ہی کوئی قصہ، افسانہ، یا ناول ایسا ہوگا جو آرٹ کے نقطۂ نظر سے کامیاب اور مکمل کہلایا جاسکے، میر امن کی قدر و منزلت اگر آپ محض اس لئے کریں کہ اُردو زبان کی تاریخ لکھتے وقت اُردو کی ابتدائی حالت کا اندازہ اُس کی تحریر سے بخوبی ہوسکتا ہے تو کچھ مضائقہ نہیں، لیکن اُسے ایک کامیاب اور سحر طراز فسانہ نگار تسلیم کرنا انصاف کا خون کرنا ہوگا۔

ناول یا تو محض آرٹ ہی آرٹ کا خاکہ ہو، یا اس کے ذریعہ سے بعض مسائل کی تبلیغ کی جائے، مثلاً تاریخی و سیاسی علوم، قومیت، فلسفہ، سائنس کے اہم مسائل آپ آسانی کے ساتھ ناولوں کے ذریعہ سے ملک میں پھیلا سکتے ہیں، یہ بھی ممکن ہے کہ ناولوں کی معرفت آپ اخلاق اور معرفت کے رموز دنیا پر روشن کرنے لگیں گے، مغربی ممالک کے ناول نگار یہ سب کچھ کر رہے ہیں، مگر ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ خود ہمارے ملک کے ادیب اس امتحان میں کہاں تک پورے اُترتے ہیں۔

میرے خیال میں پنڈت رتن ناتھ سرشار اُردو ناول نگاری کے باوا آدم ہیں، اس لئے نہیں کہ اُنھوں نے سب سے بیشتر ناول لکھا، بلکہ اس لیے کہ یہی وہ پہلا فاضل ادیب تھا جس نے اس آرٹ کو ایک آرٹ سمجھا، اور اُس کی خصوصیات کے آگاہی حاصل کی، ان کا سب سے نمایاں کارنامہ فسانۂ آزاد ہے جس کا حجم اس قدر زیادہ ہے کہ اب اُس کے مطالعہ کا مشورہ دینا کچھ قرین مصلحت نہیں معلوم ہوتا، پھر بھی تعطیل گرما میں اگر اسے پڑھ لیا جائے تو بہتر ہوگا، اگر اور کچھ نہیں تو کم از کم اُس زمانہ کی بول چال، طرز معاشرت، اخلاق، سوسائٹی کی

حالت کا آپ کو بخوبی اندازہ ہو جائیگا، اور آپ یقیناً اُن اسباب سے آگاہ ہو جائیں گے جو ہمارے سیاسی تنزل اور اخلاقی پستی کا باعث ہوئے، اس ناول کا آغاز ۱۸۷۸ء میں اودھ اخبار کے صفحات پر ہوا، اور ایک عرصہ تک اس کی قسطیں اس جریدہ میں شائع ہو کر ملک میں مقبول ہوتی رہیں، سرشار فطرت انسانی سے کماحقہ واقف ہے، اور اس واقفیت کو اُس نے ایک دلآویز انداز کے ساتھ اپنے افسانہ میں جابجا ظاہر کیا ہے اُس کے فسانہ کے اشخاص گو ایک بڑی حد تک غیر معمولی افراد شمار کئے جا سکتے ہیں لیکن وہ کسی مقام پر انسانیت اور آدمیت کے حدود سے متجاوز نہیں ہوتے، سرشار کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ اُس نے قصہ کے تسلسل کے ساتھ ساتھ مختلف کردار کی خصوصیات کو ہاتھ سے جانے نہیں دیا، مملسرا میں، کونسل میں، قسطنطنیہ میں آزاد ہمیشہ آزاد ہے، آپ جہاں چاہیں اُسے دیکھیں ہمیں یقین ہے کہ اُس کی خصوصیات ہمیشہ اُس کے ساتھ نظر آئیں گی، میرے خیال میں سرشار ہی اُردو کا وہ پہلا قصہ گو ہے جس نے افسانہ کے تسلسل اور کردار کی خصوصیت کی جانب توجہ کی، اور ملک کے ہونہار ادبا کو ناول نگاری کا یہ زرین اصول سکھایا۔

اس تقریر سے یہ نتیجہ نکالنا کہ ناول سراسر مکمل اور عیوب سے پاک ہے مناسب نہ ہوگا، فسانۂ آزاد میں تمام خامیاں موجود ہیں جو ہر زبان کے پہلے بڑی اور اُصولی ناول میں ہوتی ہیں، مثلاً خود قصہ کے ہیرو کو لیجئے، حضرت آزاد ابتدا میں پکے اوباش، آوارہ منش، نظر آتے ہیں، لیکن آگے چلکر ظاہری اسباب کے بغیر اُن کے مزاج میں ایک تغیر عظیم پیدا ہوتا ہے، اور وہ یکایک نکوکاری، تہذیب شائستگی، کا جامہ پہن لیتے ہیں، اور یہ خوبیاں اُن کی رگ رگ میں پیوست ہو جاتی ہیں، ہم یہ ماننے کے لیئے طیار ہیں کہ اس قسم کے تغیرات سرشت انسانی کے منافی نہیں ہیں، لیکن ظاہر ہے کہ یہ تبدیلی، چند در چند مؤثر اسباب کے بغیر ناممکن ہے، مثلاً ٹیگور کا افسانہ "حاشی" لیجئے، ہیروئن نظر آتی ہے لیکن کس انداز میں؟ ایک تیتری صورت میں، الہڑ، بے پروا، خود، اُس کا شوہر بستر مرگ پر پڑا ہوا دم توڑ رہا ہے لیکن وہ اپنی دلچسپیوں میں اس قدر محو ہے کہ اُسے اس آنے والی مصیبت کی بھی پروا نہیں ہوتی، اور وہ اسی بات پر مصر ہے کہ اُسے میکے جانے کی اجازت ملجائے، اس پر طرہ یہ ہوتا ہے کہ اجازت حاصل کئے بغیر سب کی مرضی کے خلاف چلدیتی ہے، مگر پھر واپس آتی ہے، اور موت کی اندوہناک تصویر اُس کے کردار میں ایک عظیم الشان تبدیلی پیدا کر دیتی

یہاں تک کہ اُس کی قلب کی پرانی خصوصیات یکلخت بدل جاتی ہیں، اس تغیر کے اسباب موجود ہیں، اور کافی سے زیادہ اسباب، لیکن پھر بھی ٹیگور سے یہ بجا شکایت کی جاتی ہے کہ یہ یکلخت تبدیلی کچھ بھلی نہیں معلوم ہوتی، اسی طریقہ سے آزاد کے کیریکٹر میں زمین و آسمان کا فرق پیدا ہو جاتا ہے، یہاں تک کہ کایا پلٹ جاتی ہے، آزاد وہ آزاد ہی معلوم نہیں ہوتا۔ مگر سرشار اس تغیر عظیم کے معقول وجوہات پیش نہ کر سکا۔

اس کے ساتھ ساتھ حسن آرا کے طرز معاشرت پر غور فرمائیے، وہ سوائے اُردو، فارسی کے اور کسی زبان اور علم سے واقف نہیں، وہ مشرقی بیگمات کی صحبت میں پلتی اور بڑھتی ہے، جہاں وہ مغربی سوسائٹی کی خصوصیات سے بھی واقف نہیں ہو سکتی، پھر حسن آرا کے دور حیات کو بھی ذہن میں رکھئے، آج سے کم از کم ۷۵ برس قبل پیدا ہوتی ہے، اور ایسے خاندان کا چشم و چراغ بنتی ہے کہ جہاں مغربیت کو کفر سمجھنا چاہئے تھا، پھر بھی اُس کے خیالات میں مغربی رنگ و روغن موجود ہے، مغربی تہذیب سے وہ کماحقہ آگاہ ہے، اُس کی چال ڈھال، رفتار و گفتار میں مشرقیت کا اُسی قدر فقدان ہے جسقدر کہ مغربیت کی بہتات، چنانچہ اس معمہ نے ایک عقدۂ لاینحل کی صورت اختیار کر لی ہے کہ آخر یہ تبدیلی کیسے وقوع پذیر ہوئی۔

خیر۔ ان فروگذاشتوں کے باوجود آپ اسے باور کر لیجئے کہ ناول نگاری کے لیے سرشار کے ادبی کارنامے اُسی قدر اہم ہیں جس قدر کہ انگریزی نظم کے لیے چاسر کے۔

سرشار کے بعد شرر آجاتے ہیں جن کے ناول آج سے پانچ چھ سال پیشتر تک بہت کثرت کے ساتھ فروخت ہوتے اور پڑھے جاتے تھے، اب بھی اُردو داں پبلک کا ایک طبقہ ایسا موجود ہے جو اُن کے ناولوں کو بڑے ذوق و شوق سے پڑھتا ہے، لیکن میرا خیال ہے کہ جس قدر انگریزی زبان پھیلتی جائے گی، اُسی قدر شرر کی ہر دلعزیزی کم ہوتی جائے گی، شرر کو اگر سر والٹر اسکاٹ کا ہم پلہ تصور کیا جائے تو کچھ زیادہ بے جا نہ ہوگا، ان کے چند خصوصیات ایک دوسرے سے مشابہ ہیں، مثلاً دونوں تاریخی ناول لکھتے ہیں، دونوں بہت کثرت کے ساتھ خامہ فرسائی کرتے ہیں، دونوں کو پبلک ایک خاص زمانہ میں بڑے چاؤ سے پڑھتی ہے، اور اُس کے بعد چھوڑتی چلی جاتی ہے، دونوں ناولوں میں تاریخی مواد فراہم کرتے ہیں لیکن تاریخی صحت کی زیادہ پروا نہیں

کرتے، ان کے ناول کثرت سے ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں پھیلے اور مقبول ہوئے، جہاں تک زبان کی درستی عبارت آرائی، اور تاریخی مواد کا تعلق ہے اُن کے ناول عدیم النظیر اور بے مثل ہیں، لیکن فردوس بریں، اور حسن کا ڈاکو کے علاوہ اور کوئی شرر کا ناول ایسا نہیں ہے جو آرٹ کے لحاظ سے مکمل اور کامیاب کہا جا سکے، ان میں فردوس بریں کا پایہ سب سے بلند ہے، اور شرر کے اس شاہکار کو ہم بلا کسی خوف کے دنیا کے سامنے پیش کر سکتے ہیں، مجھے اس سے انکار نہیں کہ شرر نے اُردو ناول نگاری میں بہت بیش قیمت اضافہ کیا، لیکن میں اُن کا ہم خیال نہیں ہوں جو یہ تسلیم کرتے ہیں کہ شرر نے اُردو ناول نگاری کو آسمان پر پہونچا دیا، شرر کے ساتھ ساتھ حکیم محمد علی خاں، اور مرزا رسوا کا نام نہ لینا سراسر بے انصافی ہوگی، اور جب کبھی اُردو علم ادب کی مبسوط تاریخ لکھی جائے گی ان کے کارنامے بھی جلی قلم سے لکھے جائیں گے، ان تینوں حضرات میں آرٹ کے لحاظ سے رسوا کا پایہ بلند ہے، حالانکہ ان کے ادبی کارناموں پر اب تک پوری روشنی نہیں ڈالی گئی ہے، امراؤ جان ادا گو بادی النظر میں ایک حسن بازاری کی عشوہ طرازیوں کا خاکہ ہے لیکن اُس میں غدر کے زمانہ کے لکھنؤ اور مضافات لکھنؤ کا ایسا دلپذیر اور صحیح نقشہ کھینچا گیا ہے کہ بے اختیار داد دینے کو جی چاہتا ہے۔

ہندوستانی ناول نگاری کی خصوصیات پر بحث کرتے ہوئے یوسف الزماں صاحب بی۔اے اپنے ایک مضمون[1] میں فرماتے ہیں۔

> فسانہ نگاری کئی لحاظ سے سوسائٹی کے لئے ضروری ہے، یہ ایک دلچسپ پیرایہ اُن سوشل خامیوں کو طشت از بام کرنے کا ہے جو سوسائٹی میں کچھ اس طرح جڑ پکڑ جاتی ہیں کہ بادی النظر میں ہم اُن کو یا تو نظر انداز کر جاتے ہیں یا اُن کو مفید تصور کرتے ہیں، لیکن اُردو میں فسانہ نگاری ابھی ایام طفولیت سے گذر رہی ہے، یہاں (اگر تمام نہیں تو) زیادہ تر ناولوں کا خلاصہ ذیل کے نقشہ میں بیان کیا جا سکتا ہے۔

---

[1] زمانہ اپریل ۱۹۲۱ء



اردو لٹریچر میں ایسے ناول بہت کم ہیں جن کے ذریعہ سے سوسائٹی کی خرابیوں کی دور کرنے، یا اصلاح خیالات کی کوشش کی گئی ہو، شرر نے پردہ کے خلاف علم بغاوت بلند کیا تھا، اور اپنے نقطۂ نگاہ کی تبلیغ کے غرض سے "بدرالنسا کی مصیبت" لکھا تھا، لیکن ہمیں افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ یہ ناول نہایت لچر اور پژمردہ ہے، بہتر ہوتا اگر اس کی تصنیف سے شرر اپنے ناول نگاری کے دامن کو ملوث نہ کرتے، مغرب میں یہ دستور ہے کہ فلسفیانہ، اخلاقی، معاشرتی، اور علمی خیالات کی ترویج ناولوں کے ذریعہ سے کی جاتی ہے، اور پیچیدہ سے پیچیدہ مسائل قصہ اور کہانی کی صورت میں عوام الناس تک پہونچائے جاتے ہیں، اس انداز کے ناول اُردو زبان میں بہت کم ہیں اس سلسلہ میں "جمیلہ کی ناکامیابی" کا ذکر کرنا ضروری ہے جس کو حکیم عبدالوالی صاحب لکھنوی نے تصنیف کیا تھا، اور جو بالاقساط "معلومات" میں شائع ہوتا رہا، گمان غالب ہے کہ یہ ناول کتابی صورت میں شائع ہوگیا ہوگا، جس کا مجھے علم نہیں، مگر میں بلاخوف تردید عرض کرسکتا ہوں کہ یہ ناول ہر لحاظ سے ملک کے بہترین ناولوں میں شمار ہونے کے قابل ہے، یہ پہلا ناول تھا جس میں اس بات کی کامیاب کوشش

کی گئی تھی کہ قصہ کے ذریعہ سے علمی اور سائنٹفک نکات ملک میں پھیلائے جائیں، مگر مجھے افسوس ہے کہ زمانہ نے اُس کی قدر نہ کی، اور وہ اس قدر مقبول نہ ہوا جسقدر کہ اُسے ہونا چاہئے تھا، اس کی خاص وجہ اغلباً یہ ہوئی کہ عوام الناس کی ذہنیت اُن علمی خیالات کی بلندی کی تاب نہ لاسکی، مگر مجھے یقین ہے کہ اگر اب اُس کی کوئی اڈیشن نکالی جائے گی تو یقیناً ہاتھوں ہاتھ فروخت ہوگی۔

اس قدر طویل دیباچہ کے بعد ہم چوگان ہستی کی معنوی خوبیوں پر متوجہ ہوتے ہیں، قصہ کے ابتدا ہی میں ہم سورداس سے روشناس کئے جاتے ہیں جو دنیا کے حسن وجمال اور صفات کے باوجود قصہ کا ہیرو ہے، سورداس ایک اندھا، مفلوک الحال، بے روزگار ہے جو دن بھر بھیک مانگتا ہے، اور شام کو مندر میں پہونچکر بھجن گاتا ہے، اُس کی بے نفسی، شرافت، حلم بردباری، اور نیک نیتی سب پر روز روشن کی طرح ظاہر ہے، اور گاؤں کا ہر کہ ومہ اُس کی قدر ومنزلت کرتا ہے، اور اُس کی تعظیم وتکریم کو اپنا فرض اولین تصور کرتا ہے،

> "سورداس ایک نہایت نحیف وناتواں اور سادہ مزاج شخص تھا، جسے شاید قدرت نے بھیک مانگنے ہی کے لیئے بنایا تھا، وہ ہر روز لاٹھی ٹیکتا ہوا پکی سڑک پر آبیٹھتا، اور راہ گیروں کی جان کی خیر مناتا، "داتا بھگوان تمہارا کلیان کریں" یہی اُس کی صدا تھی، اور اسی کو وہ بار بار دہراتا تھا، شاید وہ اسے مسافروں کے تالیف قلوب کا منتر سمجھتا تھا۔"

سورداس سڑک پر آس لگائے بیٹھا ہی تھا کہ یکایک ایک فٹن کی آواز سنائی دی، اور معاً مسٹر جان سیوک، مسز جان سیوک، پربھو سیوک اور مس صوفیا نمودار ہوتے ہیں۔ یہ چاروں ایک ہی گھر کے افراد ہیں، مگر ان کے خصائل میں ایسا نمایاں اور مسلسل فرق ہے جو ناول کے آخری صفحہ تک یکساں قائم رہتا ہے، صوفیہ اور پربھو بھائی بہن ہیں، ایک ہی آب وہوا میں پلے بڑھے، ایک ہی ماحول میں جوان ہوئے لیکن دونوں کے مزاج ایک دوسرے سے بہت مختلف ہیں، علاوہ ازیں ماں بیٹی میں قطبین کا سا فرق معلوم ہوتا ہے،

سنرجان سیوک، پکی دنیادار، کٹر عیسائی، تنگ نظر، بدمزاج، مغرور ہے، یہاں تک کہ کبھی کبھی بداخلاق تک
وجاتی ہے، اس کے برخلاف صوفیہ اپنے حسن وجمال رعنائی و برنائی، اخلاق وشرافت، ہمت و دلیری
سعت نظر و رواداری میں آپ اپنی نظیر ہے، اور بجا طور سے قصہ کی ہیروئن کہلائی جاسکتی ہے، اُس کے کیرکٹر
ں جاذبیت، اور اُس کے انداز کی دلکشی ناممکن ہے کہ آپ سے خراج تحسین حاصل نہ کرے۔

دراصل ناول میں دو جدا جدا قصے ہیں، لیکن یہ پریم چند کے آرٹ کا کمال ہے کہ دونوں قصے ایک
خاص نقطہ پر پہونچکر ایک ہوجاتی ہیں، اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ کل افراد ایک ہی نظام، اور ایک ہی سلک میں
رو دیے گئے ہیں، مثال کے طور پر شکسپیر کے ڈرامہ "ایز یو لائک اِٹ" کو لیجئے، ایک طرف تو آرلینڈو اور
وزالینڈ کی حسن وعشق کی داستان ہے اور دوسری جانب سینیر ڈیوک کی تباہی و بربادی کا المناک قصہ
فرآرڈن کے مرغزار میں کل اشخاص ڈرامہ ایک ہی نظام کے ماتحت عمل پیرا ہوتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں،
یہی انداز اس ناول کا ہے۔ قصہ یوں شروع ہوتا ہے کہ جان سیوک ایک قطعہ زمین حاصل کرنا چاہتے ہیں
جو سورداس کی ملکیت ہے، اس افتادہ قطعہ میں گاؤں کے جانور، بھینسیں اور گائیں چرتی ہیں، سورداس زمین کے
اس قطعہ کو چند در چند وجوہات کی بنا پر فروخت کرنا نہیں چاہتا، اول تو یہ موروثی ملکیت ہے جس کا فروخت
کرنا باعثِ ذلت ہوگا، دوم، اس میں ہمسایہ دوستوں کی گائیں چرتی ہیں، اگر اسے فروخت کردیا گیا تو ان
کا کیا حشر ہوگا، سوم سورداس یہ چاہتا تھا کہ اس قطعہ زمین میں ایک شوالہ بنادیا جائے اس لئے ایک عیسائی
تاجر کے ہاتھ اس کا فروخت کرنا بعید از قیاس تھا۔ سورداس اور جان سیوک میں ایک جنگ چھڑ جاتی ہے، اور
جنگ بھی کیسی اَن میل بے جوڑ، ایک طرف فقر و فاقہ، غربت و افلاس، بے بسی، اور کس مپرسی، دوسری
جانب دولت، عزت، رسائی، اثر، حکام سے میل جول، مگر اس اندھے فقیر نے اپنی روحانی قوتوں کے ذریعہ سے
جان سیوک کو بار بار شکست دی، اور آخر دم تک اپنے خیال میں مردانہ پختگی کے ساتھ قائم رہا۔ اسی قصہ میں یہ
قصہ نکل آتا ہے کہ صوفیہ عیسائی تعلیم سے غیر مطمئن ہوکر اپنی ماں سے آزادانہ بات چیت کرتی ہے، جس کا نتیجہ
اُس کے حق میں بہت برا ہوتا ہے، اُس کی ماں اُس سے سخت ناراض ہوتی ہے، اور نہایت برہمی کے لہجہ میں اُسے
جائز و ناجائز طریقہ سے ملامت کرتی ہے، صوفیہ کا نسوانی غرور بیدار ہوتا ہے، اور وہ گھر سے نکل کھڑی ہوتی ہے

بنارس کی کشادہ سڑکوں پر وہ چکر لگا رہی تھی کہ یکایک ایک مکان میں آگ لگ جاتی ہے، صوفیہ مردانہ وار بہادری سے کام لیکر مکان میں جا پہونچتی ہے، اور اُس شخص کو آگ سے نکال لاتی ہے جو بے بسی کی حالت میں نذرِ آتش ہونے والا تھا، یہ کنور صاحب کا اکلوتا بیٹا ونے ہے جو آگے چل کر اس کا عاشقِ زار، اور قوم کا ایک باہمت خادم بن جاتا ہے، اس دوا دوش میں خود صوفیہ بیہوش ہو جاتی ہے، اور اپنی جان کی پروا نہ کرکے ایسا کام کر گذرتی ہے جس کا خیال ہی بڑے بڑے سورماؤں کو لرزہ براندام کر دیتا ہے، ونے کی ماں رانی ان الفاظ میں صوفیہ کا شکریہ ادا کرتی ہے۔

"صوفیہ (تین دن کے بعد ہوش میں آکر)..... میں نے جس آدمی کو پکڑ کر کھینچا تھا اُس کی کیا حالت ہے؟ رانی۔ بیٹی! ایشور کی دیا سے وہ بہت اچھی طرح ہے، اُسے ذرا بھی آنچ نہ لگی، وہ میرا بیٹا ونے ہے ابھی آتا ہوگا، تمہیں نے تو اُس کی جان بچائی، اگر تم دوڑ کر نہ پہونچ جاتیں تو آج نہ جانے کیا ہوتا، میں تمہارے احسان سے کبھی سبکدوش نہیں ہو سکتی، تم میرے خاندان کی حفاظت کرنے والی دیوی ہو۔"

کنور صاحب، رانی صاحبہ، ونے اور اُس کی بہن، اندو (صوفیہ کی پرانی ہم مکتب سہیلی) صوفیہ کی پرستش کرنے لگتے ہیں، اور اُس کے علاج معالجہ، خاطر، تواضع میں کوئی دقیقہ اُٹھا نہیں رکھتے،

"صوفیہ دل ہی دل میں ان لوگوں کی باہمی محبت کا مقابلہ اپنے گھر والوں سے کر رہی تھی، آپس میں کتنی محبت ہے، ماں باپ دونوں اندو پر جان دیتے ہیں، ایک میں بدنصیب ہوں کہ کوئی منہ بھی نہیں دیکھنا چاہتا، چار دن یہاں پڑے ہو گئے کسی نے خبر تک نہ لی، کسی نے کھوج ہی نہ کی ہوگی، ماں نے تو سمجھ لیا ہوگا کہ کہیں ڈوب مری ہوگی، جی میں خوش ہونگی کہ اچھا ہوا سر سے ایک بلا ٹل گئی، میں ایسے نیک دل لوگوں کے ساتھ رہنے کے قابل نہیں ہوں، میری ان سے کیا برابری؟"

اس کے بعد اندو اور صوفیہ میں شادی بیاہ کے مسئلہ پر گفتگو ہونے لگتی ہے، اس سلسلہ میں اندو کے یہ خیالات خاص طور سے دلآویز ہیں۔ "میں تمہیں متنبہ کئے دیتی ہوں کسی ملک و قوم کے خادم سے بیاہ نہ کرنا ورنہ پچھتاؤ گی

تم اُس کے فرصت کے وقت کی محض ایک دل بہلاؤ کی چیز رہو گی"۔ الغرض قصہ شروع ہو جاتا ہے، صوفیہ اور وتنے میں محبت پیدا ہوتی ہے، ایک زمانہ تک دونوں آگ کی چنگاریوں کے اثرات سے بے خبر رہتے ہیں، رفتہ رفتہ آگ سلگنے لگتی ہے، اور دونوں کے دلوں کو جلا کر خاک کر دیتی ہے، اسی اثنا میں رانی صاحبہ اس راز سے واقف ہو جاتی ہیں، اور اُن کے غصہ کی کوئی انتہا نہیں رہتی، وہ وتنے کے کیریکٹر میں خاص خصوصیات پیدا کرنا چاہتی ہیں اور اس عشق کو اُن خصوصیات کا برباد کرنے والا آلہ سمجھتی ہیں"، ایک طرف تو وہ صوفیہ پر برس پڑتی ہیں، اور دوسری طرف وتنے کو جلا وطن کیا جاتا ہے، اور اُسے حکم ملتا ہے کہ وہ سیوا سمتی کے ساتھ راجپوتانہ کی ریاستوں میں قومی اور سوشل کام کرے، وتنے جاتا ہے مگر اپنا متاع صبر و قرار سب صوفیہ کے آغوش محبت میں چھوڑ جاتا ہے۔

راجپوتانہ کی جانب گام زن ہونے سے قبل وتنے اور پربھو میں دوستانہ تعلقات قایم ہو جاتے ہیں، اور ہمیں موقعہ ملتا ہے کہ ہم پربھو کے خصائل سے پوری واقفیت حاصل کر لیں، پربھو ایک حد تک دنیا و مافیہا سے بے نیاز ہے، اُسے صنعتی تعلیم دی جا چکی ہے مگر اب تک وہ صنعت اور تجارت سے اُسی قدر دور ہے جسقدر کہ ایک حقیقی شاعر ہو سکتا ہے، مسٹر جاں سیوک روپیہ کی پرستش کرتے ہیں، اور اس لئے ان کے نزدیک پربھو مردود خلائق ہے جس نے اس قدر روپیہ اپنی تعلیم میں برباد کیا، اور کمانے کے وقت شاعر بن بیٹھا۔ وتنے کی صحبت پربھو کے لئے نہایت مفید ثابت ہوئی، اور پربھو اپنے کلام معجز نظام میں وہ خوبیاں اور کمالات دکھانے لگا جو ایک فطری شاعر کا طرۂ امتیاز ہو سکتے ہیں، وتنے نے راجپوتانہ میں جو جو مصائب اُٹھائے اُن کو اس دردناک ٹریجڈی کا جزو اعظم سمجھنا چاہئے، اُس کا دردبدر پھرنا، ریاست کے سخت قوانین کے شکنجہ میں پھنسنا، جیل خانہ کی سختیاں اور دردِ فرقت کی بے قراریاں، ناممکن ہے کہ آپ اُنھیں پڑھیں اور متاثر نہ ہوں، اس کے ساتھ ساتھ صوفیہ پولیٹیکل ایجنٹ کی منگیتر کی حیثیت سے اُسی ریاست میں پہونچتی ہے، اور وتنے سے جیل خانہ ہی میں جا ملتی ہے، ایجنٹ اور کارکنان ریاست کے خلاف بغاوت شروع ہو جاتی ہے، وتنے جیل خانہ سے بھاگ کر صوفیہ کی حفاظت کرنے کی غرض سے صفوں کو چیرتا ہوا منصۂ عام پر جا پہونچتا ہے، اور ایک اضطراری حالت میں باغیوں پر فیر کر دیتا ہے، عام رعایا اُس کے خون کی پیاسی ہو جاتی ہے، اور آبادی کا ہر طبقہ اُس پر لعنت بھیجنے لگتا ہے، خود صوفیہ بھی اُس سے کبیدہ خاطر

ہوتی ہے، آخر کار دونوں کے دلوں کی کدورت دور ہوتی ہے، اور دونوں بنارس پہونچتے ہیں، یہاں سورداس کی بدولت سیتا گرہ کا بازار گرم ہے، ایک طرف بے بس رعایا ہے، دوسری جانب سرکار دولت مدار کا جبروت اور طنطنہ جو اکثر خوفناک ہوائی جہازوں، دہشت ناک مشین گنوں، اور بیرحم سپاہیوں کی صورت اختیار کرلیتا ہے، قوم کا سچا، راست باز، باہمت اور نڈر خادم دنے بھی اس میدان رستخیز میں جا کودتا ہے، اور ایک خاص موقعہ پر پہونچکر خودکشی کرلیتا ہے، اس کے بعد صوفیہ کی موت اور سورداس کا اسپتال میں دم توڑنا، کچھ اس انداز میں لکھے گئے ہیں کہ پڑھنے والے کا کلیجہ منہ کو آتا ہے۔

ناول کی زبان کا جہاں تک تعلق ہیں پریم چند صاحب سے جائز شکایت ہے کہ انھوں نے کہیں کہیں ہندی اور سنسکرت کے ثقیل الفاظ کی بھرمار کی ہے، اُن کے افسانوں کی زبان سے اس ناول کی زبان زیادہ مغلق، پیچیدہ اور مشکل ہے۔ مثلاً

(۱) کیا میری دیہہ میں تاڑی پوتی ہوئی ہے۔

(۲) اجی نہیں، وہ تمہاری سیوا بھی کرے گی، اور تمہیں بھوجن بھی دیگی، بیچن ساہ کے یہاں تلہن جھاڑیگی تو چار آنہ روز پائے گی،

(۳) لوبھانے سے میرا دل شانت نہ ہوگا، آپ لوگوں کی دعا سے یہ آگ اور یہ جلن شانت ہوگی، پرماتما سے کہئے میرا دکھ مٹائیں، بھگوان سے بنتی کیجئے، میرا سنکٹ برین . . . . اُن لوگوں کے دلوں میں دیا دھرم جاگے۔

(۴) کیوں اندھے کے پیچھے پڑے ہوئے ہو؟ چلو کچھ بھجن کیرتنا ہو؟

(۵) جو استری اپنے پرش کی ہتک کرتی ہے اُسے لوک پرلوک کہیں شانتی نہیں مل سکتی۔

آپ خود اندازہ کرسکتے ہیں کہ یہ زبان کہاں تک عام فہم ہوسکتی ہے، لیکن یہ مغلق عبارت بسا اوقات اُسی مقام پر پائی جاتی ہے جہاں سورداس، اور اُس کے گاؤں کے احباب آپس میں گفتگو کرتے ہیں، کتاب کے باقی حصہ میں زبان ایک حد تک صاف، شستہ اور دلکش ہے، بعض مقامات پر تعجب ہوتا ہے کہ کیسے مشکل پیچیدہ دور (بعید) از قیاس خیال کو کیسی شستہ و رفتہ عبارت میں تحریر کردیا گیا ہے، پریم چند صاحب بہت پختہ مشق اور ہوشیار

نثر لکھنے میں ہیں اور جذبات و واقعات کو دلفریب پیرایہ میں بیان کرنے کا اُنھیں خاص ملکہ حاصل ہے،

"صوفیہ کو اُن دنوں بناؤ سنگار کا بڑا شوق ہو گیا تھا، اب تک اُس نے مانگ چوٹی یا زیور اور لباس کی کبھی پروا نہ کی تھی، تن آسانیوں سے دور رہنا چاہتی تھی، مذہبی کتب کی یہی تعلیم تھی کہ جسم فانی ہے، دنیا بے ثبات اور زندگی سراب، پس اُس کے لئے آرائش و زیبائش کی ضرورت نہیں، اصلی آرائش کچھ اور ہی ہے، اُسی پر نگاہ رکھنی چاہئے، لیکن جب وہ زندگی کو اس قدر حقیر نہ سمجھتی تھی، اُس کے حسن میں کبھی اتنی شان رعنائی نہ تھی، وہ بننے ٹھننے کے لئے کبھی اتنی بے قرار نہ تھی"۔

دیگر

"اراولی کی پہاڑیوں میں ایک برگد کے درخت کے نیچے ونے سنگھ بیٹھے ہوئے ہیں، برسات نے اُس سنسان، سخت خشک، اور پتھریلے مقام میں کشش، فرحت اور رونق پیدا کر دی ہے گویا کوئی اُجڑا ہوا گھر آباد ہو گیا، لیکن ونے کی نگاہ اس قدرتی حسن کی طرف نہیں ہے، وہ تفکر کی اُس حالت میں ہے جب آنکھیں کھلی رہتی ہیں، اور کچھ نہیں دکھائی دیتا، کان کھلے رہتے ہیں اور کچھ نہیں سنائی پڑتا، ظاہر حواس معطل ہو گئے ہیں، اُن کا چہرہ اُترا ہوا ہے، جسم اتنا لاغر ہے کہ پسلیوں کی ایک ایک ہڈی گنی جا سکتی ہے"۔

پریم چند نہ فارسی کی ترکیبیں، اور نہ عربی کے مغلق الفاظ استعمال کرتے ہیں پھر بھی اُس کے انداز بیان میں اسقدر حلاوت اور لطف ہوتا ہے کہ عبارت کے آخری حصہ تک پہونچے بغیر چین نہیں آتا، ممکن ہے کہ اُن کی بعض تراکیب، اور لفظوں کا استعمال قواعد کی رو سے ناجائز ہو لیکن اُن کی بھینگی، اور شیرینی مسلم ہیں۔

ناول کا قصہ مجملاً ہم اوپر بیان کر آئے ہیں، جس سے ناظرین نفس مطلب بخوبی اخذ کر سکتے ہیں، اب رہا یہ سوال کہ آیا اس قصہ کو اس قدر پھیلانے کی ضرورت تھی یا نہ تھی، ممکن ہے کہ اس جگہ اختلاف آرا پیدا ہو جائے، یہ ضرور ہے کہ اس ناول کے حجم میں اگر معتد بہ کمی کر دی جاتی تب بھی اختصار کے ساتھ یہ قصہ بیان کیا جا سکتا تھا، لیکن میرے خیال میں اس ناول کا مقصد فوت ہو جاتا۔ قصہ اس قدر اہم نہیں ہے جس قدر کہ وہ تعلیم جو اس

قصہ کے ذریعہ پھیلائی جارہی ہے، ناول کا ہر باب اور ہر سین قومیت کی رنگ میں ڈوبا ہوا ہے، قصہ کی فضا سراسر قومی ہے، اور ہر کیرکٹر انڈین نیشنلزم کا علمبردار معلوم ہوتا ہے صفحہ صفحہ پر ایثار، خدمتِ خلق، قومی آزادی حقوق کے تحفظ اور اغیار کی چیرہ دستی کا راگ گایا گیا ہے خود ونے کو لیجئے، ایک نہایت دولت مند باپ کا تعلیم یافتہ بیٹا ہے، لیکن رانی صاحبہ اس امر کی کوشش کرتی ہیں کہ جہانتک ہوسکے وہ سخت سے سخت اور کٹھن سے کٹھن دشواریوں کا خوگر ہوجائے، ونے راجہ صاحب کی ساری جائداد اور بے شمار دولت کا بلاشرکت غیرے مالک ہے لیکن اپنے عنفوان شباب کے ایام اس طرح گذرتا ہے۔

"کمرہ میں کوئی سامان نہ تھا، صرف ایک کمبل بچھا ہوا تھا، اور زمین ہی پر دس پانچ کتابیں رکھی ہوئی تھیں، نہ پنکھا نہ خس کی ٹٹی، نہ پردے، نہ تصویریں، ہوا سیدھی کمرے میں آتی تھی، کمرے کی دیواریں جلتے توے کی طرح تپ رہی تھیں، وہیں ونے سر جھکائے کمبل پر بیٹھے ہوئے تھے....."

بنارس میں جب تک رہا تو اس شان سے رہا، قوم وملک کی خدمت کو اپنا فرض اولین سمجھا، اور سیوا تتی کو فروغ دینے میں دامے، درمے، قدمے کوئی کوتاہی نہ کی، حتی کہ اگر صوفیا نہ وقتی مدد نہ دیتی تو کب کا بھسم ہوچکا ہوتا، اس کے بعد ٹھیک وسط گرما میں راجپوتانہ کی راہ لی، کمر میں کھدر کی دھوتی، بدن پر کھدر کا کرتا، ہاتھ میں سوتا، مگر دل میں ہمت، شجاعت، ایثار اور خدمت خلق کا ولولہ، مہینوں اُس سنگلاخ زمین پر ماری مارے پھرے، دریوزہ گری کی، سختیوں پر سختیاں جھیلیں، تکالیف اُٹھائیں، کال کوٹھری میں بند کئے گئے لیکن قوم کے حقوق کے تحفظ کو اپنا فرض اولیں سمجھا، خود راجہ صاحب بنارس سرکاری اعزاز سے دست بردار ہوکر قومی رہنما بنے، اُدھر اندو نے اپنے شوہر کو سیاسی آزادی کا درس دینا شروع کیا، صوفیہ تو عرصہ ہوا اس رنگ میں رنگی جاچکی تھی، ایک پر بھورہ گئے تھے، انھوں نے بھی سگرٹ کے کارخانہ کو خیرباد کہا، اور ملک کی فضا میں اپنے نغموں کے ذریعہ سے صور پھونکنا شروع کردیا۔ یہ نیشنل تعلیم دراصل اس افسانہ کی روح رواں ہے، جس سے قصہ کی پوری فضا معمور ہے، صرف خود پسند مسٹر سیوک اور دولت پرست جان سیوک (یا پھر اُن کے والد بزرگوار جن کا بخل، اور جن کا تکیہ کلام

"خداوند یسوع! مجھے اپنے دامن میں چھپا"

جو اُن کے سائے کے ساتھ ساتھ چلتا ہے) تو اس اعلیٰ تعلیم سے محفوظ رہتے ہیں، ان کے علاوہ اور کوئی فرد ایسا نہیں ہے جو اس شراب کا جام پی کر متوالا نہ بنا ہو، یہ بحث کرنا کہ ناول کے لئے یہ (Morality) کہاں تک جائز ہے مجھے فضول معلوم ہوتا ہے، ایک کثیر جماعت ایسی ضرور ہے جن کے خیال میں اس سے بہتر (Morality) فی زمانا ہندوستان کے ناولوں کے لئے اور کوئی نہیں ہو سکتا، اس جماعت کی تو یہ سفارش ہے کہ اس قسم کا لٹریچر نویں درجہ سے لیکر ایم۔ اے تک کے ہر طالب علم کو نہایت غور و خوص اور دلچسپی کے ساتھ پڑھنا چاہیئے۔

وتنے اور صوفیہ کے علاوہ دو کریکٹر اس ناول میں ایسے ہیں جن کی رعنائی اور دلکشی سب پر حاوی ہے، سورداس اندھا ہے، فقیر ہے، مفلس اور کنگال ہے، اپنے موضع کی سب سے زیادہ کم مایہ ہستی ہے، یہاں تک کہ اُس کی بے بضاعتی ضرب المثل ہو گئی ہے، لیکن ان امور کے باوجود وہ بعض ایسے ملکوتی صفات کا حامل ہے جو اُس کے قلب میں نور خداوندی کا جلوہ پیدا کر دیتے ہیں، اُس کی شرافت کی پختگی، اُس کی عالی حوصلگی، اُس کی بلند نظری، اور اُس کی اولالعزمی اس دنیا کی آلائشوں سے پاک و صاف ہیں، مگر ان باتوں کے ساتھ ساتھ وہ سراسر ایک انسان ہے، اُس کی صفات اُسی حد تک ملکوتی ہیں جہاں تک کہ ایک انسان فرشتہ بن سکتا ہے، دھن کا ایسا پکا ہے کہ حکومت وقت سے لڑ جاتا ہے پیچھے تو ہٹنا درکنار، پیشانی پر بل تک نہیں آنے دیتا، جان سیوک، چیرمین میونسپل بورڈ بنارس، حاکم ضلع غرض ہر متعلق شخص نے لاکھ لاکھ جتن کئے لیکن وہ اپنی موروثی زمین جدا کرنے پر راضی نہ ہوا، دفتری چال بازیوں سے زمین اُس کے ہاتھ سے نکل گئی لیکن اُس کی آہیں اُس خوں ریزی کا موجب ہوئیں جس نے حکومت کی بنیادیں تہ و بالا کر دیں یہاں تک کہ ایک عالم میں کہرام مچ گیا۔

اس کے علاوہ آخر زمانہ میں اُس کی گھریلو زندگی بھی مسموم ہو گئی تھی، گاؤں کے شریر افراد اُس کے صداقت سے خائف تھے، اور اُس پر طرح طرح کے اتہامات لگاتے تھے، ایک مرتبہ اُس کے ہاں چوری ہوئی اور کل اثاثہ جاتا رہا، پھر اُس پر بدچلنی کا الزام لگایا گیا، آخر میں اُس کا بھتیجا جسے اُس نے پیٹ کاٹ کر پالا تھا

اُس کے ہاتھوں سے نکل گیا اور اُسے آنکھیں دکھانے لگا، لیکن ان آفات ارضی کو اُس نے اُس ہمت اور مردانگی سے برداشت کیا کہ جس کی مثال اس دنیا، دوں میں کم ملتی ہے، لطف یہ ہے کہ صداقت اور راست بازی کو اُس نے کبھی اپنے ہاتھ سے جانے نہ دیا، ثابت قدمی کوئی چاہے تو اُس سے سیکھ لے، رفتہ رفتہ یہ ساری آفات دور ہوتی ہیں، اور اُس کا منور چہرہ اپنی پوری چمک دمک کے ساتھ نمودار ہوتا ہے — اُس کی موت! وہ بھی اُسیقدر شاندار ہوئی جس قدر کہ اُس کی روزانہ کی زندگی، اور اُس کی جدوجہد شاندار تھیں، اپنے زندگی کے ابتدائی دور میں وہ ایک غیر معروف گاؤں کا ایک گملے بے نوا تھا لیکن مرنے سے کچھ دنوں قبل اُس کی شہرت دور دور پھیل چکی تھی، اور بنارس کی کل آبادی نے اُس کی موت کو ایک قومی سانحہ سے تعبیر کیا، یہ اُس کی بلند خیالی اور شرافت نفس کا ثمرہ تھا، وہ دنیاوی دولت کو دولت ہی نہ سمجھتا تھا ورنہ اُس قطعہ زمین کی منہ مانگی قیمت پاتا، ایک عارف کی نظروں میں دنیاوی وجاہت خزف سے بھی زیادہ بے حقیقت معلوم ہوتی ہے، سورداس کو کچھ اور ہی لگن لگی ہوئی تھی جس نے اُسے دنیاوی مکروہات سے بے پروا کر دیا تھا، ایسا مکمل اور دلکش کریکٹر آپ کو بہت سے بہتر ناولوں میں بھی کم ملیں گے!

رانی صاحبہ (جانہوی) کے عادات وخصائل دیکھنے کے بعد مجھے مہاراجہ جسونت سنگھ کی اہلیہ کا قصہ یاد آیا جس نے اپنے قلعہ کا پھاٹک بند کروا دیا تھا، اور اپنے شوہر نامدار کو کہلا بھیجا تھا چونکہ تم دشمن کو پشت دکھا کر آئے ہو اس لئے اس قابل نہیں ہو کہ تمہیں قلعہ میں اندر آنے کی اجازت دی جائے، بہتر تھا کہ تم مر جاتے یا فتح حاصل کر کے واپس ہوتے، یہی حال جانہوی کا ہے، رانی کی دو اولادیں ہیں، اندو، اور وتنے، لیکن دونوں کی تربیت میں اُس نے اپنے لاڈ پیار کو کہیں جگہ نہ دی، اندو کی شادی ہو چکی ہے، اُس کے شوہر میں اور اُس میں اکثر اختلاف خیال ہو جاتا ہے، جانہوی کہتی ہیں۔

"میں تم کو شوہر پرست دیکھنا چاہتی ہوں جسے اپنے شوہر کے حکم یا مرضی کے سامنے اپنی عزت یا ذلت کا ذرا بھی خیال نہیں ہوتا، اگر وہ تمہیں سر کے بل چلنے کو کہیں تو بھی تمہارا فرض ہے کہ سر کے بل چلو، تم اتنے ہی میں گھبرا گئیں۔

"اندو۔ آپ مجھ سے وہ کہنے کے لیے کہتی ہیں جو میرے لیے ناممکن ہے۔

"جانہوی۔ چپ رہو، میں تمہارے منہ سے ایسی باتیں نہیں سن سکتی۔ ....."

آپ خود اندازہ کر لیجئے جانہوی کے خیالات میں کس قیامت کی پختگی اور بلندی ہے۔

وتنے۔ صوفیہ۔ دونوں رانی صاحبہ کے پاس بیٹھے ہیں، رات کا وقت ہے، ہر طرف سناٹا ہی سناٹا ہے، صوفیہ رانی صاحبہ کو اخبار پڑھ کر سنا رہی ہے، وتنے عاشقانہ نگاہوں سے صوفیہ کو دیکھ دیکھ کر مزے لے رہے ہیں کہ معاً رانی صاحبہ نے یہ ماجرا دیکھ لیا، اور

"تیز نگاہی سے وتنے سنگھ کی طرف دیکھ کر بولی۔ "تم کب جا رہے ہو؟"

وتنے۔ بہت جلد

"جانہوی، میں بہت جلد کا مطلب یہ سمجھتی ہوں کہ تم کل ہی علی الصباح روانہ ہو جاؤ گے"

صوفی نے ہمت کر کے کہا۔ آج کل تو راجپوتانہ میں آگ برستی ہو گی۔

"جانہوی نے طے شدہ انداز میں کہا۔ "فرض کو کبھی آگ اور پانی کی پروا نہیں ہوتی ....."

وتنے پر راجپوتانہ میں جو جو مصیبت کے پہاڑ ٹوٹے اُس کا ذکر ہم اوپر کر آئے ہیں، جانہوی کو ان امور کی برابر اطلاعیں پہونچتی رہیں، راجہ صاحب نے ہزار بار چاہا کہ اپنے اکلوتے بیٹے کو بلا لیں، لیکن رانی صاحبہ اپنی بات پر قائم رہیں، اُن کی بس یہی صدا تھی "جب تک کام پورا نہ ہو جائے واپس نہ آؤ، چاہے اس جد و جہد میں تمہیں جان ہی کیوں نہ دینا پڑے،

ایک عورت کی اس دلیری، ہمت اور شجاعت کو دیکھئے اور اندازہ کیجئے کہ اُس کے دل میں قومیت کا دریا لہریں مار رہا ہے، جس پر وہ اپنی عزیز سے عزیز شے قربان کرنے کو طیار ہے، اگر اس پر یہ اعتراض کیا جائے کہ یہ خصلت انسانی نہیں ہے، اور اگر ہے تو فی زمانہ معدوم ہے، مگر میرے خیال میں یہ اعتراض صحیح نہیں ہے، مادر ہند کی آغوش میں اب تک ایسی دیویاں موجود ہیں جو بسا اوقات راجہ جسونت کی اہلیہ کی یاد تازہ کرتی ہیں، اور اب تک ایسی ایسی قربانیاں کر سکتی ہیں جن کا مس میو کو وہم و گمان بھی نہیں گذر سکتا، مگر عورتوں کی یہ شجاعت اور فراست اُسی وقت تک ہندوستان میں قائم ہے جب تک کہ یہاں مغربیت نہیں پھیلتی، جانہوی اور روزالینڈ میں ایک خاص مشابہت ہے، کارڈن کا مرغزار، اور پری پیکر روزالینڈ سراسر انگلستان کی ملکیت ہے، یہ ناممکن ہے کہ آپ اس مرغزار کا سین

کسی اور سرزمین میں کامیابی کے ساتھ پیدا کرلیں، اور جب آرڈن کیس اور پیدا نہیں ہوسکتا روزالینڈ کا بھی کسی بیرونی مقام پر جلوہ طراز ہونا بعید از قیاس ہے، بالکل اسی طرح جانوی بھی سراسر ہندوستان کی پیداوار ہے، ان خوبیوں کے مجموعہ کو آپ ہندوستان سے باہر ہرگز نہیں پاسکتے، کیونکہ یہ عادات اور خصائل ہندوستان ہی کی آب و ہوا کا نتیجہ ہیں اس لئے ان کو کہیں اور تلاش کرنا سراسر بے سود ہوگا، ہند سے محبت کرنے والے، اور ہند کے تمدن پر فدا ہونے والے ان خصائل اور ان خوبیوں کو ہمیشہ عزت اور احترام کی نگاہ سے دیکھیں گے، اور اُن کو اپنے ملک کی ہزار سالہ تہذیب کا ثمر نورس تصور کریں گے، ہندوستان کی آزادی کا ہر غیر متعصب اور ہندی نژاد آرزومند ہے، لیکن یقین کر لیجئے کہ جب تک ہم میں یہ خوبیاں پیدا نہ ہونگی آزادی ایک خواب و خیال اور سراب ہی کی طرح نظر آتی رہیگی۔

میں اوپر عرض کر آیا ہوں کہ ناول ایک ہزار صفحات پر پھیلا ہوا ہے، لیکن یہ ناول محض ناول ہی نہیں ہے، اس میں جا بجا ڈرامہ کا لطف بھی موجود ہے، قصہ کے شروع میں آگ لگنا، اور صوفیہ کا کمر ہمت کسکر آگ میں کود جانا، علاوہ ازیں آخر میں سورداس کے موضع میں ستیا گرہ کا شروع ہونا، گولیوں کا چلنا، اور ونے کا خودکشی کرنا، یہ واقعات بڑے سے بڑے ڈرامہ کی زیب و زینت بن سکتے ہیں، مگر ان اہم واقعات کے علاوہ بعض مقامات پر کچھ ایسے چھوٹے چھوٹے نکتے اس رنگ میں لکھے گئے ہیں کہ پڑھنے والے کو پریم چند کی ڈرامہ نگاری پر ایمان لے آنا پڑتا ہے۔ مثلاً ونے اور صوفیہ دونوں بھیلوں کے ایک پہاڑی گاؤں میں فروکش ہیں، ونے کو یہ وہم ہوا کہ صوفیہ اب اُس کی اسقدر گرویدہ نہیں ہے جسقدر کہ پہلے تھی، اس لئے وہ جڑی بوٹی اور جنتر منتر سے کام لینا شروع کرتا ہے، اور اس دام تزویر میں گرفتار ہوکر اسقدر بدحواس ہوتا ہے کہ سب کچھ بھول جاتا ہے، اس سلسلہ میں پریم چند نے بعض ایسے ڈرامیٹک واقعات قلمبند کئے ہیں جن کو میں قصہ کی جان سمجھتا ہوں، اس نوعیت کے اور بہت سے واقعات بھی ہیں جن کو بیان کرنا طوالت کا باعث ہوگا، اُن کا اندازہ کرنے کے لئے سب سے بہتر یہ ہے کہ اس ناول کو بار بار پڑھئے اور لطف اندوز ہوجئے۔

غزل

(از منظور حسین صاحب شور، متعلم سکنڈ ایر)

نگہِ اضطراب کو دیکھو، ایک مستِ خراب کو دیکھو
میرے عہدِ شباب کو دیکھو اور اس اضطراب کو دیکھو
واسطہ گیسوئے پریشاں کا تم مرے پیچ و تاب کو دیکھو
دیکھو اب دل میں درد اٹھتا ہے اب اٹھا دو نقاب کو دیکھو
گر نہ دیکھا ہو قطرہ میں دریا اشکِ حسرت مآب کو دیکھو
بے نیازِ سرورِ ہستی ہوں لذتِ اضطراب کو دیکھو
میں ہوں خاموش ہی جہاں خاموش شورشِ اضطراب کو دیکھو
ابتدائے گناہ و احسرت انتہائے عذاب کو دیکھو
میرا رونا مجھے ڈبوتا ہے میری چشمِ پر آب کو دیکھو

ملکۂ سحر و شاہِ خاور

(از سید محمد عارف صاحب فاطمی متعلم فرسٹ ایر کلاس)

طیورِ گلشن کی نغمہ سنجی پیامِ خورشید لا رہی ہے
فلک کی چادر میں لیلیٰ شب وہ اپنا چہرہ چھپا رہی ہے
صدائے مرغِ سحر کو سنکر گلوں کے بستر سے جلد اٹھکر
نسیم ہاتھوں سے آنکھیں ملتی جگاتی گلشن کو جا رہی ہے
لباسِ آبِ رواں ہے دربر، ہے نور کا ایک تاج سر پر
سحر کی زہرہ جمال ملکہ نہا کے چشمے سے آ رہی ہے
جو کھینچ رکھا ہے عطرِ شب میں چمن نے فردوس کے گلوں سے
شمیمِ گلشن جھکائے سر کو بصد ادب اسکو لا رہی ہے
خوشی کے آنسو جھلک رہے ہیں لبوں پہ رقصاں ہے مسکراہٹ
گہر کے ہاروں کے ساتھ شبنم گل کے پھولوں سے آ رہی ہے
اٹھا کے سر جو دیکھتی ہیں حباب بھی اٹھ رہے ہیں صدہا
جو جھیل کے آئینے میں چہرے کو دیکھنے ملکہ جا رہی ہے
فضا پہ ہے خامشی کا عالم پہاڑیاں چپ کھڑی ہوئی ہیں
صبائے دوش پر خوشی میں سنہرے بادل کو آ رہی ہے
طیورِ ملکہ ہیں گیت گاتے شجر ہیں جھک کر سلامی دیتے
کہ شاہِ خاور سے آگے ملنے سواری ملکہ کی جا رہی ہے

تڑپ کے مشرق سے نکلا سورج نقاب کرنوں کی خیمہ ڈالے
سحر کی ملکہ کے پاؤں چھوتے شعاع خورشید آ رہی ہے

ظہور فطرت کے محفلوں میں بلائے جاتے ہیں صرف شاعر
لگا کے سن کان تو بھی عارف صدا یہ ہر سو سے آ رہی ہے

غزل

(جناب پروفیسر عبدالمنان صاحب۔ پٹنہ کالج)

تیری محفل میں تو کس طرح سے بیدل آئے
آپ میں بھی جو وہ آئے تو بمشکل آئے

کوئے دلدار میں ہم پا بہ سلاسل آئے
ہیں تو دیوانے مگر تا سر منزل آئے

قیس دیوانہ اگر آنکھ اٹھا کر دیکھے
پردے پردے میں نظر لیلیٰ محمل آئے

زحمت زیست یہ پامالیٔ ارماں پیہم
جان میں جان ذرا آئے جو قاتل آئے

تاب نظارۂ مجنوں ترا پردہ نہ رہے
کبھی بے پردہ اگر لیلیٰ محمل آئے

راحت بیکسی و رنج تگاپوش کا مآل
رکھتے ہیں پاؤں سفر میں سر منزل آئے

جلوۂ حسن حقیقی بھی ہے محتاج مجاز
کیوں نہ پھر طالب لیلیٰ پس محمل آئے

تیغ بیداد کو کیوں شکوۂ بیکاری ہو
امتحان ہوس و عشق ہو۔ قاتل آئے

خود کو بھی کھو کے چلے آئے تری بزم سے ہم
اور احباب سمجھتے ہیں کہ ہم مل آئے

حسن الزام کو کیا تیغ ستم کی حاجت
ہوں خطا کار وفا شوق سے قاتل آئے

زندگی موت ہے بے گرمی الفت بیدل
لطف جینے کا جبھی ہے کہ کہیں دل آئے

ترکی جذبۂ وطن

(گذشتہ سے پیوستہ)

باب چہارم

جان پہچان کا ذریعہ

ہمت آفندی نے اپنا وعدہ پورا کیا اور سامی کو سنیچر سے لیکر پیر تک کی ۳ دن کی چھٹی دلوادی۔ اور اس سے کہا کہ وہ اتوار کی صبح کو اُس کا انتظار کرے۔ چنانچہ اس کی عنایت کا اُس نے شکریہ ادا کیا اور امیدوں کو آغوش میں لیکر خوش وخرم مدرسہ سے واپس چلدیا۔ اب وہ اپنے گھر پہلے سے بہتر حالت میں پہونچا۔

جمعہ اور ہفتہ گذر گیا اتوار کی صبح ہوئی اور سامی اپنے دوست ہمت آفندی کی آمد کا انتظار کر رہا ہے یہاں تک کہ ہمت آفندی آگیا اور اُس نے اُس کے شایانِ شان ہمت آفندی کا استقبال کیا اور چاء اور قہوہ نوشی کے بعد دونوں ۹ بجے کے قریب یورپین محلہ کی طرف چلدیئے تاکہ ہمت آفندی سامی کی محبوبہ کا مکان دیکھ لے۔

دونوں اُس پریوش کے متعلق بات چیت کرتے ہوئے چلے جارہے ہیں اور حصول مقصد کی تدبیریں سوچ رہے ہیں۔ وہ اُسی نتیجہ پر پہونچے کہ تعارف مقصد برآری کے لیے کافی ہوگا اور غالباً اُنھوں نے یہی خیال کیا کہ جب ارتباط اور دوستانہ سامی اور اس کی معشوقہ میں پیدا ہوجائے گا تو عاشق غمگین کا محبوب سے دائمی رشتہ قائم ہوجائے گا۔ دونوں چلتے چلتے مذکور الصدر کے گھر پر پہونچے حسن اتفاق سے ایک یونانی فقیر اس گھر کے سامنے کھڑا ہوا ہارمونیم بجا رہا تھا اور سریلی آواز سے گا رہا تھا تاکہ گھر والے کے دست کرم سے مستفیض ہو۔ سامی کی محبوبہ ایک کھڑکی میں کھڑی ہوئی اُس کو سُن رہی تھی اور سڑک کی طرف دیکھ رہی تھی۔ اس کو دیکھتے ہی سامی کا رنگ زرد پڑگیا اور اُس کا دل ہاتھوں اچھلنے لگا۔ چہرہ پر ہوائیاں اڑنے لگیں خیالات کے اتار چڑھاؤ کبھی اس کو خوش کردیتے تھے تو کبھی غمگین۔ غرضکہ وہ ٹکٹکی باندھ کر اس کو دیکھنے لگا اُس مہ جبین کی طرف سے بھی توجہ کی جھلک

پائی گئی اور اُس نے بھی اُس نوجوان خوبصورت کو دیکھ لیا جو سر اٹھائے ہوئے اسی کو دیکھ رہا تھا جس کے چہرہ پر عشق و محبت کی علامات ظاہر تھیں اور جس کی آنکھیں سوز و گداز کا آئینہ تھیں اب اس کو خیال ہوا کہ اس سے قبل اس نوجوان کو اس نے دیکھا ہے چنانچہ ان تمام واقعات کو وہ یاد کرنے لگی جو اس دن سے لیکر جس روز کہ وہ سرزمین سمرنا پر اُتری تھی اس وقت تک ہوئے کیونکہ اس کو آئے ہوئے ڈیڑھ ماہ سے زائد نہیں ہوا تھا غرضکہ اس کو یاد آگیا کہ اس کو پہلی بار اس نے چنگی خانہ کے پاس جہاز سے اترتے وقت دیکھا تھا اور دوسرے ہفتہ میں جبکہ وہ اپنی ماں کے ہمراہ ایک دوکان پر گئی تھی تو وہ اس کے مکان کو دیکھ رہا تھا اور پھر جاتے آتے پیچھے پیچھے بھی تھا۔

ان واقعات کو یاد کرکے اُس نے سامی کو ذرا غور سے دیکھا تو اس کو نوجوان۔ حسین۔ خوبرو۔ نازک اندام پایا نگاہ لطف سے پھر اُس کو دیکھا۔ چنانچہ جب دونوں کی آنکھیں چار ہوئیں تو اُس نے دندان جواہر ریز کا مظاہرہ کیا اب کیا تھا یہ تبسم عاشق کے دل کو لے اُڑا اور وہ اپنے دوست کی طرف جھک کر کان میں کہنے لگا۔

سامی۔ دیکھئے میری معشوقہ وہ کھڑکی میں کھڑی ہوئی ہے۔

ہمت آفندی۔ میں نے بھی اس کو آتے ہی دیکھ لیا تھا اور دیکھتے ہی سمجھ گیا تھا کہ یہ تمہاری راہزن ہے۔

سامی۔ تو پھر میں اس کے دام میں پھنسنے میں حق بجانب ہوں اور وہ قابلِ التفات ہے؟

ہمت آفندی۔ ہاں ہاں میں تم کو سوائے اس کے اور کچھ نہیں کہتا ہوں کہ اُس تک پہونچنا بہت ہی دشوار ہے۔ لیکن باوجود اس کے میں تمہاری کامیابی کی اپنی طاقت بھر کوشش کروں گا اس لئے کہ جب وہ تم کو غور سے دیکھ رہی تھی اور پھر تم کو دیکھ کر مسکرائی اسی وقت میں تاڑ گیا تھا کہ اس کا تمہاری طرف کچھ میلان ہے۔

اسی اثنا میں اس نے کچھ دام نکالکر گویئے کی طرف پھینکے اور کھڑکی بند کردی گویا واپس چلا گیا اب ان دونوں کے لیے کھڑا رہنا بے سود تھا چنانچہ دونوں وہاں سے چلدیئے۔ لیکن ہمت آفندی پھر ٹھہرا اور اپنے دوست سے کہنے لگا۔

ہمت آفندی۔ اس گلی میں ایک بڑا افسر ہے جو میرا مخلص دوست ہے اور اس کے تعلقات حکومتوں کے سفارت خانوں سے بھی ہیں چلو وہاں چلیں تاکہ اس کے سامنے تمہارے معاملہ کو پیش کریں وہ ہر اس خدمت کے لیے تیار ہوگا جو میں اس سے کہوں گا۔

سامی۔ جیسا آپ کا ارشاد ہو میرا نفس موجود ہے اور وہ اس وقت اس بچہ کی مانند ہے جو اپنے باپ کی حسب منشا چلتا ہے اور تعمیل حکم کر کے اُس کی مرضی حاصل کرتا ہے۔

ہمت آفندی۔ تم یقین جانو کہ میں تمہارے مسئلہ میں گریز نہیں کر رہا ہوں چنانچہ اُس نے سامی کا ہاتھ پکڑا اور تھوڑی دور گلی میں جا کر ایک گھر کے دروازہ پر جو اس کی محبوبہ کے مکان کے مقابل تھا۔ کھڑا ہو گیا اور دروازہ کھٹکھٹایا وہاں سے ایک سپاہی نکلا اور ہمت آفندی کو دیکھتے ہی اُس نے سلامی دی اور ادب سے کھڑا ہو گیا ہمت آفندی نے پوچھا۔

ہمت آفندی۔ کیا ہدایت بے گھر میں ہیں؟

سپاہی۔ جی ہاں۔

ہمت آفندی۔ "ان کو میرے آنے کی اطلاع کرو اور یہ بھی کہو کہ میں اپنے ایک دوست کو ملانے کے لئے لایا ہوں"۔

چنانچہ سپاہی نے پھر سلامی دی اور زنانہ دروازہ کے پاس جا کر اُس کو کھٹکھٹایا اور ماما سے کہا کہ صاحب کو جا کر اطلاع کر دے اور ملاقات کے کمرہ کا دروازہ کھول دے چنانچہ ماما بھاگی ہوئی گئی اور کمرہ کا دروازہ کھول کر اپنے آقا سے جا کر دونوں مہمانوں کے آنے کی اطلاع کی اسی عرصہ میں اس سپاہی نے ہال میں ان دونوں کو ایک اچھی جگہ پر لیجا کر بٹھلایا اور سگریٹ پیش کئے تھوڑی ہی دیر بعد ہدایت بے آ گئے جو معمولی گھر کے لباس میں تھے اُن کو سلام کر کے خوش آمدید کہا اور بیٹھ گیا۔ دونوں کی مزاج پرسی کی اور اس کے بعد قہوہ منگا کر ان کے ساتھ پیا ہمت آفندی نے سلسلۂ گفتگو میں کہا۔

ہمت آفندی۔ میں آپ سے ایک عجیب و غریب بات کہنے آیا ہوں۔

ہدایت بے۔ فرمائیے میں اس کو نہایت خوشی سے سنونگا۔

ہمت آفندی۔ جناب نے اجازت مرحمت فرما کر عزت بخشی۔ لیکن میں صرف اس واقعہ کو آپ کی سُنانے ہی کے لئے نہیں آیا ہوں بلکہ اس میں آپ کی مدد کا بھی طالب ہوں جو کچھ آپ حسب مرتبہ کر سکیں۔

ہدایت بے۔ نہایت خوشی سے میں حتی الامکان مدد میں کچھ دریغ نہیں کروں گا۔

ہمت آفندی۔ خواہ کیسا ہی کام ہو اور کیسی ہی خدمت ہو۔

ہدایت بے۔ آپ یقین جانئے میں ہر قسم کی مدد کے لئے تیار ہوں۔

ہمت آفندی۔ تو پھر مجھے لازم ہے کہ میں اس دوست کا تعارف کرا دوں کیونکہ اسی کا کام ہے یہ میرا عزیز دوست ہے بلکہ ہم سب افسروں کے محسن جنرل کامل بے کا لڑکا ہے۔

ہدایت بے۔ خوش آمدید۔ خوش آمدید۔ مرحوم کو خدا جنت نصیب کرے۔

ہمت آفندی۔ یہ اب فوجی ہائی اسکول میں ہے اور صرف ایک سال باقی رہ گیا ہے یہاں سے کامیاب ہو کر فوجی کالج آستانہ میں چلا جائے گا۔

ہدایت بے۔ ماشاء اللہ۔ خدا اس کی مدد کرے اس کے لیے کچھ بڑی بات نہیں ہے کیونکہ بڑے ہوشیار کا لڑکا ہے۔

ہمت آفندی۔ علاوہ اس کے یہ ہمیشہ کامیابیوں میں اول رہا ہے لیکن ان چند دنوں میں یہ ایک مصیبت کا شکار ہو گیا ہے جس نے اس کے عقل و ہوش پر بھی اثر کیا ہے۔ یہاں تک کہ اس کی محنت رائیگاں جانیوالی ہے اور میں دیکھ رہا ہوں کہ اگر یہی رہا تو اس بُری طرح گر یگا کہ اس کے بعد پھر اُبھرنا ناممکن ہے۔

ہدایت بے۔ خدا خیر کرے۔ کیا مصیبت آ پڑی۔

ہمت آفندی۔ پہلے میں آپ سے یہ امید کروں گا کہ جو کچھ میں کہوں اس کو حقارت کی نظر سے نہ دیکھیں۔

ہدایت بے۔ خواہ کچھ ہو اس کے باپ اور اس کی کوشش اور محنت کے احترام میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔

اس کے بعد ہمت آفندی نے اس یونانی لڑکی اور سامی کے عشق کا قصہ اُن کو سُنایا اور یہ بھی کہا کہ اس کے دیکھنے کا اسقدر مشتاق ہے کہ اس کی حالت غیر ہو گئی۔ عقل گم ہو گئی۔ پڑھنا لکھنا سب غارت ہو گیا اور مستقل مریض ہو کر رہ گیا۔

ہدایت بے تھوڑی دیر تک قصہ سننے کے بعد سر اٹھا کر بولا۔

ہدایت بے۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ موسیو یانی پر دیوش یونانی قنصل کے فوجی اٹاچی (Attache) کی بیٹی ہے اس کا نام ایلینا ہے اور اس کا گھر اسی گلی میں ہمارے مکان کے سامنے ہے۔

ہمت آفندی۔ جی ہاں جس کو آپ کہہ رہے ہیں وہی ہے جناب کی زبانی اس وقت اس کا نام معلوم ہوا۔

ہمت بے۔ اچھا مجھ سے آپ کیا کرانا چاہتے ہیں کیا آپ یہ چاہتے ہیں کہ میں اس کے ساتھ سامی کے منگنی کرا دوں

ممکن ہے کہ اُس کا باپ میری درخواست کو رد کردے۔

ہمت آفندی۔ ہرگز نہیں ہرگز نہیں۔ وہ اس وقت یہ نہیں چاہتا ہے۔ وہ ہوشیار۔ دانشمند۔ اور سمجھ بوجھ والا ہے۔ معمولی بات پر بھی وہ خوب غور کرتا ہے اور خوب جانتا ہے کہ یہ معاملہ کامیابی سے بہت دور ہے۔ لیکن پھر بھی وہ اب یہ چاہتا ہے کہ اس سے جان پہچان کا ذریعہ پیدا ہو جائے اور اس کے اعزا کے ساتھ تعلقات دوستانہ قائم ہو جائیں تاکہ وہ کبھی کبھی اس سے مل لیا کرے ممکن ہے کہ ایک زمانہ کے بعد وہ اس کو اپنی طرف مائل کرے۔ اور جب تعلیم ختم کر چکے اور حسب خواہش جگہ پا جائے تو پھر ایلینا سے ملکر اس کے باپ سے منگنی کی درخواست کردے۔

ہدایت بے۔ خیال تو اچھا ہے۔ مگر وہ ترکی زبان تو جانتی نہیں ہے۔

ہمت آفندی۔ لیکن سامی آفندی یونانی خوب جانتا ہے اور ایک زباں داں کی طرح سے بولتا ہے۔

ہدایت بے۔ "مجھے اس سے بہت ہی محبت ہوگئی اچھا حصول مقصد تو بہت آسان ہے کیونکہ آج اتوار کا دن ہے اور وہ اپنے گھر والوں کے ساتھ بہ بجے سیر کو نکلے گی اور مجھے وہ جگہ معلوم ہے جہاں وہ لوگ جایا کرتے ہیں میرے پاس اُسی وقت آپ دونوں آجائیں تاکہ یہاں سے اُن کے پاس ساتھ چلیں۔ پھر معاملہ معاملہ کے ہاتھ ہے میں آپ دونوں سے معاہدہ کرتا ہوں کہ جب کبھی مجھے فرصت ہوا کریگی میں اس کو اس سے ملا دیا کروں گا امید ہے کہ خدا یا تو اس کے دل سے یہ خواہش دور کردیگا اور یا اس کی مراد پوری کریگا" ہمت آفندی نے اس کی اس عنایت کا شکریہ ادا کیا۔ اور اس کے بعد سامی آفندی نے بھی نہایت اچھے الفاظ میں اس طرح سے اس کا شکریہ ادا کیا کہ ہدایت بے کے دل پر اس کا بہت ہی اثر ہوا اور اس سے پھر اپنا وعدہ دُہرایا۔ پھر دونوں اس سے رخصت ہو کر واپس چلے گئے۔ اور شام کو ۴ بجے آنے کے لئے کہہ گئے؟

پانچواں باب

ملاقات

شہر کے ایک جانب جو "جافرجہ" کو راستہ جاتا ہے وہاں ایک نہایت دلفریب باغ ہے جس کو "باغ مکبوجی" کہتے ہیں۔ اُس کو ایک یونانی نے کرایہ پر لیکر عمومی سیرگاہ بنا دیا اور وہاں وہ تمام ضروری سامان عیش مہیا کر دیا ہے جو امرا کے لئے موزوں ہو سکتا ہے مثلاً عمدہ عمدہ کھانے پینے کی چیزیں قیمتی اور خوشنما ظروف۔ شاندار موٹریں۔ جو پھولدار پودوں کے جھنڈ میں کھڑی ہوئی ہیں۔ چنانچہ سمرنا کے بڑے بڑے لوگ ونیز یہ دیسی ہر روز شام کو اور بالخصوص ہر اتوار کو وہاں ضرور پہنچتے ہیں۔ ہر طبقہ کے سیاح اور سیلانی سے وہ جگہ بھر جاتی ہے۔ اُس کے مالک نے اُس کو ترتیب وار کئی طبقوں پر منقسم کر رکھا ہے۔ تاکہ لوگوں کے مرتبہ کا لحاظ رہے۔ گویا یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ ایک قسم کا تھیٹر ہے جس میں اول۔ دوسرا۔ اور تیسرا درجہ ہے۔ اور ہر درجہ کا ٹکٹ جداگانہ ہے۔ ایلینا کا والد موسیو یانی سمرنا میں پہنچنے کے بعد پہلے ہی ہفتہ میں اس باغ میں گیا تھا پھر ہر اتوار کو مع اپنے بیوی بچوں کے جانے لگا۔ اور بعض اوقات اور دن بھی جس روز اُس کا جی چاہتا تھا سیر کو وہاں چلا جاتا تھا۔

اُس روز بھی حسب دستور معہ کنبہ کے باغ میں گیا۔ سب کے سب اول درجہ میں ایک ہی میز کے گرد جا بیٹھے۔ میز قسم قسم کے خوبصورت اور خوش وضع گلدستوں سے سجی ہوئی تھی۔ ہر قسم کے کھانے پینے کی چیزیں اُس پر رکھی ہوئی تھیں۔ چنانچہ سب کھانے پینے میں مشغول ہو گئے۔ مختلف معاملات پر گفتگو ہونے لگی۔ باغ کی خوبصورتی سے کھلے جاتے ہیں اور پھولوں کی خوشبو سے باغ باغ ہو رہے ہیں۔

تھوڑی ہی دیر میں ہدایت بے بھی معہ ہمت آفندی افسر فوجی ہائی اسکول اور سامی رومی آفندی وہاں پہنچ گیا ہدایت بے اپنے فوجی وردی میں ہے جس پر کرنیلی کا نشان آویزاں ہے چنانچہ یہ تینوں ٹہلتے ہوئے موسیو یانی کی طرف جا نکلے۔ سامی آفندی کا محبوبہ پر نظر پڑتے ہی دل بانسوں اچھلنے لگا۔ چہرہ پر ایک رنگ جاتا تھا تو ایک آتا تھا جھجک

قرب وصال پر جو عاشقوں کو ہیجان ہوتا ہے وہ ہی اُس کی اُس وقت حالت تھی۔

وہ سب ٹہلتے ہوئے موسیو یانی کی جگہ پر پہونچ گئے۔ موسیو نے جب یہ دیکھا کہ ہدایت بے ادھر چلا آرہا ہے تو اپنی جگہ سے اُٹھکر اس نے اس کا استقبال کیا اور مصافحہ کے لیے ہاتھ بڑھایا۔ چنانچہ ہدایت بے نے اس سے مصافحہ کیا اور اس کی بیوی کو سلام کیا۔ پھر ہمت آفندی کا اپنے بہترین دوست کی حیثیت سے ان دونوں سے تعارف کرایا اس کے بعد سامی آفندی کو اُن سے یہ کہکر ملایا کہ یہ اس کے مرحوم مخلص دوست کا بیٹا ہے۔

مرحوم کی یاد آجتک چھوٹے بڑے تمام فوجیوں کے دلوں میں تازہ ہے۔ سامی۔ محنت۔ جانفشانی۔ اخلاق ہوشیاری۔ اور سمجھ میں بالکل اپنے باپ کے قدم بہ قدم ہے۔ غرضکہ اس کی تعریف کے پُل باندھ دئے۔ اور آخر میں کہنے لگا۔

ہدایت بے۔ "اسی وجہ سے میں اس سے بے حد محبت کرتا ہوں کہ اس کو اپنی اولاد کے برابر سمجھتا ہوں۔ یہ صرف اس کی اچھی عادتوں اور بہترین خصلتوں کا طفیل ہے" یہ تمام باتیں یونانی زبان میں کر رہا تھا تاکہ اس کی لڑکی کے کانوں میں پڑیں۔ چونکہ یہ تینوں اس زبان پر کافی عبور رکھتے تھے اس لئے اس مدح سرائی کا متوقع اثر موسیو یانی اور اس کی بیوی پر بے انتہا ہوا حتے کہ وہ لڑکی بھی سن رہی تھی اور سامی کی طرف ٹکٹکی باندھے دیکھ رہی تھی۔ اور اس کے دل پر جو اثر ہو رہا تھا اس سے چہرہ پر ایک رنگ جاتا تھا اور ایک آتا تھا۔ جب تعارف ہو چکا تو وہ سب کے سب ایک میز کے گرد بیٹھ گئے ہدایت بے نے سامی کو لڑکی کے برابر اپنے داہنی جانب بٹھایا اور ہمت آفندی کو اس کے والد کے برابر اپنے بائیں جانب اور مسٹر یانی سامنے بیٹھے۔

قریب سب کے سب بیٹھ گئے تو موسیو یانی نے آدمی سے کہکر قہوہ خانہ کے بہرہ کو بلایا اور اس سے کہا کہ تین خالی گلاس لے آؤ۔ کیونکہ ممالک ترکی کے اس قسم کے باغوں میں دستور ہے کہ بوتلیں میز پر رکھ دی جاتی ہیں اور حاضرین کی تعداد کے اعتبار سے خالی گلاس میز پر رکھدئے جاتے ہیں یہاں کی طرح سے نہیں ہوتا ہے کہ بھرے بھرائے گلاس لائے جاتے ہیں ایسی حالت میں کوئی اور مہمان آگیا تو اس سے صرف خالی گلاس منگوالیں گے اور پینے کے بعد اس سے دوسری بوتل منگا لیتے ہیں یہانتک سب کے لیے کافی ہو جائے۔

بہرہ نے خالی گلاس لاکر دئے چنانچہ موسیو یانی نے گلاس لیکر اپنے مہمانوں کی طرف بڑھایا سب نے لیا مگر سامی

آفندی نہایت ادب سے انکار کرکے پینے سے باز رہا اور پاکیزہ اور موزوں الفاظ میں عذر کرتے ہوئے کہنے لگا کہ اس کا سن وسال اس بات کی اجازت نہیں دیتا ہے کہ وہ اس قسم کی تفریحات میں پڑے جو اُس کے ذہن اور فکر کو مدرسہ کی زندگی سے باز رکھیں اور اسی وجہ سے وہ ان چیزوں سے دور رہنے کو ترجیح دیتا ہے تاکہ اس کی ذکاوت وذہن کی روشنی برقرار رہے۔ سب نے اس کے اس خیال کو پسند کیا اور اس کی اس بیدار مغزی پر تعجب کیا چنانچہ وہیں بیٹھے بیٹھے سب نے گلاس خالی کئے اور پھر سب کی سب ترکی قوم کی جو مختلف عناصر اور متضاد مذہبوں پر مشتمل ہے۔ اخلاق واطوار پر گفتگو کرنے لگے۔ سامی آفندی بھی سب کے ساتھ شریک تھا اور فصاحت وبلاغت سے بدلائل اس کے اقوال کی تائید کرتے ہوئے ان کو جواب دے رہا تھا جس سے اس کی بیدار مغزی کا پتہ چلتا تھا اس کی مدلل گفتگو کو سنکر ہدایت بے بھی بہت ہی متعجب ہوا اس کے بعد اندرونی اور بیرونی سیاست پر گفتگو شروع ہوگئی اور سب کے سب اس میں بے انتہا منہمک ہوگئے۔ اس لیے کہ ترکی قوم حمیدی عہد میں سیاست کے متعلق ایک حرف زبان سے نہیں نکال سکتے تھے لیکن دستوری حکومت کا اعلان ہوتے ہی سب کی زبانیں کھل گئیں اور سیاست پر گفتگو جائز ہوگئی اب ان مسائل سیاسی میں ان کو اسقدر انہماک ہوگیا تھا کہ سیاست کی اُس کُنہ معلوم کرنے کے درپے تھے جس سے اب تک وہ بالکل نابلد تھے ہمارے اس ناول سے کچھ ہی زمانہ پہلے دستوری حکومت کا اعلان ہوا تھا۔ چنانچہ ہر جگہ اب بھی سیاسی گفتگو اور اسی کی چھان بین رہا کرتی تھی۔ اگرچہ وہ طبقہ کلیتاً اس سے ناآشنا ہوتا تھا۔ پھر فوجی اور سیاسی لوگ کیونکر یہ گفتگو نہ کیا کرتے بالخصوص ایسے مجمع میں جہاں موسیو بانی بروٹس جیسے ہوں اور جس کا تقرر سمرنا کے قنصل خانہ میں صرف اسی سیاسی غرض سے ہوا ہو جس کو اس کی حکومت اہمیت دے رہی تھی۔ جیسا کہ آگے چلکر آپ کو اسی ناول میں معلوم ہوجائے گا۔ چنانچہ سیاست داں حضرات سے وہ اسی وجہ سے ملتا تھا اور فوجی افسروں سے اسی غرض کے پردہ میں تعارف حاصل کیا کرتا تھا۔ جہاں کسی سے ملا اور اس نے فوراً سیاسی گفتگو شروع کردی کیونکہ اس کی حکومت اس زمانہ میں ریاست ہائے بلقان سے ایک خفیہ معاہدہ کرنیوالی تھی جس کا مقصد یہ تھا کہ ترکوں کو یوروپ سے نکالکر صرف ایشیا میں ان کو محصور کردے۔ اس سیاسی کوشش کا سہرا موسیو وینزولاس کے سر تھا جو عثمانی سایہ میں پیدا ہوا تھا اور وہیں پرورش پائی تھی۔ غرضکہ سیاسی مسائل خوب چھڑے اور اُن کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی حتیٰ کہ وہ تمام واقعات روشنی میں لائے گئے جو برے یا بھلے اس روز سے رونما ہوئے جس روز سے کہ انجمن اتحاد وترقی کی بنیاد سالونیکا میں پڑی اور اس وقت تک جب تک کہ انجمن نے آستانہ کے زمام حکومت اپنے

ہاتھ میں لی اور اس کے ساتھ ساتھ بلغاریہ نے آزادی کا اعلان کیا دوسری طرف آسٹریا نے بوسینیا اور ہرسک کو ہڑپ کیا اور اس سے جو کچھ اندرون ترکی میں اقتصادی کشمکش برپا ہوئی۔

سیاست کا میدان بہت وسیع تھا چنانچہ بڑی لمبی گفتگو چھڑ گئی۔ لیکن سامی اور وہ لڑکی خاموش تھے۔ اور ہونٹ تک نہیں ہلاتے تھے کہ اسی دوران میں اس کی ماں نے دونوں سے محض اس لیے چھیڑ چھاڑ شروع کر دی تاکہ اس کے خاوند کے مقاصد نہ ظاہر ہو سکیں جب یہ گفتگو زیادہ لمبی ہو گئی تو ہدایت بے ایلینا کی طرف مخاطب ہو کر بولا۔

ہدایت بے "ہم نے اپنی اس گفتگو سے جس سے میرا خیال ہے کہ تم کو کچھ دلچسپی نہیں ہے تمہاری تفریح کو مکدر کر دیا اور اپنے بیٹے سامی کو بھی دیکھ رہا ہوں کہ وہ بھی کچھ مکدر ہے لہذا تم دونوں کے لیئے مناسب ہے کہ اُٹھ کھڑے ہو اور باغ میں ٹہلو اور جگمگاتی روشنی شاداب درختوں اور بھینی بھینی خوشبوؤں سے اپنے میں تازگی پیدا کرو جیسا کہ تمہاری برابر کے اور دوسرے سیلانی کر رہی ہیں" موسیو یانی نے یہ سنتے ہی خیال کیا کہ ہدایت بے کچھ کہنا چاہتا ہے اور اس لئے سامی کو ہٹاتا ہے۔ چنانچہ اُس نے اپنی لڑکی سے کہا۔

موسیو یانی "بیٹی! اگر تمہارا جی چاہے تو تم بھی سامی کے ساتھ کچھ دیر باغ میں ٹہل آؤ اس میں کچھ ہرج نہیں ہے" اس کے ساتھ ہی اُس نے اس کو اشارہ سے سمجھایا اور وہ سمجھتے ہی اُٹھ کھڑی ہوئی اور سامی آفندی کو ساتھ لے لیا۔ یہ موقع جو اُس کے خواب میں بھی نہ تھا پاتے ہی سامی تو خوشی کے مارے پھولے نہیں سمایا اور فوراً اس کے ساتھ کھڑا ہو گیا اور اس کے ہاتھ میں ہاتھ دیکر ٹہلنے لگا دونوں چلے جا رہے ہیں اور سامی خاموش ہے اور دل بانسوں اُچھل رہا ہے باغ فردوس میں ایک حور کے ساتھ ہے لیکن اپنے جی کی بات نہیں کہہ سکتا ہے چنانچہ اس موقعہ کو اُس نے اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمت شمار کر کے بھی مناسب سمجھا کہ خاموش رہے اور وقتی لذت جو ہاتھ میں ہاتھ دیکر حاصل ہو رہی ہے اس سے مستفید ہو۔ خوشی اور مسرت کے دریا میں غرق ہے کہ اتنے میں اُس نے سر اُٹھایا تاکہ اس نور مہ جبیں کو دیکھے چنانچہ دیکھا کہ اس کے جمال میں وہ جگمگاہٹ ہے کہ جس نے تاریکی میں روشنی پیدا کر دی گویا آسمان پر چودھویں رات کا چاند ہے۔ یہ سوچتے ہی اُس نے فوراً اپنی آنکھیں بند کر لیں تاکہ یہ خواب جلد ختم نہ ہو اور فکر کے دریاؤں میں جو اپنی موجوں سے اس میں تلاطم پیدا کر رہے تھے ڈوب گیا کہ اس لڑکی کی آواز سے چونکا۔

ایلینا۔ یہ چپ کیوں ہو اور بولتے کیوں نہیں ہو؟

اُس نے سر اُٹھا کر اس کی طرف ذرا گھور کے دیکھا اور لڑکھڑائی ہوئی زبان سے کہا۔

سامی۔ میڈم ازیل! میں کیا بولوں اور کونسی ایسی بات ہے جو کہوں۔

ایلینا۔ کم از کم اس باغ کی خوبصورتی اور رات کا سماں جس میں ستارے گویا موتیوں کی لڑی ہیں اور جس سے تمام آسمان جھل مِل جھل مِل ہو رہا ہے ایسا ہے کہ اسی کے متعلق کچھ کہو۔

سامی۔ میری زبان اس بیان سے عاجز ہے کہ جس طرح سے تم نے انتہائی بلاغت سے اس مختصر عبارت میں اس کی بہترین تعریف بیان کر دی۔ لڑکی اس کے جواب سے متاثر ہو کر بولی۔

ایلینا۔ اچھا تو سمرنا اُس کی عمارات اس کی سڑکوں اس کی مجلسوں اس کی سوسائٹیوں اس کے کھیلوں اور سیر گاہوں ہی کے متعلق کہو کیونکہ میں تو نو وارد ہوں اور تم یہیں کے رہنے والے ہو۔

سامی۔ میڈم ازیل!۔ بہت اچھا۔

چنانچہ وہ اپنے شہر اس کے عمارات اور سڑکوں کی خوبیاں اور کھیلوں اور سیر گاہوں کی تعداد بیان کرنے لگا وہ سن رہی ہے اور خوشی کے آثار اس کے چہرہ پر نمایاں ہیں۔ پھر مختلف باتیں ہونے لگیں اور وہ باغ میں ٹہلتے ٹہلتے دور نکل گئے اور آنکھوں سے اوجھل ہو گئے باتوں میں ایسے لگے کہ ان کو خاصی دیر ہو گئی یہاں تک کہ ایلینا کا نوکر آ کر دونوں کو بلا لے گیا کیونکہ اس کا باپ واپس جا رہا تھا چنانچہ دونوں اس جگہ واپس آ گئے۔ جی تو اُن دونوں کا یہی چاہتا تھا کہ کاش یہ چہل قدمی اور زیادہ دیر تک رہتی۔

غرضکہ اب سب کی سب باغ سے باہر نکلے اور ایک دوسرے سے آیندہ کی ملاقات تک رخصت ہو گئے اور گاڑیوں میں بیٹھ بیٹھ کر اپنے اپنے گھروں کو چلدئے سامی اپنے دوست کے ساتھ اور ایلینا اپنے باپ کے ساتھ ہے مگر دل دونوں میں سے ہر ایک نے ایک دوسرے کو دیدیا۔ جب دونوں گاڑیاں ایک دوسرے سے دور ہو گئیں تو ہدایت بے سامی کی طرف متوجہ ہو کر بولا۔

ہدایت بے۔ کہو۔ شام کیسی گذری۔ تم اس سے خوش بھی ہوئے؟

سامی شرم سے سرنگوں ہو گیا اور اُس نے کچھ جواب نہ دیا لیکن ہدایت بے نے پھر کہا۔

ہدایت بے۔ کہو کہو! شرماؤ مت! تمہاری گفتگو کا موضوع کیا تھا۔ اور گفتگو شروع کیونکر ہوئی؟

چنانچہ سامی نے جو کچھ گفتگو اور جس طرح سے شروع ہوئی تھی سب بیان کر دی حتیٰ کہ چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی سب باتیں اس کو سنا دیں۔ اس پر ہدایت بے نے کہا۔

ہدایت بے۔ اس سے تو پتہ چلتا ہے کہ اس کا میلان تمہاری طرف ہے جو میری خوشی کا باعث ہے۔ اب میں دل سے چاہتا ہوں کہ تم دونوں میں محبت مضبوط ہو جائے کیونکہ میں دیکھتا ہوں کہ اس کا باپ دولت علیا کو آزار پہونچانے کی کوشش کر رہا ہے اس صورت میں اگر تم دونوں میں محبت بڑھ جائے گی تو ہم بیٹی کی زبان سے باپ کی نیتوں کا حال معلوم کر سکیں گے۔ میں تم دونوں کے ملانے میں اپنی تمام کوشش صرف کرتا رہونگا تاکہ تمہاری محبت بڑھے اور ہمارا کام نکلے۔

پھر ہدایت بے نے ایک ہوٹل کے قریب اپنی گاڑی روکی اور اپنے دوست کے ساتھ کھانا کھایا اس کے بعد دونوں اپنے اپنے گھروں کو چلے گئے۔

نقد و نظر

(از اڈیٹر)

تصحیح اللغات

یہ تقریباً سو صفحات کی کتاب ہے جو ہمارے پاس ریویو کی غرض سے آئی ہے۔ حضرت مؤلف یعنی جناب مولوی رفیع احمد صاحب عالی وکیل بدایونی ایک خاموش اور سنجیدہ علمی و ادبی ذوق رکھنے والے بزرگ ہیں جو عرصہ سے ادب اُردو کی خدمت میں مصروف ہیں۔ آپ کا دیوان جو تقریباً تمام اصناف سخن پر مشتمل اور آپ کی کہنہ مشقی کا روشن ثبوت ہے مدت ہوئی کہ شائع ہو چکا ہے حال میں آپ نے تصحیح اللغات ترتیب دے کر زبان اور لغت کی قابل قدر خدمت انجام دی ہے۔ زمانۂ موجودہ میں عربی و فارسی کا مذاق اٹھ جانے کی وجہ سے اکثر اردو ادیبوں کی تقریر و تحریر میں جو بے راہ روی اور بے قیدی کی شان پیدا ہو گئی ہے اُس کو دیکھتے ہوئے زبان کے بہی خواہوں کا فرض تھا کہ اِن امور کی اصلاح کی جانب متوجہ ہوتے۔ مولف علام کی ہمت قابل ستائش ہے کہ اُنھوں نے سب کی طرف سے یہ فرض کفائی ادا کر دیا۔ اور مختلف مستند کتب لغات سے تحقیق کر کے اکثر ایسے الفاظ جمع کر دیے جن کو نہ صرف عوام بلکہ خواص بھی غلط بولتے یا لکھتے ہیں۔ آپ نے ہر لفظ کے معنی دیکر اُس کی غلطی اور صحت کی کیفیت بہ قید اعراب ظاہر کر دی ہے جس کی وجہ سے کتاب مذکور نہایت مفید اور دلچسپ بن گئی ہے۔ ہم ذیل میں چند مثالیں تصحیح اللغات سے پیش کرتے ہیں جن سے ہمارا مفہوم زیادہ واضح ہو سکے گا۔ مثلاً

غلط	صحیح	غلط	صحیح
اژدہام	ازدحام	استدعاء (بضم دال)	استدعاء (بسکون دال)
آصف (بہ کسر صاد)	آصف (بفتح صاد)	بقراط (بہ ضم با)	بقراط (بہ فتح با)

غلط	صحیح	غلط	صحیح
جدّہ (نام مقام) (بفتح جیم)	جدّہ (بضم جیم)	جلوہ (بہ کسر جیم) یا جُلوہ (بزبان مستورات)	جلوہ (بہ فتح جیم)
حجامت (بہ فتح حا)	حجامت (بکسر حا)	خراج (بکسر خا)	خراج (بہ فتح خا)
رمضان (بسکون میم)	رمضان (بہ فتح میم)	سَید (بہ فتحہ یا)	سید (بہ کسر یا)
شجاعت (بضم شین)	شجاعت (بہ فتح شین)	صندوق (بہ فتحہ صاد)	صندوق (بہ ضم صاد)
نواب (بلا تشدید واو)	نواب (بہ تشدید واو)	نوید (بہ فتح واو) یا نویل (بزبان جہلا)	نوید (بہ ضم نون و کسر واو)

ہمارا خیال ہے کہ یہ کتاب زبان کے اغلاط کی تصحیح میں ارباب ادب خصوصاً شعرا اور طلبہ کی کامل رہنمائی کرے گی اور نہایت کارآمد ثابت ہوگی۔ سررشتۂ تعلیم کا فرض ہے کہ ایسی کتابوں کو مدرسوں میں رائج کرے تاکہ طالبعلموں میں صحت زبان کا ذوق پیدا ہو۔ آخر میں جیسا کہ خود جناب مولف نے دیباچہ میں ظاہر کر دیا ہے یہ بتا دینا ضروری ہے کہ "وہ الفاظ عربی و فارسی جو اردو میں اپنی اصل کے خلاف جمہور فصحاء کی زبان و قلم پر رائج ہو گئے ہیں گو اصلاً صحیح نہ ہوں اردو ادب میں صحیح ماننے چاہئیں کیونکہ یہ ایک قسم کی تمہید ہے۔" مگر ظاہر ہے کہ عوام کا استعمال مستند قرار نہیں دیا جا سکتا۔ کتاب مذکور دیدہ زیب تقطیع اور خوشنما طباعت کے ساتھ نظامی پریس بدایون سے شائع ہوئی ہے اور اسی پتہ سے مل سکتی ہے۔ حُسنِ طباعت کے لیے نظامی پریس کا نام ہی کافی ضمانت ہے۔ شروع میں حضرت مولانا احسن مارہروی کا محققانہ مقدمہ ہے۔

HERE AND THERE.

BY
Sulaiman Mohammad
Class X. A.

(1) Sunday Island, in the Pacific is really the tallest mountain in the world. It rises 2,000 ft. out of five miles of water, and is thus nearly 30,000 ft. from base to summit.

(2) Thirty-one cities in the world have more than 100,000 telephones.

(3) At sea or over a level plain the human eye, at a height of 5 ft. from the ground can see an object 2·9 miles away.

(4) Bannanas are banned in Italy because they do not grow in Italy or in any Italian Colony.

(5) The height standard for infantry soldiers is now 5 ft. 2 ins.

(6) The fly, as a germ carrier, is capable of doing more harm than a mad elephant.

(7) Fish, either fresh or salt water, is much more digestible than any other form of flesh.

(8) Syria, Persia, and Iraq are the latest countries to adopt the right hand rule of the road.

(9) A diamond, under pressure in the jaws of a vice becomes phosphorescent and emits a light like that of a glow-worm.

Servant: "No, sir; he comes once a month to read the magazines."

He: "You wouldn't marry me for my money, would you?"

She: "Why, no, you silly boy! I wouldn't marry you for anything."

Student: "I have just bought an encyclopaedia and there is everything in it that you want to know."

Landlady: Then just look and find out when I am to receive the money for your rent."

Mistress: "I am Cornish by birth."

New Maid: "You don't say so! I always thought they was caused by tight shoes."

Employer (to office boy): "How do you find yourself these cold mornings, Tommy?"

"Quite easily, thank you, sir, I just throw back bed clothes and there I am!"

"My Lord," said the foreman of an Irish jury, when giving verdict, "We find the man who stole the mare 'Not Guilty."

Doctor; "Your coughing seems to be easy."

Patient: "It should be so—been practising all night."

She: "How did you manage to come here?"

He: "On my feet."

In two mintues she had returned to the box-office.

"I am afraid there's been a mistake," she stammered.

'I thought this was a picture show, but when I got downstairs I discovered that a man with asthma was giving a lecture in German."

Harassed carpet salesman (appealing to husband): "you won't beat this, sir.'

Wife (snappily): "You'll pardon me—he will if I buy it."

"That man cheats," said a golfer, as he entered the club-house. "He lost his ball in the rough and played another ball without losing a stroke."

"How do you know he didn't find his ball?" asked a friend.

"Because I've got it in my pocket."

Teacher: "What is a cannibal, Tommy?"

Tommy: "Please, teacher I don't know."

"Well, if you ate your father and mother, what would you be?"

"An orphan, miss!"

Sunday School Teacher: "Johnny, what can you tell me about Aaron?"

Johnny: His name was the first in the telephoe book."

Wife: "I read the other day that the giraffe has a tongue eighteen inches long "

Husband: "Aren't you jealous?"

Noisy soup drinker (in restaurant): "Whatcha looking at"

Another Diner: "Sorry, thought you'd fallen in."

Author: "May I have some further details about this magnificent estate you offer for sale?"

Agent: "Do you wish to buy it?"

"No; but I think I can use your glowing description of it in my new novel.

Teacher: "What is an island?"

Bright Lad: "A place where the bottom of the sea sticks up through the water."

Uncle: "You speak seven langvages, do you? Well, let's hear you say 'good morning' in Italian."

Nephew: "Gooda mornin'!"

Doctor: "Is that a patient in the waiting room?"

WIT AND HUMOUR.

BY
Sulaiman Mohammad,
8, Jubilee Hostel.

Suspicious Butler (downstairs at 2. a. m. after hearing noise) :

"Is that your lordship ?"

Voice from the Darkness :" Yes that's me!"

After terrific struggles, the school boy finished his examination paper. Then, at the end, he wrote:

"Dear Mr. Examiner,—If you sell any of my answers to the papers, I expect you to hand me half the profits."

Pretty Waitress : "Are you the fried haddock ?"

Susceptible Diner: "No, the lonely sole."

"You'll be round to night. Bob?" "said Dora.

"Rather! But you must tick off that ugly-looking fellow who drives your car and works in your garden; he gives me a nasty look when he sees me."

"Oh, don't worry." replied Dora airily: "that's only father."

"Is he one of the landed gentry?"

"No, he's still a bachelor."

Father speaking to prospective son-in-law) :

"The man who gets my daughter will get a prize."

Suitor: "May I see it please?"

Customer: "You say this material is the very latest fashion?"

Assistant: "The very latest, madam."

"But will it fade in the sun?"

"No! It's been in our window for two years."

An old lady with an hour to spare went into a cinema without realising that a talking film was being shown.

and philosophy Bacon holds a very sublime position. Cowley compared him to "Moses standing on Mount Pisgah, surveying the promised land" To judge Bacon's character is a painstaking task. Pope said

"If parts allure thee, think how Bacon shined!

"The wisest, brightest, meanest of mankind!"

He had an instinct for worldly ambition which brought him disgrace in his gray years. But Bacon had a solemn and tranquil mind. His religious views were exceedingly good. He said that "a little knowledge of Philosophy inclineth man's mind to atheism, while depth in Philosophy bringeth man's mind about to religion." About him there is a very deplorable though transient obscurity. Bacon is blamed for selfishness and faithlessness but these are misguiding remarks. They are but gross mis-representations of his conduct. Macaulay has well said that "no reports are more easily believed than those which disparage genius, and soothe the envy of conscious mediocrity." But to disclose the truth Bacon had a very serene temperament, a good and genuine purpose, correct judgment administrative capacity and an innocent and pure heart. Moreover there is much difference in "Bacon the philosopher and Bacon the Attorney General; Bacon seeking for truth; and seeking for seals." To examine him we have to see "Bacon in speculation and Bacon in action: a useful innovator at one time and an obstinate champion of abuses at another." Nevertheless Bacon's is an example which can bring success and aggrandizement to the people of all ages, if it is pursued with necessary caution and regard to the expediency of its precise and rightful application.

Bacon says that Arithmetic should be above these trifles, it should be employed in framing convenient expressions which may be of use in physical researches.

2.—*Geometry*:—About Geometry Plato said that it was degraded by being used in the construction of some machines. He thought that its office was to discipline the mind and not to minister the base requirements of the body. Even long afterwards Plutarch and Archimedes considered the mechanical science to be unworthy of their deep notice though the latter was a great scientist. Archimedes always spoke slight of the wonders of other nations. Bacon had a different view and "pronounced that it should be an auxilliary to other sciences. Mathematical science is the hand maid of natural science, it should demean herself as such and that the more discoveries are made in Physics, there will be more branches of Mixed Mathematics.

3.—*Astronomy*:— As regards Astronomy, Plato and Socrates were of opinion that they should go beyond the stars as the real astronomy was as free of the stars as Geometry was independent of ill drawn lines. Bacon thought that Astronomy should not be separated from natural philosophy. It should be annexed to Mathematics, as through Astronomy the world could study the nature, the motion and the influence of heavenly bodies.

4.—*Alphabet*:—The use of Alphabet Plato thought to be the same as the use of go-carts in learning to walk or of cork in learning to swim, which he thought detoriated man's real worth of mind. Bacon thought without writing the powers of memory would not do much in the advancement of any science, hence alphabet was indispenssible.

5.—*Medicines*:—The use of medicine Plato thought to be odious. It would heal lossels and men not worth living, while Bacon thought that it would make imperfect and suffering men comfortable.

6.—*Legislation*:—As regards Legislation Plato thought that a law which did not convince reason or enlighten it was morally a baseless law. Becon's view was that the function of law was to improve society, to maintain order and peace the imparting of religious and moral training and the establishment of judicial, financial and commercial systems.

VI.—OUR ESTIMATE OF THE PHILOSOPHER.

Bacon had liberal views. He believed in necessity of the Parliament though not with a democratic point of view. For the Parliament he said, "Do not be afraid of it deal with it frankly. Use all adroitness of knowledge and necessary firmness and majesty managing it." Bacon's Philosophy was a means of future success to the mankind. Lord Macaulay says "Bacon fixed his eyes on a mark which was on the earth and within bow-shot and hit it in the white. His philosophy began in observation and ended in arts." In science

ready man .and writing an exact man. And therefore if a man write little he had need have a great memory if he confer little he had need have a present wit and if he had read little he had need have much to seem to know that he doth not. Histories make men wise, poets witty, the mathematics subtle, natural philosophy deep; moral, grave; logic and rhetoric, able to contend."

Really his manner of writing did not depend on style but the nature of the work he undertook. He wrote much in Latin. "The Majesty of Latin suited his taste and his thoughts." He was fond of quoting Latin phrases. His tendencies at different periods can be well marked in Macaulay's words that "his boyhood and youth were singularly sedate. In youth he wrote on emotions. At forty his reason and judgment had reached full maturity. At fifty his rhetoric was quite as rich as good taste would permit, and at seventy it had become ungracefully gorgeous."

ہوا ہے اور وہ شہریار اسلام تاجدار بھوپال نواب محمد حمید اللہ خاں بہادر، بی اے، علیگ، دام اقبالہ کے برا
زادے عالی جناب نواب زادہ کپتان محمد رشید الظفر خاں بہادر بالقابہ ہیں جو بہ سلسلۂ تعلیم علی گڑھ کالج میں
داخل ہوئے ہیں۔

ممدوح محترم نے اپنے عالی منزلت خاندان کی اُن علمی وادبی روایات کو ایک "حیاتِ تازہ" بخشی ہے
جو علی گڑھ کالج اور یونیورسٹی سے متعلق ہیں اور جن کے سرپرست نواب زادہ ممدوح کے اسلاف ہیں، چنانچہ ۱۹۲۷ء
ہی سے آپ نے کالج کے اس مشاعرہ میں محض شعری تشویق وتحریص کے لیئے ایک گراں قدر "انعام" مقرر
فرمایا ہے جو اس سال آپ کے برادر معظم نواب زادہ کپتان محمد سعید الظفر خاں بہادر (بھوپال) اور آپ کے
محترم اُستاد حضرت محمد عبد المجید صاحب قریشی، ایم، اے، کی طرف "قریشی سعید الظفر خاں ٹرافی" کے نام
سے منسوب ہے اور یہ نواب زادہ گرامی ہی کی ادب نوازی ہے جو "ملا رموزی صاحب کا" علی گڑھ والوں سے

اتحاد واقع ہوگیا۔

---

۲۰ نومبر ۱۹۲۸ء عیسوی بکرمی، فصلی کو حضرت محترم مولٰنا سید علی احسن صاحب احسن مارہروی صدر مجلس شرقیہ ادبیہ علی گڑھ کالج کا مطبوعہ گرامی نامہ آہی تو گیا لکھا تھا "سالانہ مشاعرہ ہے ضرور ضرور آئیے۔ دیکھئے بھول نہ جائیگا، باقی سب خیریت ہے، خرد و کلاں کو درجہ بدرجہ، المکلف احسن پریذیڈنٹ اورینٹل سوسائٹی انٹرمیڈیٹ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڑھ" اس عبارت کا پڑھنا تھا کہ فطری نقادی میں اُبال آہی تو گیا اور کہنی کے سہارے سر کو لگا کر پورے غصے سے سوچا کہ دیکھئے اس ادبی مجلس کے ادبی اذن میں جب "المکلف" صاحب کا پتا اس قدر "دبیز انگریزی زبان میں" ہی تو مشاعرہ پھر خالص پانیر اخبار کی عبارت ہی میں ہوگا۔

مگر اسی عبارت سے حضرت مولٰنا احسن کی مصروفیت کا بھی اندازہ ہوگیا۔ کیوں کہ ممدوح مشاعرہ کے سلسلہ میں اکثر شعرا کے پاس "اصالتاً" بھی چلے جایا کرتے ہیں اس لئے مسودہ یقیناً وہ "لڑکوں" کو دے گئے ہوں گے انھوں نے مولٰنا کا پتا انگریزی میں لکھدیا اور تار کا پتا ویسے بھی انگریزی ہی میں ہوا کرتا ہی، خیال یہ ہوا کہ جو بالغ نظر لوگ زبانوں میں غیر ملکی زبانوں کے الفاظ کے اخذ و نقل اور ردا خلہ کے ؎

قطرہ قطرہ بہم شود دریا

والے راز کو جانتے ہیں وہ مولانا ہی پر اعتراض کریں گے حالانکہ مولانا کو اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا اور ہزار بار یہ کام "لڑکوں" ہی کا ہوگا؟

اب وہ جو کہا ہی کہ ؎

اہل قلم را ہوئے بس ست

ہم پہنچ گئے اور مشاعرہ سے ایک دن قبل پہنچ گئے کہئے کیا برے پہنچے؟ حضرت گرامی نواب زادہ کپتان محمد رشید الظفر خاں بہادر بالقابہ میزبان تھے، پھر کیا تھا؟ صاحب کو کچھ ضرور ہی ہوگیا ہوگا کہ مشاعرہ چند گھنٹے پہلے

ہی سے خواجہ میر "درد" کا اثر محسوس ہوا اور پھر خوب محسوس ہوا۔ پھر بخار آیا اور خوب آیا، پھر استفراغ ہوئے اور خوب ہوئے، پھر ضعف طاری ہوگیا اور خوب ہوگیا، اس حالت میں دو سوال سامنے تھے ایک یہ کہ مشاعرہ میں جاؤ مگر نہ جاؤ، دوسرا یہ کہ وطن واپس چلو مگر نہ چلو، لہذا اس چلو اور نہ چلو سے یہ منطقی نتیجہ نکلا کہ نہ چلو تو کہیں نہ چلو اور جو چلو تو دونوں جگہ چلو۔

حضرت گرامی محمد عبدالمجید صاحب قریشی ایم اے، پرنسپل کالج نے پہلے ہی فرما دیا تھا کہ آپ کو اور حضرت پروفیسر محمد فاروق ایم ایس سی کو مشاعرہ میں "تقریرنا" ہوگا اور یہ خبر بعض لوگوں تک "شدہ شدہ" بھی ہوگئی تھی اس لئے ایسے لوگوں کو مشاعرہ میں انتظار ہوگا کہ آخر ملا رموزی صاحب مشاعرہ میں ایسے وہ کہاں کے علمی و ادبی دریا بہاتے ہیں جو ہم نے آج تک نہیں دیکھے؟ مگر یہاں ضعف سے یہ حال کہ ایک "باسی کمبل" اوڑھ کر مشاعرہ میں یوں چلے جیسے گورنری کے عہدہ سے کمشنری کا چارج لینے چار و ناچار جا رہے ہوں۔ مشاعرہ منعقد ہونے والے گھر کا نام آج تک "یونی ین" ہی ہے اور ایک اسی پر کیا موقوف ہے۔ کالج اور یونیورسٹی کی بے شمار عمارتوں کے نام انگریزوں کے نام پر ہیں، خیر ذرا سوراج مل جانے دیجے پھر اگر انہی عمارتوں کے نام "حویلی سید احمد خاں" "احاطہ محسن الملک" اور "باڑہ مزمل اللہ خاں" نہ رکھ دیں تو ملا رموزی نہیں۔

غرض اس مکان میں نشستوں کا جغرافیہ نہایت درجہ مرتب و مہذب ہے اور ان کرسیوں کو دیکھ کر اطمینان ہو جاتا ہے کہ اس سال کی کلکتہ کانگریس کے پنڈال کی طرح یہاں ——— اماں میری شیروانی تو چھوڑ دو، ذرا ادھر تو ہٹو۔

ارے ارے میری پاؤں پر جوتا تو "دھرو" کا شور نہ ہوگا۔ مگر ہوتا ہے۔

ان کرسیوں کے درمیان سے ایک ایسا "بخط مستقیم والا معاملہ" ہے کہ اگر اسٹیج کے زینہ پر منتظم پروفیسر کا تار چڑھا دو تو شاعر سیدھا اسٹیج پر پہنچ کر دم لیتا ہے۔ تہذیب محفل یہ ہے کہ اگر کوئی نامی گرامی شاعر یا صاحب فضل تو "تمام کچا کچ حاضرین" تالیاں بجاتے ہیں، جو پرجوش غیر مقدم کا مغربی طریقہ ہے اور اب مشرقی بھی

کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

ہم جو داخل ہوئے تو ادھر ہال تک کسی کو ضرورت بھی نہیں تھی کہ سب کچھ چھوڑ کر وہ ہمیں پہچان ہی لے اور خود ہم نے یہ پسند نہ کیا کہ ہم دروازہ ہی سے چلا کر کہیں کہ۔ ہوشیار ہو جاؤ۔ جاگتے رہو کہ ملا رموزی صاحب آرہے ہیں، نتیجہ یہ ہوا کہ آدھے ہال تک یوں گردن جھکائے چلے گئے گویا ہم کوئی چیز ہی نہیں، مگر نصف ہال کے بعد چند طلبہ نے پہچان لیا تو انھوں نے تالی بجادی، طلبا میں کالج کی طرف سے یوں تو تالی بجانے کے تمام قواعد و ضوابط جاری ہیں، مگر عمل کے وقت ہال میں صرف ایک تالی بجانا کافی ہوتا ہے، پھر برقی رفتار سے جملہ تالیاں بج جاتی ہیں۔ یوں کہ خود تالی بجانے والوں کو تالی کا سبب معلوم نہیں ہوتا اور اسی لئے بعد ختم تالی گردنیں اٹھا کر اور کہنی مار کر ایک دوسرے سے سبب دریافت کرتے ہیں، مگر تالی بجاتے وقت یہ تحقیق نہیں فرماتے کہ آخر تالی کیوں بجی؟ اور جو بجی تو بجے مگر ہم کیوں بجائیں؟ اس لئے ہم نے بھی ان تالیوں کے دو معنی سمجھے ایک یہ کہ یا تو ہمارے آنے سے طلبا کو بے حد مسرت ہوئی؟ یا پھر ہم سے داخلہ کے وقت ضرور کوئی غلطی سرزد ہوئی ہے۔ اس لئے ان تالیوں کے صاف معنی یہ ہیں کہ " واہ ملا رموزی صاحب"!

"اسٹیج" کے قریب پہنچنے میں کوئی قدم دو قدم منٹ باقی تھے کہ کسی نے ؎

کرشمہ دامنِ دل می کشد کہ جا اینجا ست

کہا اور ہم اسٹیج سے پہلے ہی بٹھائے گئے۔ دیکھا تو برادر محترم حضرت جلیل احمد قدوائی بی اے، مشہور ادیب و فسانہ نگار اور حضرت محترم پروفیسر محمد فاروق ایم ایس سی تھے، گویا تھیٹر کے حساب سے اس وقت ہم پانچ روپے والے درجہ میں بیٹھ گئے۔ مگر فوراً ہی اسٹیج پر کسی نے حضرت عالی پرنسپل صاحب سے کہدیا کہ ـــــ دیکھئے وہ ہاں ہاں وہ، ارے صاحب یہ کیا فاروق صاحب کے برابر بیٹھے ہیں پرنسپل صاحب نے دیکھتے ہی اشارہ فرمایا اور حضرت قبلہ احسن صاحب دوڑے ہوئے آئے اور از راہ غایت شفقت ہمارے مصافحہ کو بوسہ دیا اور اسٹیج پر لے گئے۔

اسٹیج کی پہلی ہی سطر میں دیکھتے کیا ہیں کہ بیٹھے ہوئے ہیں یعنی ادیب عالی پروفیسر خاوری ایم اے۔ ان کے بعد ذرا ایک دبیز قسم کے پروفیسر صاحب ایم اے تھے، دوسری جانب کی پہلی سطر میں حضرت رئیس الاحرار مولانا حسرت موہانی رونق افروز اور ان کے پاس (خدا جانے کیوں) پروفیسر فاروق ایم ایس سی پہنچکر بیٹھ بھی چکے تھے، فاروق صاحب کے پاس حضرت محترم میاں محمد شریف صاحب ایم اے پرووائس چانسلر تشریف فرما تھے، ہم روشنی کی ندامت سے محفوظ رہنے کے لئے صدارت کی کرسی کے پیچھے بیٹھ گئے، پروفیسر مولانا احسن صاحب کے صاحبزادے صاحب سے بڑے ذوق شوق سے باتیں شروع کردیں، برادرم حضرت محمد فاروق چوں کہ ایک پختہ کار اور کہنہ مشق اخبار نویس اور مضمون نگاری میں ایک دل کشا طرز خاص کے مالک بھی ہیں جنھیں اخبارات میں "حاجی بلغ العلیٰ" کے نام سے سب جانتے ہیں اور وہ اخبار ہم ایسے وقیع اخبار کے روح رواں بھی رہے ہیں۔ اس لئے ممدوح گرامی اور ہمارے تعلقات میں ایک "اخباری ساز باز" کا ہونا ازبس کہ لازم و لابد تھا۔ لہذا ممدوح نے ہمیں اپنے پاس بلایا اس لئے بھی کہ حضرت پرووائس چانسلر سے تعارف کا احسان بھی دھر دیں گے اور اپنے پاس بٹھا کر "تنقیدیں بھی اڑائینگے" یہی ہوا۔ گئے تو آپ نے بڑی لیاقت سے پرووائس چانسلر صاحب سے تعارف کرایا اور تھوڑی دیر میں اندازہ ہوا کہ حضرت پرووائس چانسلر ادب اردو اور شعر اردو کے ایک نکتہ رس فرد ہیں اور شاعرانہ مذاق نہایت بلند و مختص ہے، اس حساب سے اس وقت ایک نشست پر ہم "تین ادبی اتحادیوں کا قبضہ تھا پھر مجال تھی جو تنقید، نکتہ چینی، مصرعہ چینی اور پوری غزل چینی سے کوئی شاعر محروم رہ جاتا؟

یہاں سے ایک نظر ہال پر ڈالو تو ارکان مشاعرہ، اساتذہ کرام اور عزیز طلبا کی مستعدی اور مشاعرہ کے اہتمام میں ان کی مصروفیت دیکھ کر اس لئے جی خوش ہوا کہ یہ سب کچھ محض "علم و ادب" کی خدمت کے لئے ہے، بجلی کے رنگ رنگ قمقموں سے مشاعرہ یا صحن محفل یا در و دیوار محفل جگمگا رہے تھے۔ عزیز طلبا باوجود جاڑا کالج کی اسلامی وردی پہنے تھے اور محترم پروفیسر لوگ انگریزی سوٹ، محفل کی آرائش سے پتا چل رہا تھا کہ یہاں بھی قبلہ احسن صاحب کو شعراء نوازی سے بہت کم فرصت ملی اس لئے "لڑکوں نے

رنگا رنگ جھنڈیوں میں بجائے "ہلال" کے "جیک" کی شان پیدا کر دی اور یہ کسی قصد و ارادے سے نہیں بلکہ اس جوش کے ساتھ کہ ایک ہی جھنڈی میں مختلف رنگ کی پٹیاں لگائیں گے تو زیادہ بھلی ہونگی۔ مگر یہ بھول گئے کہ جب ایک ہی جھنڈی میں تین چار پٹیاں برابر برابر لگائیں گے تو وہ برطانوی جھنڈی ہو جائے گی اور یہاں آج ضرورت تھی "قومی جھنڈی" کی اور تو کچھ نہیں ڈر فقط یہ تھا کہ کہیں مولانا حسرت موہانی کی نظر نہ پڑ جائے کیوں کہ وہی ہیں جو ذرا ایسی باتوں سے ناراض ہو جایا کرتے ہیں اور اسی لئے حضرت قبلہ احسن دل ہی دل میں کہہ رہے ہونگے کہ انشاء اللہ زندہ ہوں تو آیندہ سال ہال کو "ہلال ہی ہلال" سے بھر دوں گا۔

وقت سے پہلے پہونچے تھے اس لئے شعرا و ادبا کی آمد آمد تھی اشراف شہر اور یونیورسٹی کے ارکان وغیرہ آرہے تھے اس لئے اسٹیج کے منتظم حضرات فرما رہے تھے۔ وعلیکم السلام، مزاج شریف یہاں تشریف لائیے یہاں، یہ کرسی لیجئے یہ کرسی۔ یہاں یہاں ادھر ادھر، یہ لیجئے کرسی حاضر ہے، ذرا بھئی خاموش تو رہو، لاؤ وہ کرسی ادھر اٹھا دو، آرام سے تشریف رکھئے، ذرا آپ اپنی کرسی سیدھی کر لیجئے، بس بس تھینک یو، دیکھو بھئی شور تو نہ ہونے دو۔ ان خدمات کے افسر اعلیٰ ہمارے زندہ دل و زندہ دماغ دوست اور تاریخ کے لائق احترام عالم حضرت پروفیسر عبدالعزیز پوری ایم اے، ایل ایل بی تھے۔ اسی تشریف لائیے کے سلسلے میں وہ ہمارے پاس بھی تشریف لائے اور بڑے تپاک سے سگریٹ پلایا، ان سے بے تکلف ہونے کے لئے بس یہی کافی تھا کہ ہم ان کی نظر میں پہلے ہی سے ملا رموزی تھے اور وہ ہمارے خیال میں "پوری صاحب"!

کرسیوں اور تشریف لائیے کے بعد پان، سگریٹ، چائے کے انصرام میں تو پوری صاحب کو بڑا دخل ہو، لیکن وہ طلبا کے "بندے ماترمی نعروں" کی روک تھام میں بہت کافی مستعد تھے۔ اور اس انتظام و بندوبست کے لئے دوسرے پروفیسر صاحبان کا طلبہ کے پاس کھڑا رہنا حقیقت میں کالج کی تہذیبی اور تنظیمی تربیت کا بیان کر رہا تھا اور اس سے نہ فقط تنظیمی اور اصلاحی بیداری کا ثبوت مل رہا تھا بلکہ ان پروفیسروں کا تہذیبی

قومی مجالس کی بزرگداشت اور ادبِ اردو کی خدمت کے وہ شائستہ تقلید دلائق سپاس و لولے ظاہر تھے جن سے طارموزی کا قلب کافی طور پر متاثر رہا۔ خدا ان پاک نفس اور ایثار پیشہ پروفیسروں کی صحت اور تنخواہوں میں اضافہ فرمائے اب رہے قبلہ احسن صاحب سو ان کا ذہنی اور عملی انہماک اس درجہ بڑھا ہوا تھا کہ وہ شور کی تخفیف کے لئے کرسی پر سے کبھی کبھی ہاتھ تو بلند فرما سکتے تھے مگر وہ یہ نہیں کر سکتے تھے کہ ہال میں پہنچ کر "لڑکوں" سے کہتے کہ دیکھو بھئی اب تو شور کیا ہی مگر اب نہ کرنا ورنہ حق میں اچھا نہ ہوگا۔

مشاعرہ کی طرح اردو تھی ؎

بے خودی کا ہے یہ عالم کہ خدا یاد نہیں

طرح فارسی تھی ؎

دانستہ دشنہ تیز نہ کردن گناہِ کیست ؟

ان کے بعد نظم کے لئے "عزتِ نفس" اور "جذبۂ قومی" کے موضوعات تھے، ان موضوعات سے انتخاب کنندہ حضرات اور کالج کے عملۂ تعلیم کے ذہنی تاثر اور مطمحِ نظر کا جو اندازہ ہو سکتا ہے اس کی بلند پائیگی، ضرورت، محل شناسی اور "قومی تربیت کی صلاحیت اور بیداری کی داد نہ دینا حقیقت آگاہی سے انکار کرنا ہے۔ ان عنوانات سے پرنسپل اور اساتذۂ کرام کے تعلیمی نصب العین کے لئے یہ کہنا پڑتا ہے کہ مسلمان بچوں کی اصلاح و ترقی اور تعلیم و تربیت کے جن بلند و برتر مقاصد کے داعی حضرت سرسید علیہ الرحمۃ تھے اُن مقاصد کے امانت دار اس کالج میں آج بھی موجود ہیں اور خدا انھیں تا دیر رکھے۔

یہ امر واقع ہے کہ جس قوم اور جماعت میں "عزتِ نفس" کا احساس زندہ و باقی ہے وہ زندگی کے اعلیٰ مدارج اور علو و برتری کے ہر شعبے کو استوار و مستحکم رکھنے کے لئے ہمیشہ سامی و کوشاں رہے گی خواہ وہ شعبۂ میدانِ قیادت ہو یا مرتبۂ علم و عمل، پھر کسی درس گاہ میں "عزتِ نفس" کی روح کو بیدار رکھنا درس گاہ کے ارکان کی اُس محبت اور وسعتِ نیت کو واضح کرتا ہے جو انھیں قوم کے نونہالوں کے ساتھ ہے۔ "جذبۂ قومی" کا موضوع بھی [illegible]

خصوصیات کو محفوظ و مستحکم رکھنے کا ایک ایسا درس ہے جس کے منتخب و مقرر کرنے والوں کی وہ قومی عصبیت اور "قومیت پسندی" ثابت ہے جسے وہ اپنی قوم کے ہر فرد میں پیدا کر دینے کے لئے تیار اور مستعد ہیں، پھر جب ان اہم و اقدم موضوعات کو "محفلِ مشاعرہ" ایسی عام مجلس میں اظہار خیال کی شرط لازم اور قابل انعام عمل ٹھیرا دیا جائے تو اس سے ارکان دارالعلوم کا شکر و احسان مسلمانوں کے لئے بھی عام طور پر لازم ہو جاتا ہے خواہ ان مسلمانوں میں ہندوستانی ہوں یا افغانستان کے "شنواری"

حضرتِ گرامی صدر مشاعرہ کی میز کے سیدھے ہاتھ کی طرف مع کرسی حضرت قبلہ احسن صاحب تھے مگر صدر صاحب سے قریب ضرور تھے، آپ سے متصل "کرسیٔ شاعر" تھی، میز کی بائیں سمت ناظم مجلس مذاکرہ علمیہ کی کرسی تھی، حضرت قبلہ احسن مدظلہ "بڑھیا لباس میں" رونق فزا تھے اور شعرا کے اسماء اور ترتیب کی فہرستیں اس آن بان سے لئے ہوئے تھے گویا "جمعیۃ الاقوام" کے اجلاس میں آخری دستخطوں کے لئے "معاہدۂ لوکارنو" اور "معاہدۂ کیلاگ" آپ ہی پیش کرنے والے ہیں اور اسی لئے آپ کے بائیں ہاتھ پر آپ کے ایک چھوڑ دو "لٹریری اٹاچی" بھی موجود تھے۔ جب ہال کے تمام حصے کھچا کھچ پورے ہو گئے تو حالی منزلت صدر مشاعرہ محمد عبدالمجید صاحب قریشی ایم اے پرنسپل کالج صدارت کی کرسی پر یوں جلوہ فرما ہوئے کہ ہم سے اخلاقاً بھی یہ نہ کہا کہ "لیجئے ملا صاحب آج آپ ہی صدارت کیجئے" بارے ممدوح گرامی نے افتتاح کار کے طریق پر اور اسلامی قومیت کے دستور و قاعدہ کے موافق ایما فرمایا اور ایک خوش آواز طالب علم نے قرآن کریم سے چند آیات تلاوت کیں اور سارا مجمع دست بستہ کھڑا ہو گیا۔ یہ وہ مؤثر نظارہ تھا جو ہماری بدنصیب آنکھوں کو سال سوا سال ہی میں میسر آتا ہے۔ اس نظارہ سے اسلامی قومیت اور خدائے جلال و جمال کی عظمت و شاہنشاہی کی وہ روح بیدار ہو رہی تھی جسے مسلمانوں میں دن رات میں پانچ مرتبہ زندہ ہونا چاہیئے تھا، مگر ویران مساجد بتاتی ہیں کہ ایسا نہیں ہوتا۔ یہی وہ نظارہ تھا جہاں عزیز و محبوب طلبا اور کالج کے معزز و محترم ارکان کو دست بستہ اور سر خمیدہ دیکھ کر کہنا پڑتا تھا کہ علی گڑھ والوں میں اب "نیچری لوگ" نہیں رہے۔ چوں کہ ملا موزی صاحب حافظ قرآن بھی ہیں اس لئے وہ تاڑ گئے کہ قاری صاحب نے جلسہ کا اثر قبول کر لیا اور اسی لئے وہ ایک جگہ

"غلط پڑھ گئے" جس کے گواہ قبلہ احسن ہیں۔

تلاوت کے بعد کارروائی کا آغاز یوں ہوا کہ بائیں کرسی والے صاحب نے میز پر رکھکر کچھ پڑھنا شروع کیا۔ اندازہ سے معلوم ہوتا تھا کہ یہ کالج کی مجلس مذاکرۂ علمیہ و ادبیہ کی روداد تھی مگر ان پر بھی "جلسہ کا رعب طاری تھا" اس لئے ایسی آواز میں پڑھ رہے تھے گویا وہ کاغذات کو نہیں بلکہ کاغذات انھیں پڑھ رہے ہیں، اس کے بعد حضرتِ گرامی صدرِ مجلس نے تقریر فرمائی۔

واضح ہو کہ پچھلے سال ہم نے صدارت سے متعلق اپنی دو حیرتوں کا اظہار کیا تھا ایک یہ کہ اس خالص "مجلس شعر" کا صدر بھی کوئی سلطان الشعراء ہی ہونا چاہیئے تھا حضرت گرامی پرنسپل صاحب صدر کیوں ہوئے؟ دوسرے یہ کہ اس "زبان اردو کے مشاعرہ" کی اختتامی تقریر انگریزی زبان میں کیوں؟ اس لئے صاحب صدر نے ابتداءِ تقریر ہی میں کسی بیرونی سلطان الشعراء کو صدر نہ بنائے جانے کے وہ مقامی وجوہ بیان فرمائے جن کا تعلق کالج اور یونیورسٹی کی انتظامی روایات سے ہے اور ہمیں اس امر کے اعتراف میں تامل نہیں کہ واقعی یہ صدارت ایک ایسی ہی ذات کو چاہتی ہے جو علاوہ ادبی ذوق کے مقامی نسبتوں کے اقتدار کی بھی مالک ہو لیکن اس موقع پر حضرت احسن نے اپنی کرسی صدارت کی کرسی سے بالکل ملا کر لگانے کی کوئی وجہ بیان نہ فرمائی۔

زبان انگریزی میں تقریر والے معاملہ کا جواب صاحب فضل و کمال صدر نے جس عمل سے دیا وہ یہ کہ آپ نے ساری تقریر اردو ہی میں کی اور ممدوح مکرم کا یہی وہ طرزِ عمل تھا ہمارے اعتراض کے جواب میں جو سبق تھا اُن کے لئے جو "اعتراض و نکتہ چینی" کی جائز تلخی کو برداشت نہیں کر سکتے، مگر فارموزی کا دماغ صاحب صدر کی اس "فراخ حوصلگی، شرافتِ نفس اور اصول نوازی" کے لئے ممنون و شناگستر ہے، عالی مرتبت صدر نے پھر "غایت شعر و مشاعرہ" پر جو اہم علمی تبصرہ فرمایا اُس سے یہ حیرت انگیز اندازہ ہوا کہ ممدوح محترم تو خود خاصے "سلطان الشعرا" ہیں۔ پھر عنقاتہ بلند نظری کے متعلق ممدوح کا یہ حصۂ تقریر کس درجہ اہم ہے جو آپ نے طلبا کو مخاطب کر کے فرمایا کہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ایسے اجتماعات اقوام و ملل کی سیرت اور اُن کے "ذہنی خواص کے

مظہر ہوا کرتے ہیں۔

اب مشاعرہ شروع ہو گیا لیکن مشاعرہ کے "غزلی حالات" سے قبل آپ ذیل کی تشریح ملاحظہ فرمالیجئے تاکہ مشاعرہ دلچسپ صورت میں آپ کے سامنے آجائے، پس جان لیجئے کہ مشاعروں میں حسب ذیل جذبات و خیالات کے لوگ شریک و شامل ہوا کرتے ہیں۔

(۱) محض ہنگامہ پسندی کی عادت سے۔

(۲) کسی مشہور گانے والے شاعر کا کلام سن کر خوش ہونے کے لئے۔

(۳) محض اس لئے کہ صبح تعطیل ہے چلو مشاعرہ میں دیکھو کیا ہوتا ہے۔

(۴) کسی مخبوط ذہن "نوجوان شاعر" کی زبانی اور جسمانی حرکات کی لغزشیں دیکھ کر اس پر قہقہہ لگانے کے لئے

(۵) کسی ظریف شاعر کا کلام سنیں گے اور اس پر خوب ہنسیں گے۔

(۶) عمدہ عمدہ غزلیں مشاعرہ سے لکھ لائیں گے اور پھر اسی شاعر کے انداز میں پڑھتے پھریں گے۔

(۷) غزل بھی سنیں گے اور چائے بسکٹ بھی سنیں گے۔

(۸) شاعروں کے لئے پھبتی، آوازے، تالیاں اور شور بہم پہنچائیں گے۔ "ایسوں" سے مجلسی وقار اور اصول کو صدمہ پہنچتا ہے۔

---

(۹) اپنے دوست شاعر کی غزل پر داد کے لئے خوب چیخ پکار سے کام لیں گے اور دوسروں کے لئے چپ رہیں گے، اس قسم کے شرکاء میں بعض خود شاعر کے لائے ہوئے بھی ہوتے ہیں اور بعد مشاعرہ شاعر اپنی تعریف میں خود کوئی مضمون جوڑ کر کسی "اخباری چیتھڑے" میں ان کے نام سے چھپوا دیتا ہے جس کا خلاصہ اس قسم کا ہوتا ہے کہ مگر ہمارے شاعر صاحب کا کلام کیا تھا خالص الہام تھا، آرٹ تھا اعجاز تھا، معجزہ تھا، کرامت تھی، بشارت تھی، صنعت و حرفت تھی اور ایک طرح کی "زراعت" بھی تھی ایسوں سے شعراء میں رقابت، جانب داری اور کبھی کبھی مشاعرہ ہی میں "لٹھ بازی" کا میدان بھی

گرم ہو جاتا ہے۔

(۱۰) محض شعرا اور ذوقِ شعر کے ساتھ آتے ہیں، متانت و سنجیدگی اور ضبط و سکون سے پورے مشاعرہ میں شریک رہتے ہیں اور چائے سگریٹ کا شکوہ کئے بغیر اسی وقار و خموشی سے چلے جاتے ہیں۔ ایسوں سے مجلسی وقار، اصول، باہمی خوشگواری، ایثار اور حسن خیال کی قوتیں فروغ پاتی ہیں۔

محترم شعرا میں مشاعرہ کے اندر جس ذوق و ذہن کے حضرات تشریف لاتے ہیں وہ یہ ہیں:

۱- اوندھی سیدھی داد ملے گی مگر ملے گی تو۔

۲- مشاعرہ میں غزل پڑھنے سے مزاجی جھجک دور ہوگی۔

۳- اساتذہ کا "طرز پڑھ" اور "طریق گا" دیکھیں گے پھر خود اسی طرح پڑھا کریں گے، اس خیال کا شاعر مشاعرہ میں "بہت بے محل کود پڑتا ہے۔ چیخ پڑتا ہے، اس کے تال سُر میں کہیں ٹھمری اور کہیں "قوالی" کا انداز پیدا ہوتا رہتا ہے، لوگ اس کی اس حماقت پر مذاق اڑاتے ہیں تو وہ دانستہ طور پر یہ سمجھتا ہے کہ مجھے داد مل رہی ہے۔

۴- بعض "شاعر نما دے" بھی ہوتے ہیں جنھیں بعض کہنہ مشق شاعر غزل دے کر مشاعرہ میں لاتے ہیں اور اس غزل کی داد سے خود علیحدہ بیٹھے مزے لیتے ہیں، بچوں کو ان کی اہلیت سے بلند غزل پڑھوانے کی حماقت میں بعض متین اور سمجھدار لوگ بھی مبتلا ہیں اور زبان اردو کے مشاعروں میں یہی وہ ذلیل رسم ہے جس کی کھلی ہوئی بے وقوفی سے یہ لوگ نہیں شرماتے صرف "اپنے مولانا احسن قبلہ" ایسے "لڑکوں" پر دل ہی دل میں جلتے رہتے ہیں۔

مذکورہ اقسام کے شعرا جہاں حاضرین کے وقت و خیال کی تباہی کا باعث ہیں وہاں ان کے شعری افکار سے ادب میں نہایت پست اور ذلیل تاثرات کا بے کار ذخیرہ داخل ہوتا ہے جو کسی متمدن اور شاندار زبان کے لئے نہایت مہلک حصۂ ادب ہے۔

۵ - بعض ایک ماہ یا ایک ہفتہ پہلے سے مشاعرہ کے لئے محنت کے ساتھ غزل کہتے ہیں۔ اصلاح لیتے ہیں اُسے خوش خط لکھتے ہیں، کپڑے بدلتے ہیں۔ سواری خرچ ادا کرتے ہیں چار چھ گھنٹے تک انتظار کرتے ہیں۔ لیکن غزل پڑھتے وقت یوں انکار کرتے ہیں گویا انھیں مشاعرہ تک کی خبر نہ ہوئی مگر مسلسل اصرار کے بعد وہ پڑھتے ہیں اور غیر طرح تک پڑھ گزرتے ہیں۔ اس قسم کے شعرا کی حرکات کا اخلاقی اثر یہ ہوتا ہے کہ مخاطب میں لایعنی تکلفات مضحک عادات، سست کاری اور مہملات پسندی کی ذہنیت رواج پاتی ہے ثبوت یہ کہ سنجیدہ شرکا بھی ان کے مصنوعی انکار کی جہالت کو جان بوجھ کر اپنے پیہم اصرار سے ترقی دیتے ہیں، ترقی یافتہ قومیں ایسی کھلی ہوئی بیہودگی کو قومی ذلت تصور کرتی ہیں۔

---

۶ - اس قسم کا شاعر آج کل کے نوجوانوں سے پیدا ہوتا ہے مگر علم، عمر، تجربے، دماغ کی ساخت اور فطرت کے لحاظ سے یہ نہایت مرعوب ہونے والی ذہنیت رکھتا ہے۔ یہ تحقیق، جدت، پرواز اور واقعیت کے مقابل ہر طاقتور اور شاندار تحریک اور کیفیت سے مرعوب ہو جاتا ہے۔ اس کی شاعری کا قوام گرد و پیش کے اُن تاثرات سے تیار ہوتا ہے جن کی صحیح نوعیت و حقیقت کی تہ تک اُس کے ذہن کی رسائی نہیں ہوتی البتہ وہ ماحول کے سطحی اثرات سے متاثر ہوتا ہے، مثلاً اُس کے عہد کے افراد کسی عظیم الشان انسان کی مصلحانہ آواز کو اگر "پیغام" کہتے ہیں تو وہ فوراً اپنی نظم کو بھی "پیغام" کہہ دیتا ہے، حالاں کہ پیغام کی ذمہ داری حکمت آموزی اور اُس کی اثری حیثیت کے ادنیٰ اصول سے بھی اس کا ذہن عالی ہوتا ہے وہ لفظ "آرٹ" کی ترکیبی، اصولی اور معنوی خاصیت سے قطعاً بے خبر ہوتا ہے مگر وہ اپنی نظم کو "آرٹ" بھی کہہ دیتا ہے کسی بعید الفہم ادراک و تحریک کو جس کے اثرات بہت عمیق و بلند ہوں اگر لوگ "الہام" کہدیں تو یہ بھی اپنی نظم کو "الہام" کہنے میں تامل نہیں کرتا، اگر یہ سُن لے کہ پریزیڈنٹ ولسن آنجہانی کے اصول چہاردہ گانہ کو سیاسیات میں "شاہ کار" یا "ماسٹر پیس" کہتے ہیں تو وہ بھی اپنے ہر شعر کو "شاہ کار" اور "ماسٹر پیس" کہنے میں تاخیر نہیں کرتا۔

اس قسم کے شعرا کی فکری کوششوں کا تمام زور "پرشوکت الفاظ" مہمل اور ناقابل فہم خرافات اور پیچیدگی نظم کرنے میں صرف ہوتا ہے اور ایسوں کے کلام سے حاضرین، سامعین اور ناظرین کو وحشت، ہنسی یا پھر ان خرافات میں خواہ مخواہ کے قیاسات دوڑانے کی قوت پیدا ہو کر ضائع جاتی ہے۔ اس قسم کی نظم کو منشا رشعر اور اصول شعر سے کوئی علاقہ نہیں ہوتا۔ اور اسی لئے ایسے شعرا اپنی خطابی کامیابی کے لئے "خوش آوازی" اور سطوت انگیز الفاظ کی ہیبت طاری کرتے ہیں اور اس طریق کار سے مخاطب میں معانی و مقاصد کی تہ تک پہونچنے کی صلاحیت پست ہو جاتی ہے اور قوم میں "شاندار لفاظی" کی قوت ترقی پاتی ہے۔

۷۔ اس قسم کا شاعر فن شعر اور منشا رشعر کے لئے ایک "درمیانی درجہ" ہوتا ہے جس کا صحیح نام رکھنا محال ہے اسے اگر مشاعرہ کا باقاعدہ اذن نہ دیجئے تو یہ میر مشاعرہ یا منصرم سے کہہ دیتا ہے کہ میں ہر حال میں آؤں گا کیوں کہ میں "قومی شاعر" ہوں اس حساب سے ایسے شعرا شاعری کے "سائمن کمیشن" ہوتے اور ان کے سامعین "گو بیک" مشاعرہ کو یہ لوگ ادب یا ذہنی خدمت کا کوئی خاص ذریعہ نہیں سمجھتے بلکہ ان کا پہلا مقصد "ابھرنا" اور "شہرت طلبی" ہوتا ہے اور اسی لئے وہ شعر و خیال کی تزئین سے زیادہ اپنی زیبائش سے ناظرین کو متاثر کرتے ہیں، باوجودیکہ یہ خود کو "قومی شاعر" کہتے ہیں مگر قومی خصائص و قومی شعائر میں سے ان کے پاس کچھ نہیں ہوتا۔ مثلاً ان کی معاشرتی حالت صحیح نہیں ہوتی وہ ملکی اور قومی لباس کا تاثر پیدا کرنے کے عوض انگریزوں کا کوٹ اور پاجامہ پہن کر اس ذہنی اور خیالی درس گاہ میں یوں نظر آتے ہیں گویا کسی مخطوطہ کا شہکار کی نقش کو مصری آثار قدیمہ کی مومیائی سے لیپ دیا ہو۔ یہ اپنے کلام کو موثر بنانے کے لئے آنکھ، کان، چہرے، کمر اور ہاتھوں سے ایسی مضحک صورتیں بناتے ہیں جن پر حاضرین و ناظرین میں جوش، مسرت، ولولہ اور فہم و ادراک کی قوتوں کی جگہ شرم، انفعال، ملامت اور نفرت کے ذلیل جذبات بھڑکتے ہیں۔

۸۔ اس نوع کے شعرا کے پاس علوم و معارف، وسعت خیال و تجربہ، وقار، تحمل، سکون و دبدبہ، متانت و سنجیدگی اور خلق و سادگی کے خزانے ہوتے ہیں اور اسی لئے وہ اپنی خطابی اور تاثیری حیثیت میں قوتی صنعت و جدت پیدا کرنے سے بے پروا رہتے ہیں مگر ان کا ہر مصرع خیال و قیاس، تکمیل و تحقیق اور سنجیدگی کے

تمام شعری لوازم کا حامل ہوتا ہے۔ وہ اپنے کمال کی پختگی کے اثر سے خود اپنی حیثیت اور قیمت سے بے خبر رہتے ہیں جیسے اپنے مولانا حسرت موہانی اس مشاعرہ میں ہرے رنگ کی بیاض پر عینک دھرے یوں بیٹھے ہوئے تھے گویا وہ اپنے ہی دولت خانہ میں آرام فرما رہے ہیں اور یہی وہ اصل شاعر ہیں جو اپنے مخاطب میں شعر کے مقاصد و اثرات کو تازہ کرتے ہیں ایسے شاعر کی تاثیری کامیابی کی علامت یہ ہے کہ سامع پر شاعر اور شعر کی عظمت سے سکوت، حیرت اور خموشی کی ایک ہلکی سی تھکن طاری ہو جاتی ہے۔ اس شاعری سے ادب میں لفظی و معنوی وزن وقار اور مقاصد کا قابلِ تعریف ذخیرہ جمع ہوتا ہے۔

مذکورہ ذوقیات کے لوگوں کے مجمع کو ملحوظِ خاطر رکھکر اب اصل کارروائی ملاحظہ ہو۔ حضرت قبلہ احسن صاحب نے بڑے شاعرانہ دبدبہ سے شعرا کی فہرست صدر صاحب کے سامنے پیش کی اور شعرا نے غزل پڑھنا شروع کیا۔ ابتدا میں کالج کے طلبہ نے غزلیں پڑھیں۔ خیال تھا کہ ابھی طلبہ ہی کا سلسلہ جاری رہے گا کہ یکایک ایک بیرونی شاعر صاحب نے غزل پڑھی۔ بلند و بالا قامت، آواز میں وہ "فوجداری بھری ہوئی" کہ طلبہ سہم تو گئے ہوں گے۔ چار پانچ اشعار کے بعد آپ نے پانی طلب کیا۔ دیا گیا تو پیا گیا اور پھر رعد و برق کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ عمر ہوگی کوئی ایک کم پچاس برس کی۔ ہر شعر کی تان پہلے شعر کی تان سے مختلف ہوتی تھی، آپ جب فارغ ہو کر کرسی پر بیٹھے تو دیر تک مسرور آنکھوں سے پاس والوں کو اس لئے دیکھتے رہے کہ "کیوں کیسی لاجواب غزل پڑھی؟"۔ جو شخص ان کی طرف دیکھتا یہ جھک کے آداب بجا لاتے۔ اس حرکت سے اندازہ ہوا کہ یہ مسرت انھیں وطن تک خوش رکھے گی اور ریل کے سفر میں بھی یہ مسافروں سے کہیں گے کہ "تمھیں کیا خبر علی گڑھ میں ایسی غزل پڑھکر آرہا ہوں کہ آپ بھی سن لیجے"۔

آپ کے بعد پھر کالج کے طلبہ نے غزلیں پڑھیں۔ شاعر کے لئے چوں کہ ایک کرسی رکھدی گئی تھی مگر اس پر بیٹھکر پڑھنا شاعر کی ذہنی حالت پر موقوف تھا۔ چنانچہ اکثر یہی ہوا کہ بیدار مغز طلبہ کرسی چھوڑ کر "لیکچر" کے انداز سے غزلیں پڑھنے لگے۔ یہاں سے پھر وہ مقابلہ شروع ہو گیا جو آج کل شعرا میں عام ہوتا جا رہا ہے۔ غزل ہو تو

اس مقابلہ میں۔ بوڑھے شاعروں کی یعنی گا کر پڑھنا اور اس پر ہاتھ ہلانے کا اضافہ طرفہ مصیبت ہے۔ چنانچہ متعدد طلبہ نے "گایا"۔ اس اثنا میں ایک طالب علم ایسے بھی آئے جنھوں نے گانے کی مشق کئے بغیر گانا شروع کیا تو حاضرین نے بھی زبانی داد کا وہ اضافہ فرمایا کہ غزل سننا محال ہوگیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ایک دوسرے طالب علم نے ان سے غزل لے کر پڑھی۔

ادھر تو غزلوں کا سلسلہ مشاعرہ کا رنگ رفتہ رفتہ جا رہا تھا ادھر قبلہ احسن صاحب کے انتظامی ارکان تھے جو "پان پر پان"، "سگریٹ پر سگریٹ" اور "پانی پر پانی" پلائے چلے جا رہے تھے اور پھر یہی نہیں بلکہ ہر شخص کے عین منہ کے سامنے کھڑے ہو کر یہ اصرار کہ الائچی تو لیجے، تمباکو تو لیجے، چھالیا بھی لی یا نہیں۔ کیا فرمایا سگریٹ بہت اچھا۔ ذرا آپ کو سگریٹ دیجے۔ ہاں ہاں آپ کو بھی ماچس تو دو۔ یہاں حضرت مکرم پروفیسر عبدالعزیز پوری۔ سگریٹ پلانے میں اس درجہ مستعد تھے کہ پہلی سگریٹ کا تار نہیں ٹوٹنے دیتے تھے اور احسان مزید یہ کہ منہ کے سامنے کھڑے ہو کر ماچس بھی خود جلاتے تھے۔ جہاں سے سگریٹ ختم ہو جاتے وہاں سے آواز دیتے سگریٹ لانا مگر خود علیحدہ نہ ہوتے۔ اس تواضع کی ترتیب یوں تھی کہ شاعر پوری غزل پڑھ کر بیٹھ بھی جاتا تھا مگر سگریٹ کا سلسلہ جاری رہتا۔ اس معاملہ سے شاعروں کے دل میں آگ لگ جاتی تھی، مگر یہ تواضع پیشہ حضرات بھی تھے تجربہ کا ساس لئے جہاں شاعر غزل پڑھ کر بیٹھتا یہ حضرات پان سگریٹ کے خوان لے کر آتے پان پیش کرتے اور بے سنے سمجھے یہ بھی کہتے پان ملاحظہ فرمایئے ماشاء اللہ کیا غزل پڑھی۔ بے چارہ شاعر پان بھی کھاتا اور شکوہ کی بجائے شکریہ پیش کرتا۔

یہ وہ تواضع تھی جس سے حاضرین خوش اور شعرا ناخوش ہوں گے اور دل میں کہتے ہوں گے کہ یہ "علر پان" غزل کے کسی ایسے خاتمہ پر کیوں نہیں پیش ہوتے جب سب طرف سکون ہو یا اس کے لئے اعلان کر دیا جائے کہ "معزز شائقین بعد غزل کے ایک سگریٹ بھی پلایا جائے گا مگر یہ مسئلہ ہے ارکان مشاعرہ کے خلوص کا اس لئے امید نہیں کہ اس میں کوئی تبدیلی واقع ہو۔ پھر اس سے ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ حضرت

پروفیسر پوری کبھی کبھی صدر صاحب کے برابر بھی کھڑے ہو جاتے ہیں اور ہال کی طرف فخر سے دیکھ سکتے ہیں اس حالت میں کوئی ان سے نہیں کہہ سکتا کہ "ذرا عمامہ اتار لیجیے" شاعر کا منہ نظر نہیں آتا۔ اسی طرح یہ شاعر کے لئے بھی یوں مفید ہیں کہ شاعر کی مذبوحی حرکات حاضرین کو نظر نہیں آتیں تو شور کم ہوتا ہے۔ بہرحال یہ سارا معاملہ حضرت احسن قبلہ کے ذوق پر موقوف ہے مگر وہ اس وقت حاضرین کی سطروں میں کب تشریف رکھتے ہیں جو انہیں علم ہو؟

چوں کہ مشاعرہ ابھی ابھی شروع ہوا تھا، بیرونی شعرا میں سے بہت کم آئے تھے۔ البتہ ہمارے سیدھے ہاتھ والی سطر میں ایک صاحب یوں بیٹھے تھے کہ سر کو کرسی پر لگا کر پاؤں کو اس طرح دراز فرما لیا تھا گویا وہ سورۂ یٰسین سننے کے لئے آخری مرتبہ صحت ہو چکے ہیں۔ مزاجی خشکی کا یہ عالم کہ کسی شاعر کی غزل پسند ہی نہ آتی تھی۔ آنکھیں بند فرما چکے تھے۔ پان سگریٹ والے ان کے اکڑے ہوئے پاؤں پر سے خود ہی کود کر چلے جاتے تھے مگر وہ ٹس سے مس نہیں ہوتے تھے گویا ان کے لئے یہ مشاعرہ بھی آگرہ کا ریلوے ویٹنگ روم تھا جہاں مسافر کرسی پر نصف بیٹھ کر اور نصف لیٹ کر سو جاتا ہے، ان کے منہ سے جو کسی شاعر کے لئے داد یا تحسین کے الفاظ نہ نکلے سو اس لئے کہ "خود کوئی بہت ہی بڑے ہوں گے"!

ان حالات کے بعد ہمارے اوپر پھر خواجہ میر "درد" کی توجہ ہوئی اور ہم مشاعرہ سے اٹھ کر صرف ذرا وطن تک چلے آئے، چوں کہ وطن تک پہونچنے میں ریل گاڑی کے دو دن صرف ہوتے ہیں اس لئے گویا ہم مشاعرہ ہی میں بیٹھے ہوئے تھے۔ فرق صرف نظر اور خیال کا تھا اس لئے مشاعرہ کے دوسرے دور میں جو کچھ ہوا خیال و قیاس کی امداد سے وہ بھی قلم بند کئے دیتے ہیں۔ چنانچہ دوسری شب میں یہ ہوا ہوگا کہ ہمارے دیرینہ دوست حضرت مولانا سید کلب احمد مانی جائسی آ گئے ہوں گے، حضرت مولانا شوکت علی خاں فانی بی اے ایل ایل بی علیگ۔ حضرت مولانا جگر مرادآبادی، حضرت پنڈت جگ موہن لال اناوی۔ رواں ایم اے، ایل ایل بی، حضرت نواب زادہ کپتان محمد رشید الظفر خاں بہادر بھوپالی، حضرت مولانا اظہر علی آزاد شریک ہوئے ہوں گے

جلسہ پھر تلاوتِ قرآن پاک سے شروع ہوا ہوگا، حضرت محترم صدر نے بڑے تپاک سے حضرت قبلہ احسن رہ سے غزل کے لئے اصرار فرمایا ہوگا۔ مگر قبلہ ممدوح نے کھانسی کا عذر فرما کر غزل سے صاف انکار کر دیا ہوگا اور مشہور یہ ہوا ہوگا کہ چونکہ حضرت مولانا بعض شعرا کے پاس "اصالتاً" بھی گئے تھے اس لئے عدیم الفرصتی کی وجہ سے غزل نہ کہہ سکے آپ کے بعد حضرت گرامی میاں حامد علی خاں صاحب (بھوپالی) نے غزل پڑھی ہوگی۔ اور بہت دل نشیں انداز میں پڑھی ہوگی، اس پر برادر محترم حضرت جلیل احمد قدوائی بی اے نے ہاتھ جوڑ کر صدر صاحب سے کہا ہوگا کہ اس غزل کو دوبارہ پڑھوایا جائے تو بھوپال کے حضرت مولانا حامد سعید خاں صاحب نے اس غزل کو پڑھا ہوگا، پھر صاحبِ صدر نے بڑے تپاک سے حضرت مگر مراد آبادی سے غزل کے لئے اصرار کیا ہوگا تو طبیعت اچھی نہ ہونے کے باعث انھوں نے دو غزلیں پڑھ کر صاف کہہ دیا ہوگا کہ اب معافی چاہتا ہوں، پھر حضرت رواں نے نہیں تو حضرت فانی جائسی نے غالب کی مشہور غزل پر اپنی بہترین تضمین پڑھی ہوگی جس میں یہ بھی آتا ہے کہ "یک قطرۂ خوں وہ بھی" انھیں اور حضرت رواں کو بے حد داد ملی ہوگی، اس کے بعد صدر صاحب نے حضرت گرامی پروفیسر عبدالعزیز صاحب پوری سے فرمایا ہوگا کہ موقع غنیمت ہے غزل پڑھ لیجئے تو ممدوح نے نہایت جانفشانی سے ترنم کے ساتھ غزل پڑھی ہوگی تو لوگ باگ چیخ اٹھے ہوں گے کہ سبحان اللہ اور وہ جو مثل مشہور ہے کہ "پروفیسر کو دیکھ کر پروفیسر رنگ بدلتا ہے" سو آپ کو دیکھ کر ایک پروفیسر صاحب نے فارسی غزل شروع فرمائی ہوگی، مگر مارے ترنم کے دو چار اشعار کے بعد ہی کھانسی نے پکڑ لیا ہوگا، ان کے پڑھنے میں وقار، دبدبہ، شوکت، آن بان کے تمام لوازم مکمل ہوں گے تو طلبہ مسکرائے ہوں گے مگر پروفیسر ہونے کے ڈر سے وہ مرتب تالیاں نہ بجائی ہوں گی جو وہ کبھی بے اختیار بجا اٹھتے ہیں۔

آپ کے بعد ایک صاحب سے اور کچھ نہ بن آیا ہوگا تو انھوں نے صاف صاف غزل پڑھنا شروع کر دیا ہوگا جسے سن کر حضرت مولانا احسن آپ سے باہر ہو گئے ہوں گے اور آپ نے شاعر سے کہہ دیا ہوگا، بس بس بس۔ بعد میں معلوم ہوا ہوگا کہ ان شاعر صاحب کو حضرت نثار موزی نے مشاعرہ سے رخصت ہوتے وقت ریلوے اسٹیشن پر مشاعرہ میں جانے کی تاکید فرما دی تھی اور ان کا تخلص اور کچھ نہیں تو بوم ہے۔ پھر حضرت فانی مدظلہ نے غزل پڑھی ہوگی تو

مشاعرہ ان کی عظمت، خوش سلیقگی، حسن اخلاق اور حسن کلام سے بے انتہا متاثر ہوا ہوگا۔ ان کے بعد لوگوں کا دل کسی دوسرے شاعر کا کلام سننے کو نہ چاہتا ہوگا۔ مگر ایک صاحب نے یہ ضرور کہا ہوگا میں یہاں بھی سناؤں گا اور آپ طلبا کے "گمروں پر آکر" بھی سناؤں گا۔ سنجیدہ حاضرین نے اس بے چارہ کی پست ذہنیت پر دل میں نفرین کہکر بظاہر تبسم فرمایا ہوگا۔ اور بس

اب مقام ہردوئی کے گورنمنٹ ہائی اسکول کے ایک ماسٹر صاحب کے کلام کی باری تھی مگر افسوس کہ وہ خود حاضر نہ ہوسکے۔ اس لئے ممدوح نے اپنا کلام حضرت قبلہ احسن کے نام روانہ کردیا جو "ڈاک خانہ سے سازباز" کی وجہ سے بجائے حضرت احسن کے ہمیں مل گیا۔ اس لئے ہم اسے "کھکر پڑھتے ہیں"

اس کلام میں، عروض، علم الکلام، بلاغت، سیاست، پند و نصیحت، فلسفہ، انشاء وغیرہ وغیرہ کے بے شمار و بے اندازہ اصول شامل ہیں۔ اس لئے ان کی تفصیل ایک علیحدہ تبصرہ کی محتاج ہے جس کا یہ موقع نہیں البتہ ماسٹر صاحب نے مشاعرہ کی طرح میں جو غزل کہی ہے، پھر اسی غزل میں "عزت نفس" اور "جذبۂ قومی" کے دونوں عنوانوں سے جن خیالات کا اظہار فرمایا ہے ان سے پہلے آپ کو یہ بھی ظاہر کردینا تھا کہ "میں اس وقت کن حالات میں مصروف ہوں" اس لئے آپ نے ان تاثرات کو بھی ایک "منظوم خط" کی صورت میں حضرت احسن قبلہ کو روانہ فرمادیا۔ مگر یہ منظوم خط اور "غزل، عزت نفس" اور "جذبۂ قومی" کی دونوں نظمیں کاغذ پر جس طرح لکھی گئی ہیں ان کے لحاظ سے یہ ایک نظریہ منظوم خط "غزل" اور طرحی غزل معلوم ہوتا ہے۔

واضح ہو کہ ماسٹر صاحب کا نام ان کا نام بھی ہے اور اسی کا ایک حصہ ان کے تخلص کا مزا دے جاتا ہے ان کا نام ہے مول چند اور تخلص کا "انچارج" ہے "شرما"

اب آپ نے یوں تو ہزاروں "چند" دیکھے ہوں گے مگر ذرا اپنے ان "مول چند" کو بھی دیکھ ہی لیجیے اور فیصلہ کیجیے کہ شاعری میں "ایسے چند کو" کیا کہنا چاہیئے، چنانچہ ممدوح مکرم کے "مکتوب منظوم" یا "غزل" کا مطلع ملاحظہ ہو مگر مشاعرہ کی طرح کو پہلے ذہن نشین فرمالیجئے ارشاد ہوتا ہے اور وہ بھی حضرت احسن ایسے ادیب

اُستادِ فن سے ارشاد ہوتا ہے کہ ؎

مکرم قدردان، مارہری احسن
ہیں وارے شاعری پر جو کہ تن من

مشاعرہ کی مقررہ طرح کے بعد اس مطلع سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت احسن مدظلہ نے ضرور کوئی "خفیہ طرح" بھی دی تھی جس پر حضرت شرما نے "احسن اور تن من" کے قوافی سے کام لیا۔

پچھلے سال کی "روداد" اور سفرنامہ میں ہم نے بعض احباب کی وطنی نسبتوں کو برنائے تفنن اُن ناموں سے پہلے لکھدیا تھا مثلاً۔ "جالندہری حفیظ" اور "مارہروی احسن" ان ترکیبوں کی لطافت سے مرعوب ہوکر ایک تہی مغز و تہی مایہ "اخبارچی" نے اپنے ایک انشا پردازانہ ملغوبہ میں ان بزرگوں کے ناموں کو اسی طرح نقل کرکے یہ اطمینان کرلیا تھا کہ لوگ ان ترکیبوں کو "اخبارچی" کی ذاتی ایجاد سمجھ کر بس تڑپ ہی تو جائیں گے، لیکن حضرت شرما نے تو متانت و احترام سے حضرت احسن مارہروی کو "مارہری احسن" نظم فرمادیا پھر طرفہ تماشا یہ کہ "وزن" کے اعتبار سے مولانا کا نام نامی مع وطنی نسبت کے "رہ روی احسن" رہ جاتا ہے، یقین نہ ہو تو شرما صاحب کا مطلع پھر گنگنالو۔

اس مطلع میں اگر ہمیں قبلہ احسن صاحب معاف فرماکر اجازت دیں تو ہم بے شمار رازہائے سربستہ کا انکشاف کئے دیتے ہیں۔ مثلاً پہلے مصرع میں شرما صاحب نے "مکرم" کے بعد ہی "قدردان" لکھ کر ثابت کردیا ہے کہ حضرت احسن اور حضرت شرما کے نہ فقط تعلقات ہی "خوشگوار" اور "دیرینہ" ہیں بلکہ احسن صاحب "اس قسم کے شعرا کے" "قدردان" بھی ہیں۔ اب رہا مصرع ثانی میں یہ لکھنا کہ حضرت احسن قبلہ ؎

ہیں وارے شاعری پہ جو کہ تن من

سو اس سے انکار نہیں کہ یہ ایک "واقعہ بالکل" ہے۔ (یہ اضافت غصہ کی حالت میں جائز ہے)

آج کل کے انگریزی یافتہ لوگ شعر میں "گل و بلبل" کی جگہ "حقائق و تاثرات" کے بہت شائق ہیں، پھر شعر کی ایک تعریف یہ بھی ہے کہ شعر شاعر کے مافی الضمیر کا آئینہ ہو، اس ضابطہ سے مطلع کے بعد شرما صاحب کے حقیقی اور واقعی تاثرات ملاحظہ ہوں فرماتے ہیں ؎

"پریشاں سر ہے، آمد انس پکڑ
ہیں آئے ساتھ دو یم ڈائے رکڑ"
"عدیم الفرصتی، کار گراں ہے
و میلہ رام لیلا کا مراں ہے"

یہ ہیں وہ اشعار جن سے ادبیاتِ اردو میں "وضع الفاظ" مصطلحات، اور اختراع و جدت کے ضوابط ترتیب پاتے ہیں، مثلاً انسپکٹر کو "انس پکڑ" کہنا، جس قدر آسان ہے اوتنا ہی "پریشان سر ہے" کی بندش کس قدر محال ہے جسے شرما قسم کے شعرا ہی باندھ سکتے ہیں۔

بھاری یا بے شمار کاموں سے عدیم الفرصت رہنے کو دوسرے شعر میں یوں نظم کر دینا کہ ؎

"عدیم الفرصتی کار گراں ہے"

شرما صاحب کا کام نہیں تو کیا استاد غالب کا کام ہے کیوں کہ استاد غالب اگر اسے لکھتے تو بس اطرح کہ۔

"کارہائے گراں سے عدیم الفرصت ہوں"

اور بس۔ مگر شرما صاحب کی "عدیم الفرصتی کا سبب" صرف "کارہائے گراں" تو ہیں نہیں بلکہ اُن کے سامنے اس سے بھی زیادہ اہم مصروفیت کا باعث تو "و میلہ رام لیلہ کا مراں" بھی ہے (واؤ عاطفہ) کو یوں تو ہم بھی اکثر و بیشتر غلط مواقع پر لکھا کرتے ہیں۔ مگر ہم آج تک اس غلطی میں وہ حسن پیدا نہ کر سکے جو شرما صاحب نے "و میلہ" کہکر پیدا کر دیا ہے، اب رہا "کا مراں ہے" تو یہاں صفت موصوف مبتدا و خبر اور "فک اضافت" کے جو بلیغ قوانین صرف کئے گئے ہیں انھیں ہم ابجد خواں ملا رموزی کیا خاک سمجھ سکتے ہیں؟ اب کمال قادر الکلامی ملاحظہ ہو۔ اس قدر انہماک پر کہ "انس پکڑ" اور "دو یم ڈائے رکڑ" کی آمد کے ساتھ ہی "و میلہ" کا مراں ہے

واقع ہوتا لیکن شرما صاحب ایسے ہزار داستان کے لئے ایک غزل کا کہدینا بات ہی کیا تھی چنانچہ فرماتے ہیں

کہی ہے چند منٹوں میں غزل یہ
محض خوشنودیٔ خاطر طبع یہ

قواعد کے لحاظ سے "یہ" حرف اشارہ ہے اور وہ بھی قریب کے واسطے اس لئے ثابت ہوا کہ یہ غزل حضرت مولانا احسن قبلہ کی شان میں تو نہیں کہی گئی بلکہ شرما صاحب نے اسے "محض اپنی خوشنودیٔ خاطر طبع" کے لئے کہی ہے اور وہ بھی "چند منٹوں" میں کہی ہے اب آگے چل کر ارکانِ مشاعرہ کی اس "زبردست جدوجہد" کا راز پھر فاش ہوتا ہے جو انھوں نے حضرت شرما کو مشاعرہ میں "اصالتاً" بلانے کے لئے کی مگر حضرت شرما نے ارکان مشاعرہ کی مسلسل التجاؤں اور تقاضوں سے تنگ آکر صاف انکار کر دیا ہے اور وہ بھی "غزل کے ذریعہ" انکار کیا ہے چنانچہ ارشاد ہوتا ہے ؎

نہیں ہے دو بدو ہونے کا منشا
نہیں ہے فرصتِ شرکت "پڑھے آ"

عروضیوں کے نزدیک "تعقید" ایک نہایت بھونڈا پن ہے اور گو اساتذۂ متقدمین وحال میں سے بچ نہیں سکے پھر بھی "تعقید" کو شاعر کی "لفظی وخیالی بے بسی" پر محمول کیا جاتا ہے لیکن حضرت شرما نے "پڑھے آ" کہہ کر ثابت کر دیا ہے کہ ایجاز واختصار کو اس سے زیادہ حسین وجامع بنا دینے کا کوئی دوسرا ذریعہ ہی نہیں جسے اختیار کیا جائے اب رہا "دو بدو ہونے کا منشا" سو خدا ہی نے محفوظ رکھا۔

اب تک تو شرما صاحب نے علی گڑھ کے طلبہ کی عمر، ان کی ابتدائی تعلیم اور معمولی قسم کی معلومات کے تصور سے نہایت سادہ اور آسان مفہوم اور الفاظ سے کام لیا لیکن آخر کمالِ علمی اور تبحر کو کہاں تک ضبط فرماتے اس لئے ایک "عالمانہ شعر" فرمایا ہے جس میں فارسی، مرکب اضافی، شوکت لفظی اور تخیلی نزاکت" کے دریا بہائے ہیں اور طارموزی تو طارموزی ان ایسے اگر ہزار آجائیں تو آنے والے شعر کی شرح سے عاجز رہیں

فرماتے ہیں ؎

توقع تسپہ ہو پس اندخاطر
جمع ہوں گے شعرا ہندشاطر

پسند خاطر کی جگہ "پس اندخاطر" "شعری پس ماندوں" کا مخفف بھی ہے اور "ضرورتِ شعری" بھی اب رہی "شعرا ہندشاطر" کی ترکیب سو اس پورے مصرع کو اس سال بی اے، فرسٹ کے امتحان اردو میں دے دیا جائے پھر نہ حضرت حفیظ جالندھری کے بلانے کی ضرورت رہے گی نہ حضرت اصغر گونڈوی کی، مگر "توقع تسپہ ہے" کہ ایسا نہ کیا جائے گا!

شعرا میں یہ نقص بہت عام ہوگیا ہے کہ وہ غزل میں نہ خیریت و خیر و عافیت لکھتے نہ ختمِ غزل پر خود کلاں کو درجہ بدرجہ سلام، پس اس نقص کو شرما صاحب نے دور فرما دیا ہے اور وسط خط یا وسطِ غزل میں دور فرما دیا ہے ارشاد ہوتا ہے ؎

دعا فتح سمع تسلیم سرہندی کو
ہے حسبِ حیثیت آداب سب کو

مصرع اولیٰ میں "سرہندی" سے مراد حضرت احسن قبلہ ہیں، رہی "دعا فتح سمع تسلیم" کی عربی سو آپ اسے دارالعلوم دیوبند، تھانہ بھون اور ندوۃ العلما لکھنؤ میں بھیجکر اس کے معنی دریافت فرمالیجے سوائے جامعۂ ازہر مصر کے اگر کوئی سمجھا دے تو ہمارا ذمہ اور اسی لئے ہمارا مشورہ ہے کہ اب مولانا ابرار حسین صاحب فاروقی کو تو یونیورسٹی کے ٹرسٹیوں میں لے لیا جائے اور عربی کے تمام اسباق حضرت علامہ شرما مولوی فاضل ازہری کے سپرد کر دیئے جائیں۔

اب شرما صاحب غزل یا خط ختم فرماتے ہیں اور غزل کی تاریخ اور سنہ کو غزل ہی میں نظم فرما کر شعرائے بے تاریخ کو ایک سبق دیتے ہیں، پھر ڈاک خانہ والوں کی مشہور عام چوری سے محفوظ رہنے کا طریقہ بھی

بتاتے ہیں ؎

دسمبر پندرہ ویں سنہ بست و ہشتم
لفافہ میں روانہ کر۔ نہ ہو۔ گم

مصرع اولیٰ میں حروف ربط کی کمی کو فارسی سے پورا کرنا کمال نہیں تو کیا جہالت ہے؟ پھر شعر اب تک غزل ہی پر ٹکٹ لگا کر مشاعروں میں روانہ کر دیتے تھے اس لئے آپ نے بتا دیا کہ لفافہ میں روانہ کر نہ ہو گم"۔

غالب مرحوم شاعری کے ہزار ابوالآبا رہے مگر اُن کا یہ عجز کچھ کم قابلِ افسوس نہیں کہ وہ بے شمار مواقع پر مقطع میں اپنا تخلص نظم نہ فرما سکے اور غالب کی جگہ "اسد" یا "اسداللہ خاں غالب" لانا پڑا اور اس مثال سے تو ساری شاعری عاری ہے کہ کسی شاعر نے اپنا نام، تخلص اور عہدۂ ملازمت" تک نظم کر دیا ہو اور وہ بھی صرف ایک مصرع میں، مگر حضرت شرما کی شعر گوئی اور قادر الکلامی کی قوت ملاحظہ ہو کہ ممدوح نے کس درجہ جامع مقطع فرمایا ہے، ارشاد ہوتا ہے ؎

مصنف، مولچند شرما ہیں ٹیچر
چمکتے دہر میں ہیں مثلِ اختر

بے وقوف ہی ہیں وہ یورپ والے جو حضرت شرما کے ہوتے ہوئے بھی دہر میں "مریخ" کی تحقیق میں سرگرداں و سرگراں ہیں۔

اس کے بعد والے اشعار پر چوں کہ خود حضرت شرما نے یہ نوٹ لکھ دیا ہے کہ:

"سامعین صاحبان، اس نظم میں عزتِ نفس اور جذبۂ قومی دونوں ہیں"

اس لئے اوپر کے تمام اشعار کو آپ کی غزل سمجھنا جائز ہو گیا۔ لہٰذا آپ اوپر کے اشعار میں

خدا کے لئے ایک جگہ بتا دیجئے کہ "معشوق، عاشق، حسن، عشق، وصل و ہجر، درد، گداز، آہ و نالہ، گل و بلبل، صحرا و ویرانہ لیلیٰ مجنوں، غرض تغزل کا ایک جملہ بھی لایا گیا ہو، مگر اس "بے تغزلی" پر غزل ہو جانا شرما صاحب کی وہ غزلی فضیلت ہے جس کی وجہ سے آپ ؎

چمکتے دھر میں ہیں مثلِ اختر

غزل کے بعد آپ کی وہ نظم ہے جس میں "عزتِ نفس اور جذبۂ قومی" کے حکیمانہ نکات و عوامض کو حل کیا گیا ہے اور چوں کہ ملا رموزی بہت معمولی قسم کے لکھے پڑھے آدمی ہیں اس لئے ان اشعار کی شرح سے عاجز آکر اصل نظم نقل کئے دیتے ہیں، اب اگر کالج کے ارکان میں ذرہ برابر بھی قابلیت ہے تو وہ اس نظم کو نصاب میں داخل کر لیں گے وہو ہذا ؎

ہندو مسلم کوئی بھی ہند میں آزاد نہیں
لطف گلشن میں گل و بلبل و شمشاد نہیں

راہ گو شیخ کے پیرو بنو اطفال سبھی
جانتے آپ کیا ہیں قصۂ بغداد نہیں

کام نیکی و سخاوت کے جہاں میں کیجے
اشرف الخلق یہاں آپ ہیں ہمزاد نہیں

اپنے من مانے سبھی کام جہاں میں کرتے
مانتے بات کوئی بھی جد و اجداد نہیں

گرسنہ غربا ہیں سردی و جاڑا تن پر
روئیں طفلاں مگر سنتا کوئی فریاد نہیں

قول کر آئے یہاں آپ کو کیا یاد نہیں
بے خودی ہے کا یہ عالم کہ خدا یاد نہیں

فلسفہ رزم خدا یاد کی باتیں پڑھ کر
سیکھیں جا کر کہاں ملتا کوئی استاد نہیں

عیش و عشرت کا بہم کرتے ہیں یاں سامان عبث
ٹھیرا جنت میں لمحہ ایک تک شداد نہیں

فکر کد و مہ کو لگی رہتی ہے نت روزی کی
کرتے محنت ہیں شب و روز مگر شاد نہیں

اپنے اعمالوں کا اب چل محاسبہ کو آکر
ساری تکلیف سہو۔ پر کرو فریاد نہیں

کام وہ شرما کرو عقبیٰ میں راحت دیویں
کیوں کہ چلتی کسی کی یاں پہ فریاد نہیں

اب فرمایئے اس نظم کے اندر ایک حرف بھی ہے جس میں آپ کوئی سقم پیدا کر سکیں ؟ حق تو یہ ہے کہ حضرت "تغزل" "جذبۂ قومی" اور "عزتِ نفس" ایسی حکمت آموز کیفیات کو جس "عالمانہ شان سے" نظما یا ہے "اس پر" ستایش ہی گنگ ہے۔ پھر یہ دیکھکر کس قدر افسوس ہوتا ہے کہ مشاعرہ کے "انعام" سے حضرت شرما محروم رکھے جائیں کیوں ؟ محض بے انصافی اور ناقدردانی سے۔ کاش انعام دینے والوں میں ایک جج ملا رموزی بھی ہوتے واللہ یہ انعام آنکھیں بند کر کے حضرتِ شرما پر نثار کر دیتے، مگر آہ شرما صاحب زمانہ ہی قدرداں نہیں اور اس معاملہ میں جو حال آپ کا ہے وہی تو ہمارا بھی ہے کیوں کہ جس طرح آپ کو مشاعرہ کا یہ "انعام" نہ دیا، ہمیں بھی تو اس انعام کا "جج" نہ بنایا، واللہ ہم تو خوفِ خدا سے کانپ جاتے ہیں کہ آخر کار یہ ارکانِ مشاعرہ اس کھلی ہوئی ناقدردانی پر خدا کو موہنہ کس طرح دکھائیں گے ؟

یہاں پہونچ کر "مشاعرہ بخیر و خوبی" ختم ہوا اور حضرت گرامی قدر پرنسپل صاحب نے ارکان مشاعرہ کے مصارف اور ان کی شب و روز کی تکالیف اور حضرت قبلہ احسن کا تہجد کی نماز تک کھانا نہ کھانے کے ایثار و مستعدی کا احسان جتائے بغیر آٹھ مہمانوں کا شکریہ ادا کیا، مقابلہ کی نظموں میں کالج کے کامیاب طالب علم جناب عارف صاحب کو جنہوں نے "کپ" دیا۔ پھر تمام مہمان شعرا کا ایک گروپ کھینچوا کر ان کے ساتھ کر دیا۔ اس گروپ میں ایک صاحب ایسے ضرور ہوں گے جنھیں اپنی تصویر کی خوشی عید کی خوشی سے زیادہ ہوئی ہوگی اور وہ کوشش کریں گے کہ کسی رسالہ میں یہ گروپ چھپ جائے تاکہ علی گڑھ کے ان "بڑے بڑے لوگوں" کے ساتھ دنیا انھیں بھی دیکھ لے

چوں کہ اس سال مشاعرہ میں نہ حضرت بدر جلالی بی اے ایڈیٹر اخبار "خلافت" تھے نہ آخر وقت تک ملا رموزی رہے جو مہمانوں کی طرف سے طلبہ ارکان مشاعرہ، کالج اور یونیورسٹی کے شریک کار حضرات کا "دو بدو" شکریہ ادا کرتے اس لئے ہم اس فرض کو یوں ادا کرتے ہیں کہ خدا ان طلبہ اور ارکانِ مشاعرہ کو شاد و آباد رکھے جنھوں نے ہم مہمانوں پر اپنا سب کچھ قربان کیا، یہاں تک کہ خدا ان طلبہ کو بھی کامیاب زندگی دے جنھوں نے اپنی

داد کے شور سے ہم مہمانوں کی بعض غزلیں پڑھنا دشوار کر دیا اور اسے اپنی خصوصیت بنا کر اس سے خوش بھی رہے حضرت قبلہ مولانا احسن اور حضرت گرامی پرنسپل صاحب کالج کے لئے دل ہی وقف ہے۔ شکریہ کیا، پھر یہ کہنا بھی ضروری ہے کہ آپ حضرات کی بھی وہ نوازشیں ہیں جن سے بدنصیب اور بے وسیلہ مسلمانوں کے علوم و فنون اُن کی قومی خصوصیات اور ادبی روایات محفوظ رہ سکتی ہیں، حضرت احسن، حضرت پروفیسر پوری اور دوسرے پروفیسر صاحبان منتظم طلبہ نے مہمانوں کے ساتھ ہی مشاعرہ کے نظم اور وقار کو جس بلند پایہ خوش اسلوبی سے باقی رکھنے کی کوشش فرمائی اُس کے لئے ہم جس طرح ان اپنے دینی بھائیوں کے شکر گزار ہیں وہاں ہم حضرت گرامی پرنسپل صاحب کو بھی مبارک باد پیش کرتے ہیں کہ اُن کے خلوص نیت سے اُن کے کالج کا یہ "آل انڈیا مشاعرہ" اپنی تمام روایات کے ساتھ کامیاب رہا، خدا کرے یہ مشاعرہ انہی مسرتوں کے ساتھ اس مرتبہ بجائے شدید جاڑے کے کسی معتدل اور خوشگوار موسم میں ہو۔ آمین

یہ تو تھی "روداد مشاعرہ" اب چند باتیں ایسی بھی سن لیجے جنھیں ظرافت و خوش طبعی کے مقابل عقل و ضرورت سے تعلق ہے اور وہ یہ ہیں:

علی گڑھ یعنی کالج اور یونیورسٹی کی علمی و ادبی روایات اور ذمہ داریوں کے یہ معنی نہیں کہ وہاں ہر سال کوئی ایسا ہی مشاعرہ ہو جایا کرے جیسا کہ ہندوستان کے ہر شہر میں ہوتا رہتا ہے، بلکہ جس طرح علی گڑھ اسلامی ہند کی ذہنی اور عقلی اصلاح و ترقی کا ایک عظیم الشان مرکز عمل یا مصلح ہے اُس کی نسبت سے یہاں کی ہر تحریک میں کوئی ایسی شان ضرور ہو جو مسلمانوں کے عام ذہنی اور فکری اداروں سے اُسے ممتاز و مفید ثابت کر سکے، اس لئے آیندہ مشاعرہ کے لئے ذیل کی تجویز و تحریک پیش ہے۔

(۱) آیندہ مشاعرہ میں جس قدر غزلیں اور نظمیں پڑھی جائیں گی وہ اس طرح روداد میں شائع نہ ہوں گی بلکہ ہر غزل اور ہر نظم پر ایک عروضی اور فنی تنقید ہوگی۔ اس تنقید سے جہاں شاعر کو اپنے نقائص کا علم ہوگا وہاں ناظرین کی علمی اور فنی معلومات میں اضافہ ہوگا، اگر کلام قابل ستایش ہوگا تو اُس پر نہایت متانت سے بہتر داد دی جائے گی کیوں کہ اس تنقید سے کسی کی دل شکنی مقصود نہیں بلکہ اصلاح و خدمت مقصود ہے۔

۲ - جو کہ کم علم، کم عمر اور کم سمجھ لڑکے یا شعرا اپنی واقعی اور علمی قابلیت سے بلند اور نمایاں غزل یا نظم دوسرے سے لکھوا کر پڑھتے ہیں اُن کا سختی سے بھانڈا پھوڑا جائے گا، کیوں کہ شعر کی خوبی کا معیار، علم و عقل ہونا چاہیئے دانستہ چشم پوشی نہیں اور نہ بچوں سے بہترین غزلیں پڑھوانے کا مقصد یہ ہوا کہ مشاعرہ کے صاحب علم و فضل اور ارباب خرد شعر کا دانستہ طور پر "بے وقوف" بن کر یہ کہتے رہیں کہ "صاحبزادے خوب غزل کہی۔ ایسی دانستہ دادوں کے یہ معنی ہیں کہ ہماری علمی مجالس کا ذوق "علم پسندی" نہیں بلکہ "حماقت پسندی" ہے اس لئے ضرورت ہے کہ ہر طالب علم اور ہر "شاعرزادہ" آئندہ کلام غیر کو اپنا کہہ کر نہ پڑھے اور نہ اس پر ہم جو کچھ لکھیں گے اُس کی شدت کے ہم ذمہ دار نہیں

۳ - ایسے شعرا کے نہایت مضحک خاکے اُڑائیں گے جو غزل پڑھنے سے پہلے اور غزل پڑھتے وقت مضحکہ انگیز تکلفات اور لائق استہزا حرکات و اطوار کو اختیار کر کے مجلسی ذوق میں غورہ تاثر کی جگہ مذاق اور ہائے وہو کی بیہودگی کو رواج دے رہے ہیں اور یہ سب کچھ اس لئے ہوگا کہ اس زمانہ کو "علم و عقل اور تہذیب و روشن خیالی کا زمانہ" کہتے ہیں۔ پھر کس قدر شرم ناک بات ہے کہ اس درجہ بیداری میں ہمارا مجلسی رنگ انھیں لایعنی خرافات میں الوہ رہے جو جہل و بے خبری کے عہد کا نہایت گھناؤنا اور گندہ ورثہ ہے۔

اس گزارش کا مقصد یہ ہے کہ آئندہ مشاعرہ میں "غزل اور شاعر دونوں کو سنبھل کر آنا چاہیئے اور ہماری قلمی دیانت و ذمہ داری کی یہی وہ "شرط بلاغ" ہے جسے ہم پورے ادب سے پہلے ہی آپ تک پہونچا رہے ہیں کیوں کہ دنیا جانتی ہے کہ ہم خوشامد کے بعد اگر حق کہنے اور حق لکھنے پر آجائیں تو پھر یہ "اپنا علی گڑھ کالج والے تو ایک طرف وہ "آف انڈیا وال گورنمنٹ" تک سے تو ڈرتے نہیں اور یہی تو راز ہے جو علی گڑھ کالج اور علی گڑھ یونیورسٹی والے بھی ہم سے دور ہی دور رہا کرتے ہیں۔

ما علینا الا البلاغ

ملا رموزی

مصرعِ طرح

بے خودی کا ہے یہ عالم کہ خدا یاد نہیں

آرزو۔ منشی افتتاح الرحمن صاحب ساکن ڈھاکہ

قیس مجنوں نہیں، یاد اس کو فرہاد نہیں
کون ہے راہِ محبت میں جو برباد نہیں

مدتیں ہو گئیں بجلی کو نشیمن پھونکے
کون کہتا ہے نشیمن مرا برباد نہیں

قصۂ رنج و الم اُن کو سناؤں کیوں کر
ہمتِ نالہ نہیں، طاقتِ فریاد نہیں

پھیر کر خنجرِ تراں رگِ بسمل پہ کہا
ظلم کرنے سے جو باز آئے وہ جلاد نہیں

رگِ بسمل سے تو لپٹے ہوئے دیکھا تھا ضرور
کتنے ارمان ہوئے ذبح یہ کچھ یاد نہیں

عالمِ نزع تھا گم ہوش تھے، لب پر دم تھا
آئے ہوں گے وہ عیادت کو ہمیں یاد نہیں

کس طرح قیدیٔ زلف اُن کے رہا ہوتے ہیں
آرزو ہم کو یہ ترکیب نے رایا د نہیں

ابر۔ منشی احمد حسین صاحب انصاری گنوری

اب رہائی کی تمنا ہمیں صیاد نہیں
چھٹ کے جائیں تو کہاں راہِ وطن یاد نہیں

غیر تک تھے مرے ماتم میں مگر آپ نہ تھے
بات کی بات ہے کچھ شکوہ بیداد نہیں

چھٹنے والوں کی طرف دیکھ کے رو دیتے ہیں
جن اسیروں کی مقدر کوئی میعاد نہیں

مطمئن رہیئے کہ چھونکے گی ہمارا ہی جگر
ہو رسا آپ کے در تک وہ فریاد نہیں

داغِ دل تیری شہادت کی ضرورت اب ہے
کہ انھیں حشر کے دن اپنے ستم یاد نہیں

اب یہ لذت کشِ جور آ کے ہوئے تھے صیاد
کیوں اسیروں پہ کئی روز سے بیداد نہیں

دیکھ تو چل نہ بسے ہوں کہیں زنداں میں اسیر
آج کیوں رات سے ہنگامۂ فریاد نہیں

یہ گھٹائیں یہ ترشح یہ بہاریں یہ قفس
ہے مقدر کا گلہ شکوۂ بے داد نہیں

سوچ لے پھر کہ اٹھاتے ہیں مری لاش عزیز
اور عسرت تو جفا کی ستم ایجاد نہیں

خون رگ رگ نے دیا ہو گئی تکمیلِ جنوں
ابر وحشت مری منت کشِ فصاد نہیں

احسن مارہروی مہتمم مشاعرہ

درسِ عبرت ہے یہ مجبور کی روداد نہیں
لب فریاد ہیں وا۔ طاقتِ فریاد نہیں

ایک بلبل ہی غمِ قید سے ناشاد نہیں
اس زمانے میں خیالات بھی آزاد نہیں

گھر کو بھولا ہوں غریب الوطنی میں ایسا
ہے کدھر راہِ وطن یہ بھی مجھے یاد نہیں

ایک شب اس کی فقط اس کی ہزاروں غشیں
ناخنِ غم سے سوا تیشۂ فرہاد نہیں

اٹھتے ہیں گنجِ شہیداں سے بگولے جتنے
عالمِ آباد وہ ہیں عالمِ برباد نہیں

ان کو معلوم نہیں جذبۂ الفت کیا ہے
ان کے احساس کی دنیا ابھی آباد نہیں

قسم اپنی ستم اپنا مری خواہش مرا نام
یہی دو چار ہیں باتیں جو انھیں یاد نہیں

غم کی تخلیق مرے ساتھ ہوئی ہے احسن
کون کہتا ہے کہ میرا کوئی ہمزاد نہیں

احمد۔ محمد احمد صاحب متعلم درجۂ دوازدہم مسلم یونیورسٹی انٹر کالج

گلۂ جور نہیں شکوۂ بے داد نہیں
کچھ خطا اس میں تری اے ستم ایجاد نہیں

اُن کا وعدہ جو اُنھیں یاد دلایا تو کہا
کچھ کہا ہوگا کبھی اب تو مجھے یاد نہیں

برق جب گرتی ہے تب میرے ہی کاشانے پر
ایسا دنیا میں کوئی خانۂ برباد نہیں

سن کے حالِ دلِ پُر درد یہ فرماتے ہیں
کوئی بات اس کے سوا اور تمھیں یاد نہیں

جی میں آتا ہے کہ اس بول پہ ہو جاؤں فدا
لیکے دل مجھ سے یہ کہتے ہیں مجھے یاد نہیں

اپنے جذبات کا اظہار ہے اس میں احمد
نالۂ قیس نہیں ماتمِ فرہاد نہیں

اختر۔ سید اختر امام صاحب عظیم آبادی متعلم درجۂ دہم

سبقِ جذبِ محبت سے ہوں اب تک زندہ
کون کہتا ہے کہ برباد ہوں، برباد نہیں

میں ہوں اُجڑا ہوا گلشن جسے ویراں کہئے
جس طرف دیکھئے دنیا مری آباد نہیں

خواب میں ایک جھلک دیکھی تھی اُن کی لیکن
بخدا اس کے سوا کچھ بھی مجھے یاد نہیں

میں تری راہ میں مجذوب بنا آخر کار
"بے خودی کا ہے یہ عالم کہ خدا یاد نہیں"

بے کہے حالِ دل اختر اُنھیں معلوم ہے سب
عاشقی میں ہمیں کچھ حاجتِ فریاد نہیں

اختر۔ فیاض احمد صاحب بھوپالی متعلم درجۂ دوازدہم مسلم یونیورسٹی کالج

جرأتِ ضبط نہیں، ہمتِ فریاد نہیں
اور یہ کیا ہے جو دنیا مری برباد نہیں

گلۂ بخت نہیں، شکوۂ صیاد نہیں
ہم اسیرانِ جنوں خوگرِ فریاد نہیں

ضبطِ گریہ نہیں، پابندیٔ فریاد نہیں
قیدیوں کو ابھی آدابِ قفس یاد نہیں

پھر اسیرِ غمِ گلچین و ہوائے گل ہوں
میں رہا ہو تو گیا ہوں مگر آزاد نہیں

یاد وہ حالت کہ نظر میں تھی ہر اک منزلِ دوست
یاد یہ عالم کہ مرا گھر بھی مجھے یاد نہیں

طور کیا، عرش سہی، حسن طلب ہو لیکن
پھر کوئی سعیِ نظر حسرتِ برباد نہیں

دل کی افسردگیٔ ذوق، الٰہی توبہ
کوئی جذبہ نہیں ایسا کہ جو برباد نہیں

کیا کہوں تم سے کہ افسانۂ ہستی میرا
ہے وہ قصہ کہ کہیں سے بھی مجھے یاد نہیں

یہ بھی عرفانِ حقیقت ہے کہ خوابِ ہستی
یاد رکھنے کی تھی اک چیز مگر یاد نہیں

کیوں ہیں اختر یہ زمانے کی فضائیں خاموش
کیا چمن میں کہیں ہنگامۂ فریاد نہیں

اصغر۔ مولوی محمد اصغر صاحب گونڈوی

اللہ اللہ رے ساقی تری صہبائے الست
تیرے مستوں کو وہ پیمانِ وفا یاد نہیں

یوں بھی کچھ روز محبت میں گزر جائیں گے
میں انھیں یاد نہیں ہوں وہ مجھے یاد نہیں

امجد۔ محمد امجد علی صاحب (علیگ) انسپکٹر خفیہ پولس حیدرآباد دکن

آہ کا حکم نہیں، رخصتِ فریاد نہیں
حسن بیداد جو کر جائے وہ بیداد نہیں

ہجر میں پائی وہ تکلیف کہ سب بھول گیا
اب یہی یاد کا عالم ہے کہ کچھ یاد نہیں

دل میں آتے جو نہیں آپ یہ باعث کیا ہے
آپ کا گھر ہے مگر آپ سے آباد نہیں

سوزشِ غم سے جلا جاتا ہوں میں صورتِ شمع
آہ لب پر نہیں، نالہ نہیں، فریاد نہیں

اُس نے اس ناز سے پامال کیا تربت کو
ہے مجھے ناز کہ مٹی مری برباد نہیں

جان و دل تاب و تواں ہوش و خرد ہیں، ہی
ایک اُمید ہی باقی ہے جو برباد نہیں

آشیاں رکھتے ہیں ہم گلشنِ آزادی میں
خوفِ گلچیں نہیں امجد غمِ صیاد نہیں

انور۔ محمد قمر الدین صاحب متعلم مسلم یونیورسٹی کالج

خوگرِ جور ہوں اتنا مجھے کچھ یاد نہیں
ظلم کچھ باقی ہیں یا اب کوئی بیداد نہیں

چاہیئے جذبۂ صادق جو پلٹ دے تقدیر
عشق کچھ منحصرِ نالۂ و فریاد نہیں

حسن کی شان کہ ہو آہ و فغاں سے بیدار
میری عادت ہے کہ میں خوگرِ فریاد نہیں

خلشِ عشق ہی کافی ہے مرے دل کے لئے
تم نے کیا خوب کہا، تجھکو مری یاد نہیں

جب سے تم نے رخِ تاباں سے اٹھائی ہے نقاب
بے خودی کا ہے یہ عالم کہ خدا یاد نہیں

ہے تعجب ترے در پر بھی نہ نکلیں ارماں
تیرا کوچہ ہے کوئی جنتِ شدّاد نہیں

قید میں ہو گئی اتنی ترے گھر سے الفت
یاد اب سیرِ چمن بھی مجھے صیّاد نہیں

آگیا اب تو ہمیں لطفِ اسیری انور
غمِ بے بال و پری اب مجھے صیاد نہیں

بسمل۔ محمد احمد صاحب بی اے متعلم ایم اے مسلم یونیورسٹی

شاد کب تھا جو کہا تو نے کہ ناشاد نہیں
یہ ترا حسنِ نظر ہوگا مجھے یاد نہیں

کیا کہوں ہجر میں کیوں جرأتِ فریاد نہیں
سامنے تو ہے تصور میں تری یاد نہیں

آتی ہے بوئے چمن مجھکو قفس سے پیہم
شاخِ گل کی تو کہیں تیلیاں صیاد نہیں

پوچھئے آپ سے رودادِ محبت مجھ سے
داستاں یاد تو ہے طرزِ بیاں یاد نہیں

میں قفس میں ہوں چمن میں ہے مرا پائے نظر
میری فطرت تو ہے آزاد میں آزاد نہیں

میری آنکھوں میں ہیں یا میرے دامن پہ رہیں
قطرۂ اشکِ تمنا کہیں برباد نہیں

عالمِ یاس تو ہر لحظہ ہے ہنگامۂ طلب
ہاں مگر شوق کی دنیا کہیں آباد نہیں

بابِ الفت میں ہوں اک نکتۂ رنگیں بسمل
میری ہستی کا فسانہ نہیں روداد نہیں

تاسف صاحب

گلۂ جور نہیں، شکوۂ بیداد نہیں
پیکرِ درد ہوں لیکن لبِ فریاد نہیں

حسن کو آپ ہوا اپنا تماشا منظور
اور کچھ باعثِ ہنگامۂ ایجاد نہیں

عشق میں حوصلۂ صبر ہے شرطِ اوّل
کس کو معلوم زیاں کاریٔ فرہاد نہیں

مختصر ہے یہی افسانۂ ایامِ شباب
خواب تو اک نظر آیا تھا مگر یاد نہیں

لذتِ درد خدا حافظ و ناصر تیرا
وہ ستم کیش اب آمادۂ بیداد نہیں

آج گردش میں ہیں بالائے قفس کچھ تنکے
آشیاں ہی تو یہ میرا کہیں صیاد نہیں

جذبۂ شوقِ شہادت کا بڑا ہو یا رب
دیکھکر میرا لہو ہوش میں جلاد نہیں

روز دنیا سے سفر کرتے ہیں جانے والے
پھر بھی بستی عدم آباد کی آباد نہیں

کیوں تاسف کو نگاہوں سے گرایا تو نے
بے وفا کیا تجھے پیمانِ وفا یاد نہیں

توحید - سید الہ بخش صاحب متعلم بی ٹی کلاس

ناشکیبائی کی مجرم مری فریاد نہیں
دل کی عادت ہی یہی شکوۂ بیداد نہیں

دل نشیں جب سے ہی تصویرِ ستمگر تیری
اشک رکتے نہیں تھمتی کبھی فریاد نہیں

چٹکیاں لیتی ہیں رہ رہ کے ادائیں تیری
جو نکل جائے مرے دل سے یہ وہ یاد نہیں

تیرے جلوے ہی سے روشن ہی شبستانِ خیال
دل وہ تاریک ہی جس دل میں تری یاد نہیں

وہ ارادہ ہی نہیں جس میں ہو استقلال
وہ عمارت نہیں جس کی کوئی بنیاد نہیں

غم سے ہے مضمحل مری ہر ایک خوشی میں توحید
زخم کی طرح میں خنداں ہوں مگر شاد نہیں

جگر مرادآبادی

نالہ پابندِ نفس اے دلِ ناشاد نہیں
یہ تو فریاد کی توہین ہی فریاد نہیں

اب یہ کیا بات کہ آباد نہیں شاد نہیں
دل گزرگاہ تری ہی تجھے کیا یاد نہیں

آنکھ کہہ دے جسے وہ عشق کی بعد داد نہیں
دل سے آجائے جو لب تک مری فریاد نہیں

ہم وہ مدہوشِ ازل ہیں کہ الٰہی توبہ
دل سے کیا کہہ کے چلے تھے ہیں کچھ یاد نہیں

مستیٔ غم کا ہی ادراک جسے کہتے ہیں درد
ہستیِ دل کا ہی احساس تری یاد نہیں

آنکھ غافل ہی کہ ہی تشنۂ دیدار ہنوز
دل ہی آگاہ کہ تو خود ہی تری یاد نہیں

پھونک دے قیدِ تعین کو بھی اے برقِ جمال
دل ہے آزاد نگاہیں ہیں آزاد نہیں

تم نے کیوں انجمنِ ناز میں تیور بدلے
دل دھڑکنے کی صدا ہے کوئی فریاد نہیں

غم سلامت ہے تو کر لے گا بہت دل پیدا
سچ کہا آپ نے ہستی تری برباد نہیں

دور ہے منزلِ عرفانِ خودی اور یہاں
"بے خودی کا ہے یہ عالم کہ خدا یاد نہیں"

مجھ سے اے دوست مری برہمیٔ شوق نہ پوچھ
بھول جانے کے سوا اب مجھے کچھ یاد نہیں

دل ہو یا ذوقِ طلب یا نگہِ حسنِ شباب
کوئی آزاد نہیں روح جو آزاد نہیں

ہاں غمِ یار ترے دم سے ہے تعمیرِ حیات
تو سلامت ہے تو ہستی مری برباد نہیں

مختصر ہے مری ہستی کی حقیقت یہ جگر
مجھ میں آباد ہیں سب میں کہیں آباد نہیں

حامد۔ حامد سعید صاحب بھوپالی

چشمِ تر منفعلِ شکوۂ بیداد نہیں
یہ مرے ضبط کی اک موج ہے فریاد نہیں

وجہ تسکیں نظرِ عالمِ ایجاد نہیں
یاں وہ جلوے نہیں وہ حاصلِ فریاد نہیں

رنگِ بربادیٔ کاشانۂ ہستی توبہ
در و دیوار کا خاکہ بھی مجھے یاد نہیں

نالۂ بلبلِ بے تاب ہے یا نغمۂ نے
میری فریاد کے آگے کوئی فریاد نہیں

اڑنے والے تو قفس توڑ کے اڑ جاتے ہیں
ان کو پروائے نگہبانیٔ صیاد نہیں

دیکھنا ذوقِ اسیری کہ غلامانِ جنوں
اس قدر خوش ہیں قفس میں کہ چمن یاد نہیں

ان فضاؤں میں پریشانِ جنوں پھرتا ہوں
ایک نغمہ بھی جہاں حاصلِ فریاد نہیں

نقش ہے دل پہ ہر اک حادثۂ ردِ سوال
اب یہ صرف آپ کی خاطر ہے جو کچھ یاد نہیں

بے حسی کا یہی عالم ہے تو اے اہلِ قفس
ہے یہ وہ قید کہ جس کی کوئی میعاد نہیں

کیا مٹائے گا وہ کافر کہ ہماری ہستی
وہ حقیقت ہے جو مٹنے پہ بھی برباد نہیں

حسنِ معصوم تو ہے صرفِ تبسم حامد
دلِ ناشاد اگر شاد نہیں شاد نہیں

حزیں۔ صلاح الدین صاحب متعلم درجۂ دہم

ضبط کی تاب مجھے اے دلِ ناشاد نہیں
چھیڑتا کیوں ہے کہ اب طاقتِ فریاد نہیں

اس قدر رنج و مصیبت کا ہوں عادی ہمدم
کہ مجھے قید میں بھی شکوۂ صیاد نہیں

میں وہ اک ہستیٔ ناکامِ ازل ہوں کہ مجھے
باعثِ رنجشِ اربابِ وفا یاد نہیں

وائے ناکامیٔ قسمت کہ ہم ایسے ڈوبے
بدنصیبی ہے مصیبت میں خدا یاد نہیں

رحم کر رحم مرے حال پہ اے چرخِ بریں
یہ دل و جانِ حزیں درخورِ بیداد نہیں

حسرت۔ سید فضل الحسن صاحب موہانی

شکرِ الطاف نہیں شکوۂ بیداد نہیں
کچھ ہمیں تیری تمنا کے سوا یاد نہیں

گیسوئے دوست کی خوشبو ہے دو عالم کی مراد
ہے یہ وہ نکہتِ برباد کہ برباد نہیں

محوِ گل ہے یہ عنادل کہ چمن میں گویا
خوفِ گلچیں کا نہیں خطرۂ صیاد نہیں

جان کر دی تھی کسی نے ترے قدموں پہ نثار
یہ بھی تو بھول گیا یہ بھی تجھے یاد نہیں

تجھ سے یا تیری محبت سے اُسے کیا سروکار
دل جو ناکام نہیں روح جو ناشاد نہیں

شکوۂ چرخِ جفا جو سے گزر کر جو کہے
کچھ تجھے بھی یہ مجالِ لبِ فریاد نہیں

قیدِ مذہب سے بھی کچھ بڑھ کے ہے قیدِ غمِ عشق
حسرت آزاد ہے کہنے ہی کو آزاد نہیں

حنا۔ سید نونہال مہدی صاحب متعلم درجۂ دہم انٹرنس کالج علی گڑھ

عادتِ شکوہ نہیں خوگرِ فریاد نہیں
تیرا جانباز ہوں آزردۂ بیداد نہیں

قتل ہونے میں تو محبت مجھے جلاد نہیں
قابلِ حلق گر خنجرِ بے داد نہیں

نام ہی نام ہے حریت و آزادی کا
حال یہ ہے کوئی آزاد بھی آزاد نہیں

شورِ نالوں کا شبِ ہجر جو ہو جاتا ہے
یہ بھی اک یاد ہے اس کی کوئی فریاد نہیں

محوِ حیرت تھا تصور میں شبِ غم اتنا
میں تھا یا آپ کی تصویر تھی کچھ یاد نہیں

اے حنا جس کو سناتا ہے وہ سن لیتا ہے
گوشِ نااہل کے قابل مری فریاد نہیں

دیوانہ۔ محمد فاروق صاحب

کہہ رہے کیا ہو کہ مجنوں نہیں فرہاد نہیں
مجھکو دیکھو تو بھلا میں بھی تمھیں یاد نہیں

تم کو جس دن سے غرض میری وفا سے نہ رہی
بس اسی دن سے مجھے شکوۂ بیداد نہیں

کل کے وعدوں کے بھلا دے یہ ہمیں سے کیا خوب
اور تم کل جو یہ کہدو کہ مجھے یاد نہیں

ہاں نہیں ہے تو نہیں پیروی رسمِ خلیل
ورنہ نمرود نہیں ہم میں کہ شداد نہیں

ہے خودی کا یہ تقاضہ کہ خدا بن بیٹھوں
"بے خودی کا ہے یہ عالم کہ خدا یاد نہیں"

میرے ہونے ہی سے وابستہ ہے سب کا ہونا
جس گھڑی میں نہیں یہ عالمِ ایجاد نہیں

آج کی بات کو کیوں کل پہ اٹھا رکھا ہے
کل اسے کہتے ہیں جس کی کوئی میعاد نہیں

نفی کے بعد اب اثبات کہاں سے لاؤں
اپنی ہستی نہیں اور غیر کی بنیاد نہیں

خود قفس توڑیئے صیاد کے وعدے کیسے
جن میں ہمت ہے وہ منت کشِ امداد نہیں

رازؔ۔ راز صاحب چاندپوری

قصۂ حسن نہیں عشق کی روداد نہیں
حیف وہ بزم جو اس ذکر سے آباد نہیں

محو رنج و الم کشتۂ بے داد نہیں
وائے بر عیشِ جہاں! مجھکو خدا یاد نہیں

ہم صفیرانِ چمن واہ یہ پرسش یہ کرم
اب مجھے شکوۂ بے مہریٔ صیاد نہیں

میں ہوں نامۂ ازل خیر مگر حیرت ہے
عشرت آباد جہاں میں بھی کوئی شاد نہیں

قصۂ جورِ فلک شکوۂ ایامِ زبوں
ایک افسانہ ہے جس کی کوئی بنیاد نہیں

سرفروشانِ محبت پہ خدا کی رحمت
مدعی سب ہیں مگر ایک بھی فریاد نہیں

واہ اے منظرِ خوش وقتیٔ منزل قرباں
دشتِ غربت کے مصائب بھی مجھے یاد نہیں

ہیں خطاوار مگر تیرے کرم کے صدقے
ایک مجبور تو یوں مستحقِ داد نہیں

رازؔ یہ نامۂ احسن یہ پیامِ عزت
وائے تقدیر کہ میں آج بھی آزاد نہیں

رضیؔ - رضی احمد صاحب بدایونی

ہمتِ ضبط نہیں طاقتِ فریاد نہیں
لطفِ بیداد بہ اندازۂ بیداد نہیں

حشر میں دادِ طلب کشتۂ بیداد نہیں
تھے ستم اتنے کہ تفصیلِ ستم یاد نہیں

بے اثر جلوۂ گل۔ نغمۂ بلبل بے کیف
اب وہ رنگِ چمنِ عالمِ ایجاد نہیں

ہوش اتنا ہی اٹھی تھی رخِ روشن سے نقاب
کیا ہوا اس کے سوا پھر مجھے کچھ یاد نہیں

نہ نشانِ کفِ پا ہوں نہ غبارِ سرِ راہ
مجھ سا دنیائے طلب میں کوئی برباد نہیں

حسن ہے ہفت نظر ذوقِ تماشا محدود
عام ہے جلوہ۔ نگاہیں مگر آزاد نہیں

ہو محبت میں جو شرمندۂ احسانِ اثر
آہ میں آہ وہ فریاد میں فریاد نہیں

اے ستم پیشہ یہ اندازِ تغافل کب تک
کیا تجھے اور کوئی طرزِ ستم یاد نہیں

قید سے شاید اسیرانِ جنوں چھوٹ گئے
آج زنداں میں وہ ہنگامۂ فریاد نہیں

خاک میں مل کے ملی منزلِ مقصود رضیؔ
غیر مشکور مری کوششِ بربادنہیں

رواںؔ صاحب

اُن سے پوچھے کوئی یہ کیا ہے جو بیداد نہیں
منہ پہ کہتے ہیں رواںؔ کون تقاضا ہے نہیں

روح کیا روح جو ہو قیدیٔ زندانِ حیات
دل وہ کیا دل جو غمِ دہر سے آزاد نہیں

نعمتیں سب مرے خالق نے عطا کی ہیں مجھے
پھر بھی دل کو یہ قلق ہے کہ میں آزاد نہیں

اب خزاں آئے چمن میں کہ رہے فصلِ بہار
مجھسے کیا واسطہ جب دل مرا آزاد نہیں

یہ تو ہی بات ہی کچھ اور کہ میں کچھ نہ کہوں
ورنہ کیا مجھپہ جو گزری ہی مجھے یاد نہیں

مایۂ روح ہی ایامِ گزشتہ کا خیال
حیف کچھ ایسی بھی باتیں ہیں کہ کچھ یاد نہیں

یادگاریں دلِ مردہ کی ہیں سامانِ حیات
شکر ہی ایسے بھی کچھ رنج تھے جو یاد نہیں

وقت جو یاد ہی اب تک اُسے ضائع نہ کہو
ہاں وہ ضائع ہوا جو وقت کہ اب یاد نہیں

سب جنھیں سمجھے ہیں قیدی وہ نہیں ہیں قیدی
جن کو سب کہتے ہیں آزاد وہ آزاد نہیں

آخر امکانِ وفا کی کوئی تدبیر بھی ہے
تم تو ہر وعدے کو کہتے ہو ہیں یاد نہیں

دیکھیں گرتی ہی قفس پر کہ چمن پر بجلی
آج یا میں ہی نہیں یا مرا صیاد نہیں

اپنا اپنا یہ مقدر ہی شکایت کیسی
سارا عالم تو ہی مسرور رواں شاد نہیں

رہبر۔ شجاعت اللہ خاں صاحب حیدرآبادی

روز کرتے ہیں وہ پامال مری تربت کو
شکر کی جا ہی کہ مٹی مری برباد نہیں

اس کے دامن پہ تو کچھ لختِ جگر برسا تا
تجھکو رونا بھی ذرا دیدۂ تر یاد نہیں

لطف دیتی ہی جفا یار کی اب تو رہبر
اس کی بیداد بھی حق میں مرے بیداد نہیں

ریاض۔ لسان الملک سید ریاض احمد صاحب خیرآبادی

نازنیں جان بھی لیں تو کوئی بیداد نہیں
چوڑیاں ہاتھ میں ہیں خنجرِ فولاد نہیں

اے نسیمِ سحری ساتھ لئے جاتے ہو بام
نفسِ سرد ہی نامہ نہیں فریاد نہیں

سبز باغ آپ دکھائیں نہ اب آزادی کے
آپ کے باغ میں تو سرو بھی آزاد نہیں

چھپ گئے ہیں کچھ مری آغوش میں وہ حشر کے دن
یہ وہی ہیں جنھیں پیمانِ وفا یاد نہیں

شورِ قلقل میں کم آواز دعوں ہی اے شیخ
یہ بہت خوب کہی میکدہ آباد نہیں

ایک اک پھول کو ایک ایک کلی کو دیکھا
ہار میں ان کے ہمارا دلِ ناشاد نہیں

نکلی ہیں حشر میں دنیا کی پرانی باتیں
میں تو کیا میرے فرشتوں کو بھی اب یاد نہیں

نہ گری برق مگر آپ گرے غش کھا کر
یہ تو اے حضرت موسیٰ کوئی افتاد نہیں

جس سے آتا تھا نشیمن میں قفس کا کچھ لطف
تیرے قربان تری آنکھ وہ صیاد نہیں

دل سے نکلی ہے یہ دل ہی میں رہے گی ظالم
جا کے دیوار سے ٹکرائے وہ فریاد نہیں

یہ بہت ہے رہے دل پر جو حکومت قائم
آج قبضہ میں اگر بصرہ و بغداد نہیں

حد سے آگے نہ بڑھے دیکھئے مژگانِ دراز
چھیڑنے کے لئے کم نشترِ فصاد نہیں

شعر آپ کو بھی خوب بناتے ہیں ریاض
سب یہ کہتے ہیں کوئی آپ سا استاد نہیں

زاہد۔ آفتاب علی خاں صاحب متعلم درجۂ دہم

وائے قسمت مرے نالے شرر آباد نہیں
اب یہ فریاد ہی میں قابلِ فریاد نہیں

کھینچ کر لایا ہے خود مجھ کو مقدر میرا
اس میں تقصیر تری اے مرے صیاد نہیں

ستم آموزیٔ معشوق ہے اک شیوۂ عشق
یہ ترا جور۔ ستم گر تری ایجاد نہیں

ساغر۔ صمد یار خاں صاحب نظامی سیمابی (علیگرین)

دشت میں قیس نہیں کوہ پہ فرہاد نہیں
ہے وہی عشق کی دنیا مگر آباد نہیں

رسمِ الفت میں روا شکوۂ بیداد نہیں
یعنی کم فرقیٔ جذبات ہے فریاد نہیں

کب کیا شکوۂ بیداد مجھے یاد نہیں
کہوں کس دل سے کہ میں تشنۂ بیداد نہیں

وہ مری خاک نشینی کے مزے کیا جانے
جو مری طرح تری راہ میں برباد نہیں

ڈھونڈنے کو تجھے اور میرے نہ ملنے والے
وہ چلا ہے جسے اپنا بھی پتا یاد نہیں

نہ وہ آہیں نہ وہ نالے نہ وہ بیتابیٔ شوق
اب تو پہلا سا مرا عالمِ ایجاد نہیں

ایک زنجیرِ طریقت میں بندھے ہیں دونوں
عشق پابند نہیں حسن بھی آزاد نہیں

عرش والے نہ سنیں ساری خدائی سن لے
اس قدر پست مذاقِ لبِ فریاد نہیں

اپنی ایجاد پہ ہے ناز مگر حال یہ ہے
فلسفہ بے خبرِ عالمِ ایجاد نہیں

روحِ بلبل نے خزاں بن کے اجاڑا گلشن
پھول کہتے رہے ہم پھول ہیں صیاد نہیں

حسن سے چوک ہوئی اس کی ہے تاریخ گواہ
عشق سے بھول ہوئی ہو یہ مجھے یاد نہیں

خیر ہاں اپنی جفاؤں کی ستم کی رم کی
آخری تیر ہے ظالم مری فریاد نہیں

بربطِ ماہ پہ مضرابِ فغاں رکھدی تھی
میں نے اک نغمہ سنایا تھا تمھیں یاد نہیں

قفس و بلبل و گل سب ہیں یہ فانوسِ خیال
تیری ہستی سے زیادہ کوئی صیاد نہیں

کھول قاموسِ محبت ورقِ عشق الٹ
حسن کو معنیٔ یک لفظِ وفا یاد نہیں

لاؤ اک سجدہ کروں عالمِ بدمستی میں
لوگ کہتے ہیں کہ ساغر کو خدا یاد نہیں

سائر۔ محمد خلیل صاحب صدیقی سیمابی اکبرآبادی پرائیوٹ طالب علم ایف اے کلاس

آہ کرنے کا طریقہ بھی مجھے یاد نہیں
میں اسی سوچ میں آمادۂ فریاد نہیں

آپ کے جور کی ہر شان حریفِ راحت
میری روداد کا اک لفظ بھی روداد نہیں

گمرہِ دشتِ محبت ہوں مگر بھول یہ ہے
وہ مجھے یاد نہیں یا میں اُسے یاد نہیں

دل گرفتارِ مصائب ہے نگاہیں غمگیں
بحرِ ہستی سے سفینہ مرا آزاد نہیں

خون روتا ہوں میں تھامے ہوئے اپنے دل کو
سننے والا کوئی مجھ دل کی فریاد نہیں

یاد آئے وعدۂ رحمت کی دلاتے ہیں مگر
ہم بھی کچھ کہہ کے چلے تھے یہ ہمیں یاد نہیں

حسن کی بات بڑھے میں یہ سمجھ کر چپ ہوں
تم سمجھ لو کہ مجھے جرأتِ فریاد نہیں

ان کی محفل میں اگر جاؤں تو کیوں کر جاؤں
ابھی دامانِ تمنا مرا آباد نہیں

خلوتِ حسن میں کچھ بھول ہے ایسی سائر
میں بہ اندازِ تغافل بھی نہیں یاد نہیں

سیماب - مولوی عاشق حسین صاحب اکبرآبادی

عزمِ فریاد! نہیں اے دلِ ناشاد نہیں
مسلکِ اہلِ وفا ضبط ہے فریاد نہیں

حاصلِ عشق بجز خاطرِ ناشاد نہیں
یہ غنیمت ہے کہ محنت مری برباد نہیں

شرطِ شبنم سے نہیں ربطِ شمیم و نکہت
شبنم آوارہ ہے پھر یہ کہ چمن زاد نہیں

غم کی حد یہ ہے کہ احساسِ خوشی تک ہے
ابھی شائستۂ تسکیں دلِ ناشاد نہیں

انہیں بکھرے ہوئے پھولوں میں ہمارا دل تھا
تجھے اے خانۂ پرداز چمن یاد نہیں

اے مری قیدِ تمنا کے بڑھانے والے
غیر محدود ترے حسن کی میعاد نہیں

خلوتِ عرصۂ غربت کی یہ ویرانی دیکھ!
ہے جہاں تک مری دنیا کوئی آباد نہیں

دل کی تجدید کا تھا عزم مگر کیا کہئے
فکرِ تخلیق میں گنجائشِ ایجاد نہیں

بزمِ افسانۂ کرد ختم، جوانی گزری
قابلِ ذکر اب آگے کوئی روداد نہیں

عشق بر ہر قدمے حسن برابر ہے گا ہے
مجھے شیریں کا قلق ہے غمِ فرہاد نہیں

موت ہے روح کی معراج تو پھر اے سیماب
یہ علو ہے مری دانست میں افتاد نہیں

شمیم - سید محمد مرتضیٰ صاحب بھوپالی

حسن کا ذکر نہیں عشق کی روداد نہیں
اب وہ ہنگامۂ جاں بازیٔ فرہاد نہیں

عالمِ کیفِ محبت میں نیا عالم ہے
بے خودی ڈھونڈتی پھرتی ہے کسے یاد نہیں

ہوسِ سیر و تماشائے چمن کیا کیجے
شاہد دے نہیں اسبابِ طرب زاد نہیں

کاشفِ پردہ ہیں تمکینِ نظر کے انداز
مقصدِ شوق تنک ظرفیٔ فرہاد نہیں

دل جگر پھونک دیئے آتشِ غم نے آخر
جو ہو لاہے بجز صورتِ برباد نہیں

نالہ ہم دوشِ اثر عرشِ بریں پر ہو جائے
یہ مقدر نہیں ایسی لبِ فریاد نہیں

حسن در پردہ ہے آمادۂ رعنائیِ شاں
کون حیرت زدۂ شوخیٔ ایجاد نہیں

عرش سے خاص اُترتے ہیں مضامین سمیع
طبعِ موزوں کے لئے حاجتِ استاد نہیں

شور۔ منظور حسین صاحب

اب دلِ رنج طلب کیوں خلش آباد نہیں
یہ تری مشق گہِ ناز ہے کیا یاد نہیں

عشق میں نالہ و فریاد مجھے یاد نہیں
مجھکو منظور تنک ظرفیٔ فرہاد نہیں

شاد کب ہے دلِ پُر درد جو ناشاد نہیں
تم نے جو دل پہ جفا کی تھیں کیا یاد نہیں

تم اسے سُن کے پریشاں نہ کہیں ہو جانا
دل کا احوال ہے افسانۂ فرہاد نہیں

ہے جو تصویرِ کشِ حیرتِ ناکامیٔ عشق
کوئی مانی نہیں ایسا کوئی بہزاد نہیں

ناز سے اُس نے سرِ بزم کبھی دیکھا تھا
اس قدر یاد ہے کچھ اور مجھے یاد نہیں

لب پہ اک آہ تو وہ بھی نفسِ سوختہ ہے
یہ کوئی تیری نگاہِ شرر آباد نہیں

روکشِ تارِ نگہ رہتا ہے ہر تارِ نفس
سانس تک محضۂ یاس سے آزاد نہیں

عمر سی عمر غم و رنج میں برباد ہوئی
شور بے وجہ دلِ غم زدہ ناشاد نہیں

شور۔ غلام مرتضیٰ صاحب مرادآباد

آپ کی داد بھی بے داد ہے کچھ داد نہیں
اتنا انبوہِ شکایت ہے کہ تعداد نہیں

قتلِ عالم کے لئے تیغِ نظر ہے کافی
آپکے ہاتھ میں گو خنجرِ فولاد نہیں

ستم و جور سے کس طرح میں نالے کرتا
خوگرِ ضبط ہوں اندازِ فغاں یاد نہیں

جب کہا میں نے کہ اقرارِ وفا بھول گئے
ہنس کے فرمایا کہ ہاں یاد نہیں یاد نہیں

جذبِ دل نے تو کہیں کا بھی نہ چھوڑا مجھکو
بے خودی کا ہے یہ عالم کہ خدا یاد نہیں

کیا سبب سیکڑوں بے سر ہیں ہزاروں بسمل
دستِ قاتل میں مگر خنجرِ فولاد نہیں

شورِ محشر میں اٹھا ہے کہ کوئی آتا ہے
روبرو ان کے مجھے ہمتِ فریاد نہیں

صفی - سید صفی محمد صاحب جعفری طالب علم درجۂ نہم مسلم یونیورسٹی انٹر کالج

آج قابو میں دلِ مضطر و ناشاد نہیں
"بے خودی کا ہے یہ عالم کہ خدا یاد نہیں"
آرزو کرتا ہے بیدرد نرالی پیدا
میرے دل سا کوئی ظالم ستم ایجاد نہیں
بیکسی کا ہو بھلا جس نے کیا ہے تنہا
پاس مونس نہیں ہمدم نہیں ہمزاد نہیں
درد بے چوٹ کے پیدا نہیں ہوتا ہرگز
لب پہ بے درد کے آتی کبھی فریاد نہیں

ضیا - مولوی ضیا احمد صاحب ایم اے لیکچرر انٹر کالج

غم نہیں۔ تجھکو اگر طرزِ وفا یاد نہیں
شائقِ جور ہو ایسا دلِ ناشاد نہیں
ساز آہنگِ شکایت لبِ فریاد نہیں
نالہ جز حسنِ طلب اے ستم ایجاد نہیں
ہے تقاضائے جفا شکوۂ بیداد نہیں

گرچہ الفت کا ہے دنیا سے نرالا اسلوب
مگر اچھی نہیں ایسی بھی تلاشِ محبوب
اہلِ غیرت کو یہ شیوہ نہیں ہرگز مرغوب
عشق و مزدوری و عسرت گہِ خسرو کیا خوب
ہم کو تسلیم نکو نامیِ فرہاد نہیں

رنجِ غربت سے ہو کیا خاطرِ وحشی مغموم
جس جگہ جائے کوئی ساتھ ہے اس کا مقسوم
یہی تنہائی یہی حسرت و حرماں کا ہجوم
کم نہیں وہ بھی خرابی میں یہ ہے معلوم
دشت میں ہے مجھے وہ عیش کہ گھر یاد نہیں

کامیابی کا ہے ہر کوششِ ناکام سبب
سست کیا ہو قدمِ ہمتِ دشوار طلب
ہے ہر افتادِ مصائب سبقِ آموزِ ادب
اہلِ بینش کو ہے طوفانِ حوادث کمتب
طعنۂ موج کم از سیلیِ استاد نہیں

واہ کیا خوب ملی شرطِ محبت کی جزا
شکر اس قدر شناسی کا ہو کس منہ سے ادا
ادبِ حسن سے ہم تو نہیں کرتے نالا
وائے محرومیِ تسلیم و بدا حالِ وفا
جانتا ہے کہ ہمیں طاقتِ فریاد نہیں

سوچ تو محوِ فغاں بلبلِ نالاں کیوں ہے
چشمِ شبنم سے بپا اشک کا طوفاں کیوں ہے
صرفِ تاراجِ خزاں حسنِ گلستاں کیوں ہے
رنگِ تمکین گل و نالہ پریشاں کیوں ہے
گرچہ اغاں بہ سرِ رہگذر آباد نہیں

میں نے مانا کہ ستم ہے غمِ غربت غالب
تھی وطن ہی میں مگر کون سی راحت غالب
کچھ ضیا سے تو کرو شرحِ حقیقت غالب
کرتے کس منہ سے ہو غربت کی شکایت غالب
تم کو بے مہریِ یارانِ وطن یاد نہیں

طاہر۔ طاہر حسین صاحب زبیری متعلم انٹر کالج مسلم یونیورسٹی

چمنِ دہر میں کوئی بھی تو آزاد نہیں
پا بگل سرو ہے قمری نہیں! شمشاد نہیں
مئے الفت سے ہوں سرشار نہیں ہوش مجھے
"بے خودی کا ہے یہ عالم کہ خدا یاد نہیں"
اس میں ترتیبِ ادب ہوش و خرد کا کیا کام
بزمِ مے ہے یہ کوئی محفلِ میلاد نہیں
لطف تو یہ ہے ستم توڑتے جاتے ہیں مگر
پھر بھی کہتے ہیں یہی ہم ستم ایجاد نہیں
دیکھ لو دیکھ لو مرقد ہے تمناؤں کا
خانۂ دل مرا برباد ہے آباد نہیں
لذتِ درد کا خوگر مجھے پا کر اس کا
یہ نیا ظلم ہے اب مائلِ بیداد نہیں
ٹوٹنے کی ہے صدا شیشۂ دل کی میرے
تم کو دھوکا ہوا دیکھو تو یہ فریاد نہیں
اب جو اٹھتے مرے سینے سے ہوں ہی اٹھے
تاب اٹھنے کی تو مجھ میں ستم ایجاد نہیں
نالۂ شام و سحر سے نہ پریشاں ہوتا
یہ تو دیباچۂ فریاد ہے فریاد نہیں
آج اس بت نے جو آنے کا کیا ہے وعدہ
"بے خودی کا ہے یہ عالم کہ خدا یاد نہیں"

حسن فانی ہے تو ہے عشق بھی فانی طاہر
اب جو شیریں نہیں دنیا میں تو فرہاد نہیں

عارف - سید محمد عارف صاحب فاطمی ملیح آبادی میرس ہوسٹل یونیورسٹی

دل وہ آباد نہیں جس میں تری یاد نہیں
ہے وہ کافر جو تری راہ میں برباد نہیں

مسلکِ عشق کے قانون ہیں اوروں کے لئے
مجھکو تو تیرے سوا اور ہی کچھ یاد نہیں

لذتِ درد میں ملتا ہے مزا مجھکو سوا
تیری بیداد مرے واسطے بیداد نہیں

سید عبدالحی صاحب جونیر بی اے ۳۰ عثمانیہ

مژدہ اے مرغِ چمن باغ میں صیاد نہیں
دیکھ فریاد نہ کر موسمِ فریاد نہیں

دید کے لطف اٹھاتا ہوں مزے لیتا ہوں
عاشقِ حسن ہوں میں مائلِ فریاد نہیں

آپ سنئے تو سہی دل نہ پریشاں کیجے
قصۂ دردِ جگر شاملِ روداد نہیں

ظلم کی جور کی اک حد بھی ہوا کرتی ہے
آخر انسان ہوں پتھر نہیں فولاد نہیں

یا الٰہی مری مشکل کو تو آساں کر دے
صبر کی تاب نہیں، طاقتِ فریاد نہیں

خلشِ دردِ جگر وجہِ تسلی کیا ہو
میری فریاد سے خوش بانیٔ بیداد نہیں

عزیز - عبدالعزیز صاحب پوری

قابلِ رحم نہیں لائقِ بیداد نہیں
اک معمہ ہے مری ہستیِ ناشاد نہیں

یاد ہے جلوۂ بے باک کی شوخی لیکن
دل پہ کیا گزری تھی یاب یہ مجھے یاد نہیں

ہائے اس پیکرِ پابندِ الم کی حالت
جو غریب اپنے خیالوں میں بھی آزاد نہیں

کچھ نہیں جوشِ فزاوانیٔ امواجِ بہار
دل کی رگ رگ پہ اگر نشترِ فریاد نہیں

ہم نفس قصۂ رنگینیٔ عنوانِ شباب
خواب کی طرح سے کچھ یاد ہے کچھ یاد نہیں

جن پہ موجوں کی یہ جرأت ہے گناہِ الفت
تم یہ سمجھو کہ اسے طاقتِ فریاد نہیں

میں تری بزم میں خاموش نہ رہتا لیکن
ایک تصویر ہوں اور طاقتِ فریاد نہیں

کیا کہوں قصۂ ہستی کہ ستمگر مجھکو
زندگی کا کوئی عنوانِ سکوں یاد نہیں

دل کی دنیا بھی کسی چاند کی دنیا ہے عزیز
جو فقط نام کی دنیا ہے اور آباد نہیں

محمد عمر صاحب کلارک مسلم یونیورسٹی

محشرِ درد ہوں آوارۂ فریاد نہیں
میں ہوں برباد حقیقت مری برباد نہیں

پُر اثر نالہ ہے شیون ہے سراپا تاثیر
یہ تو سب کچھ ہے مگر عادتِ فریاد نہیں

جو جھلک مجھکو دکھائی تھی اُسے بھول گئے
اپنی مستانہ ادائیں بھی تمھیں یاد نہیں

اُف رے سرمستیِ جامِ مئے پُر کیفِ الست
کیا پیا کس نے دیا کچھ بخدا یاد نہیں

زخمِ دل دیکھ کے کہتے ہو کہ کیوں کر یہ ہوا
اپنا یہ کارِ نمایاں بھی تمھیں یاد نہیں

تجربہ یہ ہے عدو پر ہے عنایت کی نظر
واقعہ یہ ہے کہ اب مائلِ بیداد نہیں

فرحت ۔ مرزا قطب عالم صاحب دہلوی

جب سے پہلو میں وہ لذت کشِ بیداد نہیں
شورشِ آہ و جفا سے ستم ایجاد نہیں

خود گرفتارِ قفس کو لبِ فریاد نہیں
اس اسیری کو بھلا خاطرِ صیاد نہیں

تپشِ سوزِ دروں آگ لگی جاتی ہے
اُف کروں کیا کہ مجھے عادتِ فریاد نہیں

ہائے بے مائگیِ صبر نے مارا ہے مجھے
ضبط ہم دوشِ جفا سے ستم ایجاد نہیں

پھر چلے ہوئے چمن بلبلِ وارفتۂ عشق
کیا اُسے تجربۂ عادتِ صیاد نہیں

یاد اتنا تو ہے اُس نے مجھے دیکھا تھا مگر
پھر ہوا کیا یہ مجھے ہوش نہیں یاد نہیں

میں ہوں وہ صید جسے خود ہے تلاشِ صیاد
مجھکو آزاد سمجھتے ہو میں آزاد نہیں

کس سے پوچھوں دلِ مضطر کا مداوائے سکوں
چارہ گر تجھکو بھی کیا اس کی دوا یاد نہیں

مجھکو یہ شوق کہ ہر وقت رہوں وقفِ جفا
اور وہ شوخ ابھی واقفِ بیداد نہیں

بحرِ الفت میں سبک سیر ہوں مانندِ حباب
آشنائے لبِ ساحل مری فریاد نہیں

شیوۂ عشق نہیں تیشہ زنی اے فرحت
حسن منت کشِ جاں بازیٔ فرہاد نہیں

فطرت - مرزا عبدالرحیم صاحب حیدرآبادی

اے جنونِ عشق میں تیری اگر امداد نہیں
لطفِ فریاد نہیں لذتِ بیداد نہیں

ضبط تو دیکھ نہ آہ نہ شکایت نہ گلہ
کیا ترے رحم کے قابل مری فریاد نہیں

مرگئے ہم نہ ہوئی دستِ اجل کو بھی خبر
خنجرِ ناز ہے یہ خنجرِ فولاد نہیں

بے قراری دلِ زار کو کیا کہتے ہیں
بے نیازی تری گر شاملِ بیداد نہیں

تیری تصویر ہوئی وجہ فروغِ عالم
بے سبب حیرتِ آئینۂ ایجاد نہیں

میں ہوں وہ بلبلِ گلزارِ مدینہ فطرت
خوفِ گلچیں نہیں مجھکو غمِ صیاد نہیں

کریمی - خواجہ عبدالواحد صاحب لدھیانوی

نجد میں قیس نہیں کوہ پہ فرہاد نہیں
گھر بھی برباد ہے ویرانہ بھی آباد نہیں

جن و انسان و ملک سب ہیں اسیرانِ قضا
عرش سے فرش تلک ایک بھی آزاد نہیں

ایک جاں چونک اٹھا ارض و سما کانپ گئے
زلزلہ ہے ترے مظلوم کی فریاد نہیں

روزِ محشر وہ مجھے دیکھ کے فرماتے ہیں
ان کو دیکھا ہے کہیں ہم نے مگر یاد نہیں

سنگدل سارا زمانہ ہے ترا فریادی
کون ہے وہ جو ترے عشق میں برباد نہیں

موسمِ گل ہے سنا کوئی ترانہ بلبل
صحنِ گلزار ہے یہ خانۂ صیاد نہیں

لطف مرنے کا نہیں جب کہ مری بالیں پہ
وہ ستم کیش ستم گر ستم ایجاد نہیں

مجھ پہ وہ ظلم بھی کرتے ہیں کریمی لیکن
یہ بھی کہتے ہیں کہ قاتل نہیں جلاد نہیں

کوثر - عبدالحلیم خاں صاحب متعلم انٹر کالج مسلم یونیورسٹی

تم جو کہتے تھے کہ تو عشق میں برباد نہیں
دل کے ویرانے سے ظاہر ہے کہ آباد نہیں

اُس سے ڈرتا ہوں کہ وہ بھی کہیں بدنام نہ ہو
لب پہ آہیں نہیں نالہ نہیں فریاد نہیں

وصل کا لطف کہاں ہجر کے صدمے کیسے
تم سے الفت تھی کبھی یہ بھی ہمیں یاد نہیں

حسنِ فطرت کا تقاضا ہے نگاہِ انساں
عشق پابند نہیں حسن بھی آزاد نہیں

اک جھلک دیکھ کے کیوں ہو گئے موسیٰ بیخود
پرتوِ حسن ہے یہ عشق کی روداد نہیں

یاد ہے اتنا کہ اک چوٹ لگی تھی دل پر
پھر کہاں ہم تھے کہاں وہ یہ ہمیں یاد نہیں

دل میں ہے ایک ہجومِ غم و یاس و حرماں
خلد ہے خوب مگر اس قدر آباد نہیں

مکتبِ عشق کا ہر درس ہے ازبر کوثر
ترکِ الفت کا سبق ایک ہے جو یاد نہیں

کیف صاحب

مجھکو اتنی بھی خبر خاطرِ ناشاد نہیں
غم سے آباد جو ہوتا ہے وہ برباد نہیں

وہ غلط سمجھے کہ تسکیں ہے تغافل سے مجھے
مجھ پہ بیداد یہ کیا کم ہے کہ بیداد نہیں

عشق کو ننگ ہے پابندِ مقاصد ہونا
میں نے منزل کبھی ڈھونڈی ہو مجھے یاد نہیں

آج دل محرمِ اسرار ہے اللہ اللہ
کل جو کہتا تھا میں آباد نہیں شاد نہیں

کس قدر بزمِ تمنا بھی ہے رنگیں یارب
کس لئے آتے تھے یہ بھی ہمیں اب یاد نہیں

اب مری خاک ہے پامالِ خرامِ جاناں
اب مری خاک کا اک ذرہ بھی برباد نہیں

رازِ رنگینیِ گلشن ہے بہارِ گلشن
دل ہے برباد اگر دل میں تری یاد نہیں

ڈال رکھتے ہیں نگاہوں پہ ہوس نے پردے
وہ کسی رنگ میں فرزندِ ستم ایجاد نہیں

ہے مرے ذوقِ تمنا کو شکایت اتنی
کہ تمہیں دل میں ہو اور دل ہی تمہیں یاد نہیں

میرے احساس میں اک جہل ہے عرفانِ شہود
جب سوا تیرے کہیں بھی کوئی آباد نہیں

میں نے دیکھا ہے کسی انجمنِ ناز کا رنگ
دونوں عالم یہ مری نظروں میں کچھ یاد نہیں

شدتِ درد سے کیفیتِ غم کا اظہار
کیف بے کیف ہے یہ عشق کی فریاد نہیں

گہر - آفتاب احمد صاحب

بزمِ عشرت ہے یہ بزمِ غم و فریاد نہیں
مہر ہر کس پہ ہے ساقی یہاں بیداد نہیں

عالمِ وجد ہے طاری ترے دیوانوں پر
"بے خودی کا ہے یہ عالم کہ خدا یاد نہیں"

اے گہر کوچۂ جاناں میں ہے یاد و کہیں
دل کہاں بھول کے آیا ہوں مجھے یاد نہیں

ماجد صاحب

نالۂ محرومِ اثر آج جو صیاد نہیں
قصۂ عشق ہے کچھ درد کی روداد نہیں

آئے ہیں غیر بھی ارمانِ شہادت لے کر
آج شمشیر بکف خیر سے جلاد نہیں

کوئے دلدار میں ہے دامنِ وفا پر مری خاک
جو محبت میں ہو برباد وہ برباد نہیں

پھونک دے تو ہی کہیں برقِ تجلی مجھ کو
میری دنیائے محبت ابھی آباد نہیں

بے خودی تو ہی بتا جا کے کہاں سجدہ کروں
جس جگہ کھویا تھا میں اب وہ جگہ یاد نہیں

دل وہ خالق ہے کہ کر لیتا ہے خود غم پیدا
شور و شین اس کا بہ اندازۂ بیداد نہیں

پھونک دیتا ہے مجھے کشتۂ فریبِ من و تو
کچھ محبت آج مرے نالۂ و فریاد نہیں

میری آنکھوں میں وہ پڑھ لیں مری کیفیتِ دل
نہ سہی لب جو مرے مائلِ فریاد نہیں

سچ ہے ہر سانس نہیں سوز کا مسکن ماجد
رقصِ ہر موجِ نفس مستیٔ فریاد نہیں

مبین صاحب

ایسا بے مہر جفا کار ستم گر عیار
دہر میں کوئی بھی تجھسا ستم ایجاد نہیں

ہم نے اس راہ میں ہستی کو مٹا کر چھوڑا
کوچۂ عشق میں مجھسا کوئی برباد نہیں

عشق کافر نے ہزاروں کے گھر ویرانے
اس کے ہاتھوں نظر آتا کوئی آباد نہیں

کر دیا اُس بتِ کافر نے یہاں تک مدہوش
"بے خودی کا ہے یہ عالم کہ خدا یاد نہیں"

یوں تو دنیا میں ہزاروں ہیں حسین ماہ جبیں
پر کوئی تجھسا کہیں دیکھا پری زاد نہیں

حالِ دل میں نے کہا اُن سے تو بولے کہ مبین
کوچۂ عشق میں کوئی بھی دل آزاد نہیں

مجروح صاحب

گلۂ جور و جفائے ستم ایجاد نہیں
میں کسی رنگ میں منت کشِ فریاد نہیں

دیکھ لے چھیڑ کے مضراب جفا سے مطرب
بربطِ دل میں کہیں نغمۂ فریاد نہیں

خاکِ رہ بن کے ہو پا بوسیٔ دلدار نصیب
اپنی قسمت میں تو یہ بھی دلِ ناشاد نہیں

پھول تربت پہ چڑھاتے ہیں حسینانِ جہاں
زندگانی نہ سہی موت تو برباد نہیں

دلِ مجروح تڑپتا ہے زمیں پر لیکن
ہے یہ معراجِ محبت کوئی افتاد نہیں

محمد علی صاحب متعلم درجۂ نہم

شکوہ و آہ و فغاں اے دلِ ناشاد نہیں
عاشقوں کے لئے زیبا کبھی فریاد نہیں

روز بڑھتی ہے شہیدانِ وفا کی تعداد
اے فلک تجھسا تو کوئی ستم ایجاد نہیں

ظلم کی جور کی غایت بھی ہوا کرتی ہے
آخر انسان ہوں میں پیکرِ فولاد نہیں

عارضی حسن پہ نازاں ہے خدا کی قدرت
فخر اُسی شے پہ کہ جس چیز کی بنیاد نہیں

ہے مرے ذوقِ تمنا کو شکایت اتنی
کہ تمہیں دل میں ہو اور دل ہی تمہیں یاد نہیں

میرے احساس میں اک جبل ہے عرفانِ شہود
جب سوا تیرے کہیں بھی کوئی آباد نہیں

میں نے دیکھا ہے کسی انجمنِ ناز کا رنگ
دونوں عالم یہ مری نظروں میں کچھ یاد نہیں

شدتِ درد سے کیفیتِ غم کا اظہار
کیف بے کیف ہے یہ عشق کی فریاد نہیں

گہر - آفتاب احمد صاحب

بزمِ عشرت ہے یہ بزمِ غم و فریاد نہیں
مہر ہر کس پہ ہے ساقی یہاں بیداد نہیں

عالمِ وجد ہے طاری ترے دیوانوں پہ
"بے خودی کا ہے یہ عالم کہ خدا یاد نہیں"

اے گہر کوچۂ جاناں میں ہے یا اور کہیں
دل کہاں بھول کے آیا ہوں مجھے یاد نہیں

ماجد صاحب

نالۂ محرمِ اثر آج جو صیاد نہیں
قصۂ عشق ہے کچھ درد کی روداد نہیں

آئے ہیں غیر بھی ارمانِ شہادت لے کر
آج شمشیر بکف خنجر سے جلاد نہیں

کوئے دلدار میں ہے دوشِ وفا پر مری خاک
جو محبت میں ہو برباد وہ برباد نہیں

پھونک دے تو ہی کہیں برقِ تجلی مجھ کو
میری دنیائے محبت ابھی آباد نہیں

بے خودی تو ہی بتا جا کے کہاں سجدہ کروں
جس جگہ کھویا تھا میں اب وہ جگہ یاد نہیں

دل وہ خالق ہے کہ کر لیتا ہے خود غم پیدا
شور و شین اس کا بدا اندازۂ بیداد نہیں

پھونک دیتا ہے مجھے کشتۂ فریبِ من و تو
کچھ مجھے آج مرے نالہ و فریاد نہیں

میری آنکھوں میں وہ پڑھ لیں مری کیفیتِ دل
نہ سہی لب جو مرے مائلِ فریاد نہیں

سچ ہے ہر سانس نہیں ہوتا مسکن ماجد
رقصِ ہر موجِ نفس مستیٔ فریاد نہیں

مبین صاحب

ایسا بے مہر جفا کار ستم گر عیار
دہر میں کوئی بھی تجھسا ستم ایجاد نہیں

ہم نے اس راہ میں ہستی کو مٹا کر چھوڑا
کوچۂ عشق میں مجھسا کوئی برباد نہیں

عشق کافر نے ہزاروں کئے گھر ویرانے
اس کے ہاتھوں نظر آتا کوئی آباد نہیں

کر دیا اس بتِ کافر نے یہاں تک مدہوش
"بے خودی کا ہے یہ عالم کہ خدا یاد نہیں"

یوں تو دنیا میں ہزاروں ہیں حسین و جمیل
پر کوئی تجھسا کہیں دیکھا پری زاد نہیں

حالِ دل میں نے کہا ان سے تو بولے کہ مبین
کوچۂ عشق میں کوئی بھی دل آزاد نہیں

مجروح صاحب

گلۂ جور و جفائے ستم ایجاد نہیں
میں کسی رنگ میں منت کشِ فریاد نہیں

دیکھ لے چھیڑ کے مضراب جفا سے مطرب
بربطِ دل میں کہیں نغمۂ فریاد نہیں

خاکِ رہ بن کے ہو پا بوسیٔ دیدار نصیب
اپنی قسمت میں تو یہ بھی دلِ ناشاد نہیں

پھول تربت پہ چڑھاتے ہیں حسینانِ جہاں
زندگانی نہ سہی موت تو برباد نہیں

دلِ مجروح تڑپتا ہے زمیں پر لیکن
ہے یہ معراجِ محبت کوئی افتاد نہیں

محمد علی صاحب متعلم درجۂ نہم

شکوہ و آہ و فغاں اے دلِ ناشاد نہیں
عاشقوں کے لئے زیبا کبھی فریاد نہیں

روز بڑھتی ہے شہیدانِ وفا کی تعداد
اے فلک تجھسا تو کوئی ستم ایجاد نہیں

ظلم کی جور کی غایت بھی ہوا کرتی ہے
آخر انسان ہوں میں پیکرِ فولاد نہیں

عارضی حسن پہ نازاں ہے خدا کی قدرت
فخر اس شے پہ کہ جس چیز کی بنیاد نہیں

محو صاحب

اب کرم کر کہ ستم اب ستم ایجاد نہیں
دل پہ اس درجہ ہے بیداد کہ
روح مضطر ہے کہ اب دل میں تری یاد نہیں
دل ہے برباد کہ آباد نہیں شہ
غم کو اب تک یہ تمنا ہے کہ دل شاد نہیں
دل کو اب تک یہی حسرت ہے کہ
دل زرا ولولۂ شوق کو روکے رکھے
عشق پابندیٔ آداب سے آز
کرتے ہیں اس کو محبت میں وفا سے تعبیر
میری تصویر کا وہ رخ جو تمہیں یا
عشق کو اتنی بھی دیوانگیٔ غم نہ سکھا
حسن کو ہوش تماشا دل ناشا
ہے وہی محو سحر کاریٔ شیریں اب تک
محفلِ دہر میں لیکن کوئی فرہا

مست صاحب

شکوہ سن کر متاثر ستم ایجاد نہیں
ایسی فریاد تو لے دل کوئی فریا
کچھ تجھے وجہ ندامت ستم ایجاد نہیں
میرے مرنے کی خبر تری بیداد
دم نکلتا ہے مگر وائے فریاد نہیں
پھر بھی کہتے ہو کہ اقرارِ وفا یاد نہ
دو ہی آہوں میں پکڑتا ہے کلیجہ صیاد
صبر کر صبر ابھی فریاد سی فریاد نہ
پائیں ہم اس کی اجازت تو چمن میں جائیں
حکمِ صیاد کے پابند ہیں آزاد نہیں
عاشقی خوگرِ ایذا طلبی ہوتی ہے
ہم کو ہر ظلم ترا داد ہے بیداد نہیں
نہیں ملتا ہمیں دنیا میں پرکھنے والا
داغِ دل کس کو دکھائیں کوئی قدر
ہم کو زنداں کی مصیبت کا نہیں کچھ بھی خیال
سوچ اس کا ہے کہ اس کی کوئی میعاد نہیں
ہم قفس میں ہیں تو گرتی ہے قفس پر بجلی
آشیانے ہی پہ موقوف یہ افتاد نہیں
پایۂ عرش بدل جائے تو میرا ذمہ
میرے نالے کہیں اگر [illegible]

نشۂ عشق میں اپنا بھی نہیں ہوش جسے
میں وہی مست ہوں عاقل تجھے کیا یاد نہیں

مشتاق مشتاق احمد صاحب ٹالوی تلمیذ حضرت رسا مرحوم

آہ کی تاب نہیں طاقتِ فریاد نہیں
یعنی پہلو میں ہمارے دلِ ناشاد نہیں

پنجۂ غم سے ہیں آزاد قفس میں کیا ہیں
خوفِ گلچیں نہیں کچھ خطرۂ صیاد نہیں

اس میں راحت کے سب اسباب مہیا ہونگے
عدم آباد یقیں ہے عدم آباد نہیں

دامِ الفت میں ازل سے ہی گرفتار ہیں ہم
یہ وہ تقدیر ہے جس کی کوئی میعاد نہیں

خاک سے ان کی ابھی بوئے وفا آتی ہے
باوجود اس کے کہ شیریں نہیں فرہاد نہیں

بیکسی بیٹھی ہے تربت پہ مجاور بن کر
اُس پہ یہ لطف کہ نالہ نہیں فریاد نہیں

کس سے لے دادِ سخن آپ کا مشتاقِ حزیں
اے رسا آپ کے بعد آپ سا استاد نہیں

مشرف صاحب

ماتمِ درد ہے یہ شکوۂ بیداد نہیں
نوحۂ عشق ہے ظالم مری فریاد نہیں

وہ بھی عالم تھا کہ آبادی ہی آبادی تھی
یہ بھی حالت ہے کہ اک شخص بھی آباد نہیں

ربطِ حسن کے موجد سے یہ پوچھے تو کوئی
اس میں کیوں نغمۂ بربادی فریاد نہیں

کیوں ترے کہنے سے میخانہ جلا دوں واعظ
تیرا کہنا کوئی جبریل کا ارشاد نہیں

جل گیا شہرِ وفا لٹ گئی دل کی بستی
عشق کی سلطنت اب نام کو آباد نہیں

ان کو دیکھا تھا مشرف کہ گری اک بجلی
کیا ہوا بزم میں پھر کچھ بھی مجھے یاد نہیں

مظفر۔ حافظ قاری سید مظفر علی صاحب زیدی

یہ غلط ہے کہ ہو اسیرِ قفس یاد نہیں
اب وہ عالم ہے کہ گلخانۂ خرمادنہیں

دل جو ویران ہوا ہو گئی دنیا ویران
کوئی گھر خوش نہیں بستی کوئی آباد نہیں

باغ میں جا کے مجھے اور قلق ہوتا ہے
پھول پتے بھی مرے دل کی طرح شاد نہیں

جب سے دل بادۂ الفت سے ہوا ہے مخمور
"بے خودی کا ہے یہ عالم کہ خدا یاد نہیں"

نغمۂ درد مظفر ہے صدا سے خالی
کیا سنے کوئی یہ نالہ نہیں فریاد نہیں

منظر۔ منظر صاحب صدیقی سیمابی اکبرآبادی

قابلِ داد نہیں لائقِ بے داد نہیں
سچ ہے اے عشق کہ مٹی مری برباد نہیں

جب محبت ہو تو ہر بات روا ہوتی ہے
تم سلامت رہو میں شاکیٔ بیداد نہیں

بعدِ زنداں بھی جنوں اہلِ جنوں کا نہ گیا
گھر کو جاتے ہیں مگر گھر کا پتا یاد نہیں

ہے ہر اک ذرے میں پنہاں دلِ مضطر کی تڑپ
عشق کس گوشۂ برباد میں آباد نہیں

یہ خدائی ہے کہ بھولا نہیں بندوں کو خدا
اور خودی یہ ہے کہ بندوں کو خدا یاد نہیں

وجہ بربادیٔ دل ہو گیا ہنگامۂ غم
واہ رے دل کہ ہے آباد اور آباد نہیں

طبع نازک تری نازک بھی ہاں ہے ہم
دلِ ناشاد ہمارا دلِ ناشاد نہیں

تیری بیداد سر آنکھوں پہ مگر سن تو سہی
اس پہ بیداد ہے جو قابلِ بیداد نہیں

بانگِ مستقبلِ عالم ہیں صدائیں میری
عہدِ ماضی کا فسانہ تو مجھے یاد نہیں

یہ مرا ظرفِ محبت ہے یہ اندازۂ غم
خون روتا ہوں مگر مائلِ فریاد نہیں

نقش بر آب ہے یہ عالمِ فانی منظر
اس میں مضبوط کسی چیز کی بنیاد نہیں

مہدی۔ مہدی علی خاں صاحب متعلم بی اے کلاس

گلۂ جور نہیں شکوۂ بے داد نہیں
اک تصور کے سوا کچھ بھی مجھے یاد نہیں

ہر نفس موت کا پیغام دیا کرتا ہے
پھر بھی کہتا ہوں کہ ہستی مری برباد نہیں

مدتیں گزریں مجھے قیدِ قفس میں مہندی
راستہ کیسا مجھے نقشِ چمن یاد نہیں

نصرت ۔ نصرت علی صاحب منصوری

غیر کو ہو یہ مبارک کہ وہ ناشاد نہیں
مجھکو یہ غم ہے کہ مجھ پر تری بیداد نہیں

خود بخود ہوتا ہے آہوں سے ترنم پیدا
سازِ حسرت کے لئے حاجتِ فریاد نہیں

اُف بھی نکلے تو زباں کاٹ کے رکھدوں اپنی
سوزِ پنہاں میں مرے گرمیٔ فریاد نہیں

اُن کے قدموں پہ گرا بے خودیٔ عشق مجھے
اس سے بہتر کوئی میرے لئے افتاد نہیں

کیوں نہ دل کھول کے میں سیر کروں چار طرف
کہ چمن میرے لئے خانۂ صیاد نہیں

صنعتِ قدرتِ حق ہے یہ ترا حسن و جمال
کارِ مانی نہیں نقاشیٔ بہزاد نہیں

وہ اگر حامی و ناصر ہے تو نصرت مجھکو
دین و دنیا میں کہیں حاجتِ امداد نہیں

نہال ۔ نہال احمد صاحب ملازم میونسپلٹی علی گڑھ

کب ترے جور نہیں کب تری بیداد نہیں
پھر بھی چپ ہوں کہ مجھے عادتِ فریاد نہیں

دیکھکر پوچھتے ہو نام تمہارا کیا ہے
ایسے بھولے ہو کہ صورت بھی مری یاد نہیں

اتنا معلوم ہے انکار کے کچھ فقرے تھے
اور کیا خط میں لکھا تھا یہ مجھے یاد نہیں

پوچھتا ہوں میں وفاؤں کا نتیجہ اُن سے
جن کو انجامِ ستم تک بھی ابھی یاد نہیں

پھل وفاؤں کا مجھے کیوں نہیں ملتا ہے نہال
میں کوئی سرو نہیں میں کوئی شمشاد نہیں

وصف ۔ محمد ظفر صاحب خورجوی

ہم نے مانا کہ انہیں طرزِ وفا یاد نہیں
اپنے لب پر بھی کوئی شکوہ بیداد نہیں

ایک بجلی سی تو البتہ گری تھی دل پر
اور آغاز مجھے عشق کا کچھ یاد نہیں

میری تصویرِ خیال کی بھی کھینچے تصویر
ورنہ کامل فنِ تصویر میں ہمسر ادنیں

وہ زباں کیا جو ترے ذکر سے محروم رہے
دل وہ کس کام کا جس دل میں تری یاد نہیں

وصف کو یاد کبھی بزمِ عدو ہی میں کریں
اتنی امید بھی اُن سے دلِ ناشاد نہیں

وفا۔ منشی باقر حسین صاحب

کونسا ظلم نہیں کونسی بیداد نہیں
اور میں ہوں کہ لبوں پر مرے فریاد نہیں

شکر جاری ہے زباں پر مری فریاد نہیں
ان کی بیداد بھی احسان ہے بیداد نہیں

قیدِ افکار سے آزاد ہیں محبوسِ قفس
برق کا خوف نہیں دہشتِ صیاد نہیں

لطف اندوز ہو اس باغ میں شبنم کی طرح
دل لگانے کی جگہ گلشنِ ایجاد نہیں

ایک مایوس کو کیا رنج و خوشی سے مطلب
نہیں مغموم بھی دل اپنا اگر شاد نہیں

بال و پر ہیں نہ کسی وقت قفس کھلتا ہے
مطمئن اس پہ بھی مجھ سے دلِ صیاد نہیں

نقش ہے دل پہ ابھی تک مرے پیمانِ وفا
آؤ میں یاد دلا دوں جو تمھیں یاد نہیں

دل کو قربان کروں جان تصدق کر دوں
دیکھ لینے کے لئے حسنِ خداداد نہیں

ایک دن وہ تھا کہ احسان و کرم تھے مجھ پر
ایک دن یہ ہے کہ میں قابلِ بیداد نہیں

قید اک طرح کی ہے وضع کی پابندی بھی
میں تو زنداں سے نکلنے پہ بھی آزاد نہیں

ایک میں ہوں کہ سمجھتا ہوں تمھیں جانِ وفا
ایک تم ہو کہ جسے نامِ وفا یاد نہیں

مصرعِ طرح فارسی

دانستہ دشنہ تیز نہ کردن گناہِ کیست

آبر - احمد حسین صاحب انصاری گنوری

طوفان دہم تلاطمِ فریاد و آہِ کیست
از کیست جلوہ سازی و ایں جلوہ گاہِ کیست

حشرست و نیز کشمکشِ قاتل و قتیل
اے دل خیالِ خویش بگو تو گواہِ کیست

دل پاش پاش می کند و سینہ چاک چاک
بشنو ستم شعار کہ فریاد و آہِ کیست

جز درد و عشق و بجز مستمندِ حسن
گردد بدردِ ہجرِ تو حالِ تباہِ کیست

قاتل ترا بجنتم و تقصیر شد مگر
ہر لحظہ تیغ داشتن از رسم و راہِ کیست

آمد ز سینہ تا بلب آں بود آہِ من
پیوست چوں سناں بہ جگر ایں نگاہِ کیست

گیرم کہ سخت جانی آبر از خطائے اوست
دانستہ دشنہ تیز نہ کردن گناہِ کیست

تاسف - سید ناصر علی صاحب ہیڈ مولوی جی اے ایس ہائی اسکول خورجہ

دلہا کہ پیش چشم ربایند نگاہِ کیست
اے دل شدہ بگو کہ دلت دادخواہِ کیست

آں ترکِ من کہ می کند از کشتنم ابا
غافل ازیں کہ دامنِ پر خوں گواہِ کیست

مسرور - آلِ حسن صاحب وارثی قنوجی

از حسنِ خود کہ نور دہد آفتاب را
اے دل مرا بگو کہ درونِ تو ماہ کیست

اینجا کہ نورِ قدس بہ ہر لحظہ نازل ست
اے قدسیاں بگو کہ ہمیں بارگاہ کیست

من سر بہ پیش کردہ ز فرضم بری شدم
"دانستہ دشنہ تیز نہ کردن گناہ کیست"

مسرور راست گو کہ چرا دل گرفتۂ
این نالہ ہا کنندہ ز شام دگاہ کیست

عشرتی - سید محمد مرتضیٰ صاحب

سیمائے صبح پردہ درِ جلوہ گاہ کیست
حیرانیِ جمال دمِ صبح گاہ کیست

ہم رنگِ دیر پیرِ مغاں خانقاہ کیست
دل کعبہ ہست صومعہ سازِ نگاہ کیست

یک بار بے حجاب بیا اے خدائے حسن
دل را وقوف نیست کہ این جلوہ گاہ کیست

یارب چہ شد کہ درہم و برہم زمانہ ہست
آشفتگی ز سلسلۂ دود آہ کیست

حسن ست عشق عشق بحسن ست جلوہ گر
رازِ دروں بخلق رسید این گناہ کیست

صوفی بوجد آمدہ و سرخوشی کند
این نشہ ز شرابِ خمِ خانقاہ کیست

ہر زخمِ دل کہ جامۂ خونیں گرفتہ است
منت پذیرِ خنجرِ چشمِ سیاہ کیست

ہر برگ کائنات شراب تو می دہد
مستِ وجود عربدہ سازِ نگاہ کیست

مجرم بفاشِ راز چو حلاج گشتہ اند
یارب بجرم من و دل گناہ کیست

دل می برد بہ خاص ادائے تبسمے
آں شوخ پردہ دارِ بتِ کج کلاہ کیست

پیرایۂ جمالِ زلیخا گرفتہ است
دامانِ چشمِ شوق و دیدِ نگاہ کیست

حسن ست خود گرفتۂ عاشق کشی بہ بیں
ہر شمع را شکایتِ برقِ گناہ کیست

نازم بہ شوخ چشمیِ طرزِ نگاہِ تو
ظلم آفریدۂ دلِ وحشت پناہ کیست

خوش باش می بنوش به رندی گزار عمر　　اے عشرتی خیالِ مآلِ گناہ کیست

ایضاً

(تجنیس بر غزل فارسی مرزا نوشہ غالب مرحوم)

نازِ تو بے نیاز دلِ دادخواہ کیست　　چشمِ تو پُر فریب ز تاثیرِ آہ کیست
شانِ تو فتنہ ساز جہانی گواہ کیست　　حسنِ تو در حجاب ز شرمِ گناہ کیست
جا بر کرشمہ تنگ ز جوشِ نگاہ کیست

ہنگامِ صبح دولتِ بیدار می رود　　چوں آفتاب دامنِ زرتار می رود
خود باغِ حسن و طالبِ دیدار می رود　　مست ست رخ کشادہ بہ گلزار می رود
خوں در دلِ بہار ز تاثیرِ آہ کیست

ای باعثِ حدوثِ قدم شانِ کبریا　　آئینۂ جمالِ رخت عالم آشنا
در تابم از خیالِ وفا ایں چہ ماجرا　　ما با تو آشنا و تو بیگانۂ ز ما
آخر تو و خدا کہ جہانے گواہ کیست

جدِ تو ہست فتنۂ ارباب خستہ تن　　یا شام تیرگی ست پئے شمع انجمن
رونق فزائے ظلمتِ بخت ست بہر من　　مو بر نہ تا بدایں ہمہ پیچ و خم و شکن
زلفِ تو روز نامۂ بختِ سیاہ کیست

آشفتہ ساز خاطرِ نازِ تو آہِ من　　آتش زن ست طالعِ مشتِ گیاہِ من
آرے بہ اضطراب جہانے گواہِ من　　بے خود بہ وقتِ ذبح تپیدن گناہِ من
دانستہ دستخنہ تیز نہ کردن گناہ کیست

ہر چشم تیز ترکِ دریان و سنبل ست　　سامانِ شیشہ گرکِ ریحان و سنبل ست
آئینۂ نظر کِ دریان و سنبل ست　　زیں ساں کہ سر بسر کِ ریحان و سنبل ست
طرفِ چمن نمودۂ طرفِ کلاہ کیست

حسن ست بے حجاب تماشاکنِ جہاں
ہر ذرہ می دہد بہ جمالِ رخش نشاں

عشق ست و بدگمانی بیجاست ہم عناں
با من بہ خوابِ ناز و من از رشک بدگماں

تا عرصۂ خیال عدو جلوہ گاہِ کیست

در سینۂ ایں چہ خارستگر گرفتہ است
ہر آئینہ خیالِ مکدر گرفتہ است

چوں عشرتی ملال سراسر گرفتہ است
غالب حسابِ زندگی از سر گرفتہ است

جانا بمن بگو کہ غمت عمرِ کاہِ کیست

عنوانِ نظم

"غیرتِ نفس و جذبۂ قومی"

عقیل الرحمٰن صاحب ندوی سہارنپوری

نفس غیرت طلب و در پسند — فکر ہنگامہ خیز شر بدوش
شوق پامال فتنہ ہائے تباہ — عشق آوارگی سے ہم آغوش
کسب بے حاصل و وظیفۂ عمر — ذوقِ تن پروری متاعِ فروش
حسد و کینہ رازدار و رفیق — طبع خود بین و خود مذاق و ہوش
حرمتِ شیب و وقعتِ احباب — سیلِ مغرب میں ہے فنا آغوش
رافت و علم باریاب نہیں — کبر و نخوت ہے بادۂ سرجوش
روز صرفِ تعیشِ بے جا — شب فروشندۂ متاعِ ہوش
ہمتیں پست خواہشات بلند — نطق آتش زبان و دل خاموش
تو ہی کہہ یوں ہو جب طریق و شعار — اے خردمند مردِ ہوش و گوش
غیرتِ نفس کیسے حاصل ہو
نقش کیوں کر یہ کندۂ دل ہو

اے جواں سال ہوش مند عزیز — آدمیت ہے جوہرِ انساں
تو کہ پابندِ دین و دنیا ہے — یک سوئی تجھ پہ اس لئے ہے گراں
حرِ مطلق ضمیر حیوانی — نفسِ بدکیش سرکش و ناداں
نکتہ آموزِ قوتِ ادراک — عقل پیراہنِ تنِ عریاں
عبد و معبود خالق و مخلوق — عقدۂ کفر و رشتۂ ایماں
ضبط و آئین پیامِ ربانی — جاں فدائے رسولِ فخرِ جہاں
صد ہزاراں درود بر روحش — بہرِ تصدیقِ ذکرِ قلب و زباں
حقِ عبدیت و حقوقِ عباد — ہیں معاد و معاش کے ساماں
پاسِ خویش و اقارب و احباب — امتیازِ مراتبِ انساں
طاعتِ امر و نہی صاحبِ امر — اتباعِ شعائرِ یزداں
ہمت و حوصلہ بلند و رفیع — عمل اندوز فکرِ سود و زیاں

مدنیت پسند طبع سلیم — خدمتِ خلق شیوۂ مرداں
عزتِ نفس کے اصول ہیں یہ
غور سے دیکھ ان کو پھول ہیں یہ

تیرۂ علم و عقل بے عمل — ارتقا کے لئے ہے سم افعار
متحرک نظامِ عالم ہے — موت ہے حیلۂ سکون و قرار
ناز پرورۂ بہار نہ بن — کہ یہ دنیا ہے وادیٔ پرخار
چولی دامن ہیں دین اور دنیا — ہے مثل دل بیار و دست بکار
اے طلبگارِ بارِ رفعت دیکھ — سعیِ پیہم ہو روز و شب درکار
حق و باطل کا امتیاز و ثبات — وضع داری کا ہے درِ شہوار

وضعداری دلیلِ خودداری — منحصر ہے اسی پہ عزت
حلم و خلق و تواضع و رافت — ہیں جو صفاتِ خلق کے ہر
شدت و رحم بین بین بہم — وقت پر بے خطا ہیں یہ
جان و زر صدقہ جانِ عزت کا — غیرتِ شرق کے ہیں حسن و جمال
بات مردوں کی جان کہتی ہے — تاشرافت کا پہلے یہ معیار
دامِ حرص و ہوا دکر و فریب — ہر قدم پر ہے مردِ حق ہشیار
راہِ حق سے نہ ڈگمگائے قدم — آدمیت کا ہے اسی پہ مدار
عزتِ نفس ہے اسی کا نام
یعنی تو نفس کا بنے نہ غلام

جذبۂ قومی

عبدالحلیم خاں کوثر

دل میں اک جذبۂ خاموش اٹھا ہے میرے — کاش بڑھ کر یہی اک جوشِ جنوں بن جائے
ابتدا وہ ہو کہ اک آگ لگا دے دل میں — انتہا یہ ہو کہ اک موجِ سکوں بن جائے
دل کی ہر جنبشِ بے تاب کا یہ حال کرے — کہ ہر اک جنبشِ دل سازِ جنوں بن جائے
کہیں ظاہر ہو کسی جلوۂ صد رنگ میں یہ — اور کہیں بے خودیٔ سحر و فسوں بن جائے
آخرش جذبۂ قومی کا نگہبان بنے
دیر میں مسلمِ توحید کا ایمان بنے

جذبۂ قومی

ظہیر الدین حسن تاج زبیری متعلم فیض عام ہائی اسکول میرٹھ

بلبل و گل بھی وہی ہے صحنِ گلشن بھی وہی (۱) بزمِ عشرت بھی وہی ہے دشتِ ایمن بھی وہی
دشتِ وحشت بھی وہی ہے اپنا دامن بھی وہی بار برداری وہی ہے اپنی گردن بھی وہی
لیکن اب پہلی سی عادت ہے نہ ہمت ہم میں ہے
اب نہ پہلی سی شجاعت ہے نہ طاقت ہم میں ہے

اب وہ اگلا سا زمانہ ہے نہ وہ فصلِ بہار (۲) اب وہ پہلی سی وجاہت ہے نہ وہ اپنا وقار
صید افگن تھے کبھی کہلاتے ہیں اب تو شکار اب کہاں باقی ہیں ہم میں اگلے جیسے دیندار
جن کا لوہا مانتا تھا جرمن و تاتار بھی
دل میں جن کے رحم تھا اور ہاتھ میں تلوار بھی

معرکہ میں سب سے آگے تھے مگر خاموش تھے (۳) اب سے پہلے وہ ہمیں تھے جو سراپا جوش تھے
شاہدِ امن و امن کی زینتِ آغوش تھے قیصر و فغفور و جم ہیبت سے سب روپوش تھے
سارے عالم پر حکومت تھی جہاں محکوم تھا
ہاتھ میں جب تک ہمارے دامنِ معصوم تھا

ہم سے دنیا تھی موافق ہم تھے دنیا کی طرف (۴) ہائے وہ دولت ہوئی جاتی ہے اب ہم سے تلف
ہم نظر آتے تھے ہر اک معرکہ میں سرکیف ہے بجا دنیا کہے ہم کو اگر اب ناخلف
حرف آیا ہے یزیدوں کی وضع پر نام پر
طعنہ زن ہیں وہی اب ملتِ اسلام پر

لٹ رہا ہے گلشنِ اسلام ہم خاموش ہیں (۵) بادۂ بغض و حسد سے اس قدر بیہوش ہیں
ہم سے جو پوشیدہ تھے اب ان سے ہم روپوش ہیں ذلتوں پر بھی سمجھتے ہیں کہ ہم ذی ہوش ہیں
لوگ ہنستے ہیں مگر آتی نہیں غیرت ہمیں
مثلِ آئینہ ہے اپنے حال پر حیرت ہمیں

ہائے وہ پہلی سی اپنی شان و شوکت اب کہاں (۶) اب کہاں وہ دبدبے پہلی سی عظمت اب کہاں
ناز ہم کرتے تھے جس پر وہ شجاعت اب کہاں ہے وہی سودا مگر پہلی سی قیمت اب کہاں
جان دینے کے لئے تیار تھے توحید پر
سب کے سب پابند تھے قرآن کی تقلید پر

محوِ حیرت ہیں کہ ہم کو کھا گئی کس کی نظر (۷) عیش و راحت کا ستارہ بن گیا دردِ جگر
ہم سے رخصت ہو چکی ہے دولتِ علم و ہنر نام کو بھی پاس اب اپنے نہیں ہے مال و زر
مسلمِ خوابیدہ اب تو خواب سے بیدار ہو
آفتابِ حشر سر پر آگیا ہشیار ہو

غفلتیں اچھی نہیں اتنا نہ سونا چاہیئے (۸) ذلت و بربادیٔ ملت پہ رونا چاہیئے
کچھ تو بیداریٔ احساس ہونا چاہیئے وقت اپنا اس طرح ہرگز نہ کھونا چاہیئے
آؤ ہم بھی جذبۂ قومی سے اب کچھ کام لیں
عزم و استقلال کا مضبوط دامن تھام لیں

ہم سنبھل جانا اگر چاہیں تو کچھ مشکل نہیں (۹) سارے عالم کی طرح دل رکھتے ہیں بیدل نہیں
آدمی بے علم ہے تو کوئی شے حاصل نہیں علم کا دریا وہ ہے جس کا کہیں ساحل نہیں
رائگاں جاتا نہیں دل سے خزانہ علم کا
اہلِ مغرب کی زباں پر ہے فسانہ علم کا

(۱۰)

اب بھی کچھ بگڑا نہیں اے تاج گر ہمت کرو
جس طرح ممکن ہو حاصل علم کی دولت کرو

زندگی چاہو جو اپنی علم کی عزت کرو
قوم کی خدمت یہی ہے علم کی خدمت کرو

یا الٰہی قوم کے دل میں ہو جذبہ علم کا
موجزن ہو جائے ہر سینوں میں دریا علم کا

محمد فیاض الحق اختر متعلم انٹرمیڈیٹ کالج علی گڑھ

اُس سے بڑھکر بھی جہاں میں کوئی ناشاد نہیں
اپنی عظمت کا زمانہ بھی جسے یاد نہیں

اس پہ ہر وقت ہنسا کرتا ہے ہر غنچہ و گل
جو گلستاں میں تو رہتا ہے اور آزاد نہیں

سچ بتا دے مجھے یہ راز کہ کیا بات ہے جو
ایک آزادِ ازل دہر میں آزاد نہیں

کیا ترے بازوئے پُر زور میں طاقت نہ رہی
یا ترے ہاتھ میں اب خنجرِ فولاد نہیں

دے دیا پنجۂ شہ زور نے کیا تجھکو جواب
یا تجھے قصۂ خیبر شکنی یاد نہیں

کیا ترے قلب میں اب رنجِ غلامی نہ رہا
یا تجھے کچھ الم خاطرِ ناشاد نہیں

کیا ترے قبضہ میں اب برقِ جہاں سوز نہیں
یا تجھے جوہرِ شمشیر زنی یاد نہیں

تجھ میں کمزوریٔ ہمت کبھی ایسی تو نہ تھی
جیسی اب ہے تری حالت کبھی ایسی تو نہ تھی

اُٹھ اور اب اُٹھ کے ذرا شورِ قیامت بن جا
عمر و حیدر و حمزہ کی شجاعت بن جا

ایک ذرہ کے لئے جہان ابھی دشت و جبل
ایک قطرہ کے لئے قلزمِ عشرت بن جا

اپنے چہرہ پہ عیاں جوہرِ ذاتی کر دے
ہر نظر کے لئے آئینۂ حیرت بن جا

بادشاہوں کی طرح جان ہی دینے پہ پھر
زینتِ مسند و اورنگِ حکومت بن جا

آسماں سر پہ اُٹھا کر نہ تجھے دیکھ سکے
خاک سے اُٹھکے ذرا عرش کی رفعت بن جا

شبستانِ جہالت پہ چمک صورتِ مہر
ظلمتِ شب کے لئے صبحِ حقیقت بن جا
اپنی ہستی سے ہٹا دے یہ حجاباتِ نظر
جلوۂ شمع تجلائے رسالت بن جا

دیر والوں کو ذرا کعبۂ مقصود دکھا
شانِ ہارون دکھا شوکتِ محمود دکھا

تیری غفلت کا یہ منشا ہے کہ تو شاد رہے
بادشاہوں کی طرح دہر میں آباد رہے
جس چمن سے تو گزر جائے بہ مستانہ روی
واں نہ گلچیں رہے پھر اور نہ صیاد رہے
تو اگر دیکھ لے دنیا کو بہ اندازِ عتاب
تو غریبوں پہ ستم ہو نہ یہ بے داد رہے
تیرے انصاف سے مظلوم فضاؤں میں کبھی
شورِ نالہ ہو نہ ہنگامۂ فریاد رہے
جب کسی بزم پہ پڑ جائے تری چشمِ کرم
واں ستمگر کو نہ پھر طرزِ ستم یاد رہے
سربلندوں کے ترے سامنے سر جھک جائیں
اور ماشاؤں میں تیرے چرخ کی بنیاد رہے
ساری دنیا میں جہاں جائے جدھر سے گزرے
ہر زباں پہ یہ دعائیں ہوں کہ تو شاد رہے

ہاں مگر تیری زباں پر ہو کوئی نعرۂ قوم
اور سینہ میں رہے دل کی جگہ جذبۂ قوم

جب یہ ہو جائے تو ہر ذرۂ دنیا تیرا
صرف دنیا ہی نہیں عالمِ عقبیٰ تیرا
دنگ رہ جائیں تجھے دیکھ کے اجرامِ فلک
اس بلندی پہ ہو دنیا میں ستارہ تیرا
تیری صورت سے عیاں حسنِ ازل ہو جائے
چاند حسرت سے تکے عارضِ زیبا تیرا
امتیازات کی جب شان یہ ہو جائے تو پھر
رفعتِ مہر تری اوجِ ثریا تیرا
آسمانوں پہ ترے گیت ہوں حوروں میں کہیں
اور فرشتوں کی زباں پر کہیں چرچا تیرا

صاحبِ عرش بھی فرمائے کہ انسان ہے تو
آدمی کیا ہیں فرشتوں کی بھی اجان ہے تو

یوسف حسین خاں صاحب متعلم فیض عام ہائی اسکول میرٹھ

درد کا افسانہ ہے اور ضبطِ غم کا راز ہے (۱) اضطرابی کیفیت اندوہگیں انداز ہے
خون کے اشکوں سے جو مل کر بنا وہ ساز ہے قلب کی گہرائی سے نکلی ہوئی آواز ہے
قوم کے حالِ زبوں پر دل تڑپتا ہے مرا
صبر کا پیمانہ لیجے اب چھلکتا ہے مرا

ایک دن وہ تھا کہ زیبِ عالمِ ایجاد تھے (۲) ایک دن وہ تھا جہاں میں خرم و دلشاد تھے
ایک دن وہ تھا غنا سے اپنے دل آباد تھے ایک دن وہ تھا کہ ہم مالک تھے اور آزاد تھے
شرق سے تا غرب دنیا میں ہمارا راج تھا
کامیابی کی طرف ہر ہر قدم معراج تھا

اب ہمارے پاس دنیا میں کوئی دولت نہیں (۳) وہ شکوہ و شان و عظمت نہیں شوکت نہیں
کوثر و تسنیم کا وہ شوق وہ حدت نہیں جس سے یورپ کانپ اٹھتا تھا وہ ہیبت نہیں
ہم بزرگوں کے عمل گر دیکھتے ہر بات میں
اب عنانِ سلطنت ہوتی ہمارے ہاتھ میں

اب تو زینت کوشش یورپ کے مقابل اڑ چکے (۴) اب تو یاس و بیکسی سے توڑ کر جی لڑ چکے
اب تو سیم و زر ہمارے دامنوں سے جھڑ چکے اب تو محبوسِ قفس ہو کر سلاسل پڑ چکے
ایک مدت سے غلامی کا گلے میں طوق ہے
خود ہمیں رسوائیوں کا آپ اپنی شوق ہے

علم سے محروم ہیں فن تک نہ اپنے پاس ہے (۵) قیدِ ذلت سے رہائی کی نہ اب کچھ آس ہے
ہر طرف سے بیکسی ہے بے بسی ہے یاس ہے مسلموں کچھ اپنی حالت کا تمھیں احساس ہے
آفتوں پر آفتیں پڑتی ہیں تم خاموش ہو
چاہیے تھا اپنی آزادی کا تم میں جوش ہو

اپنے بچھڑے بھائیوں کو پھر ملاتے کیوں نہیں (۶) تفرقے تم اپنے اندر سے مٹاتے کیوں نہیں
دشمنانِ دین پر سکہ بٹھاتے کیوں نہیں مستحق خود کو حکومت کا بناتے کیوں نہیں
اتحادِ باہمی سے تقویت مل جائیگی
دیکھ لینا خود بخود پھر حریت مل جائیگی

گو ہر اک راہِ ترقی ظاہراً مسدود ہے (۷) کامیابی کی فضا برسوں سے گرد آلود ہے
گو تہِ دریا میں پنہاں گوہرِ مقصود ہے گو کسی حد تک ہماری آرزو محدود ہے
پھر بھی کیا کچھ ہو نہ جائے ہم اگر کوشش کریں
آؤ باہم مل کے عریاں تن کی سب پوشش کریں

آیتِ لا تقنطوا پیشِ نظر ہر وقت ہو (۸) آفتوں کے واسطے سینہ سپر ہر وقت ہو
اور ہتھیلی پر لئے تم اپنا سر ہر وقت ہو اس کی قربانی کو پھر تیار ہر ہر وقت ہو
جان تک اس راہ میں دیدو تو کچھ پروا نہیں
دین کی خاطر تمہارے پاس ہو تا کیا نہیں

جرأت و ہمت کو اپنے ہاتھ سے جانے نہ دو (۹) دوسروں کو دولتِ علم و ہنر پانے نہ دو
اپنے اوپر تم گھٹا ادبار کی چھانے نہ دو مفلسی کو اک گھڑی نزدیک تک آنے نہ دو
خوابِ غفلت ہو چکا بہرِ خدا بیدار ہو
اپنے حق کے غاصبوں سے برسرِ پیکار ہو

عبداللہ صاحب حقانی آزاد کراچوی متعلم انٹر کالج علی گڑھ

میرے سینہ میں ہے اک پوشیدہ رازِ زندگی (۱) بھول کر بھی چھیڑنا ہرگز نہ سازِ زندگی
ہیں نشاط آور خیالاتِ پریشانِ حیات زندگی کہتے ہیں ہونا بے نیازِ زندگی

انتہا بحرِ سکوں ہے ابتدائے جزر و مد — خامشی کرتی ہے پیدا اہتزازِ زندگی
منتشر بادِ خزاں نے کر دیئے برگِ حیات — درس آموزِ فنا تھی سازِ بازِ زندگی
روح کی بیتابیوں نے حشر برپا کر دیا — چھیڑ کر پچھتائے ہائے ہم تو سازِ زندگی
اب کوئی سینہ میں باقی ہے نہ ارمانِ حیات — آرزوئیں ہو گئیں سب وقفِ نازِ زندگی

اُف مری بیچارگی ہے اک جہانِ آرزو
جھیلتا جاؤں کہاں تک امتحانِ آرزو

(۲) تجھکو کچھ معلوم ہے آئینِ فطرت کا نصاب — تیرتا پھرتا ہے دریاؤں کی موجوں میں حباب
ہمکنارِ ساحلِ مقصود ہونا ہے اگر — بحرِ طوفاں خیز میں بن جا تو موجِ اضطراب
شعلہ زارِ دینِ فطرت کو فضائے ہند میں — ایسا چمکا دے ہو ذرہ ذرہ وقفِ اضطراب
دل کے آئینہ میں ہے موجود وہ تصویرِ خواب — جس کی تعبیریں ثابت ہوئی موجِ سراب
تیرا احساسِ زیاں بھی ہے متاعِ کارواں — انحطاطِ نکبت و پستی ہے افگندہ نقاب
خضرِ راہ بن کر لگا بھولے ہوؤں کو راہ پر — گر بنانا چاہتا ہے زندگی کو کامیاب

وسعتِ مقصد سے دنیا میں جو تو غافل رہا
عین دریا میں بھی دور افتادۂ ساحل رہا

(۳) تجھ میں پوشیدہ ہے قدرت کا یہی بس ایک راز — تو اگر بندہ ہے تو مالک ترا بندہ نواز
صبح کے آئینہ میں ہے شام کی ظلمت کا راز — آنکھ گر دیکھے تو ہر ذرہ میں ہے قدرت کا راز
طائرِ فطرت نوا اپنی نواسنجی نہ بھول — گلشنِ ہستی میں پیدا کر دے پھر سوز و ساز
دل کا آئینہ غبار آلودۂ عصیاں ہوا — اب ضرورت ہے کہ پیدا ہو کوئی آئینہ ساز
کملی والے نے تجھے کملی میں اپنے کیا لیا — دین و دنیا کے فرائض سے ہوا تو بے نیاز

ایک ہنگامہ ہے پوشیدہ تری آواز میں
مضطرب ہیں سیکڑوں نغمے جہاں کے ساز میں

(۴) فرقہ آرائی نے سب مذہب کا کھو ڈالا وقار — اُمتِ وسطیٰ کے ورنہ تم ہی تھے اک یادگار
کافروں کی مسلم آئینی پہ دھوکا کھا گئے — اپنی عظمت اپنی شوکت سب کی سب کر دی نثار
تھی تری آغوش ہی گہوارۂ علم و ہنر — خالقِ عالم کا ہستی میں تو ہی تھا رازدار
طلسمِ ہستی کے پُراسرار ہنگاموں کا تو — ایک مدت تک رہا ہے اس جہاں میں رازدار
صورتِ آئینۂ دل کو آشنائے ضبط کر — دیکھ سب کچھ اور چپ رہنا بنا اپنا شعار

ہفت قوی بڑی جاں کاوشوں کا نام ہے
دفترِ غم سب کا سب پارینۂ اقوام ہے

(۵) اے پرستارِ درِ رحمٰن خودداری کو چھوڑ — اے امینِ ملتِ بیضا دل آزاری کو چھوڑ
حق پرستی کر شعار اپنا فسوں کاری کو چھوڑ — عرصۂ عالم میں تو اپنی جفاکاری کو چھوڑ
خاتمِ دنیا اگر بننا ہے تجھ کو دہر میں — رام کرنا سیکھ اپنی گرم گفتاری کو چھوڑ
ہو فروغِ ساغرِ مے سے چراغاں بزمِ یار — صورتِ پیمانۂ لبریز ناداری کو چھوڑ
زد میں ہے برقِ حوادث کے تراجب آشیاں — خود تماشائی نہ بن آئینہ دیواری کو چھوڑ
محرمِ اسرارِ قدرت بن کے پھر غافل نہ رہ — رشتۂ تسبیح کر مضبوط زناری کو چھوڑ

تو رباب زندگی میں نغمۂ مستور ہے
تیرا سینہ جذبۂ توحید سے معمور ہے

خواجہ عبدالواحد کوئی لدھیانوی متعلم انٹرمیڈیٹ کالج علی گڑھ

(۱) نہ ہو جب دل ہی پہلو میں تو پھر یہ دل لگی کیسی — ہے مشہورِ زمانہ آپ کی زندہ دلی کیسی
نہ کیوں کر طوطیٔ گلزارِ دل خاموش ہو جائے — غمِ اندوہ میں دل مبتلا لب پر ہنسی کیسی
نہ مونس ہے نہ ہمدم ہے کھڑے ہیں کس بھروسے میں — مسلط ہو چکی ہے آہ ہم پر بے کسی کیسی

نہ گل ہے اور نہ بلبل ہے نہ ساقی ہے نہ میخانہ
لو پیتے ہیں ہم اپنا اے واعظ سبکتی کیسی

نہ وہ جوشِ جنوں باقی نہ وہ برقِ نظر باقی
سراسر موت کی تصویر ہیں ہم زندگی کیسی

نہ وہ شوقِ شہادت ہے نہ وہ ذوقِ عبادت ہے
یہی حالت رہی تو آرزوئے برتری کیسی

نہ عزمِ غزنوی ہے اور نہ ہے یلغارِ تیموری
تو ہے پھر شانِ دارائی، جمی، کیخسروی کیسی

عرب کے شیرِ غرّاں کی محبت دل میں پیدا کر
نہ جب الاّلہی باقی رہی سید الٰہی کیسی

کسی دیوانہ کو توحید کی لو پھر لگی شاید
ہوئی ہے خانۂ زنجیر میں یہ روشنی کیسی

کنارہ کش ہو غافل اس ہجومِ شرک پرور سے
تو مسلم ہے تو پھر باطل سے صلح و آشتی کیسی

حیاتِ آرزو نمرود کو پیکِ اجل ہو جا
عدوے نسرِ عزّا دشمنِ لات و ہبل ہو جا

ٹپکتی ہے قلم سے روشنائی شیر تر ہو کر (۲) زباں رہتی ہے اب میرے دہن میں نشتر ہو کر

اگر جینا ہے مسلم امتِ خیر البشر ہو کر
تو رہ دنیا میں غیر اللہ سے تو بے خطر ہو کر

کہاں کی زندگانی ہے کوئی پوچھے تو یہ ہم سے
نہ جاگیں باخبر ہو کر نہ سوئیں بے خبر ہو کر

اگر ہے خون میں رنگت تو کچھ پھل پھول پیدا کر
رہے گا باغ میں کب تک نہالِ بے ثمر ہو کر

مجھے امید ہے جلدی ہی وہ دن آنے والے ہیں
رہیں گے جسم جاں ہو کر ملیں شیر و شکر ہو کر

ہو رہبر منزلِ مقصود کا پھر کارواں اپنا
کہ ہوں روشن نشانِ پا چراغِ رہگزر ہو کر

ندا سنتا ہوں میں اے بے خبر یہ عرش والوں کی
جبینِ مسلمِ خوابیدہ چمکے گی سحر ہو کر

فلک پر محوِ حیرت ہو گیا ہے نیّرِ اعظم
ہماری خاک کے ذرّے بھڑک اٹھے شرر ہو کر

خدا کے سامنے رو رو کے پھر فریاد کر غافل
کہ یہ اشکِ ندامت ہے جو ملتا ہے گہر ہو کر

سرِ شوق خمید داستانِ عشق پیدا شد
زیک مشت غبارِ صد جہانِ عشق پیدا شد

نمودِ حشر ہوگی جب مرا نالہ رسا ہوگا (۳) [illegible]

بنے گا قیس پھر مجنوں شمیمِ زلفِ لیلیٰ کا
معطر عطرِ گل سے دامنِ بادِ صبا ہوگا

مبارک ہو بہارِ بے خزاں پھر آنے والی ہے
گلِ امید ہونگے اور دامن آپ کا ہوگا

فلک سے نامہ بر آئے گا بخشش کی خبر لے کر
نویدِ جاں فزا ہوگا پیامِ دلربا ہوگا

اثر کر جائے گی ملت میں یاں تک شانِ یکرنگی
خدا پر ہم فدا ہونگے خدا ہم پر فدا ہوگا

دعائے حسن دے گا ہاتھ اٹھا کر عشق والوں کو
ادھر خونِ جگر ہوگا اُدھر رنگِ حنا ہوگا

عدو بھی جانتے ہیں وہ زمانہ آنے والا ہے
زمیں سے عرشِ اعظم تک ہمارا غلغلہ ہوگا

بہیں گے نور کے چشمے ہمالہ کی چٹانوں سے
کہ یہ سب کچھ جو ہونا ہے بتائیدِ خدا ہوگا

کریمی بے کسوں کی مشکلیں حل ہونے والی ہیں
سعی مسلم کرے گا اور خدا مشکل کشا ہوگا

جہاں میں سلطنت ہوگی امیرِ بدر و خیبر کی
صنم خانوں سے آئے گی صدا اللہ اکبر کی

سیّد محمد عارف فاطمی ملیح آبادی متعلم انٹر کالج علی گڑھ *

تو ہی ہے زندگیٔ قوم کا اک رازِ نہاں (۱) تیرے ہی قبضے میں ہیں تاجِ سلاطینِ جہاں
گو سفندوں میں ہو پیدا تو ہوں وہ شیرِ ژیاں قوتِ نطق ہے تو قوم ہے گر مثلِ زباں

قوم گر جسم ہے تو اس کے لئے جان ہے تو
جان کیا مال ہے واللہ کہ ایمان ہے تو

جب کہ تثلیث کے فرزند ہوئے مائلِ جنگ (۲) علمِ شیر کے سائے میں تھی جب فوجِ فرنگ
آئے میدان میں تیر و تبر و توپ و تفنگ وسعتِ شام ہوئی کثرتِ افواج سے تنگ

کر دیا کفر کی آتش کو گلستاں تو نے
کر دیا آلِ براہیم کو شاداں تو نے

* یہ نظم مقابلہ میں کامیاب رہی اور مستحق انعام سمجھی گئی۔

اے کہ جب مسلم اسپین میں طاقت نہ رہی (۳) جب شجاعانِ عرب کی وہ شجاعت نہ رہی
دین کی سینۂ مسلم میں امانت نہ رہی جب مسلمانوں کی پہلی سی وہ حالت نہ رہی
تو نے اسپین کے باشندوں کو آزاد کیا
اُن کی دنیائے تمنا کو پھر آباد کیا

اے کہ جب پاؤں میں اسکاچ کی زنجیریں تھیں (۴) حلق معصوم تھا جلادوں کی شمشیریں تھیں
رائگاں ملتِ محکوم کی تدبیریں تھیں بے گناہوں پہ عجب ظلم تھے تعزیریں تھیں
تو ہی ہے خواب سے سوتوں کو جگایا جس نے
قومِ بیکس کو غلامی سے چھڑایا جس نے

جب کہ درپیش ہوئی عسکرِ اسلام سے جنگ (۵) راجپوتوں پہ بہت عرصۂ ہستی ہوا تنگ
ہاں تری وجہ سے پیدا ہوئی پھر دل میں امنگ سمجھے محکومیٔ اغیار کو وہ باعثِ ننگ
مرد تیار ہوئے رن میں نکلنے کے لئے
عورتیں کود پڑیں آگ میں جلنے کے لئے

اس ہند میں عزت نہ رہی (۶) شان و شوکت نہ رہی اپنی حکومت نہ رہی
جب وہ حشمت نہ رہی اور وہ ثروت نہ رہی اپنے بیزار ہوئے غیروں میں وقعت نہ رہی
تو ہی ہے خواب سے سید کو جگایا جس نے
قوم کے واسطے کالج کو بنایا جس نے

ترکِ بیمار کو جب سب نے مٹانا چاہا (۷) خاک میں دولتِ عثماں کو ملانا چاہا
نوشدارو کے عوض زہر پلانا چاہا ترک کو موت کا پیغام سنانا چاہا
تو ہی تھا قوتِ بازوئے کمالِ ترکی
عید مسلم ہوئی چمکا جو ہلالِ ترکی

مدتوں ملتِ افغاں پہ تھا برٹش کا اثر (۸) آستاں غیر کا تھا اور مسلماں کا سر
زنگ آلود تھے اسلام کے جب تیغ و تبر تو نے صیقل کئے شمشیرِ اماں کے جوہر
قوم میں تھرائیں جو آزادی کا پرچم دیکھا
جو نہ جھکتا تھا کسی سے وہی سر خم دیکھا

سُن ذرا ملتِ ایراں کو جگانے والے (۹) جام آزادی کا قوموں کو پلانے والے
ہندیوں سے رخِ زیبا کو چھپانے والے ہجر میں دردِ عارف کے جلانے والے
جب ترا ہندیوں کے قلب میں مسکن ہوگا
جو ہے ویرانہ وہ کل غیرتِ گلشن ہوگا

صمد یار خاں صاحب ساغر سیمابی نظامی

جس رخ پہ دنیا آج تک اپنا فرقِ نیاز جھکاتی (۱)
اے قوم یہ اک آواز ہے جو اکثر اُس رخ سے آتی ہے
یہ ہے آواز اس کی جو اپنی قوم کا یکتا بانی ہے جو اس دنیا میں باقی ہے جس کا ہر ذرہ فانی
وہ قوم کا بانی اب تک اپنی قوم کے ہے غم خواروں میں وہ قوم جو تاروں میں چمکی اور ڈوب گئی اندھیارو
وہ طیبہ والی قوم حجازی قومِ عرب فطرت والی حق کی ترائی قوم ترائی قوم بڑی عظمت
چرواہا اپنی قوم کے گلے کو اب وحشی پاتا ہے
اور اپنی نوائے خاص میں اس کو اپنے پاس بلاتا ہے

ہے کوئی جو یہ آواز سنے اس دعوت کا احساس کرے (۲) جو ہے سردارِ قومیت اُس کی عظمت کا پاس کرے
ہے کوئی جو اس الہام کو اپنے کانوں میں گنجائش دے لبیک کہے اس دعوت پر داعی کو دادِ کاوش
ہے کوئی جسے ہے ذوق ابھی تحریم سروش آہنگی کا حامل کوئی دل باقی ہے جذباتِ بلالِ زنگی

ہو کوئی جو اس پیغام کو سن کر برقِ مجسم بن جائے — آواز پہ قرباں ہو جائے غازیٔ اعظم بن جائے
مصروف ہو یوں تو اک دنیا دنیا کے ناقص دھندوں میں
کیا کوئی ابن الوقت نہیں اسلام ترے فرزندوں میں

قومیت بیوہ قومیت اُن فرزندوں کی جو یا ہے (۳) جن کو اُس نے بین الاقوامی ہنگاموں میں کھویا ہے
وہ فرزندانِ قوم کہاں ہیں اپنا مرجع یاد کریں — آغوشِ قومیت کو اپنے جلووں سے آباد کریں
سب بھولے بچھڑے پروانے شمعِ ملت کا طوف کریں — لیں درسِ گداز آزادی تکمیلِ وفا سے خوف کریں
قومیت اپنے دامن کو فرزندوں پر پھیلائے گی — پھر امن کا سایہ پھیلے گا یہ دنیا پھر پلٹائے گی
جب اپنے اصلی مرجع تک یہ قوم رسائی پائے گی
سب کچھ اس کو مل جائے گا یہ پھر سب کچھ ہو جائے گی

اے فرزندانِ قوم علی گڑھ داعیِ قومیت ہو (۴) یہ درس گہِ قومیت ہے یہ راعیِ قومیت ہو
قومیت کا جذبہ لے کر اس قومی ایوان سے نکلو — دھوکا ہو بہاروں کا تم پر جس وقت تم گلشن سے نکلو
اے فرزندانِ قوم تمھاری صورت دنیا تکتی ہے — تم سے ہیں بہت کچھ امیدیں مایوسی کر کیا سکتی ہے
مایوسی ہے اک وہم کہ قومیت کے گھر کی آس ہو تم — جس نے بھیجا ہے طیبہ سے ہر وقت اُسی کے پاس ہو تم
یہ ہے ساغر کی مست نوا یا ساقی کی آواز سنو
ہو جذبۂ قومی کا نغمہ اور ساتھ حجازی ساز سنو

عزتِ نفس

مولوی عاشق حسین صاحب سیماب اکبر آبادی

میں نے کل اک پھول سے پوچھا کہ اے مستِ نغمہ — نوجوانانِ چمن سے کیوں کھنچا رہتا ہے تو
عرش سے موتی برستے ہیں ترے اوراق پر — روشنی پڑتی نہیں لیکن ترے اخلاق پر

سر ہلا کر یا تو وہ موتی گرا دیتا ہے تو
یا انھیں خورشید کے آگے بڑھا دیتا ہی تو

جمع کرتے ہیں جو سرمایہ ستارے رات بھر
تو ملا دیتا ہی اس کو خاک میں وقتِ سحر

بوسہ لیتی ہیں اگر بوندیں بگڑ جاتا ہے تو
اپنے اورنگِ تجمل پر اکڑ جاتا ہے تو

جب صبا آغوش میں لے کر جھکاتی ہی تجھے
اپنی رنگینی سے جھوٹی شرم آتی ہی تجھے

کنجِ رنگا رنگ میں گم صم پڑا رہتا ہے تو
بات سنتا ہی کسی کی اور نہ کچھ کہتا ہی تو

کیوں نہیں تو شوخیِ ہنگامہ آبادِ چمن
اے اسیرِ رنگ و بو اے حسنِ آزادِ چمن

نالہ ہی صد شوق در پر تو تغافل کوش ہی
شوق ہی صد نالہ بر لب اور تو خاموش ہی

ایں ہوا در سر کہ داری کجکلاہ و کیستی
ایں چنیں رنجیدہ رنجیدہ نگاہ و کیستی

ہنس کے بولا پھول اے شکوہ طرازِ خامشی
آج تک تجھکو نہیں معلوم رازِ خامشی

یہ مرا حسنِ متانت میرا آب و رنگ ہے
ورنہ میرے ضبط سے خود ظرف میرا تنگ ہی

میں نہ شبنم کے اگر موتی گرا دوں خاک پر
تو ستاروں میں ہو کیوں عظمت مری افلاک پر

خندہ بر لب بوسۂ یاراں سے گر ہو جاؤں میں
بجلیوں میں آشیانے کی طرح لکھ جاؤں میں

باغ میں یوں سرکشیدہ شاخ پر رہتا ہوں میں
دستِ گلچیں سے نظاماً بے خطر رہتا ہوں میں

خود اگر اپنے تجمل کا نہ اندازہ کروں
کس طرح سب کے مشامِ روح کو تازہ کروں

گر نہ سمجھوں ہر ورق کو اپنے عنوانِ بہار
مجھسے کیوں مانوس ہو زلفِ پریشانِ بہار

آتشِ گلشن ہوں اپنی گرمیِ پر جوش سے
رونقِ محفل ہی میرے جلوۂ خاموش سے

ملتفت دنیا مرے آئینِ بیزاری سے ہی
موجِ آغوشِ صبا تمکینِ خودداری سے ہی

خود نمائی کا گلہ برحق مگر یہ عرض ہے
اپنی عزت خود کروں یہ بھی تو میرا فرض ہے

غیر طرح کلام

فانی - مولوی شوکت علی خاں صاحب بی اے علیگ

گریۂ جوشِ ندامت بس اب تھمنے کا تو نام نہ لے
جب تک رحمت کا ہر پہلو دل کا دامن تھام نہ لے

دل کی لامحدود فضا میں گم ہو جا یوں آپ کو ڈھونڈ
ہوش کے بس کا روگ نہیں ہے ہوش سے تو یہ کام نہ لے

راحت کا مفہوم یہی ہے جہدِ طلب سے باز نہ آ
بڑھنے دے دل کی بے چینی تڑپے جا آرام نہ لے

لغزشِ توبہ کے ہاتھوں رندوں کا ٹھکانا تھا کوئی
مستیِ چشمِ یار اگر تو گرتے ہوؤں کو تھام نہ لے

ننگ ہے سعیِ عرضِ محبت، فرضِ محبت پورا کر
اس کے سوا کچھ یاد نہ رکھ بھولے سے اثر کا نام نہ لے

دل تو دل ہے دل کو چین آ جانا تو آسان نہیں
درد وہ ہے جو دل میں اٹھ کر آپ بھی پھر آرام نہ لے

ہونا ہے وہ ہو کے رہے گا مجبوری کی حد سے نہ بڑھ
بیٹھے بٹھائے اپنے سر آزادی کا الزام نہ لے

کافر صورت دیکھ کے منہ سے آہ نکل ہی جاتی ہے
کہتے کیا ہو اب کوئی اللہ کا یوں بھی نام نہ لے

حسنِ پشیماں کو فانی میت پہ نہ دے تکلیفِ کرم
وضعِ شکستِ عشق بنا دے دیکھ کوئی الزام نہ لے

ایضاً

اک برق سرِ طور ہے لہرائی ہوئی سی
دیکھوں ترے ہونٹوں پہ ہنسی آئی ہوئی سی

محضر ہے یہی قتلِ شہیدانِ وفا کا
جلاد کی چتون ہے جو شرمائی ہوئی سی

سنتا ہوں جو آتی ہے صدا پردۂ دل سے
امید کی آواز ہے تھرائی ہوئی سی

اک عالمِ دل ہے وہی دنیا وہی فردوس
ہر شے نظر آتی ہے نظر آئی ہوئی سی

درپیش ہے پھر مسئلۂ طاقتِ دیدار
پھر کچھ نگہِ شوق ہے گھبرائی ہوئی سی

میرے دلِ برباد کے دھندلے سے نشاں ہیں
اس باغ میں کلیاں ہیں جو مرجھائی ہوئی سی

ہر سانس ہے فانی مجھے گویا دمِ آخر
سمجھا ہوں محبت میں قضا آئی ہوئی سی

ایضاً

وہ بے خودی کے پیالے پلا دیئے تو نے
مرے حواس ٹھکانے لگا دیئے تو نے

گرا کے قطرۂ شبنم گلوں کے دامن پر
تجلّیات کے دریا بہا دیئے تو نے

بنا کے ہجر کی راتوں کو بے نیازِ سحر
تعینات کے پردے اٹھا دیئے تو نے

دکھا کے تجزیۂ رنگ و بو کا حسنِ کمال
مشاہدات کے ٹکڑے اڑا دیئے تو نے

دلوں کو دے کے فریبِ سکونِ بے آرام
تغیرات کے نقشے جما دیئے تو نے

یقینِ عشق کی ہلکی سی لہر دوڑا کر
توہمات کے شعلے بجھا دیئے تو نے

عطائے نعمتِ سوز و گداز کی خاطر
اذیتوں کے خزانے لٹا دیئے تو نے

حجابِ نطق کو معجز نوائیاں دے کر
نظر کی آڑ میں جادو جگا دیئے تو نے

سرورِ عقل و غمِ عشق کے دوراہے پر
بڑے بڑوں کے قدم ڈگمگا دیئے تو نے

جمالِ یار کا افسانہ چھیڑ کر فانی
شعاعِ نور سے دل جگمگا دیئے تو نے

مآنی۔ مولوی سید کلب حیدر صاحب جائسی

قصد و طلب یعنی راہِ طلب کے مبادی کچھ بھی نہیں
سرحدِ ہوش سے آگے بڑھ، یہ جذبِ ارادی کچھ بھی نہیں

نادیدہ سکونِ ساحل ہوں، مانوس بہ آغوشِ طوفاں
میں نابلدِ آبادی ہوں، میری بربادی کچھ بھی نہیں

راہِ غم اور قافلۂ دل، کس کو خبر ہے منزل کی
شورِ جرس، آوازِ ہدی خواں، بانگِ منادی کچھ بھی نہیں

اے گوشہ نشینِ یاس اے دل اے محوِ فریبِ آزادی
ٹوٹا ہے نہ ٹوٹے بندِ وفا، یہ تو آزادی کچھ بھی نہیں

ہستی کو عدم جس صورت میں حاصل ہو، وہی پائندہ ہے — یعنی شکلِ ثباتِ خوشی، جز مرگِ شادی کچھ بھی نہیں
دردِ نہاں ظاہر ہو تو کیوں کر آہ کی آوازیں سن کر — میں نے سوال کیا کیا گزری دل نے صدا دی کچھ بھی نہیں
اب کیا پرسش ہو دل تڑپا، آنسو ٹپکے دیکھ مانی — میری کہانی اس کے سوا، جو تجھ کو سنا دی کچھ بھی نہیں

ایضاً

وہی وہ، وہی بزم کیسے کہوں میں — کہ جو کل تھا وہ رنگِ محفل نہیں ہے
یہ کہئے کہ سر میں وہ سودا نہیں ہے — یہ کہئے کہ پہلو میں وہ دل نہیں ہے

ابھی طاقتِ ضبط کا امتحاں ہے — وہ جلوے کی تابش کا قائل نہیں ہے
غرض ہوش اس گفتگو کا ہے سب کو — کہ وہ زینتِ آرائے محفل نہیں ہے

ہے بیلے تو محفل میں موجود لیکن — بلبل میں صدائے سلاسل نہیں ہے
نہیں ہے جو دیوانہ نجد باقی — تو وہ شانِ دل چپ محمل نہیں ہے

کرے سعی ہر پند سارا زمانہ — نہیں دل کی قسمت میں آرام پانا
محالات سے ہے لکھے کا مٹانا — یہ کہہ لو کہ ہاں تم کو مشکل نہیں ہے

یہ محشر کا مجمع ہے میں چپ ہوں لیکن — خود انصاف سے آپ اک بات کہدیں
کوئی ذرہ کائناتِ جہاں ہے — کہ تصدیقِ بربادیٔ دل نہیں ہے

کٹے کیسے ہستی کی راہِ مصیبت — کہ ہے ہر قدم کارزارِ محبت
یہ مانا کہ انفاس کی کچھ حقیقت — بجز سعیِ قطعِ منازل نہیں ہے

اب آنکھوں میں آنسو نہ ہونٹوں پہ نالے — نہ ایذائے حسرت نہ کربِ تمنا
غرض جذبۂ جاں نثاری ہے اور بس — کوئی شاہدِ ہستی دل نہیں ہے

مرے بس میں دل ہو نہ دل کی تمنا — مگر تم کو قدرت ہے پامال کر دو
یہ سچ ہے کہ میرا دلِ بے حقیقت — تمھاری تمنا کے قابل نہیں ہے

نہ پوچھو کہاں کا ہے قصد اور کیوں ہے — سکوں ڈھونڈتا پھر رہا ہوں مسلسل
بظاہر سوئے موت جانا ہے لیکن — سنا ہے کہ وہ بھی تو منزل نہیں ہے

جہاں محوِ ظاہر پرستی ہے مانی — تو کچھ اہلِ دل سا تھا لیکن تجھے بھی
ذرا ہوش تائیدِ حق کا نہیں ہے — ذرا جوشِ تردیدِ باطل نہیں ہے

The Intermediate College Magazine.

JUNE to SEPT., 192[illegible]

Vol.



بسم اللہ الرحمن الرحیم

انٹرمیڈیٹ کالج میگزین

جلد (۱) | بابت ماہ نومبر ۱۹۲۹ء | نمبر (۱۱)

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱	رباعی	از علامہ صبیحی (سہراوہ)	۱
۲	غزل	" " (")	۱
۳	راز ہستی	از حکیم ماجد صاحب حامدی	۲
۴	بلائے بے درماں	جناب سید جلیل حسنی صاحب	۴
۵	غزل	از محترمہ بلقیس جمال صاحبہ (بریلوی)	۱۵
۶	ٹرکی میں ذہنیت آئینی کا انقلاب	از جناب سید نوشاہ علی صاحب۔ ایم۔ اے	۱۶
۷	غزل	از مولوی رضی احمد احمد صاحب رضی (بدایونی)	۲۳
۸	امتحان کی رات (افسانہ)	از مولانا سید عبدالواحد صاحب ایم۔ اے	۲۴
۹	جادو کا پانی	احمد علی متعلم بی۔ اے (آنرز لکھنؤ یونیورسٹی)	۲۸
۱۰	تنقید و تبصرہ		

ضروری اعلان

انٹر کالج میگزین کا سالانہ نمبر بڑے آب و تاب کے ساتھ ماہ دسمبر میں شائع ہونیوالا ہے۔ اس نمبر میں طلبائے انٹر کالج کے مضامین کا ہونا لازمی اور ضروری ہے۔

مضامین بالخصوص ٹھوس اور علمی ہونا چاہیئے۔ عمدہ تراجم بھی رسالہ میں درج کئے جا سکتے ہیں۔ یہ مضامین نظم و نثر ماہ نومبر کے اخیر ہفتہ تک اڈیٹر کے پاس پہونچ جانا چاہیئے۔

اڈیٹر۔

غزل

از علامہ "عیشی" (سرادہ)

منم کز غیر پنہاں عشق یار نازنیں دارم
نہاں از چشم مردم اشکِ خون در آستیں دارم

بجوشِ عشق حسنِ نازپرور را قریں دارم
درونِ پردۂ دل لیلئے محمل نشیں دارم

دلِ وارستہ دارم نے غمِ دنیا و دیں دارم
مگر مہر سیہ چشماں کہ بر لوحِ جبیں دارم

بہ شہر مست گاہِ معنی جلوۂ صد عیش می بینم
بہ بزمِ بادہ نوشاں یک دلِ خلوت نشیں دارم

زحالِ درد و درمانم چہ می پرسی کہ من دل را
بہ ہجرِ تو حزیں دارم بہ یادِ تو غمیں دارم

امید سود و راحت یک طرف بیم زیاں یکسو
بحمد اللہ و المنت نہ آں دارم نہ ایں دارم

خراماں می چمم در باغِ حسنِ بے مثالِ او
خیالِ گلشنِ جنت نہ میلِ حور عیں دارم

دلِ سودا زدہ کوسِ جنوں در کوہ و ہاموں زد
ہزاراں دشت وحشت آفریں زیر نگیں دارم

زفیضانِ توکل یافتم معراجِ استغنا
نہ کنجِ فقر جویم نے ہوائے شہ نشیں دارم

محبت می برم با خود پس از مرگم تماشا کن
که از مہرست ہزاراں آسماں زیر زمیں دارم

بروئیت حسرت آگیں چوں نظر کردم زجاں رفتم
نگاہ اولیں خود نگاہِ واپسیں دارم

ہمہ شب داستانِ دردِ دل گفتم بہ پیشِ دل
ہمیں یک چارۂ دردِ دلِ اندوہگیں دارم

شرشک لالہ گوں از شرم عصیاں امامتے دارد
رواں از چشم گریاں چشمۂ ماءِ معیں دارم

فدائے لعل شیریں ست دل و جانم چہ خوش گفتی
بہ کوئے خود چو فیضی صد گدائے رہ نشیں دارم

رازِ ہستی

از حکیم ماجد صاحب عامدی

آج بے پردہ نظر آتی ہے تصویرِ جہاں
ہے مگر خوابِ محبت کی یہ تعبیر عیاں

عشق کے نور سے روشن ہیں نگاہیں میری
عشق کے سوز سے دمساز ہیں آہیں میری

غم نے دیدے کے جلا دل کو وہ آئینہ کیا
صاف آتا ہے نظر جس میں ہو اچھا کہ بُرا

دیکھ لیتا ہوں میں دنیا کی حقیقت اسمیں
نظر آتی ہے ہر اک چیز کی فطرت اس میں

ہو نہیں سکتا مجھے دہر میں دھوکا ہرگز
میری نظروں کو حجابوں نے نہ روکا ہرگز

کب یہ ممکن ہے کہ تکلیف کو راحت سمجھوں
بقعۂ نور کو معمورۂ ظلمت سمجھوں

دل مرا گوہرِ اسرار کا گنجینہ ہے
ہے جو دنیا کی حقیقت وہ سب آئینہ ہے

مجھ سے پنہاں نہیں ماہیتِ سوزِ ہستی
ہیں عیاں میری نگاہوں پہ رموزِ ہستی

زندگانی میری محدود سہی فانی بھی
ہے مگر پردۂ قدرتِ ربانی بھی

جو فنا ہو کے بھی باقی ہے وہ ہستی ہے مری
تیز تر ہوتی ہے ترشی سے وہ مستی ہے مری

زندگانی میری کیا ہے تمہیں بتلاؤں کیا
بعد مٹنے کے بھی آج ہے یوں جلوہ نما

پھول میں پتے میں شبنم میں نہالِ تر میں
کوہ میں دشت میں صحرا میں کہ بحر و بر میں

زینتِ گل ہے یہی زینتِ غنچہ ہے یہی
یعنی بستہ ہے یہی اور کشودہ ہے یہی

بربطِ عیش بھی اور یہی سازِ غم
لبِ خنداں بھی یہی اور یہی چشمِ پُرنم

ہے یہی خندہ گُل اور یہی بلبل کی فغاں
یہی آوازِ خوشی ہے یہی آہوں کا دھواں

یہی پابند ہے گلشن میں یہی ہے آزاد
یہی نرگس کی نظر ہے یہی قدِ شمشاد

ظلمتِ شب ہے یہی اور یہی نورِ سحر
یہی محرومی کور اور یہی بینا کی نظر

ہوشیاری ہے یہی اور یہی بے ہوشی
شور و غوغا بھی یہی اور یہی خاموشی

بادلوں میں ہے گرج اور یہی بجلی میں تڑپ
صحنِ گلشن میں یہی بلبل و گلچیں کی جھڑپ

رہتی ہے سینۂ انساں میں یہی غم بن کر
اور یہی شادی و خوش کامیِ آدم بن کر

شکلِ سیماب میں بیتاب ہوئی جاتی ہے
عالمِ راز سکوں سیم میں دکھلاتی ہے

ہے نمایاں یہی نظروں پہ یہی پوشیدہ
یہی بیدار ہے عالم میں یہی خوابیدہ

چاند کی چاندنی میں ہے یہی فرحت افزا
یہی سورج کی شعاؤں میں تمازت افزا

فرطِ شادی ہے یہی اور یہی جوشِ غم ہے
اسی آنسو سے کسی کا سرِ مژگاں نم ہے

زلفِ لیلیٰ میں یہی بن کے پریشانی ہے
یہی مجنوں کے یہاں چاکِ گریبانی ہے

اصلِ الفت ہے یہی عین محبت ہے یہی
حسن کی جان یہی حسنِ حقیقت ہے یہی

جو ہے عاشق وہی معشوق ہے کچھ فرق نہیں
تابشِ حسن وہی ہے جو ہے آہوں میں مکیں

گرچہ نسبت نہ تھی فرہاد کو کچھ شیریں سے
تھے مگر اصل میں دو نام یہ اک ہستی کے

عشق کب قیس کو تھا لیلیٰ صحرائی سے
اپنی ہی ذات پہ مرتا تھا خود آرائی سے

حسن اور عشق میں کچھ فرق نہیں ہے اصلا
دونوں سے ذاتِ حقیقی کا ہے جلوہ پیدا

عشق کا رام وہی حسن کی سیتا بھی وہی
یعنی بلبل بھی وہی اور گلِ رعنا بھی وہی

بسکہ ہے ذات سے میری یہ ظہورِ عالم
میری ہی ہستی تو ہے ظلمت و نورِ عالم

ابر کی طرح سے کُل دہر پہ چھائی ہے یہ
جلوہ پیرائی ہے یہ جلوہ نمائی ہے یہ

صورتِ قطرہ جدا تھی کبھی دریا سے مگر
مل گئی آج ہے مرکز سے پھر اپنے جا کر

مژدۂ وصل ہے در اصل یہ پیغامِ فنا
پھر بغلگیر ہوں اُس سے تھا کبھی جس سے جدا

یعنی میں ہی تھا کہ تھا ذرۂ ناچیز کبھی
اب ہم آغوشِ صحرا سے ہوں صحرا خود بھی

بلائے بے درماں

از جناب سید جلیل حسنی صاحب (بی۔ اے علیگ)

شمیم نے اپنی مختصر حیات بست سالہ کے دور میں جس قدر ہیجان انگیز انقلابات دیکھے تھے وہ اپنی نوعیت عجیبہ کے لحاظ سے اُس کے قوائے عمل مضمحل کرنے کے لئے کافی تھے۔ اپنی ہنگامہ خیز ہستی کی بدولت قبل از وقت رنگینی حیات تلف کر چکا تھا۔ شباب کی دل آویزیاں نذر حوادث ہو چکی تھیں ہنگامہ تخریب کا جوش عمل اب صرف دسکوں اور جمود بن چکا تھا گو شباب کی قیامت زائیاں ہر تزئین اور زیور آرائیوں سے بے نیاز ہوتی ہیں لیکن شبانہ روز کی بے اعتدالیاں اپنا رنگ دکھلائے بغیر نہ رہ سکیں۔ وہ شمیم جو کبھی گل کے مانند محبوب نظر تھا اب ہر کہہ و مہ کی نظروں میں خار کی طرح کھٹکنے لگا۔ یہ ایک امر واقعہ ہے کہ ہر حسین شے خواہ وہ کتنی ہی دلاویز کیوں نہ ہو لیکن ارزانی عام اور التفات بے جا اُس کے حسن کو زائل کر دیتے ہیں۔ حسن کی تعریف صرف یہ ہی ہو سکتی ہے کہ یہ قوت امتیاز کا فریب دہ تخیل ہے۔ یہ کہنا کہ شمیم میں اب جاذبیت نظر کے کرشمے موجود نہ تھے ایک حقیقت تھی پھر بھی چشم عبرت کے لئے نقوش پارینہ تازیانہ عبرت کا حکم رکھتے تھے۔ پہلے وہ حسن زندہ کی تصویر تھا اور اپنی ہر روش حیات سے انسانی قلوب کو برما سکتا تھا گو اب کھلائے ہوئے پھول ارباب ذوق کے لئے دلچسپیاں تو پیدا کر سکتے تھے مگر بے فکر قلوب میں فانی اور زوال پذیر عیش کے تاثرات پیدا کرنا ممکن تھا ہر شے اپنی حدود کے اندر سامان تفریح رکھ سکتی ہے مگر حد سے تجاوز ہی اُس کے قبح کے پہلو کو سامنے لا کر کھڑا کرتی ہے۔ اُس کی زندگی کچھ ایسے ہی ماحول میں گزری تھی جس میں ہر شے میں اُسے کیف نظر آتا تھا اور اسی لئے زندگی کے متعلق اُس کا یہ نظریہ تھا کہ "یہ اقتضائے حیات ہے کہ ہر شے سے کیف اندوز ہو۔ بدترین گناہ یہ ہے کہ اشیاء عالم سے لطف کوشی میں بدتوفیقیاں دکھلائی جائیں" اس کے جواز میں وہ ایسے ایسے دلائل و براہین سے کام لیتا ہے کہ سننے والے خاموش رہ جاتے وہ کہتا تھا کہ حیات مستعار کے چند لمحے جو عیش و مسرت میں صرف ہوئے ہوں وہ اُس عمر خضر سے بہتر ہیں جو یک طرفہ رہین گوشۂ عزلت ہوں یہ انبساط خواہ کسی ذریعہ سے حاصل ہو اس کے تحصیل میں خواہ کسی عزیز ترین شے کا خون ہوتا ہو ضروری ہے کہ اُس کے لئے قربان کر دی جائے۔ خود غرضی یا خود پرستی کا ہر پردہ خیانت

رویانتی کا ہر پہلو اُسے اختیار کرنے میں کوئی باک نہیں تھا دنیا کی ہر چیز ان ہی مقاصد کو پیش نظر رکھ دیکھتا تھا وہ ظلمت جو ایک کبیدہ اور ترش رو چہرہ پر نظر آتی تھی اُس کے لئے ایک بھیانک خواب تھا جس سے دُور رہنے کی وہ امکانی کوشش کرتا تھا۔ اس کے لئے ایک شگفتہ اور مسرور چہرہ ایک ابدی رحمت تھی وہ کائنات عالم کی ہر شے میں حسن عالم سوز کی تنویریں دیکھتا تھا۔ ہر شے کا ہست ہونا ہی اُس کی رنگینی تخیل کے لئے دلچسپی کا مواد فراہم کر دیتی تھی۔ مگر کاش معصوم حُسن کو صرف پرستش کی نگاہ سے دیکھتا تو شاید اپنے پیچھے دنیا والوں کے لئے بہت کچھ سامان تفریح چھوڑ جاتا۔ لیکن حُسن کی معصومیت کو اصل سے بوجہ اُس کے معصوم ہونے کے حاصل کرنا وہ بدترین گناہ تھا جس سے اس کا دامن ملوث تھا اور وہی پایانِ کار اُس کی تباہی کا باعث ہوا۔

(۲)

جس ماحول میں ہم رہتے ہیں اُس کا اثر ہم پر ضرور پڑتا ہے مگر اپنے حوالیات کا مشکل کرنا ہمارے امکان میں ہے بچپن سے انسان ضروریات انسانی کا محتاج ہوتا ہے لیکن زندگی کی تگ و دو میں احتیاج انسانی محدود ہو سکتی ہے اگر مشاغل سے دست کشی اختیار کر لی جائے۔ ہم جس قدر تعیش کی پہنائیوں میں مستغرق ہونے کی کوشش کرینگے اتنا ہی زیادہ ہمیں مقصد حیات نامکمل نظر آئیگا یہ ایک فطری امر ہے اور اصول صریحہ ناقابل انکار یہی وجہ تھی کہ شمیم جتنا زیادہ مسرت سے ہمکنار ہو جاتا تھا اُتنی ہی زیادہ اُس کی اُمنگیں بڑھتی جاتی تھیں۔ مگر یہ کہنا کہ شروع ہی سے یہ تعیش پرستی اُس کی سرشت میں تھی غلط ہے اس بے راہ روی کی ذمہ داریاں بہت کچھ اُن میاں جی پر عاید ہوتی ہیں جن کے سپرد اُس کی پرورش ہوئی تھی اور جنھیں عرف عام میں اتالیق کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

(۳)

میاں جی کا کچھ مشرب ہی جدا تھا دیکھنے میں نہایت سیدھے سادے بزرگ تھے مقدس دراز ریش جس نے عاشقوں کی شب فرقت کی طرح طویل ہونے کی قسم کھائی تھی ناف تک لہرائی ہوئی تھی گول آنکھیں تھیں جس میں خطرناک قسم کی شرارت آمیز چمک موجود تھی کل قلیل فتنہ کے مصداق حضرت شاید اکیسویں صدی کے لئے زیادہ موزوں تھے اِس لئے کہ موجودہ علما یورپ و امریکہ کا خیال ہے کہ انسان پر ایک وہ زمانہ آنے والا ہے جب وہ بالکل معنی ہو جائیگا مگر عقل و فراست میں روز افزوں ترقی کریگا فطرت کی

CONTENTS

			Page
House of Shansab	..	Prof. Mohd. Habib, B.A. (Oxon), Bar-at-Law	... 1
Female Education in India	...	Jamiluddin Ahmad	... 7
A Trip to Nainital	...	Ahmad Abbas	... 10
Remedy of Hindu Muslim Disunity	...	Shah Mohd. Amin (Manglori) Minto A. Class XI-E	... 11
Woman Under Islam	...	... ...	... 12
Poetry and Its Functions	...	Sh. Mohd. Umar XI-B	... 13
Here and There	...	... ...	... 14
Science and Invention	...	... ...	... 17
Wit and Humour	...	... ...	... 19
The Editor's Post Bag	...	... ...	... 20
Literary Notes	...	... ...	... 22

تو نہایت درجہ کی سادگی سے طالب کے بازوؤں سینوں اور گھٹنوں کے کچھ ذرا بالائی حصوں کو ٹٹولتے کہ علم لدنی حاصل کرنے کی اس میں ماہیت اور قوت ہے یا نہیں بہت سے تو بیچارے یہیں سے ہمت ہار دیتے تھے مگر وہ خوش قسمت ہستیاں جو اس امتحان میں کامیاب ہوتی تھیں وہ مریدین اور معتقدین کے مفخر لقب سے یاد کی جاتی تھیں۔ تیسری آزمائش تو کچھ زیادہ سخت نہ تھی مگر آزاد اور بے فکر لوگوں کے لئے سامان ابتلاء ضرور تھا اس میں نہایت پابندی کے ساتھ ہر معتقد کو ایک وقت خاص میں نہایت پابندی کے ساتھ حاضر ہونا پڑتا تھا۔ اس وقت زمین پر ایک فرش بچھا ہوتا تھا جس پر میاں جی بیٹھکر درس و تدریس دیا کرتے تھے مشائخین کا چاروں طرف ایک حلقہ ہوتا تھا جس کے مرکز خود میاں جی ہوتے تھے۔ نفسیات کا مسئلہ کہ غنا سحر کا حکم رکھتی ہے آپ اس کے (۱) سے قائل تھے چنانچہ اسوقت اکثر و بیشتر مثنوی مولانا روم یا غزلیات حافظؒ کا ورد ہوتا تھا صدائے بازگشت جسوقت حجرہ میں گھوم گھوم کر تشنہ کامان معرفت کے گوش ہوش تک پہونچتی تھی ایک عالم بے خودی سب پر طاری ہو جاتا تھا خود میاں جی بھی کچھ کم مدہوش نہ ہوتے تھے مگر اس ہجوم جذبات میں بھی اپنی قوت ارادی کے سخت پابند تھے چنانچہ جب کوئی عقیدتمند اپنے احساسات پر قابو نہ پاسکنے کی وجہ سے "یاحق" کہنے پر مجبور ہو جاتا تھا تو اب ایک تبسم زیرلبی کے ساتھ چشم حقیقت آشنا کو وا کرتے ہاتھی مار کہ سگریٹ یا بیڑی جلاتے اور منہ سے دھواں نکالتے ہوئے فرماتے۔

وصل کی ہوتی ہیں ان باتوں سے تدبیریں کہیں
آرزوؤں سے پھرا کرتی ہیں تقدیریں کہیں

تم لوگ ابھی سے بے خود ہوئے جاتے ہو ضبط سے کام لیکر سچی تڑپ پیدا کرو۔ ایسا نہ ہو یہ مئے محبت چھلک جائے۔ یہ مقدس آواز شیریں لہجہ اور تالیف قلوب کی سعی بھلا باطل کیسے ثابت ہوتی۔ حاضرین میں ہر فرد بے خود و متوالا جذبات کی دنیا میں کھو جاتا۔ اس منزل کے بعد تقرب کا درجہ آتا اور ایسا کہ من تو شدم تو من شدی کی حقیقی تفسیر عشق حقیقی حاصل کرنے کے لئے پہلے مجازی سے گزرنا پڑتا ہے۔ ہمارے میاں جی اس سے خوب واقف تھے ان کا ظہور ہی دنیا میں اسلئے ہوا تھا کہ گم کردہ راہ کو راہ پر لگائیں، اسی لئے حضرت جہاں بازار حسن سرد پڑ چکا ہو پہونچ جاتے تھے اور وہاں سے ایسے لعل بے بہا نکال لاتے جنھیں دنیا والوں کی ناقدری نے اپنی سوسائٹی سے علیحدہ کر دیا ہو ایسی ہستیوں کو آپ محبت و حسن کے سبق دیا کرتے تھے۔ متلاشی کے لئے سامان تفریح بہم پہونچانا اپنے مصنوعی حسن اور تبسم زیرلبی دوسروں کو

مسحور کرنا سکھاتے تھے بڑی بات تو یہ تھی یا یوں کہئے کہ خود کا فلسفہ تو یہ تھا کہ صنف کرخت میں دلنوازیاں بمقابلہ صنف نازک کے بدرجۂ اتم موجود ہیں اور صنف کرخت ہی کے عشق کا سلسلہ عشق حقیقی سے ملتا ہے چشم ظاہر بیں سے خدا بچائے جنہوں نے میاں جی کو بدنام و مطعون کرنا شروع کر دیا اِس سے بچنے کے لیئے اُنہوں نے صرف حضرت آدم کے رشتہ سے ایسی ہستیوں کو "بھیجا" بنا لیا اب دنیا والوں کی مجال تھی کہ کچھ کہہ سکتی؟ آئے دن کی انگشت نمائیوں سے فرصت ملی.....

گو میاں جی کو اب زیادہ ریاضت کی ضرورت نہ تھی مگر اللہ والے آدمی کو جو ریاضت اور عبادت میں لطف آتا ہے وہ دوسرے مشاغل میں آنے سے رہا اس خیال سے کہ ابھی اپنے زہد و اتقا میں کچھ کمی ہے آپ بھی کیف محبت سے سرشار ہونے کی غرض سے عشق مجازی کے زینہ پر قدم رکھتے مگر ان تمام منازل کو چونکہ وہ طے کر چکے تھے اس لئے ان ہی میں اب سینکڑوں جلووں کی پنائیاں نظر آتی تھیں اور وہ وہ رموز و نکات نکالتے کہ سننے والے متحیر رہ جاتے مثلاً یہ کہ حسین شخص کو دیکھکر دل بے اختیار کیوں ہو جاتا ہے۔ اُس سے کلام کرنے کو جی کیوں چاہتا ہے اُس سے بغلگیر ہونے کی خواہش کیوں پیدا ہو جاتی ہے اور ایسی حسین شے کو آنکھوں اور لبوں سے مس کرنے کا جذبہ کیوں پیدا ہوتا ہے یہ تھے وہ رموز جن کو میاں جی نہایت صفائی سے سائنس کے جدید اصولوں پر۔ واقعات ماضی کی روشنی میں نجوم فلکی کے اثر کے اقتضا پر اور فلسفہ کے دقیق مسئلوں کے ذریعہ سے سمجھایا کرتے تھے۔ ان مواقعات خاص کے لئے ہمارے میاں جی دنیا اور آرائش دنیا کو ہیچ ثابت کرنے کے لئے صرف ایک کمبل میں اپنے جسم کو جو علوم کا بحر بیکراں تھا مستور رکھتے تھے۔ اُن کے پاس ایک جریب زیتونی بھی تھی جو لمبائی میں آپ سے شاید انیس "بیس" کا فرق رکھتی ہو مگر بلحاظ جسامت خود میاں جی سے دوگنی ضرور تھی اور یہ موٹائی غالباً آپ کے فیض صحبت سے حاصل ہوئی تھی کہنے کو تو لوگ کہتے ہیں کہ یہ جریب اور کمبل آپ کو وراثتاً پہونچے ہیں مگر کچھ لوگوں کا خیال تھا کہ حضرت موسیٰ کی طرح آپ کو یہ چیزیں کرامت میں ملی تھیں لیکن افسوس یہ نہ معلوم ہو سکا کہ وہاں عصائے موسوی معجزہ تو ذات باری تعالیٰ سے عطا ہوا تھا اور یہ تبرکات آنجناب کو کس دربار سے ودیعت کئے گئے اس کے متعلق لوگوں کی مختلف رائیں ہیں مگر کوئی قابل وثوق نہیں۔ بایں ہمہ خود کو سقراط کا جانشین سمجھتے تھے جو میاں جی کی خصوصیات۔ خرق عادات کو دیکھتے ہوئے بھی ان کے کمالات کے قائل نہ تھے اور اُن کی ہر کرامت کو تکذیب کرتے تھے مگر آپ نے کبھی ہمت نہیں ہاری۔ ان حوصلہ شکن واقعات کے ہوتے ہوئے بھی

قدم پڑتا تھا وہ دوسروں کے لیے جرأت آموز ہوتا تھا۔ بسا اوقات تو ہمارے میاں جی ظاہری تعلقات کی سلاسل بیجا کو توڑ کر حالت جذب میں خود ہی نور حقیقی کے پرتو بن جاتے تھے اس وقت اُن کی ضیا فگنی عالم آب وگل کے لئے شمع ہدایت کا کام دیتی تھی۔ خاص کر اپنی مصنوعی بہشت کے "برادرزادوں" کو اس نور کی تجلی سے معمور و منور کر چکے تھے اور بدیہ وجہ اکثر مقربین ان ہی میں سے کسی نہ کسی کے سپرد کئے جاتے تھے کہ "یہ بہشتی غلمان" انھیں کثافت ظاہری سے دور کریں یہ تو میں پہلے ہی کہہ چکا ہوں کہ یہ مخصوص ہستیاں بارگاہ خاص کی جلوہ ریزیاں سے مستفید ہوتی رہتی تھیں اور اس پرتو کی عکس کلیہ تھیں۔ اسلئے ان میں بحسن وخوبی تمام و کمال وہ صفات محمودہ جو میاں جی کے مشرب خاص میں جائز تھیں اور جو اس مسلک کی کامیابی کے لئے اہم اور مد تھیں امتزاج کی ہوئی تھیں مقربین خاص ان فسوں گر اور لاابالی ہستیوں کے سحر اہل سے کچھ ایسے مسحور ہو جاتے تھے کہ پھر انھیں کائنات کی کوئی شے تلخ نہ ثابت ہوتی تھی کبھی معرفت کی یہ زندہ چھاگلیں نگاہ کو جنبش دیکر تبسمانہ انداز سے نمک پاشی کرتیں تو طالب باسینہ چاک اپنی قلبی کیفیات میں وہ ارتعاش پاتا کہ عالم ہمہ افسانہ نظر آتا تھا ایسی صورت میں میاں جی اپنی سعی کامیاب پر مسکراتے ان کا تبسم رہرو راہ حقیقت کے لئے جام مئے حقیقی ثابت ہوتا تھا جو ایک لمحہ میں اس کی ساری کلفتوں کو دور کر دیتا تھا۔ علوم کے کنز مخفی جو قدرت نے ان کے سینہ میں پوشیدہ کر رکھے تھے اُن سے دنیا والوں کو فائدہ پہونچانے کے لئے بے قرار رہتے تھے۔ لیکن ان کا خیال کہ ہر فرد ان کے تحصیل کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ ہر شے ایک خاص غرض کے لئے پیدا کی گئی ہے ضمناً یہ بھی کہ کسی کام کے ابتدا ہی میں انجام کو نظر کے سامنے نہ رکھنا چاہئے بلکہ اس سے بے نیاز ہو کر ہنگامہ زیست کی دار و گیر میں بلا سوچے سمجھے پڑ جانا چاہئے۔ حیات مستعار انبساط اور خوشی کا ایک مستقل سلسلہ ہے مستقبل حال کا انجام کار ہے۔ سب سے بڑا گناہ یہ ہے کہ لطف میں رنج کا خیال لایا جائے یہ تھے وہ پاکیزہ خیالات و زریں اصول جن کی تلقین میاں جی ہر شخص کو کیا کرتے تھے اور ان ہی خیالات کی بنا پر آپ صرف اُن ہی لوگوں کو برادرزاد بناتے تھے جن کا رنگ سیاہ ہو۔ آنکھیں اندر کو گھسی ہوں۔ بات بات میں تبسم آتا ہو۔ آواز میں ذرا درد ہو۔ چال میں زاغیت پائی جائے گردن اندر کر لیں بات کرتے وقت لوچ آجاتی ہو آپ کے نزدیک ان خصوصیات کا حامل ہی اس قابل ہو سکتا ہے جو اپنے نور کا عکس دوسروں پر ڈال سکے۔ اگر غور دیکھا جائے تو آپ نے اس نظریہ میں بہت سے بیکس لوگوں کی مدد فرمائی تھی اسلئے کہ ان شہسواروں پر ظاہر میں نظریں کب ٹھیرتی ہیں یہی نہیں بلکہ آپ نے اس کلیہ کو بھی غلط ثابت کر دیا تھا کہ صرف سفید فام ہی ترقی کے راستہ پر گامزن ہو سکتے ہیں۔ زندگی کو مسرت و خوشی کا مجسمہ بنانے کی غرض سے اور اپنے اصول کی تکمیل کے لئے انھوں نے اپنی چھوٹی سی بہشت

بنائی تھی مگر ان کی طبع تنہا لطف کوشی کی مقتضی نہ تھی اس لئے محض لوگوں کی فلاح کے لئے یہ دیرہ اختیار کرلیا تھا۔ لوگوں کے کشود کار کے لئے حضرت کی نیم نگاہی کافی تھی۔ آپ اُن عقدۂ لاینحل کو جن کے افہام و تفہیم میں بڑی بڑی عقلیں ناکام ثابت ہوتیں چشم زدن میں سلجھا جایا کرتے تھے۔ غرض یہ کہ میاں جی ہر صورت سے قابل پرستش تھے اور بے قرار دلوں کے لئے سامانِ صد نشاط۔

(۴)

یہ تھا وہ ماحول جس میں شمیم نے ہوش سنبھالتے ہی خود کو پایا تھا۔ اُس کی عمر کا زیادہ حصہ ان ہی میاں جی کے ظلِ عاطفت میں گذرا تھا پھر کیسے ممکن تھا کہ اُن کے فیض سے مستفید نہ ہوتا اسے شومیٔ قسمت سمجھنا چاہئے کہ وہ حسین تھا مگر نیچر نے اس رنگ کے عطا کرنے میں بخل سے کام لیا تھا "جو برادر زادہ" بنائے جانے کے لئے ضروری سمجھا جاتا تھا۔ اس لئے قدرتی طور پر اس کا شمار معتقدین میں تھا۔ چونکہ میاں جی کے سپرد اس کی پرورش ہوئی تھی اس لئے ابتدا ہی سے اُنہوں نے اسے ایسے راستہ پر گامزن کرایا جس سے یہ بھٹک ہی نہیں سکتا تھا معرفت اور عشق مجازی کے طرفہ معجون اسے جی بھر کے استعمال کرائے گئے مئے محبت سے سرشار کرایا گیا۔ آتشِ شوق تیز تر رکھنے کے لئے "برادر زادوں کی بھولی بھالی باتوں کے ذریعہ مسرت و شادمانی کے مناظر سامنے لائے گئے۔ بے خودی کے خاکے پیش کئے گئے آرزوؤں اور تمناؤں کے مضطرب کن اسباق یاد کراتے گئے۔ پھر کیا تھا شمیم اپنے استاد کا شاگرد رشید ثابت ہوا۔ جو جو امیدیں میاں جی کی اُس کی ذات سے وابستہ تھیں حرف بحرف پوری ہوئیں۔

شمیم بلاناغہ روزانہ میاں جی کی صحبت میں دو چار گھنٹے گزارتا تھا۔ جہاں اسے مئے معرفت کے جام پیش کئے جاتے اور ہر طرح کے عیش کا سامان فراہم کیا جاتا۔ ابتدا میں ہر وہ حربہ استعمال کیا گیا جس سے بجز رام ہونے کے شمیم کے لئے مفر نہ تھا۔ آہستہ آہستہ اسی زندگی میں اُسے لطف آنے لگا اور پھر تو ایسا کھویا کہ خود کی بھی خبر نہ رہی ایک دھن تھی جس کے لئے اس کے تمام خیالات میں انتشار تھا ایک لگن تھی جو دل سے لگی ہوئی تھی۔ شبانہ روز ان ہی سرمستیوں میں گزرنے لگی۔ آغاز کار میں میاں جی نے تعلیم اس طرح دینی شروع کی کہ اُسے حسن و عشق کے تعلقات پر لکچر دیتے رہے جب میاں شمیم اس فلسفہ میں غوطہ زن رہنے لگے اور انھیں دلچسپی آنے لگی تمام منازل ابتدائی طے کر چکے تو رفتہ رفتہ نورِ من نوری کے درجہ تک پہونچانے کے لئے یہ حضرت ایک برادر زادہ کے سپرد کئے گئے۔ میرا خیال ہے کہ اس مسلک

ہستی کا تعرف نہ کرانا سنگین جرم ہوگا۔ آپ اُس خطۂ زمین کے رہنے والے تھے جہاں اتصال آبی کی شکل میں پنجۂ قدرت نے دولت قوت اور حسن پر قبضہ کر رکھا ہے آپ کا رنگ نیلگوں اور چمکتی تھا، قد طویل، جسم چھریرا چہرہ سے کھوئی ہوئی ملاحت کے نقوش ہویدا۔ زبان کھڑی مگر گفتگو میں بہت کچھ بنی ہوئی نسائیت سے کام لیتے تھے۔ آنکھیں شغالی مگر چمکتی ہوئی، سر کے بال ہمیشہ سیدھے رہتے تھے اور جب کبھی کسی سائل سے گفتگو فرماتے تو نظر کبھی جھک جاتی تو کبھی دل تک پیوستہ ہو جاتی تھی، یہ تھی وہ فریب تخیل ہستی جو شمیم کے خیالوں میں رعنائی پیدا کرنے کے لئے مقرر کی گئی تھی۔

کہتے ہیں کہ پیاسے کو ایک گھونٹ پانی دیدیجئے تو اُس کی تشنگی کہیں بڑھ جاتی ہے شمیم کو افسانہائے عشق و حسن سنائے ضرور گئے تھے مگر ابھی تک اُس کے اصلی لطف سے واقف نہ تھا وہ محبت کی ماہیت سے زبان آشنا کرایا گیا تھا مگر جس ہستی سے محبت کرائی جانے والی تھی وہ اُسکے سامنے نہ تھی وہ ابھی تک ان وعظوں کو محض تفریح کے خیال سے سنا کرتا تھا مگر اُسے اسکی خبر نہ تھی کہ ابھی اُس امتحان میں پڑنا ہے جہاں عقل و خرد کو سلام کرنا ہوگا۔ آہ شمیم تجھے اِس شیطان ثانی کے ہاتھوں اپنی زندگی کے تار و پود بکھیرنا ہوگا اور انجام کار مایوسی اور فنا۔ گردیدگی کا ہر وہ جادو جو بروئے کار لایا جا سکتا تھا کوئی نہ چھوڑا گیا شمیم کو سراب آسا مسرت اور انبساط کے دریا میں غرق کیا گیا "شراب معرفت" کے دور۔ برادرزادوں کی فسونگری۔ سامان تفرج و تفریح گویا دائمی شکل اختیار کر چکی تھی۔ کلفت و رنج خواب و خیال ہوئے اور افسوس دنیا کے جتنے بدترین گناہ ہو سکتے تھے انکے اسی صوفیت کے پردے میں شمیم سے مشق کرائی گئی ان گناہوں کے داغ شمیم کی زندگی کے دامن پر ابھرے ہوئے تھے اور صد حیف انھیں وہ دائمی سمجھے ہوئے تھا اُسے گمان بھی نہ تھا کہ یہ جال جو اُسکی زندگی کو عیش و عشرت میں گزارنے کے لئے پھیلائے گئے ہیں ایک روز اسکی حیات کی تابانی کو تلف کر دینگے اور ہمیشہ کے لئے موت کے آغوش میں سلا دینگے۔ سچ ہے کہ انسان کا شیطان انسان ہی ہوتا ہے۔

یہ زندگی اور یہ ماحول کچھ اتنا زیادہ لطف انگیز تھا کہ شمیم دنیا کے سارے عائب کو بھول چکا تھا اسکی طبیعت نشاط پرور ہو چکی تھی وہ یہ سمجھے ہوئے تھا کہ شاید حسن کی گرما گرمی سرشاری کی موجیں۔ مدہوشی کی کیفیتیں غلط کاری کی راہیں بس یہی زندگی کا ماحصل ہیں۔ مگر تابکے انسان جب تک کسی شے سے ناآشنا رہے سکون حاصل کر سکتا ہے مگر شے کی واقفیت ہی اُسکی طبیعت میں ہیجان پیدا کر دیتی ہے شمیم جب اچھی طرح اس جال میں پھنس چکا تو پھر زمانے نے بھی رنگ بدلا اور تعلیم ثانوی کا آغاز ہوا۔ یعنی "برادرزادہ کو حکم دیا گیا کہ بس اب بے اعتنائی کا دور شروع ہو

شمیم اس کا عادی نہ تھا یکایک خواب غفلت سے چونکا مگر کب جب اپنا حسن، اپنا وقار، اپنی دولت کھو چکا تھا۔ تیر کمان سے چھوٹ چکا تھا اور اب دست تاسف ہی ملنا اس کے لئے باقی رہ گیا تھا۔ وہ حیرت میں تھا کہ آخر وہ اُس کی بہشت خود ساختہ کیا ہوئی وہ عیش و آرام کے کرشمے کدھر گئے وہ راحت و آسائش کی مصروفیتیں کہاں غائب ہوگئیں مگر آہ یہ عہد ماضی کا قصہ پارینہ تھا جسکی ایک ایک کڑی سامنے آتی تھی اور تڑپایا کرتی تھی وہ التفات محبوبی جو اُس کے لئے مخصوص تھا اُسے وہ ڈھونڈتا تھا وہ محبت کی نظریں جو کبھی سرمایۂ حیات تھیں تلاش کرتا تھا اُس سکون کا جو اُس کے لئے دائمی تھا جو یا تھا مگر وہ التفات اب کسی دوسرے کے لئے وقف تھا وہ نظریں کسی دوسرے کو مانوس کرنے کے لئے آمادہ کر دی گئی تھیں وہ وہ سکون اب ایک خواب تھا میاں جی کی وہ تقدس مآبیاں بھی اب اُس کے کام نہ آتی تھیں اب جب بھی اپنی سادہ لوحی سے وہ اُن کی خدمت میں حاضر ہوتا تو بجائے ہمدردی کے اظہار کے نظروں سے دور ہو جانے کا تمہاری حکم صادر ہوتا تھا۔ دنیا اُس کی نظروں میں تاریک تھی۔ آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر کسی ہمدرد کی تلاش کرتا مگر کارگاہ عالم میں کوئی بھی اسے نظر نہ آتا تھا جو اسے تسلی دے دن گزرتے گئے شمیم کی حالت بھی بد سے بدتر ہوتی گئی اب نہ کسی شے میں اُسے لطف آتا تھا اور نہ کسی شے میں رعنائی نظر آتی تھی۔ وہ ہمدردی کا بھوکا تھا مگر کوئی شخص اُس کی طرف التفات نہ کرتا تھا وہ اپنی سابقہ حالت کو یاد کر کے پہروں آنسو بہاتا تھا۔ مگر تسکین نہ ہوتی تھی گھنٹوں اسی خیال میں مستغرق رہتا مگر اُس کی طبیعت سکون آشنا نہ ہوتی تھی اُس کی صورت سے لوگ خوف کھانے لگے تھے۔ بچے اُسے مجنون سمجھ کر ستانے لگے یگانہ بیگانہ سب اُس سے متنفر رہنے لگے مگر اب وہ دیوانہ نہ تھا مجنوں نہ تھا مخبوط الحواس نہ تھا، دنیاوی تعیش کی حقیقت سے واقف ہو چکا تھا شورش حیات کی امواج میں سرتاپا غرق ہاتھ پیر مار رہا تھا مگر اب یہ بے سود تھا انسان انتہائی مایوسی میں نتیجہ سے بے نیاز ہو جاتا ہے مصیبت جب مصیبت کی حد سے گزر جاتی ہے سخت ترین مصائب بھی آسان نظر آتا ہے شمیم کو حیات کی شیرینی تلخ معلوم ہونے لگی وہ اپنی زندگی سے بیزار رہنے لگا۔ اب اُسے اُسی کی فکر تھی کہ کسی طرح اس کشمکش سے چھٹکارا حاصل ہو۔ ایک دن انتہائی مایوسی میں اپنے کمرہ میں داخل ہو میز پر لکھنے کا سامان رکھا تھا۔ پیڈ سے ایک کاغذ پھاڑا اور حسب ذیل خط لکھنا شروع کیا۔

محترمی میاں جی صاحب۔ السلام علیکم۔

میں غالباً اس تحریر کے بعد آپ کو پریشان نہ کروں۔ میں اب ایسی سرزمین میں جا رہا ہوں جہاں

مجھے اپنی موجودہ زندگی کے غلط اعمال کا محاسبہ دینا پڑیگا۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ میں اس مواخذہ کا کیا جواب دونگا میرا ہر رواں گناہ سے ملوث ہی اور افسوس کہ میں نے اپنے زہریلے انفاس سے دنیا کو مسموم کر دیا ہی۔ اس سے خدا ہی خوب واقف ہی کہ کتنی بے گناہ ہستیاں میرے فریب عمل میں آچکی ہیں، میں جب اپنی گزشتہ زندگی پر نظر ڈالتا ہوں تو تمام جسم میں ارتعاش محسوس کرتا ہوں میری روح قفس عنصری سے پرواز کرنا چاہتی ہی دماغ مختل ہو جاتا ہی اور میں خود بے بس اپنی شبانہ روز کی سرمستیوں کا الزام کسی پر رکھ نہیں سکتا۔ خدا نے مجھے عقل سلیم عطا فرمائی تھی جسکی مدد سے آلایش دنیا سے دور رہ سکتا تھا مگر نہ ہو سکا۔ صرف میرے ہی لئے نہیں بلکہ ہر متنفس کے لئے دنیا ایک عمل اور امتحان کی جگہ ہی جہاں ہر شخص اپنی سی کرتا ہی میں بھی اسی معمل میں بھیجا گیا تھا لیکن صد حیف اپنے ساتھ وہ زاد راہ لیچلا ہوں جس کے بار سے قدم نہیں اٹھ سکتا۔ کہتے ہیں کہ انسان کچھ کھو کر سیکھتا ہی مگر افسوس میری آنکھ اسوقت کھلی ہی جب دن ڈھل چکا ہی اور خود خستہ و درماندہ ہوں۔ قبلہ جسارت کی گستاخی معاف آپکے تقدس کی قربان گاہ پر میری طرح کتنی معصوم ہستیاں بھینٹ چڑھ چکی ہوں گی اور خدا جانے کبتک یہ سلسلۂ نامحمود قائم رہیگا آپکی جنت شیطانی پہلی ہی نظر میں کتنی معصوم ہستیوں کو گرویدہ کر چکی ہی اور کتنوں کو کرے گی اور فنا کے گھاٹ اتار دیگی۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ یہ خدائی ابتلا و آزمایش ہی جو دنیا میں آپ کی شکل میں ظاہر ہوئی ہی بہت سے لوگ جو اب تک آپ سے واقف نہیں ممکن ہی وہ یہ کہیں ؎ تھی دستان قسمت راچہ سود از رہبر کامل۔ مگر وہ جو میری طرح آپ کی صحبت سے مستفید ہو چکے ہیں خوب واقف ہیں کہ آپ کیا ہیں اور آپ کی تعلیم کا فیض کتنا ہی خدارا اب نوجوانوں پر رحم فرمائیے انکے کردار و اطوار پر کرم کیجیے آپ اپنی مصنوعی جنت کے مصنوعی برادر زادوں کے حسن طبع سے دوسروں کے لئے نظر کا سامان بہم نہ پہونچائیے۔ ورنہ ممکن ہی مجھ سے دکھے ہوئے دلوں کا صبر آپ پر پڑے۔ میاں جی یاد رکھیے آپکو بھی اسی خلاق عالم کے حضور میں پیش ہونا ہی۔ اسوقت بے گناہوں کے خون کے دھبے آپکے دامن پر ہونگے آپسے باز پرس ہوگی آپ کو جواب دینا ہوگا۔ اسوقت آپکی یہ دنیا کو دھوکا دینے والی ریش دراز یہ فقیروں کا دلق یہ تقدس ظاہری کچھ کام نہ آئیگا۔ آپ دنیا میں محض اپنے ذاتی اثر کے لئے جتنا چاہیں مکر و کید کا جال پھیلا لیں۔ جتنا چاہیں حسن و عشق کے لکچر دے لیں۔ جہاں تک چاہیں معرفت کے جام لنڈھا لیں مگر اس منصف حقیقی پر سب عیاں ہی اسے آپکی ریاکاری کا علم ہی میں یہ محض اسلئے آپ کو لکھ رہا ہوں کہ شاید جناب کو عبرت ہو آپ باز آجائیں اور زیادہ دنوں تک دنیا کو فریب میں نہ رکھیں میں سمجھتا ہوں کہ یہ میرے الفاظ آخری ہیں چند ساعت میں حیات ممات کا علاقہ ختم ہو چکا ہوگا اور میں اس جگہ پر ہونگا۔ جہاں آپ کے مکر و فن کا گزر نہیں میں نے تمام عمر معصیت میں گزاری کوئی لمحہ ایسا نہیں گزرا

جب ایک نئے گناہ کا اضافہ نہ کیا ہو اب زندگی کی کشاکش سے بیزار ہو گیا ہوں اور جانتا ہوں کہ آخری وقت بھی روسیاہ جا رہا ہوں مگر سرزنشِ خلق اب زیادہ سہی نہیں جاتی خدا آپ کو نیک ہدایت دے اور بس۔

شرمندہ [illegible] : شمیم

خط کو لفافہ میں بند کر کے ملازم کے حوالہ کیا اور اُس سے کہا کہ تھوڑی دیر بعد خط مذکور کو میاں جی کو دیدے ملازم رخصت ہوا۔ چند دنوں سے شمیم کی حالت کچھ درست ہو چلی تھی۔ چند جاں نثار پرانے جواب بھی اس شمع کے گرد موجود تھے خوش تھے کہ شمیم سنبھل گیا مگر انھیں خبر نہ تھی کہ شمع آخری انفاس حاصل کرنے کی غرض سے بھڑک اٹھی ہے ملازم کے جانے کے بعد شمیم نے جیب سے ایک سفوف نکالا اور آنکھ بند کر کے چند لمحات میں حلق سے اُتار لیا کمرہ بند کر دیا بستر پر لیٹ رہا ایک غنودگی سی طاری ہو گئی اور تھوڑی دیر میں روح جسد عنصری سے پرواز کر گئی انا للہ وانا الیہ راجعون ؎

تا سحر وہ بھی نہ چھوڑی تو نے اے بادِ صبا　　یادگارِ رونقِ محفل تھی پروانہ کی خاک

شمیم عین عنفوان شباب میں دنیا سے رخصت ہو گیا اپنی ذرا سی زندگی میں زمانہ کے نشیب و فراز سے خوب واقف ہو چکا تھا۔ میاں جی کی جنت ارضی میں اب بھی وہی چہل پہل موجود ہے۔ اب وہی عشق و حسن کی درس و تدریس ہوتی ہے اب بھی بھولے بھالے نوجوانوں کے لئے سامان تخریب فراہم کیا جاتا ہے اب بھی ہوش ربا مناظر پیش کئے جاتے ہیں اور اب بھی وہی محفل کی گرما گرمی ہے مگر آہ شمیم جو اس محفل کا جنوں زدہ تھا اب اس بزم میں نہیں، وہی ہائے و ہو ہے وہی شراب معرفت کے لئے ھل من مزید کا نعرہ ہے وہی برادر زادوں کی چشک زنی ہے اور میاں جی جنون انگیز باتیں مگر شمیم اب اِس شورش سے دور اس ہنگامہ سے علیحدہ اس محفل کی دار و گیر سے الگ ایک سنسان جگہ میں جہاں کی فضا خاموش، جہاں کی ہر شے پر سکوت طاری جہاں دنیا کے مکر و کید سے آزادی ہے پیر پھیلائے ہوئے موت کی نیند سو رہا ہے وہاں نہ اب میاں جی کا فریب چل سکتا ہے نہ حسینوں کی جادو نظری کچھ کام کر سکتی ہے نہ بزم عیش کا اثر پہونچ سکتا ہے اور نہ اُسے حسن کی بے اعتنائی مضطرب کر سکتی ہے وہ ہے اور قبر کا ایک لونا، ایک سفید چادر ہے جو حشر تک کے لئے اُسے اُڑھا دی گئی ہے کہ خواب شیریں کے لطف اُٹھائے۔

شمیم گو تو نہیں مگر تیری یاد دنیا میں باقی رہیگی جس طرح میاں جی کی روسیاہی کا داغ صفحہ دنیا سے مٹنے والا نہیں اسی طرح تیری تباہی کی باوجود تیری معصومیت کی وجہ سے ہوئی فانی نہیں تیرا نام ابدالآباد تک باقی رہیگا اور یہی حقیقی حیات ہے۔

سید جلیل حسنی مسلم یونیورسٹی علیگڑھ

غزل

از محترمہ بلقیس جمال صاحبہ بریلوی

آہِ سوزاں از دلِ خانہ خراب آید بروں
نغمۂ خوں ریز از تارِ رباب آید بروں

ابروئے خنجر بساماں از نقاب آید بروں
ماہِ نو از پردہ داریِ سحاب آید بروں

دیدۂ مخمور در چشمِ حسینت رقص خیز
یک حبابِ ناز از بحرِ شراب آید بروں

مژدہ اے تشنہ لبِ خارِ مغیلاں مژدہ باد
از گلستانِ وحشیِ خانہ خراب آید بروں

چشمِ غمازِ فغاں اے وائے دل داری نکرد
رازِ پنہانی زیکِ اشکِ پُر آب آید بروں

چوں تماشائے دو عالم در نظر پوشیدۂ
اے چرا تارِ نگاہت از حجاب آید بروں

لذّتِ این گونہ جراحت من چنیں پرداختم
سیلِ خوں از ہر لبِ زخمِ پُر آب آید بروں

سر بسجدہ داشتم چوں اے جمالہ از نیاز
تابشِ تاثیر از چشمِ پُر آب آید بروں ،

ٹرکی میں ذہنیت آئینی کا انقلاب

از جناب سید نوشہ علی صاحب ایم۔ اے

(گزشتہ سے پیوستہ)

آغاز ۱۹۲۱ء میں جب ترکوں اور یونانیوں میں لڑائی ہو رہی تھی ترکوں کو مدد کی سخت ضرورت تھی۔ ایسی حالت میں بمصداق اس مثل کے کہ "ڈوبتے کو تنکے کا سہارا بہت ہوتا ہے" انکو جہاں کہیں سے مدد ملی انھوں نے بغیر کسی تامل کے حاصل کی۔ اسی زمانے میں روسی بالشوک اس بات کی کوشش کر رہے تھے کہ اپنا پروپگنڈا جہانتک ممکن ہو سکے دنیا کے ہر حصہ میں پھیلا دیں۔ یہی وجہ تھی کہ دنیا کے مختلف حصوں میں (Socialist) اور اشتراکیوں کی جماعت اسقدر زور پکڑ گئی کہ بدامنی کا اندیشہ ہو گیا۔ انگلستان کی کان کنوں کی ہڑتال اسی تحریک کا نتیجہ تھی۔ غرضکہ ترکوں اور بالشوکوں میں اتحاد لازمی تھا۔ روسیوں نے سب سے پہلے اپنا سفارت خانہ انگورہ میں قائم کیا۔ اور اس میں افسروں اور دیگر ملازمین کی تعداد بہت زیادہ بڑھا دی۔

بالشویک اصول ایک حد تک اسلام کے خلاف ہیں۔ انکا اشتراکیت کا اعلیٰ تخیل۔ اور انفرادی اور ذاتی حق ملکیت اور آزادی اسلام کے بالکل منافی ہیں۔ مزید براں روسیوں نے کوئی دقیقہ اسلام کے عقیدہ کو برباد کرنے میں اٹھا نہ رکھا۔ پس مصطفےٰ کمال پاشا کی اصلاحوں میں بالشویکی اثر کا بھی معقول دخل ہے یہ تعجب ہے کہ سوویٹ (Soviet) حکومت کا اثر ٹرکی پر اسقدر کم ہوا اور باوجود تمام اصلاحوں کے مصطفےٰ کمال کو یہ اعلان کرنا پڑا کہ ترکی کا سرکاری مذہب اسلام ہے۔

ایک اور اثر جو ترکوں نے قبول کیا وہ مغربی طرز حکومت کی نقل تھی ۱۹۰۸ء کے بعد سلطان کے اختیارات محدود کر دیئے گئے اور مجلس شوریٰ قائم ہو گئی اگر میں ترکی کی ۱۹۰۸ء سے ۱۹۱۰ء تک کی طرز حکومت بیان کروں تو طوالت کا اندیشہ ہے صرف اسقدر کہنا کافی ہے کہ نمایندگی کا خیال ٹرکی ذہنیت سے بالکل مفقود تھا۔ تمام اختیارات امراء کے ہاتھ تھے اور وہ امراء ایک خاص جماعت کے ممبر تھے اس کے اصولوں کی حفاظت کو اپنا فرض سمجھتے تھے۔ لیکن اس زمانہ میں ترکوں کو اتنا فائدہ ضرور ہوا کہ وہ پارلیمنٹی اصول سے آگاہ ہو گئے دوسرا اثر جو ترکوں نے قبول کیا وہ فرانسیسی تھا جنگ کریمیا میں جو ترکوں اور روسیوں کے درمیان

ہوئی تھی انگریزوں اور فرانسیسیوں نے ترکوں کا ساتھ دیا۔ انگریزوں میں کچھ رومی ضرور موجود تھے اس لئے یہ مشرقی قوموں سے ربط اور اشتراک عمل نہیں کر سکتے مگر فرانسیسی فوراً ترکوں سے مل جل گئے اور مصر کی آمدنی کی ضمانت پر ترکوں کو مالی امداد بھی دی۔ یہ تو ایک تجارتی بات تھی مگر ترکی الخیل میں فرانسیسی زبان کا داخل ہونا ایک عجیب بات تھی۔ ترکوں نے فرانسیسی زبان کو بہت پسند کیا اور فرانسیسی زبان نہایت عمدگی سے بولنے لگے۔ بہت سی فرانسیسی کتابوں کا ترکی زبان میں ترجمہ کیا۔ سب سے زیادہ اثر ترکی ذہنیت پر Leon Cahun لیون کیون کا ہوا۔

لیون کیون ایک امن پسند فرانسیسی اہل قلم تھا جو ۱۸۷۷ء یا ۱۸۷۸ء میں پیرس کے ایک غیر مشہور کتب خانہ میں کام کیا کرتا تھا۔ عہد نامہ برلن کے ۱۸۷۸ء میں ترکوں کو نقصان عظیم اٹھانا پڑا۔ اسی دوران میں سلطان عبدالحمید کو پان اسلامزم کا خیال پیدا ہوا۔ لیون کیون کے نزدیک ترکوں کو سب سے زیادہ نقصان جب پہونچا جبکہ ترکوں نے اسلام قبول کیا۔ اس کی رائے میں مذہب قومیت کو برباد کر دیتا ہے۔ جیسا کہ رومیوں کا زوال اس وقت سے شروع جبکہ انھوں نے عیسائیت کو قبول کیا۔ لیون کیون کی رائے میں اگر ترک بجائے پان اسلامزم کے پان تورانزم اختیار کریں تو ان کے حق میں نہایت مفید ہوگا۔ اس لئے چند تاریخی ناول لکھے مگر سب سے موثر کتاب "تاریخ ایشیا کی تمہید" یہ کتاب تاریخ اور ناول کی مشترک خصوصیات رکھتی ہے۔ اس میں خاص کیریکٹر چنگیز۔ ہلاکو اور تیمور ہیں۔ لیون کیون کی رائے میں ترک لوگ ایشیائی شرفا میں سے ہیں اور عرب۔ ہندی اور ایرانیوں سے کہیں بالاتر ہیں۔ لیون کیون اس بات کا اعتراف کرتا ہے کہ چنگیز خاں نے خوارزم اور سمرقند کو جو کہ اس زمانہ میں دنیا کے آکسفورڈ اور کیمبرج تھے تباہ و برباد کر دیا لیکن لیون کیون اس اعتراض کو دور کرنے کی کوشش کرتا ہے وہ بیان کرتا ہے کہ چنگیز نے تمام کام ایک قانون کے ماتحت کئے۔ وہ یہ تھا "اختلاف۔ مقابلہ۔ موت۔ تباہی" جلال الدین خوارزمی نے اس بات پر غور نہیں کیا کہ چنگیز خاں تمام ترکی نسلوں کو متحد کرنا چاہتا تھا۔ ملک شاہ کی اولاد نے یہ خیال نہیں کیا کہ ہلاکو اور تیمور کا بھی یہی نصب العین تھا۔ قتل و خون بہت زیادہ تعداد میں ہوا اور نہایت قابل افسوس تھا مگر صرف اسی طریقہ سے ترک و تاتار مشرق و مغرب کے حکمراں ہو سکتے تھے۔ کیون کہتا ہے کہ ایرانی و عرب نہایت ذلیل قومیں تھیں اور انھیں ترکوں کے مقابلہ میں حکومت کرنے کا حق حاصل نہیں تھا۔

کیون نے سب سے زیادہ جسارت اور جرأت سے کام لیا جبکہ اس نے تیمور کا حال بیان کیا۔ تاریخی حیثیت سے امیر تیمور ایک نہایت سفاک اور بیرحم بادشاہ گذرا ہے وہ تیمور ہی تھا جو انسانی کھوپڑیوں کے انبار کو دیکھ کر خوش ہوتا تھا جس نے دلی۔ انگورا۔ نیشاپور اور دمشق میں قتل عام کرایا جس نے بایزید یلدرم کو قید کر کے

ایک پنجرے میں بند کر دیا جس صدمہ میں چھ مہینہ کے اندر بیجور بادشاہ مرگیا۔ ایسے جابر بادشاہ کی کیون تعریف کرتا؟ اور اس کو شاہ ارتھر کے مقربوں کے برابر سمجھتا ہے۔ مگر تیمور نے ایک غلطی کی کہ اس نے اسلام قبول کرلیا اور وہ ایک کٹر مسلمان ہوگیا۔ اس کی دو وجوہ بیان کرتا ہے (۱) چونکہ تمام امرائے توران اسلام کے پھندے میں پھنس چکے تھے۔ (۲) اس کو اپنا اقتدار اور دبدبہ قایم کرنے کے لئے مذہبی امداد کی ضرورت تھی اور مذہب ہی کی قوت سے وہ ایک مرتبہ پھر مشرق و مغرب کا مالک بن گیا۔

اس قسم کے مصنفین نے ترکوں کی ذہنیت پر ایک خاص اثر پیدا کیا۔ کیون کے اصولوں کی نکتہ چینی کرنیکی ضرورت نہیں ہے۔ بادشاہ نیرو بلکہ اس سے بھی قبل ملکہ میسلنا سے لیکر نپولین۔ میرا اور قیصر ولیم کے دامنوں سے خون کے دھبے دھونیکی کوشش کی گئی ہے۔ یہ اسی طرح سے ہے جیسا کہ تمام دنیا شیطان کو مذہب کا دشمن سمجھتی ہے مگر کچھ لوگ اب بھی موجود ہیں جو اس کو سب سے پہلا موحد سمجھتے ہیں اور اس کی پرستش کرتے ہیں۔ کیون کا اثر اتنا ضرور ہوا کہ ترک لوگ اپنے نامور تاجداروں کی جنھوں نے قرون وسطےٰ میں حکمرانی کی تھی بہت عظمت کرنے لگے۔ یہی وجہ تھی کہ ۱۹۰۸ء کے ترکی پارلیمنٹ میں بجز ترکوں کے اور کوئی نہیں تھا یعنی ترک اپنے آپ کو عربوں، ایرانیوں۔ البانیوں اور دیگر سیاہ کوہیوں سے زیادہ معزز سمجھتے تھے۔ جنگ عظیم میں عربوں نے ترکوں کے خلاف بغاوت کی۔ اس سے عربوں نے ترکوں کے خلاف بغاوت کی۔ اس سے عربوں اور ترکوں کے درمیان نفرت اور زیادہ ہوگئی۔ لوزان کانفرنس میں یہ نفرت اس حد تک بڑھ گئی کہ دیگر دول کے نمایندوں کو اس طرف خاص توجہ کرنی پڑی۔

.....

۱۹۰۸ء کے انقلاب ترکی کے بعد ترک انقلاب پسند ذکا یہ دعویٰ تھا کہ بغاوت نہیں کر رہے بلکہ قانونی اور سیاسی ارتقاء کی کوشش کر رہے ہیں۔ سلطان عبدالحمید کے بجائے دوسرا سلطان ہے مگر وہ بھی قصر یلدیز میں رہتا ہے۔ جیسا کہ پہلے تھا ایک وزیر اعظم ہے۔ قانون میں اصلاحیں غور کی جارہی ہیں مگر شریعت بدستور سابق قایم ہے۔ وہی قاضی اور وہی مفتی وہی محکمہ (عدالت) وہی مدرس وہی مدرسہ اور وہی سوختہ (طالبعلم) مترکوں پر کثرت سے ترکی ٹوپیاں نظر آتی تھیں اور علما سپاہ جبہ اور سبز یا سفید پگڑی باندھے نظر آتے تھے۔ ۲۴ جولائی ۱۹۲۳ء کو جبکہ ترکی نمایندے لوزان سے واپس ہوئے تب بھی لفظ انقلاب کسی کی زبان پر نہیں تھا مگر درحقیقت ایسا انقلاب مدنظر تھا کہ تاریخ اسلام میں کہیں نہیں پایا جاتا۔

انقلاب قانون عامہ سے شروع ترکی نمایندوں کی لوزان کی روانگی سے قبل سلطان وحید الدین نے ایک
یزی جنگی جہاز پر پناہ لی اور ترکی کو ہمیشہ کے لئے خیرباد کہدیا۔ عبدالمجید افندی جو کہ ولی عہد سلطنت تھے اُن کو
ن نہیں تسلیم کیا گیا۔ انھوں نے صرف خلافت کے خطاب پر اکتفا کیا۔ عہدنامہ لوزان کے بعد ترکی نقطۂ نظر
ضب العین میں بہت انقلاب ہوا۔ ۲۹ر اکتوبر ۱۹۲۳ء کو ترکی میں حکومت جمہوری قائم ہوگئی۔ ۳ر مارچ
۱۹۲۴ء کو خلافت کی منسوخی کا حکم انگورہ نے شائع کیا جیسا کہ تاریخ میں اکثر ہوتا ہے بیگناہ نے گناہگاروں کا
رہ دیا۔ عبدالمجید آفندی جو کہ ایک نیک نیت اور ہمدرد انسان تھا اور جو کہ عبدالحمید اور وحید الدین کے
یلوں کے مخالف تھا خلافت سے معزول کیا گیا۔ ۴ر مارچ ۱۹۲۴ء کو عبدالمجید آفندی و دیگر خاندانی شہزادوں کو
ک سے خارج کر دیا گیا۔

ترکوں نے اس فتوے کو جس کی وجہ سے وہ کافر قرار دیدئے گئے فراموش نہیں کیا۔ کردستان میں
وت ہوئی اس میں بھی علما کا دخل نظر آیا۔ شیخ الاسلام کا عہدہ تخفیف میں آگیا اور جملہ امور دینی ایک وزارت کی
ب ممبر کے سپرد کر دیئے گئے ۳ر مارچ ۱۹۲۴ء کو یہ دفتر بھی بند کر دیا گیا اور ایک اور افسر کے ذمہ کر دیا گیا جو کہ
یر اعظم کے ماتحت تھا۔ ۹ر اپریل ۱۹۲۴ء کو محکمہ قضا کی تمام عدالتیں تخفیف میں آگئیں اور بجائے انکے سرکاری
التیں قائم ہوگئیں۔ ۳ر مارچ ۱۹۲۴ء کو تمام مدارس جو کہ علما کے زیر انتظام تھے بند کر دئے گئے۔ اور تعلیمات کی
ب وزارت قائم کر دی گئی تمام اوقاف ضبط کر لئے گئے اور تعلیم کا خرچ شامل بجٹ ہوگیا۔ دینیات محکمہ تعلیم میں
ب شعبہ کی حیثیت سے رہ گئی اور چند مدرسے دینی تعلیم کے واسطے قائم کر دیئے گئے۔ ۷ر ستمبر ۱۹۲۵ء قبا اور دستار
ی اجازت صرف مفتیوں اماموں اور خطیبوں کو دی گئی عوام کے لئے دستار و قبا پہننا لایق تعزیر قرار دیا گیا
س طریقہ سے تمام وہ لوگ جو اوقاف کی آمدنی سے اپنی زندگی بسر کرتے تھے اور ایک علیحدہ جماعت قائم
ہوئے تھے ترکی قومی لباس پہننے پر مجبور ہوئے اور لباس کا اثر اجتماعی بالکل زائل ہوگیا۔ ترکوں نے صرف
سی پر اکتفا نہ کیا۔ ۳۰ر ستمبر ۱۹۲۵ء بذریعہ ایک اعلان تمام درویشوں کے زاویوں اور تکیوں کو خلاف قانون قرار
یا۔ اور انکے عجیب و غریب لباس کے پہننے کو قابل تعزیر کر دیا۔ ۲۵ر نومبر ۱۹۲۵ء کو ترکوں نے شیکہ انگریزی
ٹوپی کے پہننے کو لازمی قرار دیا۔ اور ہر شخص کو اس بات پر مجبور کیا کہ وہ شیکہ استعمال کرے۔ اسی کیساتھ
ر ستمبر ۱۹۲۵ء کو عمارت میں داخل ہوتے وقت ٹوپی اتارنے کی رسم بھی ترکی میں جاری ہوگئی۔ علما و مفتیوں کو
واس لباس سے مستثنےٰ تھے مجبور کیا گیا کہ قومی جھنڈے کو سلام کرتے وقت اپنی دستاریں اتاریں اور سلام

انگریزی وضع سے جھک کر کریں۔

پرانی ترکی میں سب سے ممتاز رسم جو کہ یورپ والوں سے بالکل الگ تھی وہ عورتوں کا پردہ تھا۔ عورتیں غیر محرموں سے نہیں ملسکتی تھیں۔ ترکی عورتیں پولس کی حفاظت میں رہتی تھیں اور انکو یہ اجازت نہ تھی کہ بعد مغرب باہر پھر سکیں یا دن کے وقت کسی غیر مرد سے بات کرسکیں۔ ان کی نقابیں کسی موٹے کپڑے کی ہوتی تھیں اور ان کا برقعہ اکثر ڈھیلا ڈھالا ہوتا تھا اور بدن سے پیوستہ نہیں ہوتا تھا۔ اس سے یہ نتیجہ اخذ نہیں ہوسکتا کہ ترکی عورتیں بدسلیقہ اور پھوہڑ ہوتی تھیں۔ وہ اکثر مہذب اور تعلیم یافتہ ہوتی تھیں اور فرانسیسی۔ جرمنی اور انگریزی زبانوں سے واقف ہوتی تھیں ۱۹۰۸ء کے انقلاب نے بھی ترکوں کی معاشرت میں کوئی تبدیلی پیدا نہیں کی مگر جنگ جدال کی کشمکشوں میں بھی ترکوں اور ان کی بیگمات کو یہ خیال پیدا ہوا کہ مغربی اقوام کے قدم بقدم چلنے کے لئے اس بات کی سخت ضرورت ہے کہ ہر دو اصناف میں مساوات پیدا ہو جائے اس کا نتیجہ یہ ہے کہ نقاب اور ترکی چارشف سب غایب ہوگئے اور ترکی بیگمات کو مکمل آزادی حاصل ہوگئی۔

اب میں آپ کی توجہ ترکوں کی سب سے زیادہ حیرت انگیز تبدیلی کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں اٹھارویں اور انیسویں صدی میں سلاطین عثمانیہ نے قانون تعزیرات اور قانون مبادلہ و تجارت میں تبدیلیاں کیں تھیں مگر قانون شریعت میں کوئی تبدیلی کرنے کی ہمت نہیں ہوئی۔ سلطان عبدالحمید نے ۱۸۶۹ء و ۱۸۷۰ء کے درمیان اس بات کی کوشش کہ قانون شریعت کو منضبط کرلیا جائے۔ اس ضابطہ میں متعدد فصلیں اور ابواب تھے اور ۱۸۵۱ دفعات تھیں۔ اس اصلاح سے کوئی تبدیلی مدنظر نہ تھی۔ البتہ وہ قانون جو کہ علماء کے فہم اور ادراک کے علاوہ کسی اور عام آدمی کی سمجھ میں نہیں آتا تھا اس کا ترجمہ نہایت سلیس ترکی زبان میں کر دیا گیا

وہ کونسا قانون تھا جسکے تبدیل کرنیکی ہمت بڑے بڑے ترکی سلاطین کو نہیں ہوئی اور مصطفےٰ کمال پاشا نے اس میں کیا کیا تبدیلیاں کیں؟

باوجود سلطان عبدالحمید خاں کی سخت کوششوں کی قانونی اصلاح صرف سطحی رہی یعنی ان کا ضابطہ بھی قانون اسلام پر حاوی نہیں۔ اور مسائل طلاق۔ وراثت۔ معاہدہ وغیرہ بدستور رہے۔ اس بحث کے شروع کرنے سے قبل چند مسائل کو صاف کر دینا بہتر معلوم ہوتا ہے عیسائی اقوام کی رائے کے مطابق مسئلہ کثرت ازدواج اسلام پر ایک بدنما دھبہ ہے۔ مگر نادان یہ نہیں جانتے کہ جدید ڈاکٹروں اور علم الاقوام کے ماہرین کے رایوں کے مطابق دنیا میں جائز یا ناجائز کثرت ازدواجی رائج ہے۔ اسلام میں کثرت ازدواجی کا حکم نہیں بلکہ اجازت ہے

اور اس اجازت پر بہت سے قیود ایسے عاید ہیں کہ چند شرائط کے علاوہ کثرت ازدواج ناممکن ہے۔ اس کا ثبوت اس بات سے ملتا ہے کہ مسلمانوں میں بہت کم ایسے لوگ ہیں جو ایک سے زیادہ بیوی ایک ہی وقت میں رکھتے ہیں۔ ممالک اسلامیہ میں وہ لوگ زیادہ بیویاں رکھتے ہیں جو مسائل اسلام سے ناواقف ہیں۔ قدرت نے عورتوں اور مردوں کی تعداد دنیا میں مقرر نہیں کی۔ یعنی یہ نہیں بتایا کہ عورتیں اور مرد ایک مقررہ تناسب کے ساتھ دنیا میں موجود ہونا چاہیئے۔

دوسری بات جو قابل غور ہے وہ یہ ہے کہ اسلام نے عورتوں کے حقوق کی حفاظت سب مذاہب سے زیادہ کی ہے۔ اسلامی قانون جنگ کے مطابق عورتوں کا ستانا گناہ ہے۔ دشمن کی عورتیں اور بچے ہمیشہ فاتح کی امانت ہیں اور اُن کی تکالیف کا وہ ذمہ دار۔ ممالک اسلامیہ میں عورتوں کا چھیڑنا ایک سنگین جرم سمجھا جاتا تھا۔ ٹرکی میں جبکہ عورتیں اپنی آزادی کا مطالبہ کر رہی تھیں۔ اُس وقت انھوں نے وزیر مال پر حملہ کیا اور بہت بُرا بھلا کہا مگر ان تمام باتوں کو وہ نہایت صبر کے ساتھ سنتا رہا مگر قانون طلاق میں عورت کی حفاظت خاطر خواہ نہیں کی۔ اگرچہ طلاق مذموم ہے اور رسول اللہ کو نہایت ناپسند تھی مگر شوہر جس وقت چاہے اپنی بیوی کو طلاق دیسکتا ہے مگر بیوی اپنے شوہر کو اپنی مرضی کے مطابق علیحدگی حاصل نہیں کر سکتی۔ عورت کی حفاظت بجز دین مہر کے اور کچھ نہیں ہے۔ باوجود ان تمام باتوں کے کثرت ازدواجی مہذب اور تعلیم یافتہ مسلمانوں میں بہت کم ہے۔ امور بالا سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ معاہدۂ شادی یک طرفہ ہے۔ ۱۹۲۵ء میں یہ بات مسلمہ ہوگئی کہ کثرت ازدواجی کا رواج ٹرکی میں بالکل متروک ہو چکا ہے۔ ٹرکی مجوزین قانون نے خیال کیا کہ امام اربعہ ان تمام قیود کے ذمہ دار ہیں، اوائل اسلام میں بہت حد تک قانون آزادی ہر مسلمان کو حاصل تھی۔ ترکوں نے سوئزرلینڈ قانون دیوانی اختیار کیا یہ قانون ۱۹۰۷ء میں جرمن و سوئز فقہا کی محنت کا نتیجہ تھا۔ اس قانون کے مطابق عورت و مرد کو مساوات حاصل تھی۔ مارچ ۱۹۲۶ء میں ایک ترکی گزٹ میں سوئز ضابطہ دیوانی کا لفظ بہ لفظ ترجمہ شایع ہوگیا اور یہی ملک کا قانون ہوگیا۔ مگر چونکہ ترکی مشیر قانونی ایک مصلح پیغمبر تھا اس لئے اس کے واسطے ہر بات ممکن تھی۔ جبکہ مجلس انگورہ میں قانون اسلامی کی منسوخی کا اعلان ہوا تو کسی عالم کو دم مارنے کی ہمت نہیں ہوئی۔ نوجوان ترک اور صنف نازک اس تبدیلی سے بہت مطمئن ہوئی۔ ترکی سپاہ کو چونکہ اپنے جنرل پر اعتبار تھا اسوجہ سے اس کی ہر بات پر خون بہانے کو تیار تھی اس مضمون کے اختتام پر

ہمکو حسب ذیل امور پر غور کرنا ہے۔ کیا جمہوریہ ٹرکی نے قانون اسلام کو منسوخ کر دیا ہے؟ کیا جمہور ٹرکی ایک اسلامی ریاست نہیں رہی۔ ٹرکی نے سلطنت کو ختم کر دیا۔ خلافت کو منسوخ کر دیا۔ اسلامی قانون وراثت و معاہدہ کو منسوخ کر دیا۔ امام اربعہ کے اصول کو رد کر دیا، قدیم قانون اسلامی یعنی کتاب۔ حدیث۔ اربعہ اسمیہ اور اجماع کو بے بنیاد ٹھیرا دیا۔ اب اسلام کا ٹرکی میں کیا اثر رہا۔ اس کا جواب صرف ایک جملہ میں دیا جا سکتا ہے ٹرکی نے اسلام ترک نہیں کیا بلکہ قانون اسلامی کو نئے سانچے میں ڈھال دیا ہے۔ سلطنت اور خلافت کی منسوخی کے بعد پہلا اعلان جو شائع ہوا وہ یہ تھا کہ اسلام ٹرکی کا سرکاری مذہب ہے اور قانون جدید میں کوئی بات ایسی نہیں ہے جو اسلامی قانون کے خلاف ہو۔ البتہ جن باتوں کی اسلام میں اجازت تھی انکو ممنوع قرار دیدیا۔ مثلاً کثرت ازدواجی کی صرف ڈاکٹری مشورہ پر اجازت دی اور یہی قانون اسلام کا منشاء ہے۔ البتہ یہ بات قابل افسوس ہے کہ زمانہ انقلاب میں بہت سختیاں ہوئیں اور ٹرکی آزادی غائب ہو گئی جمہور انگورہ نے بہت سے قابل قدر آدمیوں کا خون بہایا۔ مگر یہ بات اتنی قابل افسوس ہے جتنی کہ ہر ملک میں پر آشوب زمانہ میں ہوتی ہے۔ فرانس میں (Danton) اور (Desmontins) جو کہ آزادی کے شیدائی تھے پھانسی پر چڑھا دیے گئے۔ انگلستان میں (Cromwell) نے بنوک سنگین ممبران پارلیمنٹ کو نکلوا دیا۔ روس کا آزادی پسند بہوری نٹرٹسکی اتبنول میں جلاوطن کر دیا گیا۔

ٹرکی میں اتحاد مذہب و ملت میں کوئی فرق نہیں آیا۔ البتہ کسی حد تک دور سلطانیہ میں اس اتحاد میں کچھ فرق آگیا تھا۔ مثلاً اوقاف و مدارس کا انتظام بالکل الگ تھا اور یہ انتظام مداخلت سلطانی سے بے نیاز تھا۔ اب تمام امام، موذن اور علما سلطنت تنخواہ دار نوکر ہو گئے۔ اُن کا لباس جداگانہ اہمیت رکھتا ہے ایک کرنل کی وردی کی بہی قدر ہوتی ہے اور ایک عالم کی قبا کی بہی۔ اِس قانونی اصلاح نے دینی اور دنیا کے جھگڑوں کو طے کر دیا مسیحی یورپ میں دور وسطیٰ میں یہ جھگڑا چار سو برس تک رہا اور اس کا اثر ہر ملک میں رہا۔ ٹرکی میں چار برس میں ایک قانونی اشاعت کے بعد طے ہو گیا۔

غزل

اثر خامہ مولوی رضی احمد صاحب رضی بدایونی

اَلم میں ڈوبی ہوئی ہے فضا زمانے کی
لکھی ہے خون سے سرخی ہر اک فسانے کی

چراغ صبح تھا میں جل کے ہو گیا خاموش
موافق آئی نہ مجھ کو ہوا زمانے کی

صلائے عام ہے صیاد و برقِ صرصر کو
کہ طرح ڈال رہا ہوں میں آشیانے کی

تلاشِ کحلِ جواہر تھی چشمِ باطن کو
اُٹھا کے لایا ہوں خاک اُن کے آستانے کی

قفس تک آئے جو اڑ کر چمن سے کچھ تنکے
نظر میں پھر گئی تصویر آشیانے کی

فروغِ جلوۂ رخسار ہے نقابِ جمال
نئی ادا ہے یہ عاشق سے منہ چھپانے کی

دکھایا جذبِ تصور نے لطفِ آزادی
قفس میں کھنچ گئی تصویر آشیانے کی

قفس سے چھوٹ کے حیراں ہوں کس طرف جاؤں
ہر اک سے پوچھتا ہوں راہ آشیانے کی

